Dars e Nizami All Board Books

تنظیم المدارس (اہلِ سنت)، پاکستان کے جدید نصاب کے عین مطابق

سوالیہ پرچہ کے ساتھ

برائے طلباء

# نورانی گائیڈ

## حل شدہ پرچہ جات

درجہ عالیہ

2

مفتی محمد احمد نورانی دامت برکاتہم عالیہ

شبیر برادرز
اردو بازار ○ لاہور

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



# الاختبار السنوی للشهادة العالية (بی اے)

## السنة الثانية للطلاب السنة ۱۴۴۲ھ/2021ء

## الورقة الاولیٰ: التفسير و اصوله

الوقت المحدد: ثلاث ساعات مجموع الارقام: ۱۰۰

نوٹ:-سوال نمبرایک اور پانچ لازمی ہیں باقی میں سے کوئی دوسوال حل کریں؟

### القسم الاول: تفسير

سوال نمبر1:-الحمد لله الحمد هو الثناء على الجميل الاختيارى من نعمة او غيرها والمدح هو الثناء على الجميل مطلقا.

(الف)مذکورہ عبارت پراعراب لگا کر ترجمہ کریں؟(۱۵=۵+۱۰)

(ب) حمد، مدح اور شکر میں سے ہر ایک کی تعریف اور مثال لکھ کر ان کے درمیان فرق واضح کریں؟(۱۵)

سوال نمبر2:-اهدنا الصراط المستقيم بيان للمعونة المطلوبة فكانه قال كيف اعينكم فقالوا اهدنا او افراد لما هو المقصود الاعظم.

(الف)مذکورہ عبارت کا سلیس اردو میں ترجمہ کریں؟(۱۰)

(ب)هداية الله تتنوع انواعا لايحصيهاعد لكنها تنحصر في اجناس مترتبة مذکورہ عبارت کوسامنے رکھتے ہوئے هداية الله کی تین اجناس لکھیں؟(۱۰)

سوال نمبر3:-الذين يؤمنون بالغيب اما موصول بالمتقين على انه صفة مجرورة مقيدة له ان فسر التقوى بترك مالاينبغي مترتبة عليه ترتب التحلية على التخلية والتصوير على التصقيل.

(الف)مذکورہ عبارت کا ترجمہ کریں اور تشریح اس طرح کریں کہ علامہ بیضاوی کی مراد واضح ہو جائے؟(۱۰)

(ب)ایمان کا لغوی وشرعی معنی لکھیں نیز بتائیں کہ ایمان کے لیے محض تصدیق کافی ہے یا اقرار لسانی بھی ضروری ہے؟ قاضی بیضاوی کا مختار بھی تحریر کریں؟(۱۰=۵+۵)

سوال نمبر4:-واولئك هم المفلحون كرر فيه اسم الاشارة تنبيهاً على ان

Madaris News Official
H_M_Hasnain_Asadi

Dars e Nizami All Board Books


اتصافهم بتلك الصفات تقتضى كل واحدة من الاثرين ۔

(الف) ترجمہ کریں نیز بتائیں کہ "اثرین" سے کیا مراد ہے؟ (۱۰)

(ب) خط کشیدہ میں ترکیبی احتمالات کی وضاحت کریں نیز ضمیر "هم" لانے کے فوائد قلمبند کریں؟ (۵+۵=۱۰)

## القسم الثانی: اصول تفسیر

سوال نمبر 5:- درج ذیل میں سے تین اجزاء حل کریں؟

(۱) قرآن کی لغوی و عرفی تعریف مع فوائد قیود لکھیں؟ (۱۰=۵+۳+۲)

(۲) اختلاف قراءت سے احکام پر کیا اثر پڑتا ہے؟ مثال سے وضاحت کریں۔ (۱۰)

(۳) تلاوت قرآن کے پانچ آداب تحریر کریں؟ (۱۰)

(۴) قرآن مجید میں غیر عربی الفاظ واقع ہوئے ہیں یا نہیں مدلل لکھیں؟ (۱۰)

☆☆☆

## درجہ عالیہ (سال دوم) برائے طلباء بابت 2021ء

### پہلا پرچہ: تفسیر واصول تفسیر

### قسم اول: تفسیر

سوال نمبر 1:- اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ اَلْحَمْدُ هُوَ الثَّنَاءُ عَلَى الْجَمِيْلِ الْاِخْتِيَارِيِّ مِنْ نِعْمَةٍ اَوْ غَيْرِهَا وَالْمَدْحُ هُوَ الثَّنَاءُ عَلَى الْجَمِيْلِ مُطْلَقًا ۔

(الف) مذکورہ عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟

(ب) حمد، مدح اور شکر میں سے ہر ایک کی تعریف اور مثال لکھ کر ان کے درمیان فرق واضح کریں؟

**جواب: (الف) عبارت پر اعراب اور ترجمہ عبارت:**

نوٹ: اعراب اوپر عبارت پر لگا دیے گئے ہیں اور ترجمہ عبارت درج ذیل ہے:

تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں۔ حمد: افعال جمیلہ اختیاریہ پر زبان سے تعریف کرنا، خواہ یہ تعریف نعمت کے مقابلہ میں ہو یا نہ۔ مدح: مطلقاً افعال جمیلہ پر تعریف کرنا ہے۔

**(ب) حمد، مدح اور شکر کی تعریف و مثال اور ان میں فرق:**

۱- حمد کی تعریف: تعظیم کے ارادہ سے کسی کی اختیاری خوبی پر زبان کے ساتھ اس کی تعریف کرنا، خواہ

H_M_Hasnain_Asadi
Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



انعام کے بدلے ہو یا بغیر انعام کے مثلاً اللہ تعالیٰ کسی کو بیٹا عطا فرمائے تو وہ شکر ادا کرتے ہوئے کہے: اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ تو یہ حمد انعام کے بدلے میں ہوئی۔ بغیر انعام کے ہو جیسے اللہ تعالیٰ کے علم پر اس کی تعریف کرتے ہوئے یوں کہنا کہ وہ ایسا ''علیم'' ہے کہ ہر چیز ہر وقت اس کے علم میں ہے۔

۲-مدح کی تعریف: زبان کے ساتھ کسی کی خوبی پر اس کی تعریف کرنا، خواہ وہ خوبی اختیاری ہو یا غیر اختیاری، اسے مدح کہتے ہیں۔

۳-شکر کی تعریف: انعام واحسان کے بدلے کسی کی تعریف کرنا، خواہ وہ زبان سے ہو، یا دل سے اور یا دیگر جوارح سے، شکر کہلاتا ہے۔

**امور ثلاثہ کے درمیان فرق:**

حمد اور شکر میں نسبت عموم وخصوص من وجہ کی ہے جبکہ حمد اور مدح میں عموم وخصوص مطلق کی نسبت ہے۔

**سوال نمبر ۲:-اهدنا الصراط المستقيم بيان للمعونة المطلوبة فكانه قال كيف اعينكم فقالوا اهدنا او افراد لما هو المقصود الاعظم .**

(الف) مذکورہ عبارت کا سلیس اردو میں ترجمہ کریں؟

**(ب) هداية الله تتنوع انواعا لا يحصيها عد لكنها تنحصر في اجناس مترتبة .**

**مذکورہ عبارت کو سامنے رکھتے ہوئے ہدایۃ اللہ کی تین اجناس لکھیں؟**

**جواب: (الف) ترجمہ عبارت:**

اے اللہ! ہمیں سیدھی راہ دکھا، یہ جملہ معونت مطلوبہ کا بیان ہے گویا کہ اس نے کہا: میں تمہاری اعانت کیسے کروں؟ تو انہوں نے کہا: اهدنا الخ یا بطور استیناف افرادی کے مقصود اعظم کا ذکر کیا ہے۔

**(ب) عبارت بالا کی روشنی میں اجناس ثلاثہ کی وضاحت:**

۱-افاضة القوىٰ: جنس اوّل ان قوتوں کا فیضان کرنا ہے، جن کے ذریعے بندہ اپنی معاش کے مصالح کی طرف راہنمائی حاصل کرنے پر قادر ہو جیسے قوت عقلیہ، حواس باطنہ اور حواس ظاہرہ۔ پہلا مرتبہ مصالح کے ادراک کے لیے ہے، چونکہ مصالح، مفاسد کے ساتھ مشتبہ ہیں، تو ان میں فرق کرنے کے لیے دوسرے مرتبے کو ذکر کیا۔

۲-نصب دلائل فارقہ: دوسری جنس ان دلائل کو قائم کرنا ہے، جو حق و باطل اور مصالح و مفاسد کے درمیان فرق کرنے والے ہیں، چونکہ صرف حواس وغیرہ کے ذریعے ان میں تمیز ممکن نہ تھی، اس لیے دلائل فارقه بين الحق والباطل کی ضرورت پیش آئی۔ قرآن کریم کی آیات: ''وَهَدَيْنٰهُ النَّجْدَيْنِ'' اور

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



"وَاَمَّا ثَمُوْدُ فَهَدَيْنَاهُمْ" میں بھی اسی طرف اشارہ ہے یعنی ہم نے حق و باطل کے دلائل قائم کر کے ثمود کو ہدایت کی، مگر انہوں نے گمراہی کو ہدایت پر ترجیح دی۔ تمیز بین الحق والباطل کے یہ دلائل چونکہ عقلی ہیں اس لیے تیسرے درجے کو بیان کر رہے ہیں۔

۳-هداية ارسال الرسل: تیسری جنس هدایت بانزال الکتب وارسال الرسل ہے یعنی اللہ تعالیٰ نے کتابیں نازل فرما کر اور انبیاءؑ بھیج کر انسانوں کی راہنمائی فرمائی۔ اسی سے ضرورت وحی اور ضرورت انبیاء کی حکمت سمجھ آتی ہے اس لیے کہ انسان کو دنیا میں اس لیے بھیجا گیا کہ کائنات کی اشیاء سے پروردگار کی رضا کے مطابق منتفع ہو۔ ہدایت کے تیسرے درجے کی طرف آیت "وَجَعَلْنٰهُمْ اَئِمَّةً يَّهْدُوْنَ بِاَمْرِنَا" میں اشارہ ہے یعنی ہم نے ان انبیاء کو مقتدا بنایا جو ہمارے حکم سے راہ نمائی کرتے ہیں۔ اس میں ہدایت رسل کی طرف اشارہ ہے۔ نیز آیت "اِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ يَهْدِىْ لِلَّتِىْ" یعنی یہ قرآن سیدھی راہ کی طرف ہدایت کرتا ہے میں ہدایت کتب کی طرف اشارہ ہے۔

سوال نمبر 3-الذين يؤمنون بالغيب اما موصول بالمتقين على انه صفة مجرورة مقيدة له ان فسر التقوى بترك مالاينبغي مترتبة عليه ترتب التحلية على التخلية والتصوير على التصقيل۔

(الف) مذکورہ عبارت کا ترجمہ کریں اور تشریح اس طرح کریں کہ علامہ بیضاوی کی مراد واضح ہو جائے؟

(ب) ایمان کا لغوی و شرعی معنی لکھیں نیز بتائیں کہ ایمان کے لیے محض تصدیق کافی ہے یا اقرار لسانی بھی ضروری ہے؟ قاضی بیضاوی کا مختار بھی تحریر کریں۔

جواب: (الف) ترجمہ عبارت:

وہ جو غیب پر ایمان لاتے ہیں، یہ جملہ یا تو متقین سے متصل ہے، یہ اس کی صفت مقیدہ مجرورہ ہے، اس صورت میں تقویٰ سے مراد ترک "مالا ينبغي" ہوگا، اور یہ اس پر ایسے ہی مرتب ہوگی جیسے تجلیہ پر تخلیہ اور تصقیل پر تصویر۔

عبارت کی وضاحت:

اس آیت کی ترکیب میں دو احتمال ہیں:

(۱) ماقبل سے لفظاً اور معناً موصول و متصل ہو۔

(۲) ماقبل سے لفظاً مربوط نہ ہو، الگ جملہ ہو جسے استیناف کہتے ہیں، اگر متقین کے ساتھ موصول یعنی متصل ہو تو پھر "الذين" میں رفع، نصب اور جر تینوں کا احتمال ہے، اگر مجرور ہو تو "اَلْمُتَّقِيْنَ" کی صفت ہے،

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



اور صفت میں تین احتمال ہیں:

(i) صفت مقیدہ' (ii) صفت کاشفہ' (iii) صفت مادحہ۔

پہلا احتمال: اگر تقویٰ کی تفسیر ترک "مالا ینبغی" کے ساتھ کی جائے تو "اَلَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ" متقین کے لیے صفت مقیدہ ہوگا' کیونکہ جب "هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ" کہا اور "مُتَّقِيْنَ" سے مراد وہ لوگ ہیں' جو نامناسب اور ناجائز کاموں کو چھوڑنے والے ہیں' چاہے وہ اعمال صالحہ بجالاتے ہوں یا نہ لاتے ہوں' تو آگے "اَلَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ" کہہ کر ان متقین کی تعیین وتقیید کر دی کہ یہ کتاب ان متقین کے لیے ہدایت ہے' جو ناجائز کاموں کو چھوڑنے کے ساتھ ساتھ اعمال صالحہ بھی بجالاتے ہیں۔ لہٰذا وہ لوگ خارج ہو گئے' جو ناجائز کاموں کو تو چھوڑتے ہیں' لیکن اعمال صالحہ بجا نہیں لاتے۔

دوسرا احتمال: "اَلَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ" صفت موضحہ وکاشفہ ہے' بشرطیکہ تقویٰ کی تفسیر متعارف عند اہل الشرع سے کی جائے' یعنی اتیانِ طاعات اور ترک منکرات جو فعل الطاعة و ترك المعصية دونوں کو شامل ہے۔

یہ صفت ان اشیاء پر مشتمل ہے' جو تمام اعمال کے لیے اصل و بنیاد اور حسنات کے لیے اساس ہیں' یعنی ایمان' نماز اور زکوٰۃ وغیرہ۔ ایمان اعمال نفسانیہ اور قلبیہ کے لیے بدرجہ اُم' اور ایسی شی ہے جو تمام حسنات اور ترک سیئات کو مستلزم ہے۔ اسی طرح نماز تمام عبادات بدنیہ کے لیے درجہ اصل رکھتی ہے' جیسے: "الصلوة عماد الدين" فرمایا گیا۔ اور زکوٰۃ عبادات مالیہ کے لیے اساس اور بنیاد ہے' جیسے: "الزكاة قنطرة الاسلام" ارشادِ نبوی ہے۔ لہٰذا یہ صفت تمام اعمال صالحہ کو مستلزم ہے۔ رہا ترک منکرات کا ذکر تو نماز ایسی عبادت ہے جو: تجنب عن المعاصی کلها کو مستلزم ہے' "اِنَّ الصَّلٰوةَ تَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ" لہٰذا اس صفت نے اس معنی کی تفصیل کر دی جس پر لفظ "متقین" اجمالاً دال تھا۔

تیسرا احتمال: "اَلَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ" صفت مادحہ ہے۔ یہ اس وقت ہوگی کہ جب اس کلام سے اس شخص کو خطاب کیا جائے جو متقین کے مفہوم اور معنیٰ کو پہلے سے جانتا ہو تو متقین جن صفات کو متضمن تھے ان میں سے بعض کو "اَلَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ" سے ذکر کر کے ان کی مدح کر دی۔ موصول ہونے کی صورت میں مجرور ہونے کی تفصیل کے بعد منصوب ومرفوع کا بیان ہے کہ "اَلَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ" متقین کے لیے مدح منصوب ہے بتقدیر "أعني" یا مدح مرفوع ہے بتقدیر "هُم" یعنی مبتدا محذوف ہے۔ عبارت یوں ہے: "هُمُ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ"۔

## (ب) ایمان کا لغوی اور شرعی معنیٰ:

ایمان فعل "يُؤْمِنُوْنَ" کا مصدر ہے' مجرد "امن" باب سَمِعَ يَسْمَعُ' امن یأمن سے ہے۔ ایمان کو تصدیق اور وثوق کے معنیٰ میں نقل کیا گیا' تصدیق کی منقول الیہ کے ساتھ مناسبت یہ ہے کہ ایمان

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



''امن'' سے ماخوذ ہے' اور تصدیق میں بھی مصدق کو تکذیب اور مخالفت سے مامون کر دیتا ہے' اور منقول عنہ وثوق اور منقول الیہ ایمان کے درمیان مناسبت یہ ہے کہ وثوق کا معنیٰ اعتماد کرنا ہے جب کوئی شخص کسی پر اعتماد کر لیتا ہے' تو وہ اس سے مطمئن ہو جاتا ہے۔

ایمان کا شرعی معنیٰ: جن احکام کے بارے میں یقینی طور پر معلوم ہو کہ وہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے دین میں سے ہیں' ان کی تصدیق کرنا ایمان ہے۔ جس طرح نماز' زکوٰۃ' اسی طرح توحید' رسالت' قیامت' جنت و دوزخ کا وجود وغیرہ۔ لہٰذا مجتہد فیہ مسائل پر ایمان لانا ضروری نہیں ہے۔

## ایمان تصدیق قلب کا نام ہے' یا اس میں اقرار لسان بھی شرط ہے' میں مذاہب:

سوال یہ ہے کہ ایمان تصدیق قلب کا نام ہے' یا اس میں اقرار باللسان بھی ضروری ہے؟

اس حوالے سے اس میں سات مذاہب ہیں جو درج ذیل ہیں:

(۱) ایمان شرعاً نفس تصدیق کا نام ہے۔ (۲) ایمان تصدیق و اقرار کا نام ہے۔ (۳) ایمان تین چیزوں تصدیق' اقرار اور اعمال صالحہ سے مرکب ہے۔ (۴) معتزلہ کے ہاں بھی ایمان انہی تین چیزوں کا نام ہے۔ (۵) جمہور سلف' امام شافعی' امام مالک' امام احمد بن حنبل' امام بخاری اور حضرات محدثین کا مذہب ہے کہ ایمان تصدیق و اقرار اور اعمال صالحہ سے مرکب ہے۔ (۶) ایمان صرف معرفت کا نام۔ (۷) کرامیہ کا مذہب ہے کہ ایمان صرف اقرار کا نام ہے' دل میں تصدیق ہو یا نہ ہو۔ یہ فرقہ محمد بن کرام کی طرف منسوب ہے' جو فروعی مسائل میں حنفی تھا' لیکن بڑا گمراہ اور شیطان تھا۔

یاد رہے امام اعظم ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کا مذہب ہے کہ ایمان تصدیق قلب اور اقرار باللسان کے مجموعہ کا نام ہے' اور مصنف کا مذہب بھی یہی ہے۔

سوال نمبر 4:- واولئك هم المفلحون كرر فيه اسم الاشارة تنبيهاً على ان اتصافهم بتلك الصفات تقتضى كل واحدة من الاثرين .

(الف) ترجمہ کریں نیز بتائیں کہ "اثرین" سے کیا مراد ہے؟

(ب) خط کشیدہ میں ترکیبی احتمالات کی وضاحت کریں نیز ضمیر "ھم" لانے کے فوائد قلمبند کریں؟

## جواب: (الف) ترجمہ عبارت:

اور یہی لوگ کامیاب و کامران ہوں گے' اس میں اسم اشارہ کا تکرار اس بات پر تنبیہ کرنے کے لیے ہے کہ ہدایت و فلاح میں سے ہر ایک کے لیے ان صفات سے متصف ہونا ضروری ہے' اور ان دونوں میں سے ہر ایک غیر سے تمیز دینے کے لیے کافی ہے۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books


"اثرین" کا مفہوم:

اس کا مطلب ہے تمیز دینا اور امتیاز کرنا۔ مطلب یہ ہے کہ اہل ایمان اور اصحاب تقویٰ لوگ بڑی عمدہ صفات اور خصوصیات کے مالک ہیں۔

خط کشیدہ میں ترکیبی احتمال:

خط کشیدہ لفظ یعنی ھُمْ میں ترکیبی احتمال دو ہیں:

(۱) ھم ضمیر مرفوع محلاً مبتدا اور المفلحون اس کی خبر' مبتداء اور خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مرفوع محلاً ہو کر خبر ہوئی "أولئك" مبتداء کی' مبتداء اور خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

(۲) اُلِئك مبتداء' ضمیر خط کشیدہ کی ترکیب نہ کی جائے' المفلحون خبر' مبتداء اور خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

(ب) خط کشیدہ "ھم" کو لانے کے فوائد:

(۱) کلام میں فصاحت و بلاغت پیدا کرنے کے لیے۔

(۲) مسلمانوں کی عظمت و شان بیان کرنے کے لیے۔

(۳) کلام میں اتصال و جامعیت پیدا کرنے کے لیے۔

## القسم الثانی: اصول تفسیر

سوال نمبر 5:- درج ذیل اجزاء حل کریں؟

(۱) قرآن کی لغوی و عرفی تعریف مع فوائد قیود لکھیں؟

(۲) اختلاف قراءت سے احکام پر کیا اثر پڑتا ہے؟ مثال سے وضاحت کریں۔

(۳) تلاوت قرآن کے پانچ آداب تحریر کریں؟

(۴) قرآن مجید میں غیر عربی الفاظ واقع ہوئے ہیں یا نہیں مدلل لکھیں؟

جواب: اجزاء کے جوابات:

۱- قرآن کی لغوی و عرفی تعریف مع فوائد قیود:

قرآن کا لغوی معنیٰ: لفظ قرآن یا "قرء" سے بنا ہے یا قراءۃ سے یا پھر قرن سے۔ قرء کا معنیٰ جمع کرنا ہے' اب اسے قرآن اس لیے کہتے ہیں کہ یہ تمام اوّلین و آخرین کے علوم کا جامع ہے' دین و دنیا کا کوئی علم ایسا نہیں ہے جو اس میں موجود نہ ہو۔ نیز یہ تمام آیات' سورتوں اور پاروں کو جمع کرنے والا ہے۔ علاوہ ازیں یہ مختلف زبانوں والے لوگوں یعنی سندھی' ہندی' عجمی اور عربی سب لوگوں کو "مسلم" کے نام پر

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



جمع کرنے والا ہے۔

## قرآن کی عرفی تعریف مع فوائد قیود:

قرآن کریم کی عرفی تعریف یوں کی جاتی ہے: ھو اللفظ المنزل علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم المنقول عنہ بالتواتر المتعبد بتلاوتہ. یعنی یہ ان مقدس الفاظ کا مجموعہ ہے، جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر اتارا گیا، ہم تک نقل متواتر کے ساتھ پہنچا ہے، اور اس کی تلاوت کرنا عبادت ہے۔

**اللفظ:** یہ کلمہ بمنزل جنس ہے، جو مفرد و مرکب دونوں کو شامل ہے، اس لیے احکام پر استدلال دونوں سے ہوتا ہے۔

**المنزل علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم:** اس قید سے وہ کتب خارج ہو گئیں، جو دیگر انبیاء علیہم السلام پر نازل ہوئیں۔

**المنقول عنہ بالتواتر:** نقل تواتر سے مراد ہے کہ ہر دور میں اتنے لوگ اسے نقل کرتے رہے، جن کا جھوٹ پر جمع ہونا عادتاً محال ہو۔ اس قید سے غیر متواتر قراءتیں خارج ہو گئیں۔

**المتعبد بتلاوتہ:** یعنی ایسا مقدس و بابرکت کلام ہے، جس کی تلاوت نماز میں کی جاتی ہے، اور نماز کی طرح اس کی تلاوت بھی عبادت ہے۔

## ۲- اختلاف قراءت سے احکام پر اثر:

پانچویں صدی تک اسلاف تمام ختم قرآن سے اخذ کرتے تھے، بعد ازاں انہوں نے ایک ختم کی قراءتوں سے اخذ کرنا شروع کر دیا، پھر اس پر عمل برقرار رہا، مگر وہ یہ رعایت اسے ہی دیتے تھے، جو قراءت الگ الگ کرتا اور ان کے پاس ان کی پختہ اسناد ہوتیں اور ہر قاری الگ ختم تک پڑھتا، پھر لوگوں میں کاہلی کی صورت پیدا ہو گئی، تو انہوں نے نافع اور حمزہ کے سوا قراءت سبعہ میں سے ہر قاری کو پڑھنے کی رعایت دے دی، پھر یہ سلسلہ تا حال جاری و ساری ہے۔

## ۳- تلاوت قرآن کے پانچ آداب:

آداب تلاوت قرآن میں سے پانچ حسب ذیل ہیں:

(۱) اگر تلاوت قرآن، قرآن کو پکڑ کر کی جائے، تو قاری کا باوضو ہونا ضروری ہے۔

(۲) تلاوت قرآن کا آغاز تعوذ و تسمیہ سے کیا جائے۔

(۳) تلاوت قرآن باوقار، تمکنت اور مفاہیم کو پیش نظر رکھتے ہوئے کی جائے۔

(۴) تلاوت قرآن کی تکمیل یعنی ختم قرآن تین دن سے پہلے نہ کیا جائے۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



(۵) تلاوت، قواعد تجوید کے مطابق خوب ٹھہر ٹھہر کر کی جائے۔

## ۴- قرآن کریم میں غیر عربی الفاظ کے حوالے سے نظریہ:

قرآن کریم میں غیر عربی الفاظ استعمال ہوئے ہیں یا نہیں؟ اس حوالے سے آئمہ کا اختلاف ہے، جس کی تفصیل حسب ذیل ہے:

۱- قرآن کریم میں غیر عربی الفاظ نہیں ہیں، یہ نظریہ امام شافعی، امام ابن جریر، امام ابوعبیدہ، قاضی ابوبکر اور امام ابن فارس رحمہم اللہ تعالیٰ کا ہے۔ ان کی دلیل یہ ارشاد ربانی ہے: قُرْاٰنًا عَرَبِیًّا ۔

۲- بعض آئمہ کرام اس بات کے قائل ہیں کہ قرآن کریم میں غیر عربی الفاظ بھی استعمال ہوئے ہیں، اس نظریہ کے قائلین میں امام ابن جوزی اور علامہ جوالیقی کا شمار ہوتا ہے۔

### غیر عربی الفاظ کی نشاندہی:

دوسرے گروہ کے مطابق قرآن کریم میں غیر عربی الفاظ موجود ہیں، جن میں سے چند ایک درج ذیل ہیں:

۱- اباریق: علامہ ثعالبی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا: یہ لفظ فارسی زبان کا ہے۔ علامہ جوالیقی رحمہ اللہ تعالیٰ کے مطابق یہ لفظ "الابریق" فارسی سے معرب ہے۔

۲- اب: علامہ شیدلہ اور بعض اہل مغرب کی لغت کے مطابق یہ لفظ حشیش (گھاس) کے معنیٰ میں استعمال ہوا ہے۔ یعنی یہ غیر عربی ہے۔

۳- ابلعی: ابن ابی حاتم رحمہ اللہ تعالیٰ کے مطابق علامہ وہب بن منبہ رحمہ اللہ تعالیٰ کا بیان ہے: قول باری تعالیٰ "ابلعی ماء ك" میں "ابلعی" سے مراد حبشی لغت کے مطابق "از در دیه" ہے۔

☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



# الاختبار السنوی للشهادة العالية (بی اے)

## السنة الثانية للطلاب السنة ۱۴۴۲ھ/2021ء

## الورقة الثانية: الحديث واصوله

الوقت المحدد: ثلاث ساعات　　　　مجموع الارقام: ۱۰۰

نوٹ: آخری سوال لازمی ہے باقی میں سے کوئی دو سوالات حل کریں؟

### حصہ اوّل: حدیث

سوال نمبر 1: عن ابن عباس عن النبی صلی الله علیه وسلم قال یجیء المقتول بالقاتل یوم القیامة ناصیته وراسه بیده و اوداجه تشخب دما یقول یا رب قتلنی حتی یدنیه من العرش۔

(الف) اعراب لگائیں ترجمہ کریں اور اقسام قتل لکھیں؟ (۱۸)

(ب) اعضائے جسم ناک، کان، ہونٹ، انگلی، ہاتھ، پاؤں کی دیت لکھیں؟ (۱۲)

سوال نمبر 2: لو اطلع فی بیتک احد ولم تاذن له فخذفته بحصاة ففتات عينه ما كان عليك من جناح۔

(الف) اعراب لگائیں، ترجمہ کریں اور بتائیں کہ دیت میں کیا لیا جاسکتا ہے؟ (۱۵)

(ب) دیت اثلاث، دیت ارباع اور دیت اخماس کی تشریح کریں؟ (۱۵)

سوال نمبر 3: ان النبی صلی الله علیه وسلم قال خذوا عنی قدجعل الله لهن سبیلا البکر بالبکر جلد مائة وتغریب عام والثیب بالثیب جلدمائة والرجم۔

(الف) عبارت پر اعراب لگائیں، ترجمہ کریں؟ (۱۰)

(ب) شادی شدہ اور غیر شادی شدہ کی زنا میں سزا پر اختلاف ائمہ تحریر کریں؟ (۱۰)

(ج) حد کے لغوی اصطلاحی معنیٰ لکھیں اور حدود اللہ کتنی اور کون کون سی ہیں؟ (۱۰)

### حصہ دوم: اصول حدیث

سوال نمبر 4: درج ذیل میں سے کوئی چار اجزاء حل کریں؟ (۴۰=۴×۱۰)

(الف) محدث، حافظ اور حاکم کس کو کہتے ہیں؟

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



(ب) خبر متواتر کا لغوی و اصطلاحی معنی لکھیں' نیز شرائط اور حکم بیان کریں؟

(ج) اخبار احاد لکھیں نیز حدیث مشہور و حدیث مستفیض میں فرق بیان کریں؟

(د) مقبول کی اقسام لکھیں نیز مرویات بخاری و مسلم لکھیں؟

(ہ) ضعیف کے لغوی و اصطلاحی معنی لکھیں نیز ضعیف احادیث کے مراتب لکھیں؟

(و) الطعن فی الراوی فی الضبط کون کون سے ہیں؟

☆☆☆

# درجہ عالیہ (سال دوم) برائے طلباء بابت 2021ء

## دوسرا پرچہ: حدیث واصول حدیث

### حصہ اوّل: حدیث

سوال نمبر 1: عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَجِيئُ الْمَقْتُوْلُ بِالْقَاتِلِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ نَاصِيَتُهُ وَرَأْسُهُ بِيَدِهٖ وَاَوْدَاجُهُ تَشْخُبُ دَمًا يَقُوْلُ يَا رَبِّ قَتَلَنِيْ حَتّٰى يُدْنِيَهُ مِنَ الْعَرْشِ .

(الف) اعراب لگائیں' ترجمہ کریں اور اقسام قتل لکھیں؟

(ب) اعضائے جسم ناک' کان' ہونٹ' آنکھ' ہاتھ' پاؤں کی دیت لکھیں؟

**جواب: (الف) اعراب' ترجمہ اور اقسام قتل:**

نوٹ: اعراب لگادیے گئے ہیں اور ترجمہ حدیث درج ذیل ہے:

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے منقول ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت کے دن مقتول قاتل کو لائے گا کہ اس کی پیشانی اور سر اس کے ہاتھ میں ہوگا' مقتول کی رگوں سے خون بہہ رہا ہوگا' وہ عرض گزار ہوگا: اے میرے پروردگار! اس نے مجھے قتل کیا تھا' حتیٰ کہ اسے عرش کے پاس لایا جائے گا۔

**اقسام قتل:**

قتل کی پانچ اقسام ہیں' جو درج ذیل ہیں:

(۱) قتل عمد' (۲) قتل شبہ عمد' (۳) قتل خطاء' (۴) قتل قائمقام خطاء' (۵) قتل بالسبب۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



(ب) اعضاء جسم کی دیت:

قتل یا زخم یا اعضاء کاٹنے کے عوض جو مال دیا جاتا ہے‘ اسے دیت کہا جاتا ہے‘ کیونکہ یہ خون بہانے کے عوض ہے۔ امام اعظم ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کے ہاں قتل کی دیت سو اونٹ ہے‘ اگر اونٹ دستیاب نہ ہوں‘ تو ایک ہزار اشرفیاں سونے کی یا دس ہزار درہم چاندی ہے‘ ان کے علاوہ کسی مال کی دیت نہیں ہوگی۔

اعضاء جسم ناک‘ کان‘ ہونٹ اور آنکھ کی دیت کل دیت کا دسواں حصہ ہے‘ اور وہ دس اونٹ ہیں۔ ہاتھ یا پاؤں کی ہر انگلی میں پوری دیت کا دسواں حصہ واجب یعنی دس اونٹ‘ تاہم انگلیوں کے احکام برابر ہیں‘ خواہ چھنگلیاں چھوٹی ہیں‘ انگوٹھا بڑا ہے‘ مگر دیت دونوں کی برابر ہے۔ انگلی میں عموماً تین پورے ہوتے ہیں‘ لہٰذا ہر پورے میں دس اونٹوں کا تہائی اونٹ یعنی تین اونٹ ہوں گے۔ چونکہ انگوٹھے میں دو پورے ہوتے ہیں۔ لہٰذا اس کا ایک پورا کاٹنے پر دس اونٹوں کا نصف یعنی پانچ اونٹ واجب ہوں گے۔

سوال نمبر 2: لَوِ اطَّلَعَ فِیْ بَیْتِكَ اَحَدٌ وَلَمْ تَأْذَنْ لَهٗ فَخُذَفْتَهٗ بِحَصَاةٍ فَفَقَأْتَ عَیْنَهٗ مَا كَانَ عَلَیْكَ مِنْ جُنَاحٍ

(الف) اعراب لگائیں‘ ترجمہ کریں اور بتائیں کہ دیت میں کیا کیا دیا جاسکتا ہے؟

(ب) دیت اثلاث‘ دیت ارباع اور دیت اخماس کی تشریح کریں؟

جواب: (الف) اعراب‘ ترجمہ اور دیت میں دی جانے والی اشیاء:

۱- اعراب و ترجمہ:

نوٹ: اعراب حدیث پر لگادیے گئے ہیں اور ترجمہ حدیث درج ذیل ہے:

اگر کوئی شخص تیرے گھر میں جھانکے‘ تو نے اسے اجازت نہ دی پھر تو اسے کنکر مار کر اس کی آنکھ پھوڑ دے‘ تو تجھ پر کوئی گناہ نہیں ہے۔

۲- دیت میں دی جانے والی اشیاء:

بطور دیت تین اشیاء دی جاسکتی ہیں:

(۱) ایک سو اونٹ‘ (۲) ایک ہزار اشرفیاں سونے کی‘ (۳) دس ہزار درہم چاندی کے۔

ان کے علاوہ کوئی چیز بطور دیت نہیں پیش کی جاسکتی۔

(ب) دیت اثلاث‘ دیت ارباع اور دیت اخماس کی وضاحت:

نوٹ: دیت تین سال میں مکمل کرنی ہوتی ہے‘ اور یہ قاتل کی برادری کے لوگ ادا کرتے ہیں۔

(i) دیت اثلاث: یہ تین قسم کے جانور ہوں گے: (i) سو اونٹ میں سے تیس جزعے (وہ اونٹ جو

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



چار سال کا مکمل ہو کر پانچویں سال میں داخل ہو جائے) (ii) تیس حقے (وہ اونٹ جو تین سال کا مکمل ہو کر چوتھے سال میں داخل ہو جائے) (iii) چالیس ثنیے (وہ اونٹ جو پانچ سال کا مکمل ہو کر چھٹے سال میں داخل ہو)

(ii) دیت ارباع: یہ چار قسم کے جانور ہوں گے: (i) پچیس بنت مخاض (وہ اونٹنی جو ایک سال کی مکمل ہو کر دوسرے سال میں قدم رکھے) (ii) پچیس بنت لبون (وہ اونٹنی جو دو سال کی مکمل ہو کر تیسرے سال میں قدم رکھے) (iii) پچیس حقے (iv) پچیس جزعے۔

(iii) دیت اخماس: یہ پانچ قسم کے اونٹ ہوتے ہیں: (i) بیس بنت مخاض' (ii) بیس بنت لبون' (iii) بیس ابن مخاض' (iv) بیس حقے' (v) بیس جزعے۔

سوال نمبر 3: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ خُذُوْا عَنِّيْ قَدْ جَعَلَ اللهُ لَهُنَّ سَبِيْلًا ن الْبِكْرُ بِالْبِكْرِ جَلْدُ مِائَةٍ وَتَغْرِيْبُ عَامٍ وَالثَّيِّبُ بِالثَّيِّبِ جَلْدُ مِائَةٍ وَالرَّجْمُ ۔

(الف) عبارت پر اعراب لگائیں' ترجمہ کریں؟

(ب) شادی شدہ اور غیر شادی شدہ کی زنا میں سزا پر اختلاف ائمہ تحریر کریں؟

(ج) حد کے لغوی اصطلاحی معنیٰ لکھیں اور حدود اللہ کتنی اور کون کون سی ہیں؟

## جواب: (الف) عبارت پر اعراب اور ترجمہ حدیث:

نوٹ: اعراب اوپر لگا دیے گئے ہیں اور ترجمہ حدیث درج ذیل ہے:

(حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے منقول ہے:) بے شک رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم مجھ سے لو! تم مجھ سے حاصل کرو! اللہ تعالیٰ نے ان عورتوں کے لیے طریقہ مقرر فرما دیا: کنوارا کنواری سے زنا کرے تو سو کوڑے اور ایک سال کی جلا وطنی' اگر شادی شدہ آدمی کسی شادی شدہ عورت سے زنا کرے' تو اس کی سزا سو کوڑے اور رجم ہے۔

## (ب) شادی شدہ اور غیر شادی شدہ کے زنا کی سزا میں مذاہب آئمہ:

جمہور کے نزدیک غیر شادی شدہ کے زنا کی سزا سو کوڑے ہیں' جلا وطنی سیاسی سزا ہے' جو ضروری نہیں ہے' اگر حاکم وقت مناسب سمجھے تو وہ یہ سزا بھی دے سکتا ہے۔ جمہور کے ہاں کوڑے اور رجم دونوں سزائیں جمع نہیں ہو سکتیں۔ لہٰذا کوڑوں کے ساتھ رجم کی سزا منسوخ ہے' کیونکہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ماعز رضی اللہ عنہ کو صرف رجم کا حکم دیا تھا اور اسے کوڑوں کی سزا نہیں دی تھی۔

یہاں زنا کی دو صورتیں بیان ہوئی ہیں اور دو کا ذکر نہیں ہوا' کنوارا کنواری سے زنا کرے' شادی شدہ' شادی شدہ عورت سے زنا کرے' پہلی صورت میں دونوں کے لیے کوڑے ہیں' دوسری صورت میں دونوں

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



کے لیے رجم ہے۔ کنوارا بیاہی سے یا شادی شدہ کنواری سے زنا کرے ان کا ذکر نہیں ہوا۔ کنوارے لڑکے اور کنواری لڑکی کو سو کوڑوں کی سزا ہے اور شادی شدہ مرد کا شادی شدہ عورت سے زنا کی صورت میں صرف رجم کی سزا دی جائے گی۔ تاہم شوافع کے ہاں محصن زانی کو کوڑے لگائے جائیں گے اور رجم بھی کیا جائے گا یعنی دونوں سزائیں دی جائیں گی۔

**(ج) حد کا لغوی و اصطلاحی معنیٰ اور حدود اللہ:**

حدود حد کی جمع ہے اس کا لغوی معنیٰ ہے: آڑ یا منع اسی لیے درباری کو عربی میں بواب اور حداد بھی کہا جاتا ہے۔ اصطلاح میں جرم کی شرعی مقررہ سزا کو "حد" کہا جاتا ہے کہ یہ لوگوں کو جرموں سے روکتی ہے کبھی حرام اشیاء کو بھی حدود کہا جاتا ہے چنانچہ ارشاد ربانی ہے: تِلْكَ حُدُوْدُ اللهِ فَلَا تَقْرَبُوْهَا یعنی یہ اللہ تعالیٰ کی حدیں ہیں تم ان کے پاس بھی نہ جاؤ اس لیے کہ یہ محرمات سزاؤں کا سبب ہیں۔

اسلام میں زنا کی سزا رجم ہے یا سو کوڑے ہیں چور کی سزا ہاتھ کاٹنا ہے شرابی کی سزا اسی کوڑے ہے پاک دامن آزاد عورت پر تہمت لگانے کی سزا بھی اسی کوڑے ڈکیتی کی سزا سولی اور قتل کی سزا قصاص حد شرعی ہیں۔ جواء وغیرہ امور کی سزا حد نہیں بلکہ تعزیر ہے۔

## حصہ دوم: اصول حدیث

سوال نمبر 4: درج ذیل اجزاء حل کریں:

(الف) محدث حافظ اور حاکم کس کو کہتے ہیں؟

(ب) خبر متواتر کا لغوی و اصطلاحی معنیٰ لکھیں نیز شرائط اور حکم بیان کریں؟

(ج) اخبار احاد لکھیں نیز حدیث مشہور و حدیث مستفیض میں فرق بیان کریں؟

(د) مقبول کی اقسام لکھیں نیز مرویات بخاری و مسلم لکھیں؟

(ہ) ضعیف کے لغوی و اصطلاحی معنیٰ لکھیں نیز ضعیف احادیث کے مراتب لکھیں؟

(و) الطعن فی الراوی فی الضبط کون کون سے ہیں؟

**جواب: (الف) اصطلاحات کی تعریفات:**

(i) محدث: حدیث کے معلم کو شیخ یا محدث کہا جاتا ہے۔

(ii) حافظ: جس آدمی کو ایک لاکھ احادیث متناً و سنداً اور اس کے رواۃ کے احوال جرحاً و تعدیلاً محفوظ ہوں۔

(iii) حاکم: جس شخص کو تمام احادیث مرویہ متناً و سنداً اور جرحاً و تعدیلاً محفوظ ہوں۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



### (ب) خبر متواتر کا لغوی واصطلاحی معنیٰ اور اس کی شرائط:

لغوی تعریف: لغوی اعتبار سے یہ لفظ تواتر سے مشتق ہے یعنی تسلسل، کہا جاتا ہے "تواتر المطر" بارش مسلسل ہو رہی ہے۔

اصطلاحی تعریف: اصطلاحی طور پر متواتر وہ حدیث ہے جسے اتنی کثیر تعداد روایت کرے جن کا جھوٹ پر متفق ہونا عام طور پر محال ہو۔

### خبر متواتر کی شرائط:

خبر متواتر کی چار شرائط ہیں جو کہ درج ذیل ہیں:

۱۔ خبر متواتر کو کثیر تعداد روایت کرے۔ کم از کم کثیر تعداد کے بارے میں اختلاف ہے مختار بات یہ ہے کہ وہ دس افراد ہوں۔

۲۔ سند کے ہر طبقہ میں یہ کثرت پائی جائے۔

۳۔ عادۃً ان لوگوں کا جھوٹ پر متفق ہونا محال ہو۔

۴۔ ان لوگوں کی خبر کی بنیاد حس ہو۔

### (ج) خبر احاد:

لغت میں "احاد" احد کی جمع ہے اور اس کا معنیٰ ہے واحد اور خبر واحد وہ (حدیث) ہے جسے ایک شخص روایت کرے۔ اصطلاحاً وہ خبر یا حدیث جس میں خبر متواتر کی شرائط جمع نہ ہوں۔

### حدیث مشہور اور حدیث مستفیض میں فرق:

حدیث مشہور وہ حدیث جس کو ہر طبقہ سند میں تین یا اس سے زیادہ راوی روایت کریں جب تک وہ تواتر کی حد کو نہ پہنچے جبکہ حدیث مستفیض وہ حدیث ہے جو حدیث مشہور کے مترادف ہے یا حدیث مشہور سے خاص ہے کیونکہ حدیث مستفیض میں شرط ہے کہ اس کی سند کی دونوں طرفیں برابر ہوں اور حدیث مشہور میں یہ شرط نہیں ہے۔ حدیث مستفیض، حدیث مشہور سے عام ہے، یعنی دوسرے قول کا عکس ہے۔

### (د) مقبول کی اقسام:

مراتب میں فرق کی بنیاد پر مقبول کی دو قسمیں ہیں:

(i) صحیح (ii) حسن

پھر ان دونوں کی دو دو قسمیں ہیں:

(i) لذاتہ (ii) لغیرہ

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books


لہٰذا مقبول کی اقسام چار ہوئیں:

(i) صحیح لذاتہٖ (ii) حسن لذاتہٖ (iii) صحیح لغیرہٖ (iv) حسن لغیرہ۔

## مرویات بخاری و مسلم:

صحیح بخاری کی کل مرویات کی تعداد 7563 ہے جبکہ صحیح مسلم کی روایات کی تعداد 4000 ہے۔

## (ہ) ضعیف کے لغوی و اصطلاحی معنیٰ اور مراتب احادیث ضعیف:

ضعیف کے لغوی معنیٰ: لغت میں لفظ ضعیف' لفظ قوی کی ضد ہے' اور ضعف حسی بھی ہوتا ہے' اور معنوی بھی اور یہاں ضعف معنوی مراد ہے۔

اصطلاحی معنیٰ: حدیث ضعیف وہ ہے جس میں حدیث حسن کی صفات جمع نہ ہوں' کیونکہ اس میں شرائط حسن میں سے کوئی شرط مفقود ہوتی ہے۔

البیقونی نے اپنے منظوم کلام میں کہا ہے:

''ہر وہ حدیث جو حسن کے مرتبہ سے کم ہو وہ ضعیف ہے' اور اس کی اقسام بہت زیادہ ہیں۔''

## مراتب احادیث ضعیف

جس طرح حدیث صحیح کے مراتب ہیں کہ بعض احادیث صحت میں دوسری بعض احادیث پر فائق ہوتی ہیں' تو اسی طرح حدیث ضعیف کے بھی مراتب ہیں' بعض احادیث ضعف میں دوسری احادیث سے کم ہوتی ہیں۔ علامہ ابن جماعہ فرماتے ہیں: حدیث ضعیف کے درجات ضعف کے لحاظ سے مختلف ہوتے ہیں' حدیث ضعیف صحت کی شروط سے جتنی بعید ہوگی اتنا ہی اس میں ضعف کا اضافہ ہوگا جیسا کہ حدیث صحیح کے درجات متفاوت ہوتے ہیں۔

## (و) ''الطعن فی الراوی فی الضبط'' کی تفصیل:

یہ راوی پر طعن کی دسویں قسم ہے' اس کی تعریف یہ ہے:

وہ راوی سوء حفظ میں کمزوری والا ہوتا ہے' جس کی درستگی والی حالت کو خطاء والی حالت پر ترجیح نہ ہو۔

اقسام: اس کی دو اقسام ہیں:

۱- یا تو سوء حفظ اس کی زندگی کے شروع سے ہو اور تمام حالات میں اسے لازم ہو اور اس شخص کی حدیث کو بعض علماء حدیث کی رائے میں شاذ کہا جاتا ہے۔

حکم: اس کی روایت مردود ہے۔

۲- یا سوئے حفظ اس پر بعد میں طاری ہوا اور اس کی وجہ بڑھاپا یا بینائی کا ختم ہو جانا یا کتب کا جل جانا ہو' تو اسے مختلط کہا جاتا ہے۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



حکم: اس کے حکم میں تفصیل ہے:

(i) جو کچھ وہ اختلاط سے پہلے بیان کرے اور وہ ممتاز ہو تو' وہ مقبول ہے۔

(ii) اختلاط کے بعد جو کچھ روایت کیا' وہ مردود ہے۔

(iii) جس میں امتیاز نہ ہو سکے کہ وہ اختلاط سے پہلے کی حدیث ہے یا بعد کی' تو جب تک امتیاز نہ ہو' اس میں توقف ہوگا۔

☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



# الاختبار السنوى للشهادة العالية (بی اے)

## السنة الثانية للطلاب السنة ۱۴۴۲ھ/2021ء

## الورقة الثالثة: الفقه

الوقت المحدد: ثلاث ساعات　　　مجموع الارقام: ۱۰۰

نوٹ: کوئی سے تین سوالات حل کریں؟

سوال نمبر1:(ويجوز بيع الطعام والحبوب مكايلة ومجازفة ) وهذا اذا باعه بخلاف جنسه لقوله عليه السلام اذا اختلف النوعان فبيعوا كيف شئتم بعد ان يكون يدا بيد بخلاف ما اذابيع بجنسه مجازفة لما فيه من احتمال الربوا ولان الجهالة غير مانعة من التسليم والتسلم فشابه جهالة القيمة .

(الف)ترجمہ کریں؟(۱۰)

(ب)لما فیہ من احتمال الربوا کی تشریح کریں؟(۱۰)

(ج)لان الجہالۃ غیر مانعۃ کی واضح انداز میں تشریح سپرد قلم کریں؟(۱۴)

سوال نمبر2:(ومن باع سلعة بثمن قيل للمشترى ادفع الثمن اولا ) لان حق المشترى تعين فى المبيع فيقدم دفع الثمن ليتعين حق البائع بالقبض لما انه لا يتعين بالتعيين تحقيقا للمساواة .

(الف)تشکیل کرتے ہوئے ترجمہ کریں؟(۱۰=۵+۵)

(ب)لان حق المشتری اور لما انہ لا یتعین کی خوب وضاحت لکھیں؟(۲۳=۱۳+۱۰)

سوال نمبر 3: (الف) خیار رؤیت' خیار عیب اور خیار شرط کی تعریفات اور مدت بیان کریں؟ (۱۵=۵+۵+۵)

(ب) بیع فاسد کی تعریف' حکم اور کم از کم دو مثالیں تحریر کریں؟(۱۸=۸+۵+۵)

سوال نمبر4:قال ويجلس للحكم جلوسا ظاهرا فى المسجد .

(الف)ترجمہ کریں اور ظاہراً کی قید کا فائدہ ہدایہ کی روشنی میں بیان کریں؟(۸)

(ب)کون سی مسجد اولی ہے؟(۵)

(ج)اختلاف شوافع اور احناف مع دلائل لکھیں؟(۲۰)

☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



## درجہ عالیہ (سال دوم) برائے طلباء بابت 2021ء

## تیسرا پرچہ: فقہ (ہدایہ)

سوال نمبر 1: (ويجوز بيع الطعام والحبوب مكايلة ومجازفة) وهذا اذا باعه بخلاف جنسه لقوله عليه السلام اذا اختلف النوعان فبيعوا كيف شئتم بعد ان يكون يدا بيد بخلاف ما اذا بيع بجنسه مجازفة لما فيه من احتمال الربوا ولان الجهالة غير مانعة من التسليم والتسلم فشابه جهالة القيمة۔

(الف) ترجمہ کریں؟۔

(ب) لما فيه من احتمال الربوا کی تشریح کریں؟

(ج) لان الجهالة غير مانعة کی واضح انداز میں تشریح سپرد قلم کریں؟

### جواب: (الف) ترجمہ عبارت:

(امام قدوری رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا:) گندم اور دیگر اناج کو ناپ کر اور اندازے سے فروخت کرنا جائز ہے اور یہ اس صورت میں ہے جب اسے خلاف جنس کے عوض فروخت کیا ہو کیونکہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے: جب دونوں قسم مختلف ہوں تو حسب چاہت انہیں فروخت کرو، برخلاف اس کی جنس کے عوض اندازے سے بیچنے کے اس لیے کہ اس میں "ربوا" کا احتمال ہے اور اس لیے بھی کہ مقدار کی جہالت دینے اور لینے سے مانع نہیں ہے۔ لہٰذا یہ قیمت مجہول ہونے کے مشابہ ہو گیا۔

### (ب) مسئلہ کی وضاحت:

مسئلہ یہ ہے کہ گندم، جو اور دیگر اناج کے ہم جنس کے علاوہ دیگر اعواض سے ناپ کر بھی فروخت کر سکتے ہیں اور اندازے سے بھی فروخت کر سکتے ہیں، کیونکہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اختلاف جنس کی صورت میں حسب منشاء بیع کی اجازت عطا کی ہے، مگر اگر گندم کو گندم کے عوض فروخت کرتا ہے تو اس صورت میں صرف ناپ کر ہی بیع درست ہو گی، اب اندازے سے بیع درست نہیں ہو گی، کیونکہ جب ایک جنس کو اسی کے ہم جنس عوض سے فروخت کریں گے، تو وہاں برابری ضرور ہو گی اور ظاہر ہے کہ اندازے سے بیع کی صورت میں برابری مفقود ہو گی اور اس میں اگرچہ ربوا کا یقین نہیں ہے، مگر احتمال ربوا ہر حال میں موجود ہے۔ اس لیے اس صورت میں بیع بالکیل کی تو اجازت ہو گی، مگر بیع بالمجازفہ کی اجازت نہیں ہو گی۔

### (ج) "لان الجهالة غير مانعة" کی وضاحت:

اگر خلاف جنس فروخت کیا جائے تو درست ہے، خواہ مکایلۃ ہو یا مجازفۃ، اس کی ایک دلیل مذکور

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



حدیث ہے اور دوسری دلیل یہ ہے کہ خلاف جنس ہونے کی صورت میں بھی اگر چہ عوضین کی مقدار مجہول ہے' مگر یہ جہالت معمولی ہے اور مفضی الی النزاع نہیں ہے' حالانکہ جواز عقد سے مانع وہ جہالت ہے' جو مفضی الی النزاع ہو۔ لہٰذا جب یہ جہالت مفضی الی النزاع نہیں ہے' تو یہ جہالت جہالتِ قیمت کے مشابہ ہوگی' اور جہالت قیمت مفضی الی النزاع نہ ہونے کی وجہ سے مفسد عقد نہیں ہے۔ لہٰذا یہ جہالت بھی مانع جواز اور مفسد عقد نہ ہوگی۔

سوال نمبر 2: (وَمَنْ بَاعَ سِلْعَةً بِثَمَنٍ قِيْلَ لِلْمُشْتَرِيْ اِدْفَعِ الثَّمَنَ اَوَّلًا ) لِاَنَّ حَقَّ الْمُشْتَرِيْ تَعَيَّنَ فِي الْمَبِيْعِ فَيَقَدَّمُ دَفْعُ الثَّمنِ لِيَتَعَيَّنَ حَقُّ الْبَائِعِ بِالْقَبْضِ لِمَا اَنَّهُ لَا يَتَعَيَّنُ بِالتَّعْيِيْنِ تَحْقِيْقًا لِلْمُسَاوَاةِ .

(الف) تشکیل کرتے ہوئے ترجمہ کریں؟

(ب) لان حق المشتری اور لما انه لا يتعين کی خوب وضاحت لکھیں؟

جواب: (الف) اعراب اور ترجمہ عبارت:

نوٹ: اعراب اوپر عبارت پر لگا دیے گئے ہیں اور ترجمہ عبارت درج ذیل ہے:

کہا: اگر کسی نے ثمن کے عوض کوئی سامان فروخت کیا' تو مشتری سے کہا جائے گا کہ پہلے تم ثمن ادا کرو' اس لیے کہ اس کا حق مبیع میں متعین ہو چکا ہے' لہٰذا ادائیگی ثمن کو مقدم کیا جائے گا' تا کہ قبضہ سے بائع کا حق بھی متعین ہو جائے' جو کہ ثمن متعین کرنے سے متعین نہیں ہوتا' (اور یہ حکم) برابری ثابت کرنے کے لیے ہے۔

(ب) "لان حق المشتری" اور "لما انه لا يتعين" کی وضاحت:

(i) اگر کسی نے ثمن یعنی دراہم اور دنانیر کے عوض کوئی سامان فروخت کیا' اور آپس میں عاقدین کا اختلاف ہو گیا' بائع کہتا ہے: پہلے ثمن دو پھر میں مبیع دوں گا' مشتری کہتا ہے: پہلے سامان فراہم کرو پھر ثمن دوں گا' تو اب تقدیم ادا کا مکلف کون ہوگا؟ تو وہ فرماتے ہیں کہ یہاں یہ چیزیں توجہ طلب ہیں۔

(ii) عقد بیع سے مبیع میں مشتری کا حق متعین ہو جاتا ہے' اور محض عقد سے ثمن میں بائع کا حق متعین نہیں ہوتا' تو گویا نفس عقد سے مشتری کو ایک طرح کا تقدم حاصل ہوتا ہے' اور بیع میں مساوات ضروری ہے' لہٰذا مشتری سے کہا جائے گا کہ بھائی تمہارا حق تو مبیع سے متعلق ہو چکا ہے' اور یہ تقدم اور اوّلیت تمہارے حق میں ثابت ہے' لہٰذا تم پہلے ثمن ادا کرو' تا کہ اس پر قبضہ کرنے کے بعد بائع کا حق بھی ثمن سے متعلق ہو جائے اور تم دونوں میں برابری بھی ہو جائے۔ لہٰذا مساوات اور برابری کو ثابت کرنے کے لیے یہاں مشتری کو پہلے ثمن ادا کرنے کا مکلف بنائیں گے۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



سوال نمبر 3: (الف) خیار رؤیت' خیار عیب اور خیار شرط کی تعریفات اور مدت بیان کریں؟

(ب) بیع فاسد کی تعریف' حکم اور کم از کم دو مثالیں تحریر کریں؟

جواب: (الف) اصطلاحات فقہ کی تعریفات مع مدت:

۱- خیار رؤیت: اگر کسی شخص نے بغیر دیکھے کوئی چیز خرید لی' تو بیع درست ہوگی' پھر دیکھنے والے کو اس کا اختیار ملے گا' اگر چاہے گا تو اسے پورے ثمن کے عوض لے لے گا' اور اگر چاہے گا تو اسے واپس کر سکے گا۔ اس بیع میں وقت اور دن دونوں کی تحدید نہیں ہے۔

۲- خیار عیب: جب مشتری مبیع میں کسی عیب پر مطلع ہو' تو اسے اختیار ہوگا' اگر وہ چاہے' تو پورے ثمن کے عوض مبیع کو لے لے' اور اگر چاہے' تو واپس کر دے' کیونکہ مطلق عقد مبیع کی سلامتی کا متقاضی ہوتا ہے۔ مبیع کی مکمل طور پر سلامتی اس کے جواز کی شرط ہے۔

۳- خیار شرط: دونوں عاقدین میں سے ہر ایک عاقد کو تین دن یا کم کے لیے خیار کی شرط حاصل ہو گی۔ اس بیع کے لیے احناف کے ہاں تین دن یا اس سے کم دنوں کی مدت مقرر و متعین ہے' اور اس سے زائد مدت کے لیے درست نہیں ہوگی۔

(ب) بیع فاسد کی تعریف' حکم اور مثالیں:

وہ بیع ہے' جو اصل اور ذات کے اعتبار سے تو مشروع ہو' لیکن وصف کے اعتبار سے مشروع نہ ہو مثلاً کسی نے شراب یا خنزیر کے عوض کپڑا خریدا' تو یہ بیع فاسد ہوگی' اس لیے کہ یہاں بیع کی حقیقت اور اس کا رکن موجود نہیں ہے۔

سوال نمبر 4: قال: ويجلس للحكم جلوسا ظاهرا في المسجد .

(الف) ترجمہ کریں اور ظاہرًا کی قید کا فائدہ ہدایہ کی روشنی میں بیان کریں؟

(ب) کون سی مسجد اولیٰ ہے؟

(ج) اختلاف شوافع اور احناف مع دلائل لکھیں؟

جواب: (الف) ترجمہ عبارت اور "ظاہرًا" کی قید کا فائدہ:

ترجمہ عبارت: (امام قدوری رحمہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:) قاضی فیصلہ کرنے کے لیے نمایاں طور پر مسجد میں بیٹھے گا۔

"ظاہرًا" قید کا فائدہ: لفظ "ظاہرًا" کا مطلب ہے "نمایاں" ہونا' کوئی رکاوٹ نہ ہونا۔ یعنی فیصلہ کرنے کے لیے قاضی عام آدمی کی طرح بیٹھے گا' تا کہ عوام و خواص سب لوگوں کے لیے انصاف کی فراہمی یقینی ہو سکے۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



(ب) کون سی مسجد اولیٰ ہے:

قاضی فیصلہ کرنے کے لیے کسی بھی مسجد میں بیٹھ سکتا ہے، مگر جامع مسجد میں بیٹھنا زیادہ بہتر ہے، تاکہ بلاتخصیص سب لوگ ان سے ملاقات کر سکیں، اپنا مسئلہ آسانی سے پیش کر سکیں اور لوگوں کو فوراً اور آسانی سے انصاف حاصل ہو سکے۔

(ج) مسجد میں قاضی کے بیٹھنے کے حوالے سے مذاہب آئمہ:

عدل وانصاف پر مبنی فیصلہ کرنے کے لیے قاضی کا مسجد میں بیٹھنا جائز ہے یا نہیں؟ اس بارے میں آئمہ فقہ میں اختلاف ہے، جس کی تفصیل درج ذیل ہے:

۱- امام اعظم ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کا مؤقف ہے کہ مسجد بہتر جگہ ہے، فیصلہ کرنے کے لیے قاضی کا مسجد میں بیٹھنا زیادہ مناسب ہے، تاکہ رابطہ کرنے، اپنا مسئلہ پیش کرنے اور انصاف حاصل کرنے میں کسی کو دقت پیش نہ آئے۔ آپ کی دلیل یہ ارشاد ربانی ہے: "انما بنیت المساجد لذکر اللہ والحکم" یعنی مساجد اللہ تعالیٰ کا ذکر (عبادت وریاضت) کرنے اور فیصلہ کرنے کے لیے بنائی گئی ہیں۔

۲- امام شافعی رحمہ اللہ تعالیٰ کا مؤقف ہے کہ فیصلہ کرنے کے لیے قاضی کا مسجد میں بیٹھنا مکروہ ہے، ان کی دلیل یہ ہے کہ فیصلہ کروانے کے لیے مسلمانوں کے ساتھ مشرکین بھی مسجد میں آئیں گے جبکہ ان کا مسجد میں آنا حرام ہے۔ چنانچہ ارشاد ربانی ہے: اِنَّمَا الْمُشْرِكُوْنَ نَجَسٌ فَلَا يَقْرَبُوا الْمَسْجِدَ الخ یعنی مشرکین پلید لوگ ہیں، وہ مسجد کے قریب بھی نہ جائیں۔ حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم ہے: لا احل المسجد لحائض و لا جنب یعنی مسجد میں حائضہ خاتون اور جنبی لوگ نہ آئیں۔

احناف کی دلیل قوی ہے، کیونکہ انصاف کی بنیاد پر ظلم کا خاتمہ ہوگا۔ امام شافعی رحمہ اللہ تعالیٰ کی دلیل کا یہ جواب دیا جاتا ہے کہ مشرکین لوگوں کی نجاست سے مراد باطنی اور اعتقادی نجاست ہے نہ کہ ظاہری و حقیقی نجاست مراد ہے۔ لہٰذا اس کا حکم بھی مختلف ہوگا۔

☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



# الاختبار السنوی للشهادة العالية (بی اے)

## السنة الثانية للطلاب السنة ۱۴۴۲ھ/2021ء

## الورقة الرابعة: البلاغة

الوقت المحدد: ثلاث ساعات مجموع الارقام: ۱۰۰

نوٹ: صرف تین سوالات حل کریں؟

سوال نمبر1:-ومافي على ما انعم مصدرية لا موصولة لفساد اللفظ ولمعنى .

(الف) اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟ 7+7=14

(ب) فساد لفظی ومعنوی کی وضاحت کریں؟ 5+5=10

(ج) "ان" کا معنی کیا ہے؟ اور اس کا استعمال کس معنی میں ہوتا ہے؟ 10

سوال نمبر2:-والفصاحة في الكلام خلوصه من ضعف التاليف وتنافر الكلمات والتعقيد مع فصاحتها .

(الف) مذکورہ عبارت کا ترجمہ کریں؟ 9

(ب) ضعف تالیف اور تنافر کلمات کی تعریفات واشلہ لکھیں؟ 7+7=14

(ج) مع فصاحتها کی ترکیب تحریر کریں نیز بتائیں کہ تنافر الکلمات میں مذکور "الکلمات" سے حال بنانا کیوں درست نہیں؟ 5+5=10

سوال نمبر3:-درج ذیل کا ترجمہ کریں نیز بتائیں کہ یہ کس چیز کی امثلہ ہیں؛ شاعر کا نام ضرور لکھیں؟ 21+6+6=33

(۱) وتسعدني في غمرة بعد غمرة سبوح لها منها عليها شواهد

(۲) حمامة جرعى حومة الجندل اسجعي فانت بمرأى من سعاد ومسمع

(۳) ومقلة وحاجبا مزججا وفاحما ومرسنا مسرجا

سوال نمبر4:-درج ذیل میں سے کسی پانچ کی تعریفات وامثلہ لکھیں نیز مطول کے مصنف کا نام بتائیں؟ 30+3=33

حشو، تطویل، تعقید، امثلہ، شواهد، ملکه

سوال نمبر5:-(وينحصر المقصود) من علم المعاني (في ثمانية ابواب) انحصار الكل في اجزائه لا الكلي في جزئياته والالصدق علم المعاني على كل باب .

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



(الف) مذکورہ عبارت کا ترجمہ کریں نیز خط کشیدہ کی وضاحت اس طرح کریں کہ شارح کی مراد واضح ہو جائے؟17=9+8

(ب) ابواب ثمانیہ کے نام لکھیں؟16

☆☆☆

## درجہ عالیہ (سال دوم) برائے طلباء بابت 2021ء

## چوتھا پرچہ: بلاغت

سوال نمبر 1:-ومافی علی ما انعم مصدریة لا موصولة لفساد اللفظ والمعنی.

(الف) اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟

(ب) فساد لفظی ومعنوی کی وضاحت کریں؟

(ج) "آل" کی اصل کیا ہے؟ اور اس کا استعمال کس معنی میں ہوتا ہے؟

### جواب: (الف) اعراب اور ترجمہ عبارت:

نوٹ: اعراب اوپر لگا دیے گئے ہیں اور ترجمہ درج ذیل ہے:

اور علی ما انعم میں ما مصدریہ ہے موصولہ نہیں ہے' کیونکہ ما موصولہ قرار دینے کی وجہ سے لفظاً اور معنیً فساد لازم آتا ہے۔

### (ب) فساد لفظی اور فساد معنوی کی وضاحت:

ما موصولہ ہونے کی صورت میں فساد لفظی: اس کی صورت یہ ہے کہ عائد ضمیر مرفوع ہوگی...... یا منصوب ہوگی...... یا مجرور ہوگی...... اگر مرفوع ہوگی تو یہ درست نہیں ہے...... کیونکہ انعم اور علم کی مرفوع ضمیر اللہ تعالیٰ کی طرف لوٹ رہی ہوگی...... اگر ضمیر منصوب نکالی جائے تو یہ بھی درست نہیں...... کیونکہ علم کا مفعول مالم نعلم عبارت میں مذکور ہے......اور اگر ضمیر مجرور نکالیں تو یہ بھی درست نہیں' کیونکہ محذوف ہونے کی شرط (موصول کا جار اور عائد کا جار لفظ اور معنیٰ میں متحد ہو) نہیں پائی جا رہی...... لہٰذا ما کو موصولہ بنانا صلہ میں عائد ضمیر نہ ہونے کی وجہ سے درست نہیں۔

ما موصولہ ہونے کی صورت میں معنوی فساد: واما معنی فلان الحمد علی الانعام الخ "ما" کو موصولہ بنائیں تو معنیٰ ہوگا "اللہ تعالیٰ کی حمد ہے اس نعمت پر جو اس نے ہم پر انعام کی"......اور اگر ما مصدریہ بنائیں' تو ما مصدریہ چونکہ مابعد فعل کو مصدر کے معنیٰ میں کر دیتا ہے......لہٰذا انعم کا مصدر فاعل کی طرف مضاف ہوگا......اور تقدیر عبارت "علی انعامه" ہوگی......اب اس صورت میں معنیٰ ہوگا "اللہ

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



تعالیٰ کی حمد ہے اس کے فعل انعام پر......اور فعل انعام کا تعلق منعم سے بلاواسطہ ہے جبکہ نعمت ''جو کہ فعل انعام پر مرتب ہونے والا نتیجہ ہے) کا تعلق منعم سے بالواسطہ ہے......اور منعم کی حمد اس کے فعل انعام پر کرنا اولیٰ...... بہ نسبت اس کے فعل انعام پر مرتب ہونے والے نتیجہ پر حمد کرنے کے...... کیونکہ بالواسطہ حمد سے بلاواسطہ حمد اولیٰ ہوتی ہے......تو ما موصولہ بنانے کی صورت میں خلاف اولیٰ لازم آرہا ہے' اس لیے اس معنوی خرابی سے بچنے کے لیے ما کو مصدر یہ قرار دیا جائے گا......موصولہ نہیں۔

## (ج) لفظ ''آل'' کی اصل اور اس کا معنیٰ:

لفظ ''آل'' کا اصل ''اھل'' تھا' اس کی دلیل یہ ہے کہ اس کا اسم تصغیر ''أھیل'' (یعنی ھا کے ساتھ ہے) اس کا استعمال معزز لوگوں کے لیے ہوتا ہے (یعنی بنو ہاشم' بنو عبدالمطلب' ازواج مطہرات اور ہر صاحب تقویٰ آدمی ہے)

سوال نمبر 2:-والفصاحة فی الکلام خلوصه من ضعف التالیف وتنافر الکلمات والتعقید مع فصاحتها .

(الف) مذکورہ عبارت کا ترجمہ کریں؟

(ب) ضعف تالیف اور تنافر کلمات کی تعریفات و امثلہ لکھیں؟

(ج) مع فصاحتها کی ترکیب تحریر کریں نیز بتائیں کہ تنافر الکلمات میں مذکور ''الکلمات'' سے حال بنانا کیوں درست نہیں؟

## جواب: (الف) ترجمہ عبارت:

اور کلام میں فصاحت یہ ہے کہ وہ ضعف تالیف' تنافر کلمات اور تعقید سے خالی ہو اور اس کے ساتھ ساتھ اس کے کلمات بھی فصیح ہوں۔

## (ب) ضعف تالیف' تنافر کلمات کی تعریفات اور امثلہ:

۱-ضعف تالیف: یہ ہے کہ اجزاء کلام کی ترکیب اس قانون نحوی کے خلاف ہو' جو علم نحو کے جلیل القدر آئمہ کے درمیان مشہور ہے۔

مثال: جیسے لفظ اور معنوی اضمار قبل الذکر ہو جیسے ضرب غلامه زیدًا' کیونکہ غلامه کی ضمیر مجرور زید کی طرف لوٹتی ہے' اور یہاں ضمیر لفظ زید سے پہلے ہے' اور معنی بھی زید کے ذکر سے پہلے ہے' کیونکہ زید مفعول بہ ہونے کی وجہ سے رتبہ کے اعتبار سے مؤخر ہے۔ تاہم جب مفعول بہ کی ضمیر فعل سے متصل ہو تو اخفش نے اسے جائز قرار دیا اور ابن جنی نے اس کی اتباع کی ہے۔

۲-تنافر کلمات: یہ ہے کہ کلمات زبان پر ثقیل ہوں۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books


مثال: بعض صورتوں میں ثقیل انتہائی درجہ کا ہوتا ہے:

لیس قرب قبر حرب قبر      وقبر حرب یمکان قفر

(یعنی حرب (نامی شخص) کی قبر کے پاس کوئی قبر نہیں اور حرب کی قبر ایسی جگہ میں ہے' جہاں پانی اور لباس کا نام ونشان نہیں)

**(ج)"مع فصاحتها" کی ترکیب نحوی اور"تنافر کلمات"میں مذکور"کلمات" سے حال واقع نہ ہونے کی وجہ:**

"مع فصاحتها" خلوصه کی ضمیر مجرور سے حال واقع ہو رہا ہے۔ یہ"تنافر کلمات"میں مذکور"کلمات"سے حال واقع نہیں ہوسکتا' کیونکہ "مع فصاحتها" کی ضمیر مجرور خواہ مجرور محلاً ہے مگر معنوی طور پر لفظ"فصاحت" کا فاعل ہے جبکہ"تنافر کلمات" میں"کلمات" نہ فاعل ہے' اور نہ مفعول ہے' کیونکہ ذوالحال کے لیے فاعل یا مفعول' یا دونوں کا ہونا ضروری ہے۔

سوال نمبر 3: درج ذیل کا ترجمہ کریں نیز بتائیں کہ یہ کس چیز کی امثلہ ہیں' شاعر کا نام ضرور لکھیں؟

(۱)وتسعدني في غمرة بعد غمرة      سبوح لها منها عليها شواهد

(۲)حمامة جرعى حومة الجندل اسجعي      فانت بمرأى من سعاد ومسمع

(۳)ومقلة وحاجبا مزججا      وفاحما ومرسنا مسرجا

**جواب: ترجمہ اجزاء' کس قاعدہ کی مثالیں اور شاعر کا نام:**

(۱) وہ تیز گھوڑا شدید پانی میں میری مدد کرتا ہے' اس کے لیے اس کی علامات اس پر گواہ ہیں۔

یہ متنبی کا شعر ہے' یعنی شاعر کا نام ابوالطیب احمد بن حسین الجعفی الکندی ہے' مصنف نے اسے اس مسئلہ میں بطور مثال پیش کیا ہے کہ فصاحت کلام میں یہ چیز بھی ضروری ہے کہ وہ کثرت تکرار اور تتابع اضافات سے خالی ہو۔

(۲) (اے) پتھریلی زمین کے کھلے مقام کی ریتلی جگہ کی کبوتری' تو آواز نکال' کیونکہ تو سعاد کے دیکھنے اور سننے کی جگہ میں ہے۔

شاعر کا نام ابن مبارک ہے۔ یہ شعر مصنف نے اس مسئلہ کی مثال میں پیش کیا ہے کہ فصاحت کلام میں کثرت تکرار اور تتابع اضافات سے خالی ہونا ضروری نہیں ہے' اس لیے کہ اس کی وجہ سے یہ لفظ زبان پر ثقیل نہیں ہے' تاہم تنافر کی وجہ سے اس سے احتراز کیا گیا ہے۔

(۳) مقلۃ' حاجبا' مزججا' مرسنا اور سرجا میں لفظ مسرجا ہے۔

یاد رہے شاعر کا نام عجاج ہے۔ مصنف نے غرابت کی تعریف بیان کرتے ہوئے کہا: کلمہ کا وحشی' غیر

H_M_Hasnain_Asadi
Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



ظاہر الدلالت اور غیر مانوس الاستعمال ہونا غرابت کہلاتا ہے' پھر عجاج کا یہ شعر بطور مثال پیش کیا ہے۔

سوال نمبر 4:- درج ذیل کی تعریفات وامثلہ لکھیں نیز مطول کے مصنف کا نام بتائیں؟

حشو' تطویل' تعقید' امثلہ' شواھد' ملکہ

جواب: اصطلاحات غرابت کی تعریفات:

۱-حشو: اصل مراد پر کلام کا زائد ہونا بغیر فائدہ کے اور وہ زائدہ ہونا متعین ہو۔

۲-تطویل: اصل مراد پر کلام کا زائد ہونا بغیر فائدہ کے اور وہ ہونا متعین نہ ہو۔

۳-تعقید: وہ کلام جو مغلق ہو اور اس کے معنی مراد کو سمجھنے میں دشواری و دقت پیش آتی ہو۔

۴-امثلہ: امثلہ' مثال کی جمع ہے' مثال اس جز کو کہتے ہیں' جو قاعدے کی توضیح کے لیے ذکر کی جائے جیسے آپ نے کہا: ہر کافر کو خلود فی النار ہونا ہے مثلاً ابولہب دائماً جہنمی ہے۔

۵-شواھد: شواہد' شاہد کی جمع ہے۔ شاہد اس جزی کو کہا جاتا ہے جو قاعدہ کے اثبات کے لیے ذکر کی جائے مثلاً آپ نے قاعدہ بیان کیا: لام امر' مضارع کے آخر سے حرف علت کو ساقط کر دیتا ہے' اور اس کے ثبوت میں آپ نے یہ الفاظ پڑھے: ویخش الذین لو ترکوا الخ ۔

٦-ملکہ: ایک صلاحیت ہے' جس کے ذریعے انسان ایک ایک جزی کا ادراک کرنے پر قادر ہوتا ہے' اور اس کا دوسرا نام "صناعة" ہے۔

سوال نمبر 5:- (وینحصر المقصود من علم المعانی (فی ثمانیة ابواب) انحصار الکل فی اجزائه لا الکلی فی جزئیاته والا لصدق علم المعانی علی کل باب .

(الف) مذکورہ عبارت کا ترجمہ کریں نیز خط کشیدہ کی وضاحت اس طرح کریں کہ شارح کی مراد واضح ہوجائے۔

(ب) ابواب ثمانیہ کے نام لکھیں؟

جواب: (الف) ترجمہ عبارت اور خط کشیدہ کی وضاحت:

۱-ترجمہ: اور علم معانی کا مقصود آٹھ ابواب میں منحصر ہے' یہ حصر کل کا اپنے اجزاء میں ہے نہ کہ کلی کا اپنی جزئیات میں حصر ہے' اور اگر یہ نہ ہو تو پھر علم معانی کا صدق ہر ہر باب پر ہوگا۔

۲-خط کشیدہ کی وضاحت: یہ عبارت درحقیقت ایک سوال کا جواب ہے' اور وہ سوال وجواب درج ذیل ہیں:

قبل از جواب کلی اور کل میں فرق معلوم کرلیں! کلی کا اپنی جزئیات میں سے ہر ہر جزی پر حمل ہوتا ہے مثلاً انسان ایک کلی ہے' اور زید' خالد' اور بکر وغیرہ اس کی جزئیات ہیں' تو ان تمام جزئیات پر کلی کا حمل

H_M_Hashnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



ہونا ہوتا ہے اور ہم یوں کہہ سکتے ہیں: "زید انسان" و "خالد انسان" وغیرہ۔ جبکہ اس کا اپنے اجزاء پر حمل نہیں ہوتا مثلاً رأس (سر) ید (ہاتھ) اجزاء اور زید کل ہے تو ہم "الرأس زید" یا "الید زید" نہیں کہہ سکتے۔

الغرض اعتراض یہ ہے کہ علم معانی کے مقصود کا آٹھ ابواب میں انحصار ہے تو "مقصود" صفت کا صیغہ ہے اور صیغہ صفت سے متبادر یہ ہے کہ یہ کلی کا اپنی جزئیات میں حصر ہے اور یہ درست نہیں ہے کیونکہ پھر ہر ہر باب پر مقصود علم معانی کا حمل کرنا درست ہوگا اور جس شخص نے ان آٹھ ابواب علم معانی میں سے کسی ایک باب کا بھی علم حاصل کیا ہوگا اسے علم معانی کا عالم کہا جا سکے گا حالانکہ ایسا نہیں ہے لہٰذا اس کلی کا اپنی جزئیات میں حصر درست نہیں ہے؟

جواب: یہاں کلی کا اس کی جزئیات میں نہیں بلکہ کل کا حصر ہے اپنے اجزاء میں تو چونکہ کل کا اپنے اجزاء پر حمل نہیں ہوتا لہٰذا یہ حصر کرنا درست نہیں ہے۔

## (ب) علم معانی کے ابواب ثمانیہ کے نام:

علم معانی کے ابواب ثمانیہ کے نام درج ذیل ہیں:

(۱) احوال اسناد خبری (۲) احوال مسند الیہ (۳) احوال مسند (۴) احوال متعلقات فعل (۵) قصر (۶) انشاء (۷) فصل و وصل (۸) ایجاز اطناب اور مساوات۔

☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



# الاختبار السنوی للشهادة العالية (بی اے)

## السنة الثانية للطلاب السنة ۱۴۴۲ھ/2021ء

## الورقة الخامسة: الفلسفة والمناظرة

الوقت المحدد: ثلاث ساعات　　مجموع الارقام: ۱۰۰

نوٹ: ہر حصہ سے دو دو سوال حل کریں؟

### حصہ اوّل......فلسفہ

سوال نمبر 1:-إن الهيولى لاتتجرد عن الصورة لأنها لو تجردت عن الصورة فإما أن تكون ذات وضع أولا تكون لا سبيل إلى كل واحد من القسمين .

(الف) اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟ (۱۰=۵+۵)

(ب) هیــولــی کی تعریف کریں نیز مذکورہ بالا دعویٰ کو بالتفصیل دلیل سے ثابت کریں؟ (۱۵=۵+۱۰)

سوال نمبر 2:- (الف) صورۃ نوعیہ کی تعریف کریں اور اس کے اثبات پر دلیل قائم کریں؟ (۱۵=۵+۱۰)

(ب) حیز کی تعریف کر کے اس کے اثبات پر دلیل لکھیں؟ (۱۰=۵+۵)

سوال نمبر 3:- (الف) حرکت' سکون کی تعریف کریں نیز اقسام حرکت کی وضاحت کریں؟ (۱۵)

(ب) کل جسم فله شكل طبعی مذکورہ دعویٰ کو دلیل سے ثابت کریں؟ (۱۰)

### دوسرا حصہ......مناظرہ

سوال نمبر 4:-المناظرة توجه المتخاصمين فی النسبة بين الشيئين إظهار اللصواب .

(الف) مناظرہ کا ماخوذ منہ ذکر کر کے کم از کم دو وجوہ مناسبت ذکر کریں؟ (۱۰=۵+۵)

(ب) مناظرہ' مجادلہ' مکابرہ کی تعریفات ذکر کریں نیز بتائیں مصنف نے دیگر مصنفین کی تعریف النظر من الجانبين فی النسبة بين الشيئين الخ سے عدول کیوں کیا ہے؟ (۱۵=۹=۶)

سوال نمبر 5:- درج ذیل میں سے کسی پانچ کی تعریفات لکھیں؟ (۲۵=۵×۵)

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



نقل، دعویٰ، دلیل، تقریب، سند، منع

سوال نمبر 6:- (الف) معارضہ کی تعریف کریں؟ (۵)

(ب) معارضہ کی اقسام مع تعریفات لکھیں؟ (۱۰)

(ج) معارضہ بالغیر کی فقہی مثال کے ذریعہ وضاحت کریں؟ (۱۰)

☆☆☆

## درجہ عالیہ (سال دوم) برائے طلباء بابت 2021ء

## پانچواں پرچہ: فلسفہ ومناظرہ

## حصہ اوّل......فلسفہ

سوال نمبر 1:- إِنَّ الْهُيُوْلٰى لَا تَتَجَرَّدُ عَنِ الصُّوْرَةِ لِأَنَّهَا لَوْ تُجُرِّدَتْ عَنِ الصُّوْرَةِ فَإِمَّا أَنْ تَكُوْنَ ذَاتَ وَضْعٍ أَوْلَا تَكُوْنُ لَا سَبِيْلَ إِلٰى كُلِّ وَاحِدٍ مِّنَ الْقِسْمَيْنِ۔

(الف) اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟

(ب) ھیولیٰ کی تعریف کریں نیز مذکورہ بالا دعویٰ کو بالتفصیل دلیل سے ثابت کریں؟

### جواب: (الف) عبارت پر اعراب اور ترجمہ عبارت:

نوٹ: اعراب اوپر لگا دیے گئے ہیں اور ترجمہ درج ذیل ہے:

بے شک ھیولیٰ صورت سے الگ ہو کر نہیں پایا جاتا، اس لیے اگر اسے صورت سے الگ کیا جائے، تو وہ دو حال سے خالی نہیں ہوگا، وہ ذات وضع ہوگا یا غیر ذات وضع ہوگا، تو یہ دونوں صورتیں باطل ہیں۔

### (ب) ھیولیٰ کی تعریف اور مذکورہ دعویٰ پر دلیل:

۱- ھیولیٰ کی تعریف: ہر جسم دو جوہروں سے مرکب ہوتا ہے، جن میں سے ایک نے دوسرے میں حلول کیا ہوا ہوتا ہے، جو جزء محل ہوتی ہے، اسے ھیولیٰ اور جو حال ہوتی ہے، اسے صورت جسمیہ کہا جاتا ہے۔

### دعویٰ پر توضیح دلیل:

اس فصل میں دعویٰ یہ ہے کہ ھیولیٰ صورت جسمیہ کو لازم ہے، اور صورت جسمیہ ملزوم، لہٰذا صورت جسمیہ کبھی بھی ھیولیٰ سے جدا نہیں ہو سکتی۔

اس دعویٰ کی توضیح دلیل درج ذیل ہے:

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



صورت جسمیہ کا ھیولٰی کے بغیر غیر متناہی ہوکر پایا جانا اس لیے باطل ہے کہ تمام اجسام متناہی ہیں' ان کا غیر متناہی ہونا محال ہے' کیونکہ اگر ان کا غیر متناہی ہوکر پایا جانا محال نہ ہونا مانا جائے بلکہ ممکن مانا جائے' تو پھر لازم آئے گا کہ ایک مبداء سے ایک ہی رخ پر دو غیر متناہی خطوط کا اس طرح نکالا جانا ممکن ہو جیسے مثلث کے دو ضلعے ہوتے ہیں۔ اب جوں جوں وہ دونوں خطوط بڑھتے چلے جائیں گے' ان کے درمیان کا بُعد اور مسافت بھی زیادہ ہوتی چلی جائے گی' تو جب وہ خطوط غیر متناہی طور پر بڑھیں گے تو ان کے درمیان کا بُعد بھی غیر متناہی ہوگا' حالانکہ وہ دو حاصروں کے درمیان محصور ہے' اور جو دو حاصروں کے درمیان محصور ہو' وہ متناہی ہوتا ہے' تو اس طرح متناہی وغیر متناہی کا اجتماع لازم آیا جو کہ باطل ہے۔ چنانچہ ثابت ہوگیا کہ صورت جسمیہ کا ھیولٰی کے بغیر غیر متناہی ہوکر پایا جانا باطل ومحال ہے۔ اجسام غیر متناہیہ کے بطلان کو مذکورہ بالا دلیل کو برہان سُلمی کہا جاتا ہے۔ اسی طرح صورت جسمیہ کا ھیولٰی کے بغیر متناہی ہوکر پایا جانا بھی محال ہے۔ اس لیے کہ اگر وہ متناہی ہوکر پائی جائے تو ضروری ہوگا کہ ایک یا ایک سے زائد حدود نے اس کا احاطہ کر رکھا ہو' جیسے کُرہ' کہ ایک حد نے اس کا احاطہ کر رکھا ہے۔ یا کہ کوئی مخروطی شکل کہ دو حدوں نے اس کا احاطہ کر رکھا ہوتا ہے' یا مثلث کہ تین حدوں نے اس کا احاطہ کر رکھا ہوتا ہے' یا مربع کہ چار حدوں نے اس کا احاطہ کر رکھا ہوتا ہے' تو دریں صورت اس صورت جسمیہ کا کسی شکل سے متشکل ہونا ضروری ہے' کیونکہ شکل اس ہیئت کو کہتے ہیں' جو ایک یا متعدد حدوں کے مقدار کا احاطہ کرنے سے حاصل ہوتی ہے' تو اب یہ شکل اس صورت جسمیہ کو باعتبار اس کی ذات کے حاصل ہوئی ہے یا اس کے کسی لازم کی وجہ سے حاصل ہوئی' یا اس کے کسی عارض کی وجہ سے حاصل ہوئی' اور یہ تینوں صورتیں باطل ہیں۔ اوّل وثانی تو اس لیے کہ اگر یہ شکل مخصوص اس صورت جسمیہ کو اس ذات یا اس کے لازم تقاضے کی وجہ سے حاصل ہوئی ہو' تو پھر تمام اجسام کا اس ایک ہی شکل سے متشکل ہونا لازم آئے گا' اور یہ باطل ہے۔ ثالث اس لیے کہ جب وہ شکل کسی عارض کی وجہ سے حاصل ہوئی ہو' پھر اس شکل کا صوُرت جسمیہ سے زائل ہونا اور اس صورت کا کسی دوسری شکل سے متشکل ہونا ممکن ہوگا' اور یہ ایک شکل کا زوال اور دوسری شکل کا حصول انفصال مقتضی ہے' تو اس طرح صورت جسمیہ کا قابل انفصال ہونا لازم آئے گا۔ جو قابل انفصال ہو' وہ ھیولٰی اور صورت سے مرکب ہوتا ہے' تو اس طرح وہی صوُرت جسے ہم نے ھیولٰی سے خالی مانا تھا' اس کا ھیولٰی سے مقترن ہونا لازم آیا' اور وہ صورت جو ھیولٰی سے خالی ہو' اس کا ھیولٰی سے مقترن ہونا باطل ہے۔ چنانچہ ثابت ہوگیا کہ صورت جسمیہ کا ھیولٰی کے بغیر متناہی ہوکر پایا جانا باطل ہے۔

سوال نمبر 2:- (الف) صورۃ نوعیہ کی تعریف کریں اور اس کے اثبات پر دلیل قائم کریں؟

(ب) حیز کی تعریف کرکے اس کے اثبات پر دلیل لکھیں؟

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



## جواب: (الف) صورت نوعیہ کی تعریف اور اس کے اثبات پر دلیل:

صورت نوعیہ کی تعریف: صورت نوعیہ اس صورت کو کہتے ہیں، جس کی وجہ سے اجسام کی ایک نوع دوسری انواع سے ممتاز ہوتی ہے، کیونکہ یہ صورت ایک ہی نوع کے ساتھ مختص ہوتی ہے، دوسری نوع میں نہیں پائی جاتی۔

### اس کے اثبات پر دلیل:

دعویٰ یہ ہے کہ ہر جسم طبعی میں ھیولیٰ وصورت جسمیہ کے علاوہ ایک اور صورت بھی ہوتی ہے، جسے صورت نوعیہ کہا جاتا ہے۔

اس کے اثبات پر دلیل درج ذیل ہے:

بعض اجسام طبعیہ کا بعض احیاز سے جو اختصاص ہوتا ہے، وہ چار حال سے خالی نہیں کہ وہ اختصاص کسی امر خارجی کی وجہ سے ہوگا، یا ھیولیٰ کی وجہ سے ہوگا، یا صورت جسمیہ کی وجہ سے ہوگا، یا جسم میں پائی جانے والی کسی اور صورت کی وجہ سے ہوگا، امر خارج کی وجہ سے ہونا باطل ہے، کیونکہ جو شیء جسم طبعی سے خارج ہے، وہ اس جسم کے کسی حیز کے ساتھ مختص ہونے کا سبب نہیں بن سکتی۔ اسی طرح ھیولیٰ اور صورت کی وجہ سے اختصاص کا ہونا باطل، کیونکہ اگر ھیولیٰ کی وجہ سے اختصاص مانیں تو لازم آئے گا کہ تمام عنصریات ایک حیز میں مشترک ہو جائیں، کیونکہ تمام اجسام عنصریہ کا ھیولیٰ ایک ہے، اور تمام عنصریات کا حیز واحد میں مشترک ہونا باطل، اگر صورت جسمیہ کو اختصاص کا سبب مانیں، تو لازم آئے گا کہ تمام اجسام عالم کی صورت جسمیہ ایک ہے۔ تمام اجسام کا حیز واحد میں مشترک ہونا باطل ہے، تو ثابت ہو گیا کہ بعض اجسام کی بعض مخصوص حیزوں کے ساتھ وجہ اختصاص نہ تو امر خارج ہے، نہ ھیولیٰ ہے، اور نہ ہی صورت جسمیہ ہے، بلکہ جسم میں پائی جانے والی کوئی اور صورت ہے، اور اسی کو صورت نوعیہ کہا جاتا ہے۔

## (ب) حیز کی تعریف اور اس کے اثبات پر دلیل:

حیز کی تعریف: وہ شیء جس کے ساتھ اجسام اشارہ حسیہ میں ایک دوسرے سے ممتاز ہوتے ہیں۔

### حیز کے اثبات پر دلیل:

دعویٰ یہ ہے کہ ہر جسم کے لیے حیز طبعی کا ہونا ضروری ہے۔ اس پر دلیل درج ذیل ہے:

جب ہم قواسر وموانع کا عدم فرض کر لیں، تو اس وقت جسم جس حیز میں ہوگا، اس کے بارے میں ہم پوچھیں گے کہ اس حیز میں اس جسم کے پائے جانے کا سبب کیا ہے؟ کسی قاسر کی وجہ سے اس حیز میں پایا گیا، یا اپنی ذات اور طبیعت کے تقاضے کی وجہ سے، صورت اوّل تو باطل ہے، کیونکہ ہم نے قواسر کا عدم فرض کیا ہوا ہے۔ لہٰذا دوسری صورت متعین ہو گئی کہ وہ اپنی ذات اور طبیعت کے تقاضے کی وجہ سے اس حیز میں پایا گیا،

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



وہی اس کا حیز طبعی ہے اور یہی ہمارا مطلوب ہے۔

سوال نمبر 3:-(الف) حرکت، سکون کی تعریف کریں نیز اقسام حرکت کی وضاحت کریں؟

(ب) کل جسم فله شکل طبعی مذکورہ دعویٰ کو دلیل سے ثابت کریں؟

جواب: (الف) حرکت وسکون کی تعریف اور اقسام حرکت:

حرکت: اپنی قوت سے ایک چیز کا دوسری چیز کی طرف آہستہ آہستہ جانا، حرکت ہے۔

حرکت کی اقسام: حرکت کی اقسام اربعہ کی تعریفات درج ذیل ہیں:

۱-حرکت فی الکم: یعنی جسم کا بڑھنا اور سمٹنا۔

۲-حرکت فی الکیف: یعنی کسی جسم کا ایک حالت سے دوسری حالت کی طرف حرکت کرنا اور بدلنا جیسے پانی کا گرم اور ٹھنڈا ہونا۔

۳-حرکت فی الاین: یعنی کسی جسم کا ایک مقام سے دوسرے مقام کی طرف آہستہ آہستہ منقلب ہونا۔

۴-حرکت فی الوضع: جسم کے اجزاء مکان کے اجزاء سے مختلف ہو جائیں مگر جسم کا کل اسی مکان میں رہے، جیسے گیند کا حرکت کرنا۔

حرکت کی یہ چاروں اقسام عرضیہ ہیں۔

سکون کی تعریف:

کسی ایسی شیء کا حرکت نہ کرنا جس کی شان یہ ہے کہ وہ حرکت کرے۔

(ب) مذکورہ دعویٰ کا دلائل سے اثبات:

تشریح العبارۃ: اس عبارت میں مصنف جزء الذی الخ کے بطلان کا دعویٰ کر رہے ہیں کہ جزء الذی لا یتجزی باطل ہے۔ لا جزء الذی لا یتجزی کیا ہے؟ جزء الذی لا یتجزی وہ جزء ہے جو کسی بھی تقسیم کو قبول نہ کرے یعنی نہ تقسیم قطعی، نہ کسری، نہ وہمی اور نہ ہی فرضی کو۔

مذکورہ دعویٰ پر دلیل: جزء الذی یا یتجزی باطل ہے۔ اس پر دلیل یہ ہے کہ ہم تین جزء لیتے ہیں، ان میں سے دو کو نیچے رکھیں اور تیسری کو دونوں کے ملتقی پر رکھتے ہیں۔ اب ہم پوچھتے ہیں کہ یہ درمیان والی جزء تلاقی طرفین سے مانع ہے یا نہیں؟ اگر تم کہو کہ مانع نہیں ہے، تو پھر تداخل اجزاء لازم آئے گا جو کہ باطل ومحال ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ وسط وسط نہ رہے گا، اور طرف طرف نہ رہے گی۔ یہ خلاف مفروض ہے، کیونکہ ہم نے ان کو وسط اور طرفین فرض کیا تھا، اگر درمیان والا جزء تلاقی طرفین سے مانع ہو تو پھر اس کی تقسیم ہو گئی۔ وہ اس طرح کہ اس جزء کا وہ حصہ جو ایک طرف کو ملا ہوا ہے وہ غیر ہو اس کا جو دوسری طرف کو

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books


ملا ہوا ہے۔ اپنی دونوں طرفوں میں بھی تقسیم ہوگئی کہ طرف کا ہر وہ حصہ جو جزء وسط سے ملا ہوا ہو وہ غیر ہے اس کا جو وسط نہیں ملا۔ معلوم ہوا کہ جزء الذی لا یتجزی باطل ہے۔

## دوسرا حصہ......مناظرہ

سوال نمبر 4:- المناظرة توجه المتخاصمين فى النسبة بين الشيئين إظهار اللصواب .

(الف) مناظرہ کا ماخوذ منہ ذکر کر کے کم از کم دو وجوہ مناسبت ذکر کریں؟

(ب) مناظرہ، مجادلہ، مکابرہ کی تعریفات ذکر کریں نیز بتائیں مصنف نے دیگر مصنفین کی تعریف النظر من الجانبين فى النسبة بين الشيئين الخ سے عدول کیوں کیا ہے؟

**جواب: (الف) مناظرہ کا ماخوذ منہ اور دو وجوہ مناسبت:**

لفظ مناظرہ لفظ ''نظیر'' سے مشتق ہے۔ اس کی دو وجوہ مناسبت درج ذیل ہیں:

(i) مناظرہ کا نظیر سے مشتق ہونا، حقیقی اشتقاق مراد نہیں ہے، بلکہ مجازی اشتقاق مراد ہے، وہ یہ ہے کہ نظیر اور مناظرہ دونوں ایک چیز یعنی نظر سے مشتق ہے۔ اس طرح مجازی طور پر کہا گیا کہ ''مناظرہ'' مشتق ہے ''نظیر'' سے۔

(ii) ''مناظرہ'' مشتق ''نظر'' سے ہے۔ اس کی پھر دو صورتیں ہیں، ایک یہ کہ نظر کا معنیٰ ہے: دیکھنا، تو اس صورت میں مطلب یہ ہوگا: دونوں مناظرہ ایک دوسرے کے سامنے ہوں۔ صورت ثانی یہ ہے کہ نظر بمعنیٰ تأمل کے ہو، اس طرح مطلب یہ ہوگا کہ مناظر بات کہنے سے پہلے تأمل یعنی غور وفکر کرے پھر گفتگو کا آغاز کرے۔

**(ب) اصطلاحات مناظرہ کی تعریفات:**

۱- مناظرہ: دو متخاصم دو چیزوں کے درمیان درست وجہ کے اظہار کے لیے متوجہ ہوں۔

۲- مجادلہ: یہ ایسا منازعت ہے، جس میں اظہار صواب نہیں پایا جاتا بلکہ خصم پر الزام لگایا جاتا ہے۔

۳- مکابرہ: یہ ایسا منازعت ہے، جس میں اظہار صواب نہیں ہوتا، لیکن خصم پر الزام بھی نہیں ہوتا بلکہ لوگوں کے سامنے وہ اپنے جھگڑے سے اپنی علمیت کا اظہار کرتا ہے، یا اپنی جہالت پر پردہ ڈالنے کی کوشش کرتا ہے۔

**دوسرے مصنفین کی تعریف سے مصنف کے اعراض کرنے کی وجہ:**

مصنفین سے ''مناظرہ'' کی مشہور تعریف یوں کی تھی:

H_M_Hasnain_Asadi
Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



"النظر من الجانبين في النسبت بين الشيئين اظهار اللصواب" یعنی دو جانبوں سے دو چیزوں کے درمیان نسبت میں نظر کرنا اظہار صواب کے لیے۔

مصنف رحمہ اللہ تعالیٰ کے اس مشہور تعریف سے اعراض و عدول کرنے کی وجہ یہ ہے کہ "نظر" کا اصطلاحی طور پر معنیٰ یہ ہے کہ امور معلومہ کو ترتیب دینا تا کہ اس سے مجہول حاصل ہو جائے۔ جب سائل صرف منع پر اقتصار کرے تو وہاں نظر نہیں پائی جاتی۔ دوسری دلیل یہ ہے کہ "جانبین" کا لفظ عام جو متخاصمین اور غیر متخاصمین کو شامل ہے جیسے متعلم اور معلم کو بھی شامل ہے۔

سوال نمبر 5:- درج ذیل کی تعریفات لکھیں؟

نقل، دعویٰ، دلیل، تقریب، سند، منع

جواب: اصطلاحات مناظرہ کی تعریفات:

۱-نقل: اس کا مطلب یہ ہے کہ غیر کا قول پیش کرنا بعینہ بالفاظہ پیش کرنا زیادہ بہتر ہے تاہم اپنے الفاظ سے اس کے معنیٰ کو پیش کرنا بھی جائز ہے۔ شرط یہ ہے کہ اس کا مفہوم نہ بدلنے پائے لیکن یہ واضح ہو کہ یہ غیر کا قول ہے، تو اس وقت اسے نقل کہا جائے گا، اس کی مثال یہ ہے کہ کہے مثلاً "قال ابو حنيفة تعالىٰ: النية في الوضوء ليست بفرض" یعنی امام اعظم ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: وضوء میں نیت فرض نہیں۔

۲-دعویٰ: ایسا قضیہ جو مشتمل ہو حکم پر جیسے کل کا اشتمال جزء پر ہوتا ہے، خواہ دلیل سے ثابت کیا جائے یا تنبیہ کے ذریعے اظہار کیا جائے۔

۳-دلیل: اسے کہا جاتا ہے، جو دو قضیہ سے مرکب ہو اور مجہول نظری تک پہنچا دے۔

۴-تقریب: یہ ہے کہ دلیل کو اس طرح پیش کیا جائے کہ وہ مستلزم مطلوب ہو اگر دلیل یقینی ہو تو وہ مستلزم یقین ہوگی، اور اگر دلیل ظنی ہو تو وہ مستلزم ظن ہوگی۔

۵-سند: جو چیز منع کی تقویت کے لیے ذکر کی جائے اسے سند کہا جاتا ہے، سند کا دوسرا نام "مستند" ہے۔ تقویت حکم کے لیے سند کو ذکر کیا جائے واقع میں تقویت کا فائدہ دے یا نہ دے، عام ہے۔

۶-منع: مقدمہ معینہ پر طلب دلیل کو منع کہا جاتا ہے۔

نوٹ: یاد رہے منع، مناقضہ اور نقض تینوں ایک چیز کے تین نام ہیں۔

سوال نمبر 6:- (الف) معارضہ کی تعریف کریں؟

(ب) معارضہ کی اقسام مع تعریفات لکھیں؟

(ج) معارضہ بالغیر کی فقہی مثال کے ذریعہ وضاحت کریں؟

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



## جواب: (الف) معارضہ کی تعریف:

معارضہ یہ ہے کہ ایک خصم نے اپنے دعویٰ پر دلیل قائم کی ہو تو دوسرا خصم اس کے خلاف دلیل قائم کرے اس کے خلاف، دلیل قائم کرنا عام ہے، خواہ خصم کے دعویٰ کے منافی ہو خواہ اس کی دلیل کی نقیض ہو یا مساوی نقیض ہو یا اس سے اخص ہو مطلقاً مغایر ہونا ضروری نہیں ہے۔

## (ب) معارضہ کی اقسام:

معارضہ کی تین اقسام ہیں، جو درج ذیل ہیں:

۱- معارضہ بالقلب: تعریف: معلل کی دلیل کے خلاف معارض دلیل قائم کرے، مگر بظاہر دونوں دلیلیں مادہ اور صورت کے اعتبار پر متحد نظر آئیں۔

مثال: معارض بالقلب کی مثال جیسے حنفی کہے:

مسح وضوء کے ارکان میں سے ایک رکن ہے جیسے چہرے کو دھونا ارکان وضوء سے ایک رکن ہے، مسح صرف اتنا کافی نہیں کہ چند بالوں پر مسح ہو جائے جسے مسح کہا جا سکے جیسے چہرے کا دھونا اتنا کافی نہیں کہ اس پر صرف غسل کا اطلاق ہو سکے۔

۲- معارضہ بالمثل: تعریف: معلل جو دلیل پیش کرے، اسی کی مثل معارض دلیل پیش کرے، یعنی دونوں کی دلیلیں صورت کے لحاظ سے متحد ہوں، مادہ کے لحاظ سے متحد نہ ہوں، دونوں کی دلیلیں حکم کے اعتبار سے ایک دوسرے کے مخالف ہوں گی، تب ہی معارضہ ثابت ہوگا۔

مثال: معلل حدوث عالم پر دلیل پیش کرے: "العالم محتاج الی المؤثر" "وکل محتاج الی المؤثر حادث" نتیجہ یہ آئے گا: "العالم حادث" معارض اس کے خلاف عالم کے قدیم ہونے پر یوں دلیل پیش کرے العالم مستغن عن المؤثر، وکل مستغن عن المؤثر قدیم، نتیجہ آئے گا: "العالم قدیم" دونوں دلیلیں صورت کے لحاظ سے متحد ہیں، اس لیے کہ دونوں شکل اوّل، مادہ دونوں میں علیحدہ علیحدہ ہے۔

۳- معارضہ بالغیر: تعریف: معلل جو دلیل پیش کرے معارض اس کے خلاف دلیل قائم کرے دونوں دلیلوں کا مادہ اور صورت ایک نہ ہو۔

مثال: معلل یوں کہے: العالم محتاج الی المؤثر وکل محتاج الی المؤثر حادث، فالعالم حادث، معارض اس کے خلاف دلیل یوں قائم کرے: "لو کان العالم حادثا اما کان مستغنیا لکنہ مستغن فلیس بحادث" دونوں دلیلیں ایک دوسرے کے معارض ہیں۔ دونوں کا مادہ اور صورت ایک نہیں، پہلی دلیل قیاس اقترانی شکل اوّل ہے، اور دوسری دلیل قیاس شرطی اتصالی (استثنائی) ہے۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



# الاختبار السنوی للشهادة العالية (بی اے)

## السنة الثانية للطلاب السنة ۱۴۴۲ھ/2021ء

## الورقة السادسة: الأدب العربی

الوقت المحدد: ثلاث ساعات　　مجموع الارقام: ۱۰۰

نوٹ: تمام سوالات حل کریں جزوی رعایت سوالات میں موجود ہے۔

### حصہ اوّل: حماسه

سوال نمبر 1:-درج ذیل میں سے چار اشعار کا ترجمہ کریں اور خط کشیدہ صیغے حل کریں؟ ۵+۲۰

(۱) فدت نفسی وما ملکت یمینی　　فوارس صدقت فیهم ظنونی

(۲) فوارس لا یملون المنایا　　إذا دارت رحی الحرب الزبون

(۳) فوالله ما أدری وإنی لصادق　　أداء عرانی من حبابك أم سحر

(۴) وما ضرنا أنا قلیل وجارنا　　عزیز وجار الأكثرین ذلیل

(۵) وما مات منا سید حتف أنفه　　ولا طلّ منا حیث كان قتیل

سوال نمبر 2:-درج ذیل میں سے چار اشعار کا ترجمہ کریں اور دو اشعار پر اعراب لگائیں؟ ۵+۲۰

(۱) وننکر إن شئنا علی الناس قولهم　　ولا ینکرون القول حین نقول

(۲) شهدن مع النبی مسومات　　حنینا وهی دامیة الحوامی

(۳) ووقعة خالد شهدت وحکت　　سنابکها علی البلد الحرام

(۴) فجاشت إلی النفس أول مرة　　فردت علی مکروهها فاستقرت

(۵) نستوقد النبل بالحضیض ونصطا　　د نفوسا بنت علی الکرم

### حصہ دوم: متنبّی

سوال نمبر 3:-صرف چار اشعار کا ترجمہ کریں اور خط کشیدہ جموع کے مفردات اور مفردات کے جموع لکھیں؟ ۵+۲۰

(۱) عجب الوشاة من اللحاة وقولهم　　دع ما نراك ضعفت عن إخفائه

(۲) والعشق كالمعشوق یعذب قربه　　للمبتلی وینال من حوبائه

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



(۳)یستاسر البطل الکمی بنظرة　　ویحول بین فؤاده وعزائه

(۴)المنهبات قلوبنا وعقولنا　　وجناتهن الناهيات الناهبا

(۵)ونصبنی غرض الرماة تصیبنی　　محن أحد من السيوف مضاربا

سوال نمبر 4:- درج ذیل اشعار میں سے چار کا ترجمہ کریں اور خط کشیدہ کی نحوی تشریح کریں؟ ۲۰+۵

(۱)لا تجزنی بی بعدها بقر　　تجزی دموعی مسکوبا بمسکوب

(۲)سوائر ربما سارت هوادجها　　منيعة بين مطعون ومضروب

(۳)أضرت شجاعته، أقصى كتائبه　　على الحمام فما موت بمرهوب

(۴)هو البحر غُص فيه إذا كان راكدا　　على الدر واحذره إذا كان مزبدا

(۵)وما تاب حتى غادر الكروجه　　جريحا وخلى جفنه النقع إرمدا

☆☆☆

## درجہ عالیہ (سال دوم) برائے طلباء بابت 2021ء

## چھٹا پرچہ: ادب عربی

### حصہ اوّل: حماسہ

سوال نمبر 1:- درج ذیل اشعار کا ترجمہ کریں اور خط کشیدہ صیغے حل کریں؟

(۱)فدت نفسی وما ملکت یمینی　　فوارس صدقت فیهم ظنونی

(۲)فوارس لا يملون المنايا　　إذا دارت رحى الحرب الزبون

(۳)فوالله ما أدری وإنی لصادق　　أداء عرانی من حبابك أم سحر

(۴)وما ضرنا أنا قلیل وجارنا　　عزيز وجار الأكثرين ذليل

(۵)وما مات منا سید حتف أنفه　　ولا طُلّ منا حيث كان قتيل

**جواب: ترجمہ اشعار:**

۱- میری جان اور میرا سب کچھ نثار ان شہسواروں پر! جن کے بارے میں میرے خیالات سچے ہوئے۔

۲- ایسے شہسوار جو موت سے نہیں گھبراتے' جب دور کرنے والی جنگ کی چکی گھومے۔

۳- اللہ کی قسم! مجھے معلوم نہیں اور بے شک میں سچ بول رہا ہوں کہ تیری سخت محبت کی بیماری مجھے لاحق

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



ہوئی ہے یا جادو ہے۔

۴۔تھوڑی تعداد میں ہونا ہمارے لیے نقصان دہ نہیں' کیونکہ ہمارے پڑوسی معزز ہیں اور اکثر لوگوں کے پڑوسی ذلیل ہیں۔

۵۔ہمارا کوئی بھی سردار طبعی موت نہیں مرتا اور ہمارے مقتول کا خون رائیگاں نہیں جاتا مقتول جہاں بھی ہو۔

خط کشیدہ الفاظ کے صیغے:

۱۔فَـدَتْ: صیغہ واحد مؤنث غائب ثلاثی مجرد اجوف یائی فعل ماضی معروف از باب ضَـرَبَ یَضْرِبُ۔ فدیہ دینا۔

۲۔لَا یَمَلُّوْنَ: صیغہ جمع مذکر غائب نفی فعل مضارع معروف ثلاثی مجرد مضاعف ثلاثی از باب فَتَحَ یَفْتَحُ کسی چیز سے اکتانا۔

۳۔اَدْرِیْ: صیغہ واحد متکلم فعل مضارع معروف ثلاثی مجرد ناقص یائی از باب ضَـرَبَ یَضْرِبُ۔ معلوم کرنا۔

۴۔ضَـرَّنَـا: صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معروف ثلاثی مجرد مضاعف ثلاثی از باب نَـصَـرَ یَنْصُرُ۔ تکلیف دینا۔

۵۔مَاتَ: صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معروف اجوف واوی از باب نَصَرَ یَنْصُرُ۔ مرنا۔

سوال نمبر 2:۔درج ذیل اشعار کا ترجمہ کریں اور دو اشعار پر اعراب لگائیں؟

(۱)وَنُـنْـكِـرُ إِنْ شِـئْـنَا عَلَى النَّاسِ قَوْلَهُمْ وَلَا يُنْكِرُوْنَ الْقَوْلَ حِيْنَ نَقُوْلُ

(۲)شَهِـدْنَ مَـعَ الـنَّبِـيِّ مَسَـوَّمَـاتٌ حَـنِيْـنًـا وَهِـيَ دَامِيَةُ الْحَوَامِي

(۳)ووقعة خـالـد شهـدت وحكـت سـنـابـكها على البلد الحرام

(۴)فـجـاشـت إلـى الـنـفـس أول مرة فردت على مكروهها فاستقرت

(۵)نستـوقـد النبل بالحضيض ونصطا د نـفـوسـا بـنـت على الكرم

جواب: دو اشعار پر اعراب اور اشعار کا ترجمہ:

نوٹ: دو اشعار پر اعراب لگا دیے گئے ہیں' اور اشعار کا ترجمہ درج ذیل ہے:

۱۔اگر ہم چاہیں تو لوگوں کی بات کا انکار کر دیں لیکن جب ہم بات کریں' تو وہ ہماری بات کا انکار نہیں کر سکتے۔

۲۔غزوہ حنین میں ایسے نشان زدہ گھوڑے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حاضر ہوئے' جن کے سم

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



خون آلود تھے۔

۳-اور خالد بن ولید کے واقعہ میں حاضر ہوئے اور ان کے سموں نے مکہ معظمہ (کی زمین) کو روندا۔

۴-میرا نفس پہلی بار گھبرایا' اسے ناپسند چیز پر لوٹا دیا گیا' تو وہ ٹھہر گیا۔

۵-ہم ہموار زمین میں تیروں کی آگ روشن کرتے تھے اور ایسی جانوں کا شکار کرتے تھے' جن کی بنیاد جو دوسخا پر رکھی گئی تھی۔

## حصہ دوم: متنبّی

سوال نمبر 3:-اشعار کا ترجمہ کریں اور خط کشیدہ جموع کے مفردات اور مفردات کے جموع لکھیں؟

(۱)عجب الوشاة من اللحاة وقولهم — دع ما نراك ضعفت عن إخفائه

(۲)والعشق كالمعشوق يعذب قربه — للمبتلى وينال من حوبائه

(۳)يستأسر البطل الكمي بنظرة — ويحول بين فؤاده وعزائه

(۴)المنهبات قلوبنا وعقولنا — وجناتهن الناهبات الناهبا

(۵)ونصبنني غرض الرماة تصيبني — محن أحد من السيوف مضاربا

جواب: ترجمہ اشعار' خط کشیدہ جموع کے مفردات اور مفردات کے جموع:

**ترجمہ اشعار:**

۱-(رقیبوں) کو ملامت کرنے والوں پر خود اوران کی اس بات پر تعجب ہے کہ جس چیز کو ہم تم میں دیکھ رہے ہیں' اس کو چھوڑ دو کہ تم اس کو چھپانے کی وجہ سے کمزور ہو گئے ہو۔

۲-عشق کی قربت معشوق ہی کی طرح شیریں ہوتی ہے حالانکہ عشق عاشق کی جان لے لیتا ہے۔

۳-مسلح بہادر شخص کو ایک نگاہ میں قید کر لیتی ہے' اور اس کے دل اور اس کے صبر کے درمیان حائل ہو جاتی ہے۔

۴-ہمارے دلوں اور عقلوں کو اپنے ایسے رخساروں سے لوٹنے والیاں ہیں جو (رخسار) لوٹنے والوں کو لوٹ لینے والے ہیں۔

۵-اور انہوں نے مجھے تیر اندازی کا ہدف بنایا' تو مجھے کاٹنے والی تلواروں سے مصیبت پہنچی۔

**خط کشیدہ الفاظ' جموع کے مفردات اور مفردات کے جموع:**

۱-الوشاة: یہ جمع ہے' اس کا مفرد "واشی" ہے' چغلخور۔

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



اللحات: یہ جمع ہے اور اس کا مفرد "لاحی" ملامت کرنے والا۔

۲-حوبائه: "حوباء" مفرد ہے اور اس کی جمع "حوباء ات" ہے۔

۳-البطل: یہ واحد اس کی جمع ابطال ہے یعنی بہادر ہونا۔

فؤاد: یہ واحد ہے اور اس کی جمع "افئدة" ہے۔

۴-المنبهات: یہ جمع ہے اس کا واحد "المنبهة" باخبر ہونا۔

۵-الرماة: یہ جمع ہے اور اس کا مفرد "رمية" (تیر) ہے۔

سوال نمبر 4:- درج ذیل اشعار کا ترجمہ کریں اور خط کشیدہ کی نحوی تشریح کریں؟

(۱) لا تجزني بي بعدها بقر — تجزي دموعي مسكوبا بمسكوب
(۲) ضوامر ربما سارت هوادجها — منيعة بين مطعون ومضروب
(۳) عودت شجاعته أقصى كتائبه — على الحمام فما موت بمرهوب
(۴) هو البحر غص فيه إذا كان راكدا — على الدر واحذره إذا كان مزبدا
(۵) وما تاب حتى غادر الكر وجهه — جريحا وخلى جفنه النقع إرمدا

جواب: اشعار کا ترجمہ:

۱- کاش کہ وہ گائے جس نے میرے بہے آنسوؤں کا بہے ہوئے آنسوؤں سے بدلہ دیا ہے وہ جدائی کے بعد مجھے بیماری کا بدلہ نہ دے۔

۲- وہ چلنے والیاں ہیں کئی مرتبہ ان کے ہوادج نیزہ زدہ اور مقتولوں کے درمیان سے بحفاظت گزر جاتے ہیں۔

۳- اس کی شجاعت نے اس کے دور کے لشکروں کو موت کا عادی بنا دیا تو کوئی موت خوفناک نہ رہی۔

۴- میرا ممدوح سمندر ہے جب وہ ساکن ہو تو اس وقت تو غوطہ لگا موتیوں کے لیے اور جب وہ [illegible] ہو تو، تو اس سے بچ۔

۵- اس نے توبہ نہیں کی یہاں تک کہ سختیوں نے اس کے چہرے کو زخمی کر کے چھوڑا اور اغیار نے اس کو آشوب چشم کی حالت میں چھوڑا۔

خط کشیدہ الفاظ کی نحوی تشریح:

۱-بقر: یہ اسم جنس ہے اس کی جمع "بقرات" ہے گائے۔

مَسْكُوْبًا: یہ اسم مفعول ہے صیغہ واحد مذکر اسم مفعول ثلاثی مجرد صحیح از باب نَصَرَ يَنْصُرُ. یہ تجزی

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books


کا مفعول بہ ہے یعنی بہایا ہوا۔

۲-مُـنِيْـعَةً: صیغہ واحد مؤنث اسم فاعل ثلاثی مزید از باب انفعال اجوف یائی' گزرنے والی۔ یہ سارت کا مفعول بہ ہے۔

۳-اَقْصٰی: صیغہ واحد مذکر اسم تفضیل ناقص یائی از باب نَـصَرَ یَنْصُرُ ۔ دور ہونا۔ یہ اَضَـرَّتْ کا مفعول بہ ہے۔

۴-رَاكِدًا: یہ کان کی خبر ہونے کی وجہ سے منصوب ہے۔

۵-تَـابَ: صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معروف ثلاثی مجرد اجوف واوی۔ رجوع کرنا۔ ھو ضمیر جائز الاستتار۔

☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



الاختبار السنوی النهائی تحت اشراف تنظیم المدارس (اهل السنة) باکستان

# سالانہ امتحان شهادة الثانوية العالية (بی اے۔سال دوم)

## (برائے طلباء) الموافق سنة 1443ھ 2022ء

## الورقة الاولیٰ: التفسير واصوله

الوقت المحدد: ثلاث ساعات ، مجموع الارقام: ۱۰۰

نوٹ: سوال نمبر ایک اور پانچ لازمی ہیں باقی میں سے کوئی دو حل کریں۔

### پہلا حصہ......تفسیر

سوال نمبر1:۔سورۃ الفاتحہ کے مزید کوئی پانچ نام تفسیر بیضاوی کے مطابق لکھیں؟ (۲×۵=۱۰)

سوال نمبر2: الذين يؤمنون بالغيب إما موصول بالمتقين على أنه صفة مجرورة مقيدة له إن فسر التقوى بترك مالاينبغي مترتبة عليه ترتب التحلية على التخلية والتصوير على التصقيل أو موضحة إن فسر بمايعم فعل الحسنات وترك السيات .

(الف) مذکورہ عبارت پر اعراب لگا کر سلیس اردو میں ترجمہ کریں؟ (۷+۸=۱۵)

(ب) ایمان کا لغوی و شرعی معنی نیز ایمان کی بساطت و ترکیب علامہ بیضاوی کے مطابق لکھیں؟ (۵+۱۰=۱۵)

سوال نمبر3:۔الرحمٰن الرحيم اسمان بنيا للمبالغة من رحم كالغضبان من غضب والعليم من علم، والرحمة في اللغة: رقة القلب، وانعطاف يقتضي التفضل والأحسان، ومنه الرحم لانعطافها على مافيها ۔ وأسماء الله تعالىٰ إنما تؤخذ باعتبار الغايات التي هي أفعال دون المبادی التي تكون انفعالات .

(الف) مذکورہ عبارت پر اعراب لگا کر سلیس اُردو میں ترجمہ کریں؟ (۷+۸=۱۵)

(ب) خط کشیدہ عبارت ایک سوال مقدر کا جواب ہے آپ سوال و جواب وضاحت کے ساتھ لکھیں؟ (۷+۸=۱۵)

سوال نمبر4:۔ختم الله على قلوبهم...... واضطرب المعتزلة فيه فذكروا وجوها من التاويل ۔

(الف) اس آیت میں معتزلہ کو کیا اضطراب لاحق ہوا ہے؟ ان کی کوئی سی دو تاویلیں ذکر کریں؟ (۵+۵+۵=۱۵)

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



(ب) لفظ اللہ کی اصل کیا ہے؟ مختلف اقوال میں سے کوئی سے تین اقوال تحریر کریں؟

(۱۵=۵+۵+۵)

## دوسرا حصہ......اصول تفسیر

سوال نمبر 5:- درج ذیل اجزاء میں سے صرف تین حل کریں؟ (۳۰=۳×۱۰)

(۱) اصول تفسیر کی تعریف' موضوع اور غرض وغایت لکھیں؟

(۲) اگر ایک ہی آیت کے متعدد اسباب نزول بیان کیے جائیں تو پھر کیا حکم ہے؟

(۳) مکی اور مدنی سورتوں کی علامات لکھیں؟

(۴) قرأت متواتر' احاد اور شاذ کو کیسے پہچانا جائے گا؟

# درجہ عالیہ (سال دوم) برائے طلباء سال 2022

## پہلا پرچہ: تفسیر واصول تفسیر

## پہلا حصہ......تفسیر

سوال نمبر 1:- سورۃ الفاتحہ کے کوئی پانچ نام تفسیر بیضاوی کے مطابق لکھیں؟

جواب: سورۃ فاتحہ کے اسماءِ خمسہ:

☆ ام القرآن' ☆ سورۃ کنز' ☆ سورۃ وافیہ' ☆ حمد' ☆ شکر ☆ تعلیم مسئلہ۔

سوال نمبر 2:- اَلَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ إِمَّا مَوْصُوْلٌ بِالْمُتَّقِيْنَ عَلٰى أَنَّهُ صِفَةٌ مَجْرُوْرَةٌ مُقَيِّدَةٌ لَهُ إِنْ فُسِّرَ التَّقْوٰى بِتَرْكِ مَالَايَنْبَغِي مُتَرَتِّبَةٌ عَلَيْهِ تَرَتُّبَ التَّحْلِيَةِ عَلَى التَّخْلِيَةِ وَالتَّصْوِيْرِ عَلَى التَّصْقِيْلِ أَوْ مُوْضِحَةٌ إِنْ فُسِّرَ بِمَا يَعُمُّ فِعْلَ الْحَسَنَاتِ وَتَرْكَ السَّيِّئَاتِ۔

(الف) مذکورہ عبارت پر اعراب لگا کر سلیس اُردو میں ترجمہ کریں؟

(ب) ایمان کا لغوی وشرعی معنی نیز ایمان کی بساطت وترکیب علامہ بیضاوی کے مطابق لکھیں؟

جواب: (الف) تشکیل عبارت: تشکیل عبارت اوپر ہو گئی۔

ترجمۃ العبارۃ: "الذین یؤمنون" یا تو متقین کے ساتھ متعلق ہے' اس بناء پر کہ اس کی صفت مقیدہ ہے اور حالتِ جر میں ہے۔ ان کی تفسیر کی جائے تقویٰ کے ترک کے ساتھ جو مناسب نہیں۔ اس کا ترتب متقین ایسے ہے جیسے سجاوٹ اور آراستگی کا ترتب صفائی پر اور صورت کا ترتب قلعی پر' یا صفت موضحہ ہے اگر تفسیر کی جائے تقویٰ کی اس کے ساتھ جو عام ہو فعلِ حسنات اور ترک سیئات کو"۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



(ب) ایمان کا لغوی معنیٰ: ''تصدیق'' ہے۔

شرعی معنیٰ: ایمان کا شرعی معنیٰ یہ ہے کہ ان احکام کی تصدیق کرنا جو نبی علیہ السلام لے کر آئے اور ان کا دین محمدی سے ہونا بالبداہت معلوم ہو جیسے توحید، بعثت، حشر ونشر وغیرہ۔

ترکیب ایمان: جمہور محدثین، معتزلہ اور خوارج کے نزدیک ایمان شرعی تین چیزوں سے مرکب ہے: (i) حق باتوں کا دل سے اعتقاد کرنا، (ii) زبان سے ان کا اقرار کرنا، (iii) اور جوارح سے ان کے مقتضاء کے مطابق عمل کرنا۔

پس جس شخص کے فقط اعتقاد میں خلل آیا، اسے منافق کہیں گے اور جس شخص کے اعتقاد کے ساتھ اقرار میں بھی خلل آیا وہ کافر ہے۔ جس شخص کا صرف عمل خراب ہوا سے بالاتفاق فاسق کہیں گے۔ تینوں گروہ ایمان کو اعتقاد حق، اقرار باللسان اور عمل بالارکان سے مرکب مانتے ہیں۔ البتہ مذکورہ تینوں امور میں سے اگر ایک نہ پایا جائے، تو اس پر حکم الگ الگ لگاتے ہیں۔ بعض کے مفقود ہونے میں حکم بھی بالاتفاق لگاتے ہیں مثلاً جس شخص میں اعتقاد مفقود ہو وہ بالاتفاق منافق ہے۔ اعتقاد کے ساتھ اگر اقرار بھی مفقود ہے، تو بالاتفاق وہ کافر ہے۔ جس میں تیسری چیز نہ پائی جائے وہ بالاتفاق فاسق ہے۔ تیسری صورت میں فاسق تو ہوگا اب آیا ایمان سے خارج ہوگا یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے۔ عندالجمہور محدثین وہ ایمان سے خارج نہ ہوگا جبکہ عندالخوارج ایمان سے خارج ہو جائے اور کافر ہو جائے گا۔ معتزلہ واسطے کے قائل ہیں کہ فاسق تو ہوگا مگر مومن بھی نہیں رہے اور کافر بھی نہ ہوگا۔

سوال نمبر3:- اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اِسْمَانِ بُنِيَا لِلْمُبَالَغَةِ مِنْ رَحِمَ، كَالْغَضْبَانِ مِنْ غَضِبَ، وَالْعَلِيْمِ مِنْ عَلِمَ، وَالرَّحْمَةُ فِي اللُّغَةِ: رِقَّةُ الْقَلْبِ، وَانْعِطَافٌ يَقْتَضِي التَّفَضُّلَ وَالْاِحْسَانَ، وَمِنْهُ الرَّحْمُ لِانْعِطَافِهَا عَلٰى مَا فِيْهَا ۔ وَأَسْمَاءُ اللهِ تَعَالٰى اِنَّمَا تُؤْخَذُ بِاعْتِبَارِ الْغَايَاتِ الَّتِيْ هِيَ أَفْعَالٌ دُوْنَ الْمُبَادِيِ الَّتِيْ تَكُوْنُ اِنْفِعَالَاتٍ ۔

(الف) مذکورہ عبارت پر اعراب لگا کر سلیس اُردو میں ترجمہ کریں؟

(ب) خط کشیدہ عبارت ایک سوال مقدر کا جواب ہے آپ سوال و جواب وضاحت کے ساتھ لکھیں؟

جواب: (الف) تشکیل عبارت وترجمۃ العبارۃ: تشکیل عبارت اوپر ہو گئی ترجمہ درج ذیل ملاحظہ کریں:

''الرحمٰن الرحیم دونوں اسم ہیں جو مبالغہ کے لیے موضوع ہیں۔ رَحِمَ سے ماخوذ ہیں جیسے غَضْبَان ماخوذ ہے غَضِبَ سے اور علیم ماخوذ ہے عَلِمَ سے۔ اور رحمت کا لغوی معنیٰ دل کا نرم ہونا اور انعطاف ہے۔ جو تفضل اور احسان کا تقاضا کرتا ہے اور اسی سے رحم ہے، کیونکہ رحم بھی اپنے اندر موجود بچہ کی حفاظت کرتا

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



ہے۔اللہ تعالیٰ کے اسماء غایات کے اعتبار سے ملحوظ ہوتے ہیں جو کہ افعال وتاثیر ہیں۔مبادیات کے اعتبار سے ملحوظ نہیں ہوتے جو کہ انفعالات ہیں“۔

(ب) سوال کی تقریر: جب رحمت کا معنیٰ ہوا ”رقتِ قلب“ یعنی دل کا نرم ہونا۔اب اس کا اطلاق اللہ تعالیٰ کی ذات پر کس طرح ہوسکتا ہے‘ اللہ تعالیٰ تو دل یعنی جسم سے پاک ہے؟

جواب کی تقریر: جب رحمت کا اطلاق اللہ تعالیٰ پر کیا جائے تو پھر اس سے وضعی وحقیقی معنی مراد نہیں ہو گا کہ اعتراض ہو بلکہ اس کا اطلاق غایت اور اثر کے اعتبار سے ہوگا۔اب رقتِ قلب کی غایت اور اثر تفضل اور احسان ہے۔لہٰذا جب اس کا اطلاق اللہ تعالیٰ کی ذات پر ہوگا‘ تو مراد تفضل اور احسان ہوگا۔اس طرح اللہ تعالیٰ پر صفات کا اطلاق اگر وضع اور حقیقت کے اعتبار سے کسی خرابی کو مستلزم ہو تو ان میں غایات کے اعتبار کا لحاظ کریں گے۔

سوال نمبر 4:-ختم الله على قلوبهم...... واضطرب المعتزلة فيه فذكروا وجوها من التاويل .

(الف) اس آیت میں معتزلہ کو کیا اضطراب لاحق ہوا ہے؟ ان کی کوئی سی دو تاویلیں ذکر کریں؟

(ب) لفظ اللہ کی اصل کیا ہے؟ مختلف اقوال میں سے کوئی سے تین اقوال تحریر کریں؟

**جواب: (الف) معتزلہ کو لاحق ہونے والا اضطراب:**

آیت کریمہ کا مفہوم ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کے دلوں اور کانوں پر مہر لگا دی۔اس آیت کریمہ میں ختم کا اسناد اللہ تعالیٰ کی طرف کیا گیا۔جب مہر لگانے کا اسناد اللہ تعالیٰ کی طرف ہوا تو معتزلہ اضطراب میں پڑ گئے اور بے چین ہو گئے کہ اس اسناد کو حقیقت میں تسلیم کر لیا جائے اور اسناد حقیقی لیا جائے تو پھر لازم آئے گا کہ اللہ تعالیٰ کی ذات ہی ان کے لیے قبولِ حق میں رکاوٹ ہے اور یہ قبیح امر ہے۔اس طرح اللہ تعالیٰ کی ذات ہی ان کے لیے سماعِ حق میں رکاوٹ ہے اور یہ بھی قبیح امر ہے۔اس لیے وہ مضطرب ہوئے اور مذکورہ اسناد کی انہوں نے کئی تاویلات کیں:

پہلی تاویل: ختم کا اسناد اللہ تعالیٰ کی طرف حقیقتاً نہیں بلکہ کنایۃً ہے۔وہ اس طرح کہ جب کفار نے حق سے اعراض کیا‘ تو اعراض عن الحق ان کے دلوں میں اس قدر پختہ اور پیوست ہوا کہ وہ فطرت طبعیہ اور وصفِ خلقی کی طرح ہو گیا۔تو ان کے اعراض عن الحق اس وصف خلقی اور فطرتی وصف کے ساتھ تشبیہ دی گئی جس پر انسان پیدا ہوتا ہے۔اب وصف خلقی کو تمکن اور راسخ ہونا لازم ہے اور وصف خلقی ملزوم۔لہٰذا ملزوم بول کر لازم مراد لیا گیا۔یہی کنایہ ہوتا ہے کہ لازم سے ملزوم یا ملزوم سے لازم کی طرف انتقال کرنا۔

دوسری تاویل: آیت کریمہ میں تمثیل بیان ہوئی ہے یعنی مقصود اس سے یہ ہے کہ کفار کو ان بہائم کے ساتھ تشبیہ دینا جن کو اللہ تعالیٰ نے فطانت وعقل سے عاری پیدا فرمایا ہے۔اس آیت سے مقصود کافروں کو

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



ان قلوب سے تشبیہ دینا مراد ہے جن کے بارے میں فرض کرلیا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کے دلوں پر مہر لگا دی ہے۔ اگر بہائم سے تشبیہ دینا مقصود ہو تو یہ تمثیل حقیقی ہوگا اور اگر وہ قلوب کا مختوم ہونا فرض کرلیا گیا ہو تو اس سے تشبیہ دینا مقصود ہے تو پھر یہ تشبیہ تخیلی ہوگی۔ تمثیل میں جو جملہ مشتبہ کے لیے استعمال ہوتا ہے اس جملے میں فعل و فاعل کا حقیقی تحقق اور وجود مشلہ میں ہوتا ہی نہیں بلکہ مشبہ بہ میں ہوتا ہے۔ اس لیے فتیح کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف لازم نہیں آئے گی۔

(ب) لفظ اللہ کی اصل میں اقوالِ ثلثہ کا بیان:

پہلا قول: لفظ اللہ یا تو وَلِہَ سے مشتق ہے جس کا معنی عقل کا حیران ہونا ہے، تو معرفت الٰہی میں چونکہ عقلیں بھی حیران ہیں اس لیے اس ذات کو اللہ کہتے ہیں۔

دوسرا قول: بعض نے کہا: لَاہٌ سے ماخوذ جس کا معنیٰ ہے پوشیدہ اور بلند ہونے کے ہیں، تو چونکہ اللہ تعالیٰ کی ذات بھی مخفی اور بلند و بالا ہے، اس لیے اسے اللہ کہتے ہیں۔

تیسرا قول: ایک قول یہ بھی ہے کہ یہ اصل میں اِلٰہٌ تھا۔

## دوسرا حصہ......اصول تفسیر

سوال نمبر 5:- درج ذیل اجزاء حل کریں؟

(۱) اصول تفسیر کی تعریف، موضوع اور غرض و غایت لکھیں؟

(۲) اگر ایک ہی آیت کے متعدد اسباب نزول بیان کیے جائیں تو پھر کیا حکم ہے؟

(۳) مکی اور مدنی سورتوں کی علامات لکھیں؟

(۴) قرأت متواتر، احاد اور شاذ کو کیسے پہچانا جائے گا؟

جواب: اجزاء کے جوابات:

(۱) اصول تفسیر کی تعریف:

انسانی طاقت کے مطابق نظم قرآن کے معانی اور مفہوم کے بارے میں بحث کرنا۔

موضوع: علم تفسیر کا موضوع ''کلام لفظی'' ہے۔ جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر اوقات مختلفہ میں نازل ہوا اور حکمت سے لبریز کلام ہے۔

غرض: نظم قرآن کے معانی کو انسانی طاقت کے مطابق جاننا اس علم کی غرض ہے۔

(۲) ایک آیت کے متعدد اسباب نزول کا حکم:

اگر ایک ہی آیت کے متعدد اسباب نزول بیان کیے جائیں تو اس صورت میں حکم یہ ہے اس واقعہ کی

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



نوعیت معلوم کی جائے کہ اس کی نوعیت کیا ہے۔ اگر ایک راوی نے ایک سبب بیان کیا اور دوسرے راوی نے دوسرا سبب بیان کیا۔ نزول کی تصریح کسی نے نہ کی تو اس صورت میں غالباً دوسرا قول آیت کی تفسیر ہو گا۔ اگر ایک راوی نے کوئی سبب صریح بیان کر دیا اور دوسرے نے اس کے برعکس سبب بیان کیا' تو اس صورت میں قول اوّل کا اعتبار کیا جائے گا نہ کہ قول ثانی کا۔

## (۳) مکی و مدنی سورتوں کی علامات:

صلحاء نے مکی اور مدنی سورتوں کی پہچان کے تین طریقے بیان کیے ہیں:

پہلا طریقہ: ہجرت سے قبل نازل ہونے والی سورت یا آیت مکی کہلائے گی اور ہجرت کے بعد نازل ہونے والی مدنی اور یہی مشہور طریقہ ہے۔

دوسرا طریقہ: جو سورت مکہ میں نازل ہوئی وہ مکی کہلاتی ہے اور جو مدینہ میں نازل ہوئی وہ مدنی کہلاتی ہے۔

تیسرا طریقہ: وہ آیت یا سورۃ کہ جس کے مخاطب مکہ والے ہوں وہ مکی اور جن کے مخاطب مدینہ والے ہوں وہ مدنی کہلاتی ہے۔

## (۴) قرأت متواتر' احاد اور شاذ کی پہچان کا طریقہ:

قرأت کی مذکورہ اقسام کی پہچان ان کی تعریفوں سے ہوگی۔ ان کی تعریفیں درج ذیل ہیں:

قرأت متواتر: وہ قرأت جس کو ہر زمانہ میں اتنے کثیر تعداد میں لوگ نقل کریں کہ ان کا جھوٹ پر اتفاق محال ہو۔

قرأۃ احاد: ایسی قرأت کہ جس کی سند تو درست ہو لیکن عربیت اور رسم الخط کی مخالفت اس میں موجود ہو۔

قرأۃ شاذ: ایسی قرأت کہ جس کی صحیح سند ثابت نہ ہو' شاذ قرأت کہلاتی ہے۔

☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



الاختبار السنوی النهائی تحت اشراف تنظيم المدارس (اهل السنة) باکستان

## سالانہ امتحان شهادة الثانوية العالية (بی اے۔سال دوم)

## (برائے طلباء) الموافق سنة 1443ھ 2022ء

### الورقة الثانية: الحديث وأصوله

الوقت المحدد: ثلاث ساعات مجموع الارقام: ۱۰۰

نوٹ: آخری سوال لازمی ہے باقی میں سے کوئی دو سوالات حل کریں۔

### القسم الاول...... حدیث

سوال نمبر 1:-عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَوَّلُ مَا يُقْضٰى بَيْنَ النَّاسِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِي الدِّمَاءِ.

(الف) مذکورہ حدیث پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟ ۵+۵=۱۰

(ب) مذکورہ حدیث میں ہے کہ قیامت کے دن پہلا سوال خون کے بارے میں ہوگا جبکہ دوسری حدیث میں ہے کہ پہلا سوال نماز کے بارے میں ہوگا دونوں حدیثوں میں تطبیق دیں؟ ۵

(ج) قتل ناحق کی مذمت پر تین حدیثیں تحریر کریں؟ ۱۵

سوال نمبر 2:-عن عكرمة قال أتى علي رضي الله عنه بزنادقة فأحرقهم فبلغ ذلك ابن عباس فقال لو كنت أنا لم أحرقهم لنهي رسول الله لا تعذبوا بعذاب الله ولقتلتهم لقول رسول الله صلى الله عليه وسلم من بدل دينه فاقتلوه.

(الف) حدیث پاک کی تشکیل کے بعد ترجمہ کریں؟ ۵+۵=۱۰

(ب) زنادقہ کے عقائد کے بارے مختلف اقوال بیان کریں؟ ۱۰

(ج) حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ایسی سزا کیوں دی؟ وجہ بیان کریں؟ ۱۰

سوال نمبر 3:-وعن أنس رضي الله عنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا سلم عليكم أهل الكتاب فقولوا وعليكم.

(الف) ترجمہ کریں اور بتائیں کہ وعلیکم سے کیا مراد ہے؟ ۱۰

(ب) بعض روایات میں علیکم واؤ کے بغیر ہے آپ بتائیں کہ ان دونوں میں راجح کون سی ہے اور کیوں؟ ۱۰

(ج) مصافحہ کی وضاحت کریں آج کل نمازوں کے بعد جو مصافحہ کیا جاتا ہے اس کی شرعی حیثیت

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



بتائیں؟۱۰

## القسم الثانی...... اصول حدیث

سوال نمبر 4:-(الف) درج ذیل اقسام حدیث میں سے کسی چار میں فرق بیان کریں؟ ۵×۴=۲۰

(۱) فرد مطلق و فرد نسبی' (۲) حدیث منکر و حدیث شاذ' (۳) حدیث قدسی و حدیث نبوی' (۴) حدیث مستفیض و حدیث عزیز' (۵) حدیث مرفوع و حدیث موقوف' (۶) حدیث معلق و حدیث مرسل

(ب) حدیث قدسی اور قرآن کے درمیان فرق کی دو صورتیں بیان کریں؟ ۱۰

(ج) حدیث موضوع کی پہچان کے دو طریقے بیان کریں؟ ۱۰

یا

حدیث منقطع کا لغوی اور اصطلاحی معنی بیان کریں؟ ۱۰

## درجہ عالیہ (سال دوم) برائے طلباء سال 2022

## دوسرا پرچہ: حدیث و اصول حدیث

## القسم الاوّل...... حدیث

سوال نمبر 1:-عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَوَّلُ مَا يُقْضٰى بَيْنَ النَّاسِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِي الدِّمَاءِ .

(الف) مذکورہ حدیث پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟

(ب) مذکورہ حدیث میں ہے کہ قیامت کے دن پہلا سوال خون کے بارے میں ہوگا جبکہ دوسری حدیث میں ہے کہ پہلا سوال نماز کے بارے میں ہوگا دونوں حدیثوں میں تطبیق دیں؟

(ج) قتل ناحق کی مذمت پر تین حدیثیں تحریر فرمائیں؟

جواب: (الف) اعراب: اعراب اوپر لگا دیے گئے ہیں۔

ترجمۃ الحدیث: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت کے دن سب سے پہلے لوگوں کے درمیان جس چیز کا فیصلہ کیا جائے گا وہ خون کے بارے ہے۔

### (ب) دونوں احادیث میں تطبیق:

نماز ایک فرض عبادت ہے۔اس کو ترک کرنے والا کفر کے قریب ہو جاتا ہے۔لہٰذا نماز کی فرضیت و

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



اہمیت کو واضح کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ قیامت کے دن پہلا سوال نماز کے بارے میں ہوگا' کیونکہ ہر انسان کو اپنے فرائض سے متعلق جوابدہ ہونا ہوتا ہے۔ مذکورہ حدیث مبارکہ میں مومن کے ناحق قتل کو نا قابل معافی گناہ قرار دیا گیا ہے اور کہا گیا ہے جو کسی مومن کو ناحق قتل کرے گا' تو وہ اپنے اس عمل کا جوابدہ ہوگا۔ اس حدیث مبارکہ کو بیان کرنے کا مقصد حقوق العباد اور مقام مسلم کی اہمیت کو اجاگر کرنا ہے۔ الحاصل یہ کہ حقوق العباد میں پہلا سوال خون کے بارے ہوگا اور حقوق اللہ میں پہلا سوال نماز کے بارے ہوگا۔ جب محل بدل گئے تو کوئی تعارض نہ رہا۔

**(ج) قتل ناحق کی مذمت میں احادیث مبارکہ:**

۱- رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر آسمان وزمین کے تمام رہنے والے ایک مومن کا خون بہانے میں شریک ہو جائیں' تو اللہ تعالیٰ ان کو دوزخ میں ڈال دے گا۔

۲- رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی مسلمان کا خون بہانا جائز نہیں۔ مگر تین خصلتوں میں سے کسی ایک کی وجہ سے: محصن ہونے کے بعد زنا کرنا' مرتد ہو جانا یعنی اسلام کے بعد کفر اختیار کرنا' کسی کو ناحق قتل کرنا جس کے بدلے اُسے قتل کیا جائے۔

۳- رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مومن ہمیشہ تیز رفتار اور نیکی کرنے والا ہوتا ہے جب تک وہ حرام خون کو نہ پہنچے' پس جب وہ خون حرام کو پہنچ جاتا ہے' تو سست رفتار ہو جاتا ہے۔

سوال نمبر 2: -عَنْ عِكْرِمَةَ قَالَ أُتِيَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بِزَنَادِقَةَ فَأَحْرَقَهُمْ فَبَلَغَ ذٰلِكَ ابْنَ عَبَّاسٍ فَقَالَ لَوْ كُنْتُ أَنَا لَمْ أُحْرِقْهُمْ لِنَهْيِ رَسُوْلِ اللّٰهِ لَا تُعَذِّبُوْا بِعَذَابِ اللّٰهِ وَلَقَتَلْتُهُمْ لِقَوْلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ بَدَّلَ دِيْنَهُ فَاقْتُلُوْهُ.

(الف) حدیث پاک کی تشکیل کے بعد ترجمہ کریں؟

(ب) زنادقہ کے عقائد کے بارے مختلف اقوال بیان کریں؟

(ج) حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ایسی سزا کیوں دی؟ وجہ بیان کریں؟

جواب: (الف) **تشکیل حدیث:** حدیث کی تشکیل اوپر کر دی گئی ہے۔

**ترجمۃ الحدیث:** حضرت عکرمہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس کچھ مرتدین لائے گئے۔ تو آپ نے انہیں جلا دیا۔ یہ بات حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما تک پہنچی تو انہوں نے فرمایا: اگر میں ہوتا تو انہیں نہ جلاتا' کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ تم اللہ کے عذاب جیسا عذاب نہ دو میں انہیں قتل کرتا' کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے: جو اپنا دین بدلے اسے قتل کر دو۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



## (ب) زنادقہ کے عقائد سے متعلق مختلف اقوال:

۱-زندیق بقاءِ زمانہ کا قائل ہوتا ہے۔

۲-زندیق آخرت پر ایمان نہیں رکھتا۔

۳-زندیق خالق کو نہیں مانتا۔

۴-ان کا عقیدہ ہے کہ حلال وحرام مشترک ہیں۔

۵-زندیق وہ ہے جو کسی شئی کی حرمت کا قول نہیں کرتا اور مذکورہ باتوں کا قائل ہوتا ہے۔

۶-بعض علماء فرماتے ہیں کہ زندیق وہ ہے' جو آخرت پر ایمان نہیں رکھتا اور خالق کی واحدانیت کا منکر ہے۔

۷-شیخ محقق فرماتے ہیں: زندیق اصل میں مجوسیوں کی ایک قوم کو کہتے ہیں' جو زردشت مجوسی کی تیار کردہ کتاب ژند کے پیروکار ہیں۔ اب وہ شخص جو اللہ کی ربوبیت کا منکر ہو اور آخرت پر ایمان نہ رکھتا ہو وہ زندیق ہے۔

## (ج) ایسی سزا دینے کی وجہ:

بعض محدثین کے نزدیک یہ عبداللہ بن سبا کے ساتھیوں میں سے کچھ لوگ ہیں جن کا تعلق سبائیہ سے تھا۔ انہوں نے فتنہ پردازی اور امت کو گمراہ کرنے کے لیے اسلام ظاہر کیا اور انہوں نے دعویٰ کیا کہ حضرت علی خدا ہیں۔ آپ نے انہیں گرفتار کیا اور انہیں توبہ کا موقع اور حکم دیا مگر انہوں نے توبہ نہ کی۔ آپ نے ان کے لیے گڑھے کھدوائے' ان میں آگ جلائی اور انہیں اس میں جلا دیا۔

سوال نمبر3:-وعن أنس رضي الله عنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا سلم عليكم أهل الكتاب فقولوا وعليكم .

(الف) ترجمہ کریں اور بتائیں کہ وعلیکم سے کیا مراد ہے؟

(ب) بعض روایات میں علیکم واؤ کے بغیر ہے آپ بتائیں کہ ان دونوں میں راجح کون سی ہے اور کیوں؟

(ج) مصافحہ کی وضاحت کریں آج کل نمازوں کے بعد جو مصافحہ کیا جاتا ہے اس کی شرعی حیثیت بتائیں؟

جواب: (الف) ترجمۃ الحدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب اہل کتاب تمہیں سلام کریں' تو تم ''وعلیکم'' کہو۔

وعلیکم سے مراد: اس سے مراد یہ ہے کہ تم پر وہ چیز ہو جس کے تم حقدار ہو یعنی ہلاکت۔ اس سے مراد

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



وعلیکم السلام نہیں ہے۔

## (ب) راجح روایت:

کافر لوگوں کے سلام کا جواب دینے میں ''وعلیکم'' (واؤ کے ساتھ) اور ''علیکم'' (حذف واؤ کے ساتھ) دونوں وجہیں جائز ہیں۔ لیکن کہا گیا ہے کہ حذف واؤ والی روایت مختار ہے' کیونکہ اس میں مشارکت کا احتمال ختم ہو جاتا ہے۔ بعض کے نزدیک تشریک میں بھی کوئی حرج نہیں ہے' کیونکہ موت تمام کے درمیان مشترک ہے۔ بعض کے نزدیک واؤ مشارکت کے لیے نہیں ہے بلکہ استیناف کے لیے ہے۔

## (ج) مصافحہ کی وضاحت:

''مصافحہ'' ایک دوسرے کا ہاتھ پکڑنے کو کہتے ہیں لغت میں صفح کا معنی چوڑائی ہے۔ مصافحہ کا طریقہ یہ ہے کہ ایک شخص کی ہتھیلی کا عرض دوسرے کی ہتھیلی سے مس کرے۔ ملاقات کے وقت مصافحہ سنت ہے۔

## بعد از نماز مصافحہ کی شرعی حیثیت:

نماز کے بعد جو مصافحہ کیا جاتا ہے' اس کی کوئی حقیقت نہیں۔ اس وقت کو مصافحہ مخصوص کرنا بدعت ہے۔

# اَلقسم الثانی ..... اصول حدیث

سوال نمبر 4:۔ (الف) درج ذیل اقسام میں فرق بیان کریں؟

(۱) فرد مطلق و فرد نسبی' (۲) حدیث منکر و حدیث شاذ (۳) حدیث قدسی و حدیث نبوی' (۴) حیدث مستفیض و حدیث عزیز' (۵) حدیث مرفوع و حدیث موقوف (۶) حدیث معلق و حدیث مرسل

(ب) حدیث قدسی اور قرآن کے درمیان فرق کی دو صورتیں بیان کریں؟

(ج) حدیث موضوع کی پہچان کے دو طریقے بیان کریں؟

یا

حدیث منقطع کا لغوی اور اصطلاحی معنی بیان کریں؟

## جواب: (الف) ۱۔ فرد مطلق اور فرد نسبی میں فرق:

فرد مطلق وہ حدیث ہوتی ہے جس کی سند کے آغاز میں غرابت ہو جبکہ فرد نسبی وہ حدیث ہوتی ہے جس کی سند کے درمیان میں غرابت ہو۔

## ۲۔ حدیث منکر و حدیث شاذ میں فرق:

حدیث منکر وہ ہے جسے ضعیف راوی روایت کرے اور وہ ثقہ کے مخالف ہو جبکہ حدیث شاذ وہ ہے

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



جسے مقبول راوی روایت کرے اور وہ اولیٰ کے خلاف ہو۔ منکر کا مقابل معروف اور شاذ کا مقابل محفوظ ہے۔

۳- حدیث قدسی وحدیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں فرق:

حدیث قدسی کا معنیٰ اللہ کی طرف سے اور الفاظ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے ہوتے ہیں، اس کی سند اللہ تعالیٰ کی طرف ہو۔ حدیث نبوی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اقوال' افعال اور تقریرات کو کہتے ہیں یعنی سند آپ کی طرف ہو۔

۴- حدیث مستفیض اور حدیث عزیز میں فرق:

حدیث مستفیض وہ ہے جس کی سند کی دو طرفیں برابر ہوں جبکہ حدیث عزیز وہ ہے جس کے راوی تمام طبقاتِ سند میں دو سے کم نہ ہوں۔

۵- حدیث مرفوع وحدیث موقوف میں فرق:

حدیث مرفوع وہ ہے جس کی نسبت یا سند رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچتی ہو۔ گویا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اقوال' افعال اور تقریرات کو حدیث مرفوع کہا جاتا ہے۔ حدیث موقوف وہ قول' فعل یا سکوت جس کی اضافت صحابی کی طرف ہو۔

۶- حدیث معلق وحدیث مرسل میں فرق:

حدیث معلق وہ ہے جس کی سند کے آغاز سے ایک یا زیادہ راوی مسلسل حذف ہوں جبکہ حدیث مرسل وہ ہے جس کے آخر سے (تابعی کے بعد) سند میں سقوط ہو۔

(ب) حدیث قدسی اور قرآن کے درمیان فرق:

i- قرآن وحی متلو ہے جبکہ حدیث قدسی وحی غیر متلو ہے۔

ii- ثبوت قرآن کے لیے تواتر شرط ہے جبکہ حدیث قدسی کے ثبوت کے لیے تواتر شرط نہیں ہے۔

(ج) حدیث موضوع کی پہچان کے طریقے:

i- راوی میں قرینہ کا پایا جانا جیسے راوی رافضی ہو اور حدیث اہل بیت کے فضائل میں ہو۔

ii- واضع' وضع کا اقرار کرے جیسے ابو عصمہ نوح بن ابی مریم نے اقرار کیا کہ اس نے ایک ایک سورت کے فضائل کے لیے حدیث گھڑی اور اسے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے نقل کرتا ہے۔ یا

حدیث منقطع کا لغوی معنیٰ:

لغت میں یہ "الانقطاع" سے اسم فاعل ہے' جو اتصال کی ضد ہے اور اس کا لغوی معنیٰ ہے "کاٹنا"

اصطلاحی معنیٰ: جس حدیث کی سند متصل نہ ہو' وہ منقطع ہے اور خواہ یہ انقطاع کسی بھی وجہ سے ہو۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



الاختبار السنوی النهائی تحت اشراف تنظیم المدارس (اهل السنة) باکستان

# سالانہ امتحان شهادة الثانوية العالية (بی اے۔سال دوم)

## (برائے طلباء) الموافق سنة 1443ھ 2022ء

## الورقة الثالثة: الفقه

الوقت المحدد: ثلاث ساعات مجموع الارقام: ۱۰۰

نوٹ: کوئی سے تین سوالات حل کریں۔

سوال نمبر 1:- ويجوز بإناء بعينه لايعرف مقداره وبوزن حجر بعينه لايعرف مقداره لأن الجهالة لاتفضى إلى المنازعة لما أنه يتعجل فيه التسليم فيندر هلاكه قبله بخلاف السلم لأن التسليم فيه متأخر والهلاك ليس بنادر قبله فيتحقق المنازعة وعن أبي حنيفة أنه لايجوز في البيع أيضا والأول أصح وأظهر .

(الف) ترجمہ کریں؟ ۱۰

(ب) مذکورہ بالا عبارت کی روشنی میں عام بیع کے جواز اور بیع سلم کے عدم جواز کی وجہ تحریر کریں؟ ۱۴

(ج) بیع سلم کی شرائط قلمبند کریں؟ ۱۰

سوال نمبر 2:- بيع الأعمى وشراه جائزه وله الخيار إذا اشترى لأنه اشترى مالم يره وقد قررناه من قبل ثم يسقط خياره بجسه المبيع إذا كان يعرف بالجس وبشمه إذا كان يعرف بالشم وبذوقه إذا كان يعرف بالذوق كما في البصير ولايسقط خياره في العقار حتى يوصف له .

(الف) اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟ ۱۰

(ب) مذکورہ بالا عبارت میں وقد قدرناه من قبل اور كمافي البصير کی تشریح کریں؟ ۱۰

(ج) ولا يسقط خياره في العقار حتى يوصف له کی تشریح ہدایہ کی روشنی میں کریں؟ ۱۳

سوال نمبر 3:- (الف) بيع الطير في الهواء، بيع ضربة القانص، بيع المزابنة، بيع المنابذه، بيع الحبل میں سے چار کی تعریف اور شرعی حکم مع الادلة والعلل ذکر کریں؟ ۴×۵=۲۰

(ب) بیع فاسد اور بیع باطل اور بیع مکروہ، ان میں سے ہر ایک کی تعریف مع امثلہ تحریر کریں؟ ۱۳

سوال نمبر 4:- ولا يجوز أخذ أجرة عسب التيس ولا استيجار على الأذان والحج وكذا الإمامة وتعليم القرآن والفقه ولايجوز الاستيجار على الغناء والنوح .

Madaris News Official

H_M_Hasnain_Asadi

Dars e Nizami All Board Books



(الف) مذکورہ عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟ ۱۰

(ب) عبارت پر اجارہ کے مسئلہ میں اختلاف حنفیہ اور شافعیہ مع الدلائل نقل کریں؟ ۱۸

(ج) استیجار علی الغناء والنوح کے عدم جواز کی دلیل ذکر کریں؟ ۵

## درجہ عالیہ (سال دوم) برائے طلباء سال 2022

## تیسرا پرچہ: ہدایۃ شریف

سوال نمبر 1:- ويجوز بإناء بعينه لايعرف مقداره وبوزن حجر بعينه لايعرف مقداره لأن الجهالة لاتفضى إلى المنازعة لما أنه يتعجل فيه التسليم فيندر هلاكه قبله بخلاف السلم لأن التسليم فيه متأخر والهلاك ليس بنادر قبله فيتحقق المنازعة وعن أبي حنيفة أنه لايجوز فی البيع أيضا والأول أصح وأظهر .

(الف) ترجمہ کریں؟

(ب) مذکورہ بالا عبارت کی روشنی میں عام بیع کے جواز اور بیع سلم کے عدم جواز کی وجہ تحریر کریں؟

(ج) بیع سلم کی شرائط تحریر کریں؟

جواب: (الف) ترجمۃ العبارت: اور جائز ہے بیع معین برتنوں کے ساتھ جن کی مقدار معلوم نہ ہو اور معین پتھر کے ساتھ جس کی مقدار معلوم نہ ہو' کیونکہ جہالت جھگڑے کی طرف نہیں پہنچائے گی۔ اس لیے اس میں تسلیم یعنی حوالے کرنا جلد ہوتا ہے۔ پس اس کا ہلاک ہونا نادر ہے ادائیگی ثمن سے پہلے۔ بخلاف بیع سلم کے کہ اس میں حوالے کرنا تاخیر سے ہوتا ہے اور اس سے پہلے ثمن کا ہلاک ہونا نادر نہیں' اس لیے جھگڑا متحقق ہونے کا امکان ہے۔ امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ یہ صورت بیع میں بھی جائز نہیں لیکن پہلا قول اصح اور اظہر ہے۔

### (ب) عام بیع کے جائز اور بیع سلم کے جائز ہونے کی وجہ:

عبارت میں مذکورہ صورت میں عام بیع جائز ہے۔ اگر چہ برتن اور پتھر کی مقدار نہ معلوم ہونے کی وجہ سے مبیعہ میں جہالت ہو۔ مگر چونکہ یہ جہالت کسی جھگڑے اور فساد کا باعث نہیں بنتی اس لیے جائز ہے۔ عدم فساد کی وجہ یہ ہے کہ اس میں لین دین کا معاملہ جلدی ہو جاتا ہے۔ لہٰذا یہاں جھگڑا نہیں ہوگا۔ لین دین کے دوران معین برتن اور پتھر کا ہلاکت نادر ہے۔ بخلاف بیع سلم کے کہ وہ جائز نہیں ہوگی' کیونکہ اس میں لین دین تاخیر سے ہوتا ہے۔ لہٰذا وہاں مخصوص برتن اور پتھر کے ہلاکت ہونے کا خطرہ ہے۔ لہٰذا بائع اور مشتری کے درمیان جھگڑا ہونے کا قوی اندیشہ و امکان ہے۔ تو مفضی الی المنازعۃ کی وجہ سے مذکورہ صورت میں بیع

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



سلم جائز نہ ہوگی۔

## (ج) بیع سلم کی شرائط کا بیان:

بیع سلم کی سات شرطیں ہیں:

۱۔ مسلم فیہ کی جنس معلوم ہو کہ گندم ہے یا جو وغیرہ۔

۲۔ اس کی نوع معلوم ہو کہ اس کو پانی سینچا گیا ہے یا نہر سے۔

۳۔ صفت معلوم ہو یعنی جید ہے یا رد ی۔

۴۔ مقدار معلوم ہو کہ مسلم فیہ فلان پیمانے سے دس یا تیس کلو گندم ہوگی۔

۵۔ وقت معلوم ہو کہ ادا کرنے کا وقت مہینہ ہے یا سال۔

۶۔ اگر عقد سلم راس المال سے متعلق ہو تو پھر راس المال کی مقدار معلوم ہو کہ مکیلی ہے یا موزونی یا عددی۔

۷۔ ادائیگی اور سپرد کرنے کی جگہ معلوم ہو کہ مسلم الیہ مسلم فیہ کو کہاں اداء کرے گا۔ یہ تب ہوگا جب مسلم فیہ میں مشقت ہو اور سپرد کرنے میں خرچ وغیرہ ہوتا ہو۔

سوال نمبر 2:- بَيْعُ الْأَعْمٰى وَشِرَاهُ جَائِزَةٌ وَلَهُ الْخِيَارُ إِذَا اشْتَرٰى لِأَنَّهُ اشْتَرٰى مَالَمْ يَرَهُ وَقَدْ قَرَّرْنَاهُ مِنْ قَبْلُ ثُمَّ يَسْقُطُ خِيَارُهُ بِجَسِّهِ الْمَبِيْعَ إِذَا كَانَ يُعْرَفُ بِالْجَسِّ وَ بِشَمِّهٖ إِذَا كَانَ يُعْرَفُ بِالشَّمِّ وَبِذَوْقِهٖ إِذَا كَانَ يُعْرَفُ بِالذَّوْقِ كَمَا فِي الْبَصِيْرِ وَلَا يَسْقُطُ خِيَارُهُ فِي الْعِقَارِ حَتّٰى يُوْصَفَ لَهُ ۔

(الف) اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟

(ب) مذکورہ بالا عبارت میں وقد قدرناه من قبل اور كمافي البصير کی تشریح کریں؟

(ج) ولا يسقط خياره في العقار حتى يوصف له کی تشریح ہدایہ کی روشنی میں کریں؟

جواب: (الف) تشکیل عبارت اور ترجمہ: تشکیل عبارت اوپر ہوگئی ترجمہ درج ذیل ملاحظہ کریں:

''اور نابینا کی بیع اور فروخت جائز ہے اور اس کو خیار حاصل ہوگا جب وہ خریدے' کیونکہ وہ چیز خریدی ہے جو اس نے نہیں دیکھی اور تحقیق نے یہ ثابت کر دیا ہے۔ پھر ساقط ہو جائے گا نابینا کا اختیار مبیع کو پرکھنے اور ٹٹولنے سے جب مبیعہ پرکھنے سے معلوم ہو سکتی ہو۔ اس کو سونگھنے سے جب وہ سونگھنے سے معلوم ہو سکتی ہو اور اس کو چکھنے سے جب وہ چکھنے سے پہچانی جا سکتی ہو۔ جیسا کہ بینا آدمی میں ہوتا ہے اور نہیں ساقط ہوگا اس کا اختیار زمین میں حتیٰ کہ اس زمین کا وصف بیان کیا جائے''۔

## (ب) جملہ اول کی تشریح:

شارح کے قول ''قد قدرنا من قبل'' کا مطلب یہ ہے کہ ہم پہلے یہ مسئلہ بیان اور ثابت کر چکے

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



ہیں کہ جس شئ کو دیکھا نہ ہو اس کی خرید وفروخت تو جائز ہے مگر مشتری کو دیکھنے پر اختیار حاصل ہوگا۔ چاہے تو لے لے چاہے تو بیع رد کر دے۔ نابینا آدمی بینا کی طرح ہے کہ اسے بھی خیار رؤیت حاصل ہوگا اور اس کا بیع کرنا جائز ہے۔

## جملہ ثانی کی تشریح:

اور شارح کے قول "کما فی البصیر" کا مطلب یہ ہے کہ جس طرح بینا آدمی ایسی چیز خریدے جسے دیکھا نہیں تو اس کا بیع کرنا جائز ہے۔ اسے اختیار رؤیت بھی حاصل ہوگا لیکن اس مبیعہ کو دیکھنے سے اس کا خیار ساقط ہو جائے گا۔ اسی طرح نابینا آدمی کوئی خریدنا چاہے تو خرید سکتا ہے اور اسے خیار رؤیت بھی حاصل ہوگا لیکن نابینا نے اگر مبیعہ چیز کو ٹٹول لیا' یا سونگھ لیا یا پھر چکھ لیا تو پھر اس کا اختیار بھی ساقط ہو جائے گا تو نابینا کا سونگھنا اور چکھنا وغیرہ بینا آدمی کے دیکھنے کی طرح ہے۔

## (ج) زمین میں اختیار ساقط نہ ہونے کی وجہ:

نابینا آدمی اگر زمین خریدے تو زمین کو ٹٹولنے یا سونگھنے سے اس کا خیار ساقط نہیں ہوگا' کیونکہ زمین نہ ہی تو اشیاء مذوقہ سے ہے اور نہ ہی اشیاء مشمومہ سے۔ اب زمین سے خیار ساقط ہونے کی وجہ اور صورت یہ ہوگی کہ جب اس زمین کے تمام اوصاف نابینا آدمی کو بیان کر دیے جائیں تب اس کا خیار ساقط ہوگا۔ جب تمام اوصاف اتم طور پر بیان نہ کر دیے جائیں نابینا آدمی کا خیار ساقط نہ ہوگا۔ زمین کی خرید وفروخت کی صورت اس کے اوصاف ہی رؤیت کے قائم مقام ہوں گے۔

سوال نمبر 3:۔(الف) بیع الطیر فی الهواء' بیع ضربة القانص' بیع المزابنة' بیع المنابذه' بیع الحبل میں سے چار کی تعریف اور شرعی حکم مع الادلۃ والعلل ذکر کریں؟

(ب) بیع فاسد اور بیع باطل اور بیع مکروہ' ان میں سے ہر ایک کی تعریف مع امثلہ تحریر کریں؟

## جواب: (الف) بیع الطیر فی الهواء کی تعریف:

ہوا میں اڑتے پرندے کی بیع کرنا۔

حکم: اس طرح بیع کرنا جائز نہیں۔

دلیل: ہوا میں اڑتا پرندہ کوئی مملوک چیز نہیں بلکہ غیر مملوک ہے اور غیر مملوک یعنی جو ملک میں نہ ہو' کی بیع درست نہیں۔

## ضرب القانص:

کوئی شخص شکاری سے کہے کہ ایک مرتبہ جال پھینکنے سے جتنی مچھلی حاصل ہوئی وہ اتنے میں' تو اس کو ضرب القانص کہتے ہیں۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



حکم: مذکورہ صورت جائز نہیں ہے۔
دلیل: کیونکہ مبیعہ یعنی شکار مجہول ہے اور مجہول کی بیع درست نہیں۔

## بیع المزابنه کی تعریف:

درختوں پر لگی کھجوروں کی چھوہاروں کے عوض بیع کرنا اندازے سے۔
حکم: یہ بیع جائز نہیں ہے۔
دلیل: نبی علیہ السلام نے بیع مزابنہ سے منع فرمایا ہے۔اس میں دھوکہ بھی ہے۔

## بیع المنابذه کی تعریف:

بائع اور مشتری کے مابین کوئی قیمت مقرر ہو جائے اور بائع کہے کہ جو چیز تیری طرف پھینکوں اس کی
بیع لازم [illegible]

حکم: [illegible] نہیں ہے۔
دلیل: حدیثِ [illegible] ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیع منابذہ سے منع فرمایا ہے۔
ویسے بھی اس میں دھوکہ اور [illegible] کو ہلاکت میں ڈالنا ہے‘ سو جائز نہیں ہے۔

## بیع الحبل کی تعریف:

جانور کے پیٹ میں موجود بچہ کی بیع کرنا۔
دلیل: نبی علیہ السلام نے حمل کی بیع سے منع فرمایا ہے اور دھوکہ بھی ہے ممکن ہے پیٹ میں بچہ نہ ہو۔
حکم: یہ بیع جائز نہیں ہے۔ہوسکتا ہے پیٹ ہوا سے پھولا ہو۔

## (ب) بیع فاسد‘ باطل اور مکروہ کی تعریفیں اور مثالیں:

کسی چیز کی بیع اصل اور ذات کے اعتبار سے جائز ہے لیکن کسی وصف کی وجہ سے منع ہو تو اسے بیع فاسد کہتے ہیں جیسے اس چیز کی بیع کرنا جس کو مشتری کے حوالے کرنا قدرت میں نہیں۔ اگر اصل و ذات اور وصف دونوں کے اعتبار سے بیع جائز نہ ہو‘ تو اسے بیع باطل کہتے ہیں مثلاً مردار کی بیع۔ اگر کسی منہی عنہ کی وجہ سے بیع منع ہو لیکن ذات اور وصف کے اعتبار سے منع نہیں تو اسے بیع مکروہ کہتے ہیں جیسے اذانِ جمعہ کے بعد بیع کرنا۔

---

سوال نمبر 4:- وَلَا يَجُوْزُ أَخْذُ أُجْرَةِ عَسْبِ التَّيْسِ وَلَا اسْتِيْجَارُ عَلَى الْأَذَانِ وَالْحَجِّ وَكَذَا الْإِمَامَةُ وَتَعْلِيْمُ الْقُرْآنِ وَالْفِقْهُ وَلَايَجُوْزُ الْإِسْتِيْجَارُ عَلَى الْغِنَاءِ وَالنَّوْحِ

(الف) مذکورہ عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟

(ب) عبارت پر اجارہ کے مسئلہ میں اختلاف حنفیہ اور شافعیہ مع الدلائل نقل کریں؟

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



(ج) استیجار علی الغناء والنوح کے عدم جواز کی دلیل ذکر کریں؟

جواب: (الف) تشکیل عبارت اور ترجمہ: تشکیل عبارت ہوگئی ترجمہ ملاحظہ کریں:

''اور نہیں جائز نر کو مادہ پر چھوڑنے کی اجرت لینا اور نہ ہی اذان اور حج پر اجرت لینا' ایسی امامت، تعلیم قرآن وفقہ کی اجرت لینا (بھی جائز نہیں) اور گانے اور نوحہ کرنے پر اجرت لینا جائز نہیں''۔

(ب) عبارت میں مذکورہ مسئلہ پر اجارہ لینے میں اختلاف:

احناف کا مؤقف: احناف کے نزدیک حج' اذان اور قرآن وفقہ کی تعلیم پر اجرت لینا جائز نہیں' کیونکہ ہر وہ عبادت جو مسلم کے ساتھ مختص ہے اس کی اجرت لینا جائز نہیں۔ مذکورہ افعال ایسی عبادت ہیں جو مسلمانوں کے ساتھ خاص ہیں۔ لہٰذا ان پر اجرت جائز نہیں۔

نوٹ: یہ مؤقف متقدمین احناف کا ہے۔ علماء ومتاخرین کے نزدیک مذکورہ کاموں کی اجرت لینا جائز ہے جس کے دلائل کتب مبسوطہ میں ہیں۔

شوافع کا مؤقف: امام شافعی کے نزدیک ہر اس کام کی اجرت لینا جائز ہے جو اجیر پر متعین ہو کر واجب نہ ہو۔ یہ اجرت لینا جائز ہے کیونکہ یہ ایسے متعین کام پر اجرت لینا ہے' جو اجیر پر واجب نہیں ہے۔

احناف کی نقلی دلیل: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''اقرء وا القرآن ولا تاکلوا به'' یہ نص صریح اس باب میں ہے کہ تعلیم قرآن وفقہ پر اجرت ممنوع ہے۔ دوسرا ارشاد رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہے: جو حضرت عثمان بن ابو العاص کو وصیت کرتے ہوئے فرمایا: اے عثمان! ''اگر تجھے مؤذن بنایا جائے' تو اذان پر اجرت نہ لینا''۔ یہ حدیث اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ اذان پر اجرت جائز نہیں ہے۔

(ج) غناء اور نوحہ پر اجرت نہ لینے کی دلیل:

نوحہ کرنے اور گانا گانے کی اجرت لینا درست نہیں' کیونکہ یہ معصیت اور گناہ پر اجرت ہے۔ معصیت اور گناہ عقد کے مستحق اور لائق نہیں۔ اس لیے غناء اور نوحہ پر اجرت جائز نہیں؛ عقد صرف مباح کاموں میں ہوتا ہے' غیر مباح اور معصیت والے کاموں میں نہیں ہوتا۔

☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



الاختبار السنوی النهائی تحت اشراف تنظیم المدارس (اهل السنة) باکستان

# سالانہ امتحان شهادة الثانوية العالية (بی اے۔سال دوم)
# (برائے طلباء) الموافق سنة 1443ھ 2022ء

## الورقة الرابعة: البلاغة

الوقت المحدد: ثلاث ساعات | مجموع الارقام: ۱۰۰

نوٹ: کوئی سے تین سوال حل کریں۔

سوال نمبر 1:-الحمد لله الذی ألهمنا حقائق المعانی ودقائق البيان وخصصنا ببدائع الإيادی وروائع الإحسان أتقن بحكمته نظام العالم على وفق ما اقتضته الحال وأور دبرأفته فرق الأنام فی طرق الإنعام والإفضال .

(الف) مذکورہ عبارت پر اعراب لگا کر سلیس اُردو میں ترجمہ کریں؟ ۱۰+۱۰=۲۰

(ب) تلخیص المفتاح اور مفتاح العلوم کے مصنفین کا نام وکنیت، تاریخ ولادت و وفات لکھیں؟ ۷+۷=۱۴

سوال نمبر 2:-(الف) علم معانی کی تعریف تحریر کریں؟ ۸

(ب) مندرجہ ذیل میں سے کوئی سی پانچ اصطلاحات کی تعریفات وامثلہ لکھیں؟ ۵×۵=۲۵

مقتضی حال، تعقید معنوی، ضعف تالیف، بلاغت کلام، غرابت، تتابع اضافات

سوال نمبر 3:-(الف) صدق وکذب کی صرف تعریف جمہور، جاحظ اور نظام کے مطابق تحریر کریں؟ ۵+۵+۵=۱۵

(ب) افترى على الله كذبا أم به جنة یہ کس کے مؤقف پر دلیل ہے؟ استدلال کی وضاحت کریں، نیز جمہور کی طرف سے اس کا جواب لکھیں؟ ۹+۹=۱۸

سوال نمبر 4:-وقد ينزل المخاطب العالم بهما أی بفائدة الخبر ولازمها منزلة الجاهل لعدم جريه على موجب العلم فان من لايجرى على مقتضى علمه هو والجاهل سواء .

(الف) مذکورہ عبارت پر اعراب لگا کر اس کا سلیس اُردو میں ترجمہ تحریر کریں نیز خط کشیدہ کی تعریفات وامثلہ لکھیں؟ ۷+۷+۷=۲۱

(ب) مقتضی ظاہر کے خلاف کلام لانے کی کوئی دوصورتیں مع امثلہ لکھیں؟ ۶+۶=۱۲

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



# درجہ عالیہ (سال دوم) برائے طلباء سال 2022

## چوتھا پرچہ: بلاغت

سوال نمبر 1:- اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ أَلْهَمَنَا حَقَائِقَ الْمَعَانِیْ وَدَقَائِقَ الْبَیَانِ وَخَصَّصَنَا بِبَدَائِعِ الْأَیَادِیْ وَرَوَائِعِ الْإِحْسَانِ أَتْقَنَ بِحِكْمَتِهٖ نِظَامَ الْعَالَمِ عَلٰی وَفْقِ مَا اقْتَضَتْهُ الْحَالُ وَأَوْرَدَ بِرَ أُفُقِهٖ فِرَقَ الْأَنَامِ فِیْ طُرُقِ الْإِنْعَامِ وَالْإِفْضَالِ .

(الف) مذکورہ عبارت پر اعراب لگا کر سلیس اُردو میں ترجمہ کریں؟

(ب) تلخیص المفتاح اور مفتاح العلوم کے مصنفین کا نام وکنیت' تاریخ ولادت ووفات لکھیں؟

جواب: (الف) اعراب وترجمۃ العبارۃ: اعراب اوپر لگا دیے گئے ترجمہ درج ذیل ملاحظہ کریں:

"سب تعریفیں اللہ کے لیے جس نے الہام کیا معانی کی حقیقتوں کو اور بیان کیا دقائق کو اور اس نے ہمیں خاص کیا نئی نعمتوں کے ساتھ اور مزید احسان کے ساتھ اس نے مضبوط کیا عالم کے نظام کو اس کے مطابق جس کا حال تقاضا کرتا ہے۔ اس نے داخل کیا اپنی رحمت سے لوگوں کی جماعت کو انعام وافضال کے راستوں میں"۔

(ب) تلخیص المفتاح کے مصنف کا تعارف:

نام: محمد' ولدیت: عبدالرحمٰن' کنیت: ابوعبداللہ' تاریخ ولادت: 666 ہجری' تاریخ وفات: 739 ہجری ہے۔

سوال نمبر 2:- (الف) علم معانی کی تعریف تحریر کریں؟

(ب) مندرجہ ذیل اصطلاحات کی تعریفات وامثلہ لکھیں؟

مقتضٰی حال' تعقید معنوی' ۔ ضعف تالیف' بلاغت کلام' غرابت' تتابع اضافات

جواب: (الف) علم معانی کی تعریف:

علم معانی وہ علم ہے جس کے ذریعے لفظ عربی کے ایسے احوال معلوم ہوں' جو لفظ کو مقتضی الحال کے مطابق کر دیں۔

(ب) اصطلاحات کی تعریفیں:

مقتضیٰ الحال کی تعریف: مقتضیٰ مضاف ہے اور الحال مضاف الیہ ہے۔ دونوں کی الگ الگ تعریفیں ہیں۔ حال وہ امر ہے' جو متکلم کو اس بات پر ابھارے کہ وہ اپنی کلام کے ساتھ فلاں خصوصیت کا اعتبار کرے وہ خصوصیت اس کا مقتضیٰ اور تقاضا ہے۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



مثلاً انکار ایک حال ہے، جو تاکید کا تقاضا کرتا ہے، لہٰذا منکر مخاطب کو یوں کہا جائے گا: "اِنَّ زَیْدًا قَائِمٌ"

تعقید معنوی کی تعریف: انتقال نہیں واقع خلل کی وجہ سے کلام کا اپنے مرادی معنی پر جلدی سے دلالت نہ کرنا جیسے شعر

سَاَطْلُبُ بُعْدَ الدَّارِ عَنْكُمْ لِتَقْرَبُوْا وَتَسْكُبُ عَيْنَایَ الدُّمُوْعَ لِتَجْمُدَ

میں تعقید معنوی پائی جارہی ہے۔

ضعف تالیف کی تعریف: کلام کا اس قانون کے خلاف ہونا جو نحویوں کے درمیان مشہور ہے جیسے لفظاً اور رتبۃً اضمار قبل الذکر جیسے ضَرَبَ غُلَامُهٗ زَيْدًا۔

بلاغت کلام: فصیح کلام کا ضعف تالیف، تنافر کلمات اور تعقید سے خالی ہونا جیسے اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ۔

غرابت کی تعریف: کلمہ کا وحشی ہونا یعنی وہ مانوس الاستعمال نہ ہو جیسے مسرج۔

تتابع اضافات کی تعریف: کلام میں یکے بعد دوسرے ایک سے زائد اضافتوں کا استعمال ہونا جیسے ع حَمَامَةَ جَرْعٰى حَوْمَةِ الْجَنْدَلِ اسْجَعِىْ۔ میں پے در پے اضافات ہیں۔

سوال نمبر 3:-(الف) صدق وکذب کی صرف تعریف جمہور، جاحظ اور نظام کے مطابق تحریر کریں؟

(ب) افترى على الله كذبا أم به جنة کس کے موقف پر دلیل ہے؟ استدلال کی وضاحت کریں، نیز جمہور کی طرف سے اس کا جواب لکھیں؟

جواب: (الف) جمہور کا مذہب: حکم کا واقع اور خارج کے مطابق ہونا صدق خبر ہے۔ حکم کا واقع اور خارج کے مطابق نہ ہونا، کذب خبر ہے۔

جاحظ کا مذہب: خبر کا واقع اور اعتقاد دونوں کے مطابق ہونا صدق خبر ہے۔ خبر کا واقع اور اعتقاد کے مطابق نہ ہونا، کذب خبر ہے۔

نظام کا مذہب: خبر کا مخبر کے اعتقاد کے مطابق ہونا صدق خبر ہے۔ خواہ اعتقاد غلط ہی ہو۔ خبر کا مخبر کے اعتقاد کے مطابق نہ ہونا کذب خبر ہے خواہ وہ اعتقاد غلط ہی ہو۔

(ب) موقف کی وضاحت:

مذکورہ آیت جاحظ معتزلی کے موقف کی دلیل ہے۔

طرزِ استدلال: جاحظ کا موقف یہ ہے کہ صدق وکذب کے درمیان واسطہ بھی ہے یعنی کچھ خبریں ایسی ہیں، جو نہ سچی ہیں اور نہ جھوٹی۔ اپنے اس موقف پر مذکورہ آیت کریمہ کو دلیل بنایا۔

طرز استدلال اس طرح ہے کہ کفار نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی مابعد شدت احوال کی خبروں کو دو

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



چیزوں میں بند کر دیا کہ آپ کی حشر ونشر کی خبریں یا تو جھوٹ ہیں یا پھر معاذ اللہ آپ کو جنون ہے۔ اب ام به جنة یعنی حالت جنون میں خبر دینے سے مراد کذب نہیں لے سکتے' کیونکہ یہ افتراء (کذب) کا قسیم ہے اور قسیم (مدمقابل) غیر ہوتا ہے۔ اس سے مراد صدق بھی نہیں لے سکتے' کیونکہ کفار آپ کی صداقت کا اعتقاد ہی نہیں رکھتے تھے۔ تو پھر ماننا ہوگا کہ کچھ خبریں ایسی بھی ہیں جو نہ سچی ہیں اور نہ جھوٹی۔

## جمہور کی طرف سے جواب:

جمہور' جاحظ کی دلیل کو اس طرح رد کرتے ہیں کہ ام به جنة کا معنیٰ ہے ام لم یفتر ۔ تو مطلب ہوا کہ آپ افتراء باندھتے یا افتراء نہیں باندھتے۔ اب عدم افتراء کو ام بـه جنة سے تعبیر اس لیے کیا' کیونکہ مجنون کو افتراء ہی نہیں ہوتا۔ افتراء کا مطلب ہے عمداً جھوٹ بولنا اور مجنون کا کوئی عمد ہی نہیں ہوتا۔

اب ام به جنة مطلق کذب کا مدمقابل نہیں کہ جاحظ اپنے مؤقف پر دلیل پکڑ سکے۔ بلکہ خاص جھوٹ کا مدمقابل ہے۔

اب خبر کاذب کی گویا دو قسمیں ہو جائیں۔ ارادے سے کذب بیانی کرنا اور بغیر ارادے کے کذب بیانی کرنا۔ ثابت یہ ہوا کہ حالت جنون میں خبر دینا کذب ہی ہے۔ تو پھر خبر کی دو ہی قسمیں ہوئیں: صدق اور کذب۔ واسطہ ثابت نہ ہوا۔

سوال نمبر 4:- وَقَدْ يُنَزَّلُ الْمُخَاطَبُ الْعَالِمُ بِهِمَا أَيْ بِفَائِدَةِ الْخَبَرِ وَلَازِمِهَا مَنْزِلَةَ الْجَاهِلِ لِعَدَمِ جَرْيِهِ عَلٰى مُوْجَبِ الْعِلْمِ فَإِنَّ مَنْ لَّا يَجْرِیْ عَلٰى مُقْتَضٰى عِلْمِهٖ هُوَ وَالْجَاهِلُ سَوَاءٌ۔

(الف) مذکورہ عبارت پر اعراب لگا کر اس کا سلیس اردو میں ترجمہ تحریر کریں نیز خط کشیدہ کی تعریفات و امثلہ لکھیں؟

(ب) مقتضیٰ ظاہر کے خلاف کلام لانے کی کوئی دو صورتیں مع امثلہ لکھیں؟

جواب: (الف) اعراب وترجمۃ العبارۃ: اعراب اوپر لگا دیے گئے۔ ترجمہ درج ذیل ملاحظہ کریں:

''اور کبھی اتارا جاتا ہے ان دونوں کے عالم کو یعنی فائدہ خبر اور لازم فائدہ خبر کے عالم کو جاہل کی جگہ' کیونکہ وہ عالم علم کے تقاضا کا عمل نہیں کرتا۔ تو جو علم کے تقاضا کے مطابق عمل نہ کرے اور جاہل دونوں برابر ہیں''۔

## خط کشیدہ کی تعریفات اور مثالیں:

فائدہ خبر: متکلم اور مخبر کا اپنی خبر سے مقصود اگر مخاطب کو حکم کا فائدہ دینا ہے' تو اسے فائدہ خبر کہتے ہیں جیسے جو شخص قیامِ زید کو نہ جانتا ہوا سے زَيْدٌ قَائِمٌ کہنا۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



لازم فائدہ خبر: خبر سے مقصود اگر یہ بتانا ہو کہ میں بھی حکم کا عالم ہوں، جس طرح مخاطب عالم ہے، تو یہ لازم فائدہ خبر ہے جیسے وہ شخص جس نے تورات حفظ کی، اس کو کہنا "قد حفظت التوراة" یہ خبر حکم کا فائدہ نہیں دے گی، کیونکہ مخاطب کو اپنے حافظ ہونے کا علم پہلے سے ہے۔

(ب) مقتضی الظاہر کے خلاف کام لانے کی صورتیں:

پہلی صورت: کبھی کبھی منکر کو غیر منکر کی طرح بنالیا جاتا ہے۔ پھر اس منکر کے ساتھ غیر منکر جیسا کلام کیا جاتا ہے یعنی بغیر تاکید کے جیسے "لَارَيْبَ فِيْهِ" قیاس کا تقاضا یہ ہے کہ "إِنَّهُ لَارَيْبَ فِيْهِ" کہا جاتا، کیونکہ یہ کلام منکرین قرآن کے ساتھ ہے لیکن ان کے پاس چونکہ ایسے دلائل ہیں جو ان کے انکار کو زائل کر دیں اس لیے انہیں غیر منکر کی طرح بنا کر ان کے ساتھ سادہ کلام کیا گیا۔

دوسری صورت: کبھی کبھی غیر منکر کو منکر کی طرح بنا کر اس منکر جیسا کلام کیا جاتا ہے یعنی تاکید والا۔ یہ اس وقت ہوگا جب اس غیر منکر سے کوئی ایسی شئی ظاہر ہو، جو انکار کی علامات سے ہو جیسے جَاءَ شَقِيْقٌ عَارِضًا رُمْحَهُ۔ اب شقیق کا بغیر تیاری کے اور نیزہ کو عرضاً رکھ کر آنا اس بات کی علامت ہے کہ وہ منکر ہے اس بات کا کہ اس کے چچا کے بیٹوں کے پاس اسلحہ ہے، اب منکر نہیں تھا۔ اسے یہ بھی معلوم تھا کہ ان کے پاس اسلحہ ہے لیکن اس کے آنے کی حالت انکار کی علامت ہے۔ تو اسے کہا گیا: "ان بنی عمك فيهم رماح" تائید کے ساتھ۔ تو یہ بھی حقیقی الظاہر کے خلاف ہے، کیونکہ ظاہر کا تقاضا یہی تھا کہ تاکید نہ لائی جاتی۔

لازم فائدہ خبر کے جاننے والے کو جاہل کی جگہ اتار لیا جاتا ہے کیونکہ علم کے مقتضیٰ پر جاری نہیں ہوتا، اس لیے وہ شخص جو علم کے مقتضائے پر جاری نہ ہو اور وہ جو جاہل ہو دونوں برابر ہیں۔

فائدہ خبر کی تعریف:

مخبر کا اپنی خبر سے مقصود اگر مخاطب کو حکم کا فائدہ دینا ہو، تو یہ فائدہ خبر ہے جیسے زَيْدٌ قَائِمٌ اس کو کہنا جو قِيَامَ زَيْدٌ کو نہ جانتا ہو۔

لازم فائدہ خبر:

مخبر کا اپنی خبر سے مقصود اگر مخاطب کو یہ بتانا ہو کہ تیری طرح میں بھی حکم کا عالم ہوں، تو یہ لازم فائدہ خبر ہے جیسے تیرا قول حافظ قرآن کو "قد حفظت القرآن"

(ب) صورت نمبر 1: کبھی کبھی غیر سائل کو سائل کی طرح بنالیا جاتا ہے۔ پھر اس غیر سائل سے سائل جیسا کلام کیا جاتا ہے۔ یہ تب ہوگا جب غیر سائل کے لیے کسی خبر کا اشارہ مل رہا ہو۔ پھر وہ اس خبر کا ایسے انتظار کرتا ہے جیسے متردد اور طالب کرتا ہے جیسے وَلَا تُخَاطِبْنِيْ فِي الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا یعنی اے نوح اب

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



اپنی قوم کے بارے کوئی سفارش نہ کرنا دفع عذاب کی۔اس کلام سے کسی خبر کی طرف اشارہ مل رہا ہے کہ اب ضرور کچھ ہونے والا ہے۔تو پھر مقام گویا ایسا ہو گیا کہ گویا مخاطب متردد ہو گیا کہ کیا اب ان پر اغراق کا حکم لگایا جائے گا یا نہیں؟ تو فرمایا گیا: "اِنَّهُمْ مُّغْرَقُوْنَ"

صورت نمبر 2: کبھی غیر منکر کو منکر کی طرح بنالیا جاتا ہے جب اس غیر منکر کے پاس ایسی شئی ہو جو انکار کی علامات سے ہو جیسے جَاءَ شَقِيْقٌ عَارِضًا رُمْحَهُ۔ اب شقیق اس بات کا منکر نہیں ہے کہ اس کے چچا کے بیٹوں کے ساتھ اسلحہ نہیں۔لیکن اس کے آنے کی حالت بتارہی ہے کہ وہ یہ عقیدہ رکھتا ہے کہ ان کے پاس اسلحہ نہیں۔تو پھر کہا گیا "ان بنی عمك فيهم رماح"۔

☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



الاختبار السنوی النهائی تحت اشراف تنظیم المدارس (اهل السنة) باکستان

# سالانہ امتحان شهادة الثانوية العالية (بی اے-سال دوم)

## (برائے طلباء) الموافق سنة 1443ھ 2022ء

## الورقة الخامسة: الفلسفة والمناظرة

الوقت المحدد: ثلاث ساعات مجموع الارقام: ۱۰۰

نوٹ: ہر حصہ سے دو دو سوال حل کریں۔

### پہلا حصہ......فلسفہ

سوال نمبر 1:- (الف) علم حکمت کی تعریف، موضوع اور غرض و غایت تحریر کریں؟ (۵+۵+۵=۱۵)

(ب) جزء لا یتجزیٰ ثابت ہے یا باطل؟ اپنے مؤقف پر دو دلیلیں تحریر کریں؟ (۵+۵=۱۰)

سوال نمبر 2:- إن الفلك لا يقبل الكون والفساد ولا الخرق والالتيام۔

(الف) فلک، خرق، التیام، کون اور فساد کی تعریفات لکھیں؟ (۳×۵=۱۵)

(ب) مذکورہ بالا دعوؤں کو دلیل سے ثابت کریں؟ (۵+۵=۱۰)

سوال نمبر 3:- مندرجہ ذیل کی تعریفات لکھیں؟ (۵×۵=۲۵)

ہیولیٰ، جسم طبعی، مکان، صورت نوعیہ، شکل

### دوسرا حصہ......مناظرہ

سوال نمبر 4:- هذه قواعد البحث متضمنة لما يجب استحضار فی فن المناظرة الباحث عن كيفية البحث صيانة للذهن عن الضلالة مرتبة على مقدمة وابحاث وخاتمة۔

(الف) مذکورہ عبارت پر اعراب لگاتے ہوئے ترجمہ زیب قرطاس کریں؟ (۵+۱۰=۱۵)

(ب) دلیل کی تعریف کرتے ہوئے بتائیں کہ مصنف نے مشہور تعریف سے عدول کیوں کیا؟ (۳+۷=۱۰)

سوال نمبر 5:- ثم التعريف إما حقيقي يقصده به تحصيل صورة غير حاصلة الخ۔

(الف) تعریف لفظی کی تعریف لکھیں نیز تعریف حقیقی کی دونوں قسمیں مع تعریفات و امثلہ لکھیں؟

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



(۵+۵+۵=۱۵)

(ب) آداب مناظرہ میں سے کوئی سے پانچ آداب لکھیں؟ (۲×۵=۱۰)

سوال نمبر6:- درج ذیل کی تعریفات تحریر کریں؟ (۵×۵=۲۵)

تصحیح نقل، تنبیہ، معارضہ، نقض اجمالی، ملازمہ

# درجہ عالیہ (سال دوم) برائے طلباء سال 2022

## پانچواں پرچہ: فلسفہ ومناظرہ

## قسم اوّل: فلسفہ

سوال نمبر1:- (الف) علم حکمت کی تعریف، موضوع اور غرض وغایت تحریر کریں؟

(ب) جزء لا یتجزیٰ ثابت ہے یا باطل؟ اپنے مؤقف پر دو دلیلیں تحریر کریں؟

جواب: (الف) تعریف علم حکمت:

وہ علم جس میں انسانی و بشری طاقت کے لحاظ سے موجودات خارجیہ کے نفس الامر احوال معلوم ہوں۔

موضوع: علم حکمت کا موضوع موجوداتِ خارجیہ ہیں۔

غرض: علم حکمت کی غرض تمام اشیاء کے حقائق پر بشری طاقت کے مطابق واقفیت حاصل کرنا ہے۔

(ب) جزء لایتجزیٰ کے بطلان پر دلیلِ اوّل:

جزء لا یتجزی باطل ہے۔ اس لیے کہ ایک جزء دو جزوں کے درمیان فرض کرتے ہیں پھر ہم پوچھتے ہیں کہ وسطی جزء طرفین کو ملنے سے مانع ہے یا نہیں۔ دوسری صورت باطل ہے، کیونکہ پھر اجزاء متداخل ہو جائیں گے، وسط وسط نہیں رہے گا، طرف طرف نہیں رہے گا۔ یہ خلاف مفروض ہے، کیونکہ ہم نے وسط اور طرف فرض کیا ہے۔ پس اس کا تلاقی طرفین سے مانع ہونا ثابت ہو گیا۔ پس وسط کی وہ جانب ایک طرف کو ملی ہے وہ غیر ہے اس کے جو دوسری جانب کو ملا ہے۔ پس تقسیم لازم آ گئی۔ یہی ہمارا دعویٰ تھا۔

دلیل ثانی: جزء لا یتجزیٰ کے بطلان پر دوسری دلیل یہ ہے کہ ہم ایک جزء کو دو جزوں کے ملتقیٰ پر فرض کرتے ہیں، پھر ہم پوچھتے ہیں کہ وہ جزء ان میں سے صرف ایک کو ملاقی ہے یا دونوں کے مجموعے کو یا ان میں سے ہر ایک کو یا بعض کو۔ اوّل محال ہے، ورنہ وہ ملتقیٰ پر نہ ہو گی حالانکہ ملتقیٰ پر فرض کیا ہے۔ پس دوسری دو صورتوں میں ایک متعین ہو گئی۔ پھر لامحالہ تقسیم ہونا لازم آئے گا اور یہی ہمارا دعویٰ ہے۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



سوال نمبر2:-إن الفلك لايقبل الكون والفساد ولا الخرق والالتيام .

(الف) فلک، خرق، التیام، کون اور فساد کی تعریفات لکھیں؟

(ب) مذکورہ بالا دعوؤں کو دلیل سے ثابت کریں؟

جواب: (الف) فلک کی تعریف: وہ گیند نما جسم جس کو دو سطحیں ظاہری اور باطنی احاطہ کرتی ہیں کہ جو دونوں متوازی ہیں اور ان کا مرکز ایک ہے۔

خرق: لغوی معنی پھٹنے کے ہیں۔ کسی شئی کے اجزاء کا بکھر جانا خرق کہلاتا ہے۔

التیام: لغوی معنیٰ ملنے کے ہیں۔ کسی چیز کے بکھرے اجزاء کا مل جانا التیام کہلاتا ہے۔

کون: عدم سے وجود کی طرف کسی چیز کا ظاہر ہونا، کون کہلاتا ہے۔

فساد: وجود سے عدم کی طرف لوٹنا کسی چیز کا فساد کہلاتا ہے۔

(ب) مذکورہ بالا دعوؤں پر دلیل:

مذکورہ عبارت میں دو دعوے مذکور ہیں:

(۱) فلک کون وفساد کو قبول نہیں کرتا۔ (۲) فلک خرق والتیام کو قبول نہیں۔

دعویٰ اوّل پر دلیل یہ کہ فلک محدد الجہات ہے یعنی اس کی جہتوں کی حد بندی ہے۔ اس کی جہتیں محدود ہیں۔ اور ہر وہ چیز جو محدد الجہات ہو وہ کون فساد کو قابل نہیں ہوتی۔ پس ثابت ہوا کہ فلک کون و فساد کا قابل نہیں اور یہی ہمارا دعویٰ ہے۔

دعویٰ ثانی پر دلیل یہ کہ خرق اور التیام بھی حرکتِ مستقیمہ سے متصور ہوں گے اور فلک حرکتِ مستقیمہ کو قبول نہیں کرتا۔ لہٰذا خرق والتیام کو بھی قبول نہیں کرے گا۔ یہی ہمارا دعویٰ ہے۔

سوال نمبر3:-مندرجہ ذیل کی تعریفات لکھیں؟

ہیولیٰ، جسم طبعی، مکان، صورت نوعیہ، شکل

جواب: اصطلاحات کی تعریفات:

ہیولیٰ کی تعریف: ہر جسم دو جزوں سے مرکب ہوتا ہے کہ ان میں ایک دوسری میں حلول کیے ہوتی ہے، محل کو ہیولیٰ کہتے ہیں۔

جسم طبعی کی تعریف: ہیولیٰ اور صورت سے مرکب جسم کو جسم طبعی کہتے ہیں یا پھر جو طول، عرض اور عمق میں تقسیم کو قبول کرے جسم طبعی کہلاتا ہے۔

مکان کی تعریف: وہ چیز جس میں جسم ٹھہرے اور قرار پکڑے، مکان کہلاتا ہے۔

صورت نوعیہ کی تعریف: وہ صورت جس کی وجہ سے جسم کی ایک نوع دوسری انواع سے امتیاز اور

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



فرق پاتی ہے صورت نوعیہ کہلاتی ہے۔

## قسم ثانی: مناظرہ رشیدیہ

سوال نمبر 4:-هٰذِهِ قَوَاعِدُ الْبَحْثِ مُتَضَمِّنَةٌ لِمَا يَجِبُ اِسْتِحْضَارٌ فِيْ فَنِّ الْمَنَاظِرَةِ الْبَاحِثِ عَنْ كَيْفِيَّةِ الْبَحْثِ صِيَانَةً لِلذِّهْنِ عَنِ الضَّلَالَةِ مُرَتَّبَةٌ عَلٰى مُقَدِّمَةٍ وَاَبْحَاثٍ وَخَاتِمَةٍ .

(الف) مذکورہ عبارت پر اعراب لگاتے ہوئے ترجمہ زیب قرطاس کریں؟

(ب) دلیل کی تعریف کرتے ہوئے بتائیں کہ مصنف نے مشہور تعریف سے عدول کیوں کیا؟

جواب: (الف) اعراب اور ترجمہ: اعراب لگا دیے گئے۔ ترجمہ درج ذیل ملاحظہ کریں:

''یہ بحث کے قواعد وضوابط ہیں، جو ایسے امور کو متضمن ہیں جن کا فن مناظرہ استحضار (یاد رہنا) ضروری ہے کہ جو بحث کی کیفیت سے بحث کرنے والا ہو، تاکہ محفوظ رکھ سکے وہ ذہن کو غلطی سے۔ یہ ایک مقدمہ کئی بحثوں اور خاتمہ پر مشتمل ہے''۔

(ب) دلیل کی تعریف:

وہ شئی جو دو قضیوں سے مرکب ہوتا کہ مجہول نظری تک پہنچا دے۔

مصنف کے تعریف مشہور سے عدول کی وجہ:

ماتن نے دلیل کی مشہور تعریف سے عدول اس لیے کیا کیونکہ مشہور تعریف پر اعتراض وارد ہوتا تھا۔ تو اس اعتراض سے بچنے کے لیے ماتن نے مشہور تعریف پر اکتفاء نہیں کیا بلکہ الگ تعریف کر دی۔ دلیل کی مشہور تعریف یہ ہے کہ دلیل وہ شئی ہے کہ جس کے علم سے دوسری شئی کا علم آ جائے۔ اب ایک چیز کے علم سے اگر دوسری شئی کا علم آئے تو اسے تصور کہتے۔ تصور سے تو عبارت ہے نہیں، بلکہ تصدیق کا نام ہے۔

سوال نمبر 5:-ثم التعريف إما حقيقي يقصده به تحصيل صورة غير حاصلة الخ.

(الف) تعریف لفظی کی تعریف لکھیں نیز تعریف حقیقی کی دونوں قسمیں مع تعریفات وامثلہ لکھیں؟

(ب) آداب مناظرہ میں سے کوئی سے پانچ آداب لکھیں؟

جواب: (الف) تعریف لفظی:

جس تعریف سے لفظ کے مدلول اور مسمّی کی تفسیر معلوم ہو اسے تعریف لفظی کہتے ہیں۔

اقسام کی تعریفیں:

تعریف حقیقی کی دو قسمیں:

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



۱-تعریف بحسب الاسم ۲-تعریف حقیقی بحسب الحقیقۃ۔

تعریف حقیقی بحسب الحقیقۃ کی تعریف: جس کے ذریعے نفس الامر اور خارج میں کسی شئی کی ماہیت اور حقیقت معلوم ہو اسے تعریف حقیقی بحسب الحقیقۃ کہتے ہیں جیسے اسد کی تعریف حَیَوَانٌ مُفْتَرِسٌ سے اور انسان کی تعریف حیوان ناطق سے کرنا۔

تعریف حقیقی بحسب الاسم کی تعریف: وہ تعریف جو خارج میں کسی شئی کی ماہیت اور حقیقت معلوم کرنے کا فائدہ نہ دے بلکہ اصطلاح کے اعتبار سے لفظ کی تفسیر کر دے۔ تعریف حقیقی بحسب الاسم کہلاتی ہے جیسے "اَلْکَلَامُ لَفْظٌ تَضَمَّنَ کَلِمَتَیْنِ بِالْاِنْفَادِ" اس مثال میں لفظٌ الخ سے کلام کی تعریف اسمی بیان ہو رہی ہے۔

پانچ آداب مناظرہ:

نمبر۱-مناظرین میں کسی کا کلام اتنی مختصر نہ ہو کہ دوسرے کو سمجھ ہی نہ آئے۔

نمبر۲-مناظرین میں کسی کا کلام اتنا لمبا نہ ہو کہ ملالت اور رنجیدگی کا باعث بنے۔

نمبر۳-غیر مانوسۃ الاستعمال اور غیر مشہور الفاظ کے استعمال سے گریز کیا جائے۔

نمبر۴-کئی معانی کے درمیان مشترک الفاظ استعمال کرنے سے گریز کیا جائے۔

نمبر۵-مخل بالمقصود چیزوں سے احتراز کیا جائے۔

نمبر۶-ہنسی مذاق، آواز کو بلند کرنا اور نا سمجھ لوگوں جیسا کلام کرنے سے بچا جائے۔

سوال نمبر6:-درج ذیل کی تعریفات تحریر کریں؟

تصحیح نقل، تنبیہ، معارضہ، نقض اجمالی، ملازمہ

جواب: اصطلاحات کی تعریفات:

تصحیح نقل: وہ قول جو منقول عنہ کی طرف منسوب ہے، اس نسبت کی تصحیح اور صدق کو بیان کرنا۔

تنبیہ: وہ دلیل جیسے بدیہی غیر اوّلی کے اخفاء کو دور کرنے کے لیے ذکر کیا جائے۔

معارضہ: مدعی کے اس دعویٰ جس پر اس نے دلیل قائم کی، کے خلاف دلیل قائم کرنا۔

ملازمہ: ایک حکم کا دوسرے حکم کے لیے اس طرح تقاضا کرنے والا ہونا کہ جب مقتضی پایا جائے تو مقتضٰی بھی پایا جائے۔

نقض اجمالی: غیر معینہ مقدمہ پر دلیل کا مطالبہ کرنا، نقض اجمالی کہلاتا ہے۔

☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



الاختبار السنوی النهائی تحت اشراف تنظیم المدارس (اهل السنة) باكستان

# سالانہ امتحان شهادة الثانوية العالية (بی اے-سال دوم)

## (برائے طلباء) الموافق سنة 1443ھ 2022ء

## الورقة السادسة: الأدب العربی

الوقت المحدد: ثلاث ساعات مجموع الارقام: ۱۰۰

نوٹ: تمام سوالات حل کریں جزوی رعایت سوالات میں موجود ہے۔

### القسم الأول...... ديوان الحماسه

سوال نمبر 1:- مندرجہ ذیل میں سے صرف چار اشعار کا سلیس اُردو میں ترجمہ کریں اور خط کشیدہ پانچ صیغے حل کریں؟ (۲۰+۱۰=۳۰)

لم أرقو ماشلنا خير قولهم أقل به منا على قومهم فخرا
ومبرء من كل غبر حيضة وفساد مرضعة وداء مغيل
فأتت به حوش الفؤاد مبطنا سهدا إذا ما نام ليل الهوجل
ونحن بنو ماء السماء فلا نرى لأنفسنا من دون مملكة قصرا
وإذا رميت به الفجاج رأيته يهوی مخارمها هوىّ الأجدل

سوال نمبر 2:- مندرجہ ذیل میں سے چار اشعار کا سلیس اُردو میں ترجمہ کریں نیز خط کشیدہ اشعار پر اعراب لگائیں؟ (۲۰+۱۰=۳۰)

ما كان ينفعني مقال نسائهم وقتلت دون رجالها لاتبعد
فقلنا لهم تلكم إذا بعد كرة تغادر صرعى نوء ها متخاذل
إذا ما ابتدرنا مازقا فرجت لنا بأيماننا بيض جلتها الصياقل
أخادع عن أطلالها العين أنه متى تعرف الأطلال عينك تدمع
ألمت فحيت ثم قامت فودعت فلما تولت كادت النفس تزهق

### القسم الثاني...... ديوان المتنبي

سوال نمبر 3:- مندرجہ ذیل میں سے صرف تین اشعار کا سلیس اُردو میں ترجمہ کریں اور خط کشیدہ پانچ کے واحد اور جمع لکھیں؟ (۱۵+۵=۲۰)

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



وقـى الأمير هوى العيون فإنه ‏ ما لايزول ببأسه وسخائه
يستأسر البطل الكمى بنظرة ‏ ويحول بين فؤاده و عزائه
وماتاب حتى غادر الكروجهه ‏ جريحا وخلى جفنه النقع أرمد
تجرى النفوس حواليه مخلطة ‏ منها عداة وأغنام وأبال
الناعمات القاتلات المحييات ‏ المبديات من الدلائل غرائبا

سوال نمبر 4:- مندرجہ ذیل میں سے صرف تین اشعار کا سلیس اُردو میں ترجمہ کریں اور خط کشیدہ پانچ صیغے حل کریں؟ (۱۵+۵=۲۰)

جاولن تفدينى وخفن مراقبا ‏ فوضعن أيديهن فوق ترائبا
أزورهم وسواد الليل يشفع لى ‏ وأنثنى وبياض الصبح يغرى بى
جيرانها وهم شر الجوار لها ‏ وصحبها وهم شر الأصاحيب
إنى دعوتك للنوائب دعوة ‏ لم يدع سامعها إلى أكفائه
فأتيت من فوق الزمان وتحته ‏ متصلصلا وأمامه ورائه

## درجہ عالیہ (سال دوم) برائے طلباء سال 2022

## چھٹا پرچہ: عربی ادب

## القسم الأول...... ديوان الحماسه

سوال نمبر 1:- مندرجہ ذیل چار اشعار کا سلیس اُردو میں ترجمہ کریں اور خط کشیدہ پانچ صیغے حل کریں۔

لم أرقو ماثلنا خير قوهم ‏ أقل به منا على قومهم فخرا
ومبرء من كل غبر حيضة ‏ وفساد مرضعة وداء معيل
فأتت به حوش الفؤاد مبطنا ‏ سهدا إذا ما نام ليل الهوجل
ونحن بنو ماء السماء فلا نرى ‏ لأنفسنا من دون مملكة قصرا
وإذا رميت به الفجاج رأيته ‏ يهوى مخارمها هوى الأجدل

جواب: اشعار کا اُردو ترجمہ:

۱- میں نے کوئی قوم اپنے جتھے کی طرح بہتری میں کم فخر کرنے والی نہیں دیکھی۔

۲- وہ نوجوان جو حیض کے اختتامی ایام میں جماع' دودھ پلانے والی کے نقص دودھ اور رضاعت کے

Madaris News Official
H_M_Hasnain_Asadi

Dars e Nizami All Board Books



دنوں میں جماع شدہ عورت کی بیماری سے پاک تھا۔

۳- اس کی والدہ نے اسے ذہین، چالاک اور کم سونے والا جنا، جبکہ سُست شخص رات بھر سوتا ہے۔

۴- اور ہم شریف حسب ونسب والوں کی اولاد ہیں۔ پس ہم اپنے لیے سلطنت کے علاوہ کوئی اور محل پسند نہیں کرتے۔

۵- اور جب تو اس کو تکلیف دہ پہاڑ کی گھاٹیوں میں چلنے لگی، تو اس کو پہاڑ کی چوٹیوں سے اتنی تیزی سے آتا دیکھا گیا جیسے چرغ جانور شکار پر۔

**خط کشیدہ صیغے:**

**لَمْ أَرْ:** صیغہ واحد متکلم فعل مضارع معروف جحد بلم از باب فَتَحَ يَفْتَحُ۔

**أَقَلَّ:** صیغہ واحد مذکر اسم تفضیل از باب ضَرَبَ يَضْرِبُ۔

**مُبَرَّءٌ:** صیغہ واحد مذکر اسم فاعل از باب تفعیل۔

**مرضعة:** صیغہ واحد مؤنث اسم فاعل ثلاثی مجرد صحیح از باب افعال۔

**فأتت:** صیغہ واحد مؤنث غائب فعل ماضی معروف ثلاثی مجرد مہموز الفاء وناقص یائی از باب ضَرَبَ يَضْرِبُ۔

**فلانری:** صیغہ جمع متکلم فعل مضارع معروف ثلاثی مجرد ناقص یائی از باب فَتَحَ يَفْتَحُ۔

سوال نمبر 2:- مندرجہ ذیل اشعار کا سلیس اردو میں ترجمہ کریں نیز خط کشیدہ اشعار پر اعراب لگائیں؟

| | |
|---|---|
| ماكان ينفعني مقال نسائهم | وقتلت دون رجالها لاتبعد |
| فقلنا لهم تلكم إذا بعد كرة | تغادر صرعى نوء ها متخاذل |
| إذا ما ابتدرنا مازقا فرجت لنا | بأيماننا بيض جلتها الصياقل |
| أخادع عن أطلالها العين أنه متى | تعرف الأطلال عينك تدمع |
| ألمت فحيت ثم قامت فودعت | فلما تولت كادت النفس تزهق |

**جواب: اشعار کا اُردو ترجمہ:**

۱- اور مجھے عورتوں کی یہ بات "تو ہلاک نہ ہو" فائدہ نہ دیتی۔ اگر مردوں کے سامنے میں قتل کر دیا جاتا۔

۲- پس ہم نے انہیں کہہ دیا کہ یہ صورت تو ایسے حملے کے بعد ہی ہوگی جب ایک حملہ آور دوسرے کو ایسا پچھاڑ دے گا کہ اس کا دوبارہ اٹھنا مشکل ہو جائے گا۔

۳- جب ہم تنگ جگہ (جنگ میں) پہنچ جاتے ہیں، تو ہمارے دائیں ہاتھوں میں چمکتی تلواریں، اس کو (تنگ

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



جگہ) کشادہ کر دیتی ہیں۔

۴- میں اپنی آنکھوں کو (محبوبہ) سعاد کے بوسیدہ نشانات سے پوشیدہ رکھتا ہوں کہ جب تیری آنکھیں بوسیدہ نشانات کو دیکھیں گی' تو آنسو بہانا شروع کر دیں گی۔

۵- محبوبہ آئی' پس اس نے سلام کیا' پھر کھڑی ہوئی اور الوداع کہا۔ پھر جب وہ پیٹھ پھیر کر واپس جانے لگی' تو قریب تھا کہ میری جان نکل جاتی۔

خط کشیدہ اشعار پر اعراب: اعراب اوپر لگا دیے گئے ہیں۔

## القسم الثاني...... ديوان المتنبي

سوال نمبر 3:- مندرجہ ذیل اشعار کا سلیس اُردو میں ترجمہ کریں اور خط کشیدہ پانچ کے واحد اور جمع لکھیں؟

وقى الأمير هوى العيون فإنه ... ما لايزول بيأسه وسخائه

يستأسر البطل الكمي بنظرة ... ويحول بين فؤاده وعزائه

وماتاب حتى غادر الكر وجهه ... جريحا وخلى جفنه النقع أرمد

تجرى النفوس حواليه مخلطة ... منها عداة وأغنام وأبال

الناعمات القاتلات المحييات ... المديات من الدلائل غرائبا

جواب: اشعار کا اُردو ترجمہ:

۱- محفوظ رہے سردار آنکھوں کی محبت سے' کیونکہ وہ اس کی بہادری اور سخاوت سے زائل نہ ہوگی۔

۲- گرفتار کرتی ہے آنکھوں کی محبت طاقتور و بہادر مسلح نوجوانوں کو ایک نظر میں اور حائل ہو جاتی ہے ان کے دل اور صبر کے درمیان۔

۳- اس نے اس وقت تک توبہ نہیں کی یہاں تک کہ حملہ آور نے اس کے چہرے کو زخمی کر کے چھوڑا اور غبار نے اس کی آنکھوں کو چندھیا دیا۔

۴- اس کے گرد اگرد مختلف خون بہتے ہیں۔ ان میں سے بعض خون دشمن کا ہے اور بعض بکریوں اور اونٹوں کا ہے۔

۵- نازک اندام قتل کرنے والیاں ہیں (فراق سے) زندہ کرتی ہیں (وصال سے) اور ناز و نخروں سے عجیب و غریب اداؤں کا اظہار کرتی ہیں۔

خط کشیدہ الفاظ کے واحد اور جمع:

i- عین' ii- اکماۃ/ کماۃ' iii- جفون' iv- غنم' v- محییۃ' vi- مبدیۃ

Madaris News Official

H_M_Hasnain_Asadi

Dars e Nizami All Board Books



سوال نمبر 4:-مندرجہ ذیل اشعار کا سلیس اُردو میں ترجمہ کریں اور خط کشیدہ پانچ صیغے حل کریں۔

جاولن تفدینی وخفن مراقبا ... فوضعن أیدیهن فوق ترائبا

أزورهم وسواد اللیل یشفع لی ... وأنثنی وبیاض الصبح یغری بی

جیرانها وهم شر الجوار لها ... وصحبها وهم شر الأصاحیب

إنی دعوتك للنوائب دعوة ... لم یدع سامعها إلی أكفائه

فأتیتَ من فوق الزمان وتحته ... متصلصلا وأمامه ورائه

جواب: اشعار کا اُردو ترجمہ:

۱-انہوں نے مجھ پر قربان ہونے کا ارادہ کیا' اور رقیبوں سے ڈر گئیں۔انہوں نے اپنے ہاتھ سینے پر رکھ لیے۔

۲-جب میں اس سے (محبوبہ) سے ملاقات کرتا تو رات کی سیاہی میری سفارشی ہوتی تھی۔اور جب میں صبح کرتے واپس لوٹتا تھا' تو سفیدی مجھے غیرت دلاتی تھی۔

۳-اور وہ ہمسائے ہیں اور ان کے اور برے ہمسائے ہیں۔ان کے لیے۔ساتھی ان کے' ان کے لیے اور برے ساتھی ہیں۔

۴-میں نے تجھے مصیبتوں کے لیے بلایا کہ اس کا سننے والا کبھی اپنے ہمسروں کی طرف نہیں پکارا گیا۔

۵-تو زمانہ کے آگے پیچھے' اوپر نیچے سے گرجتے ہوئے آیا۔

خط کشیدہ صیغے:

تَفْدِیْنِیْ: مصدر ثلاثی مزید فیہ از باب تفعیل۔

أَنْثَنِیْ: واحد متکلم فعل مضارع معروف از باب انفعال۔

یُغْرِیْ: واحد مذکر غائب فعل مضارع معروف از باب افعال۔

دَعَوْتُكَ: واحد متکلم فعل ماضی معروف از باب نَصَرَ یَنْصُرُ۔

لَمْ یَدْعُ: واحد مذکر غائب فعل نفی جحد بلم معروف ناقص واوی از باب نَصَرَ یَنْصُرُ۔

فَأَتَیْتُ: واحد متکلم فعل ماضی معروف از باب ضَرَبَ یَضْرِبُ۔

مُتَصَلْصِلًا: واحد مذکر اسم فاعل از باب تَفَعْلُلٌ۔

☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



# تنظیم المدارس اہلسنّت پاکستان

## درجہ عالیہ (سال دوم) برائے طلباء 2023ء/۱۴۴۴ھ

## الورقة الأولٰی: التفسير و أصوله

الوقت المحدد: ثلاث ساعات مجموع الارقام: ۱۰۰

نوٹ: سوال نمبر ایک اور پانچ لازمی ہیں باقی میں سے کوئی دو حل کریں؟

### پہلا حصہ...... تفسیر

سوال نمبر 1:- تسمیہ سورہ فاتحہ کا جز ہے یا نہیں؟ احناف اور شوافع کا موقف مدلل لکھیں؟ (۵+۵=۱۰)

سوال نمبر2:- وَالْاِسْمُ عِنْدَ اَصْحَابِنَا الْبَصْرِيِّيْنَ مِنَ الْاَسْمَاءِ الَّتِيْ حُذِفَتْ اَعْجَازُهَا لِكَثْرَةِ الْاِسْتِعْمَالِ وَبُنِيَتْ اَوَائِلُهَا عَلَى السُّكُوْنِ فَاُدْخِلَ عَلَيْهَا مُبْتَدَأً بِهَا هَمْزَةُ الْوَصْلِ لِاَنَّ مِنْ دَأْبِهِمْ اَنْ يَّبْتَدِئُوْا بِالْمُتَحَرِّكِ وَيَقِفُوْا عَلَى السَّاكِنِ ۔

(الف) مذکورہ عبارت پر اعراب لگا کر سلیس اردو میں ترجمہ کریں؟ (۱۰+۱۰=۲۰)

(ب) اسم اپنے مسمّٰی کا عین ہوتا ہے یا غیر؟ مدلل بیان کریں؟ (۱۰)

سوال نمبر3:- وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَبِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ... لَمَّا افْتَتَحَ سُبْحَانَهٗ بِشَرْحِ حَالِ الْكِتَابِ الْعَظِيْمِ وَسَاقَ لِبَيَانِهٖ ذِكْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ الَّذِيْنَ اَخْلَصُوْا دِيْنَهُمْ لِلّٰهِ تَعَالٰى وَوَاطَأَتْ فِيْهِ قُلُوْبُهُمْ اَلْسِنَتَهُمْ وَثَنّٰى بِاَضْدَادِهِمُ الَّذِيْنَ مَحَضُوا الْكُفْرَ ظَاهِرًا وَّبَاطِنًا ۔

(الف) مذکورہ عبارت پر اعراب لگا کر سلیس اردو میں ترجمہ کریں؟ (۱۰+۱۰=۲۰)

(ب) "الناس" جمع ہے یا اسم جمع نیز بتائیں کہ الناس پر الف ولام کون سا ہے؟ اپنا موقف مدلل لکھیں؟ (۵+۵=۱۰)

سوال نمبر4:- (اهدنا الصراط المستقيم) والفعل منه هدى واصله يعدى باللام او الى فعومل معه معاملة اختار فى قوله تعالى واختار موسى قومه وهداية الله تتنوع انواعا لايحصيها عدلكنها تنحصر فى اجناس مترتبة الخ ۔

(الف) مذکورہ عبارت کا سلیس اردو میں ترجمہ کریں اور خط کشیدہ کی تشریح لکھیں؟ (۱۰+۱۰=۲۰)

(ب) مذکورہ عبارت میں "المستقیم، ھدی اور اختار" کا اعراب سپرد قلم کریں؟ ۱۰

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



## دوسرا حصہ......اصول تفسیر

سوال نمبر 5:- درج ذیل اجزاء میں سے صرف تین حل کریں؟

(۱) تلاوت قرآن مجید کے پانچ آداب تحریر کریں؟ (۵×۲=۱۰)

(۲) قرآن مجید کی تعریف لکھیں نیز فوائد و قیود بھی سپردِ قلم کریں؟ (۴+۶=۱۰)

(۳) نص میں کس امر کا اعتبار کیا جائے گا؟ لفظ کے عموم کا یا نزول کے سبب خاص کا؟ اپنا مؤقف مفصل لکھیں؟ (۴+۶=۱۰)

(۴) آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کن چار اشخاص سے علم قرآن حاصل کرنے کا حکم دیا تھا؟ ان کے نام لکھیں نیز بتائیں کہ ان چار کے علاوہ دوسروں سے علم قرآن حاصل کرنا جائز ہے یا نہیں؟ اپنا مؤقف مدلل لکھیں؟ (۴+۶=۱۰)

☆☆☆☆☆☆☆

## درجہ عالیہ (سال دوم) برائے طلباء بابت 2023ء

## پہلا پرچہ: تفسیر و اصول تفسیر

### پہلا حصہ......تفسیر

سوال نمبر 1:- تسمیہ سورہ فاتحہ کا جز ہے یا نہیں؟ احناف اور شوافع کا مؤقف [illegible] کریں؟

جواب: (الف) تسمیہ کا فاتحہ کی جز ہونے کے بارے میں اختلاف:

احناف کا مؤقف: احناف کا مؤقف یہ ہے کہ تسمیہ سورۂ فاتحہ کا جز نہیں ہے۔

دلیل ۱- امام بخاری اور امام مسلم نے روایت کیا کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: "میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے بھی نماز پڑھی اور حضرت ابو بکر و حضرت عمر رضی اللہ عنہما کے پیچھے بھی نماز پڑھی۔ پس ان میں سے کسی نے بھی بسم اللہ کا جہر نہیں کیا۔"

اس سے معلوم ہوا کہ تسمیہ سورہ فاتحہ کا جز نہیں ورنہ سورۃ فاتحہ کی طرح تسمیہ کا بھی جہر کیا جاتا۔

دلیل ۲- حدیث قدسی ہے کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ میں نے فاتحہ کو اپنے اور اپنے بندے کے درمیان تقسیم کر دیا، نصف فاتحہ میرے لیے اور نصف میرے بندے کے لیے اور میرا بندہ جو مانگتا ہے اسے دیا جاتا ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: بندہ جب اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ کہتا ہے تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: "حمدنی

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



عبدی" اس حدیث سے معلوم ہوا کہ سورۃ فاتحہ کی ابتداء الحمد للہ سے ہوتی ہے۔ تسمیہ اگر فاتحہ کی جز ہوتی تو پھر ابتداء بھی تسمیہ سے ہوتی۔

شوافع کا موقف: شوافع کے نزدیک تسمیہ سورۃ فاتحہ کی جز ہے۔

دلیل ا۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سورۃ فاتحہ کی سات آیتیں ہیں، اوّل بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ہے۔

دلیل ۲۔ حضرت ام سلمہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے سورۃ فاتحہ کی تلاوت کی اور بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ٥ کو ایک آیت شمار کیا۔

سوال نمبر 2:۔ وَالْاِسْمِ عِنْدَ اَصْحَابِنَا الْبَصْرِيِّيْنَ مِنَ الْاَسْمَاءِ الَّتِيْ حُذِفَتْ اَعْجَازُهَا لِكَثْرَةِ الْاِسْتِعْمَالِ وَبُنِيَتْ اَوَائِلُهَا عَلَى السُّكُوْنِ فَاُدْخِلَ عَلَيْهَا مُبْتَدَأً بِهَا هَمْزَةُ الْوَصْلِ لِاَنَّ مِنْ دَأْبِهِمْ اَنْ يَّبْتَدِؤُا بِالْمُتَحَرِّكِ وَيَقِفُوْا عَلَى السَّاكِنِ۔

(الف) مذکورہ عبارت پر اعراب لگا کر سلیس اردو میں ترجمہ کریں؟

(ب) اسم اپنے مسمّٰی کا عین ہوتا ہے یا غیر؟ مدلل بیان کریں؟

جواب: (الف) اعراب: اعراب اوپر لگا دیے گئے ہیں۔

ترجمہ: "اور لفظ اسم ہمارے اصحاب بصریوں کے نزدیک اُن اسماء سے ہے کہ جن کے آخری حرف کو حذف کر دیا جاتا ہے کثرت استعمال کی وجہ سے اور ابتدائی حرف کو سکون پر مبنی قرار دیا جاتا ہے۔ پس اس پر ہمزہ داخل کیا گیا تا کہ ابتداء ہو سکے، کیونکہ اہل عرب کی عادت ہے کہ حرف متحرک سے ابتداء کرتے ہیں اور ساکن پر وقف کرتے ہیں۔"

(ب) اسم کا اپنے مسمّٰی کا عین ہونا:

اسم اپنے مسمّٰی کا عین ہے یا غیر؟ اس میں اختلاف ہے۔

معتزلہ کے نزدیک اسم اپنے مسمّٰی کا غیر ہے عین نہیں، کیونکہ اگر عین ہو تو اللہ تعالیٰ کے چونکہ متعدد اسماء ہیں لہٰذا مسمّٰی کا بھی متعدد ہونا لازم آئے گا تو اس سے توحید باطل ہو جائے گی۔ پس ثابت ہوا کہ اسم اپنے مسمّٰی کا غیر ہے۔

بعض اشاعرہ کے نزدیک اسم اپنے مسمّٰی کا عین ہے غیر نہیں جس طرح کہ آیت مبارکہ "تبارك اسم ربك" اور "سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلَى٥" میں برکت اور تسبیح کی نسبت اسم کی طرف ہو رہی ہے حالانکہ برکت والا ہونا عیوب سے پاک ہونا ذات کی صفت ہے لفظ کی نہیں۔ پس معلوم ہوا کہ اس جگہ اسم سے مراد ذات و مسمّٰی ہے۔

علامہ بیضاوی فرماتے ہیں: یہ اختلاف ونزاع لفظی ہے حقیقی نہیں بلکہ بات یہ ہے کہ اسم سے مراد لفظ

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



ہو تو پھر اسم اپنے مسمّٰی کا غیر ہے۔ کیونکہ وہ ایسی اصوات سے مرکب ہوتا ہے الگ الگ اور غیر قارہ ہے۔ اُمتوں اور زمانوں کے مختلف ہونے سے مختلف ہو جاتے ہیں۔ اسماء کبھی متعدد ہوتے (حالانکہ ذات ایک ہوتی ہے) اور کبھی متعدد نہیں...... اگر اسم سے مراد ذاتِ شی ء ہو تو پھر وہ اپنے مسمّٰی کا عین ہوگا۔ لیکن اس معنی کے ساتھ مشہور نہیں۔ اگر اسم سے مراد صفت ہو جیسا کہ شیخ ابوالحسن کی رائے ہے تو پھر صفت کی طرح اسم کی بھی تین قسمیں ہو جائیں گی۔ نمبر ا- جو مسمّٰی کا عین ہو جیسے وجود۔ نمبر ۲- جو مسمّٰی کا غیر ہو جیسے خلق، احیا۔ نمبر ۳- جو اپنے مسمّٰی کا نہ عین ہے اور نہ غیر جیسے علم وقدرت۔

سوال نمبر 3:- وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَبِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ لَـمَّا افْتَتَحَ سُبْحَانَهٗ بِشَرْحِ حَالِ الْكِتَابِ الْعَظِيْمِ وَسَاقَ لِبَيَانِهٖ ذِكْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ الَّذِيْنَ اَخْلَصُوْا دِيْنَهُمْ لِلّٰهِ تَعَالٰى وَوَاطَأَتْ فِيْهِ قُلُوْبُهِمْ اَلْسِنَتَهُمْ وَثَنّٰى بِاَضْدَادِهِمُ الَّذِيْنَ مَحَضُوا الْكُفْرَ ظَاهِرًا وَّ بَاطِنًا ۔

(الف) مذکورہ عبارت پر اعراب لگا کر سلیس اردو میں ترجمہ کریں؟

(ب) ''الناس'' جمع ہے یا اسم جمع نیز بتائیں کہ الناس پر الف ولام کون سا ہے؟ اپنا مؤقف مدلل لکھیں؟

جواب: (الف) ترجمہ: ''اور لوگوں میں بعض کہتے ہیں: ہم اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان لائے'' جب اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ نے کتابِ عظیم کے حال کی وضاحت شروع فرمائی اور اس کے بیان کے لیے ان مومنوں کا ذکر کیا جنھوں نے اپنے دین کو اللہ کے لیے خالص کیا اور اس بارے میں ان کی زبانیں ان کے دلوں کے موافق ہیں اور پھر ثانیاً ان مومنوں کی ضدوں کا ذکر فرمایا جو ظاہر وباطن کے اعتبار سے اپنے کفر میں خالص تھے۔''

(ب) لفظ ''الناس'' کی تحقیق:

لفظ الناس اسم جمع ہے جمع نہیں ہے، کیونکہ الناس کی اصل اناس ہے بروزن فعال اور فعال کا وزن جمع کے اوزان میں سے ثابت نہیں۔

الف لام کا تعین:

الناس کے الف لام میں دو احتمال ہیں:

(ا) جنس کے لیے، (۲) عہد خارجی کے لیے۔

اگر الف لام جنسی بنائیں تو پھر مَنْ نکرہ موصوفہ ہوگا موصولہ نہیں، کیونکہ ناس کی تعیین نہیں اور اس جگہ معین ناس نہیں۔ جب ناس کی تعیین نہیں تو الف لام جنس کا ہوگا، کیونکہ جنس بھی عدم تعیین پر دلالت کرتی گویا اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:''ومن الناس ناس يقولون......'' اور الف لام عہد خارجی بھی بنا سکتے ہیں۔ اس

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



تقدیر پر مَنْ موصولہ ہوگا موصوفہ نہیں اور الناس کا معہود خارجی "الذین کفروا" ہوگا۔

سوال نمبر 4:-(اهدنا الصراط المستقيم) والفعل منه هدى واصله يعدى باللام او الى فعومل معه معاملة اختار فى قوله تعالىٰ واختار موسىٰ قومه وهداية الله تتنوع انواعا لايحصيها عدلكنها تنحصر فى اجناس مترتبة الخ .

(الف) مذکورہ عبارت کا سلیس اردو میں ترجمہ کریں اور خط کشیدہ کی تشریح لکھیں؟

(ب) مذکورہ عبارت میں "المستقيم، هدى اور اختار" کا اعراب سپردِ قلم کریں؟

جواب: (الف) ترجمہ: "تو ہمیں سیدھے راہ کی ہدایت دے" اور اس کا فعل (ماضی) هدىٰ ہے اور اس کی اصل (استعمال میں) یہ ہے کہ وہ لام یا الی کے ساتھ متعدی ہو پس معاملہ کیا گیا اس کے ساتھ جیسا کہ اللہ تعالیٰ کے قول "واختار موسىٰ قومه" میں اختار کے ساتھ کیا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی ہدایت کئی اقسام میں تقسیم ہوتی ہیں جن کا شمار کوئی عدد نہیں کر سکتا لیکن وہ انواع اجناس مترتبہ میں ہیں۔"

خط کشیدہ کی تشریح:

یہاں سے مفسر رحمہ اللہ تعالیٰ "اهدنا" فعل کی صرفی بحث کر رہے ہیں کہ اهدنا فعل امر حاضر کا صیغہ ہے اور اس کی ماضی هدىٰ آتا ہے جو ناقص یائی باب ضَرَبَ يَضْرِبُ سے ہے۔ خط کشیدہ عبارت میں مفسر رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس کے استعمال کی وضاحت کی ہے کہ اصل استعمال اور اصل وضع کے اعتبار سے اس کا استعمال یہ ہے کہ یا تو لام کے ساتھ اس کا تعدیہ ہوتا ہے یا پھر الی حرف جار کے واسطہ سے متعدی ہوتا ہے۔ آیتِ مذکورہ میں اس کا استعمال اپنی اصل پر نہیں ہے بلکہ ہوا یوں کہ اس کے صلہ (لام یا الیٰ) حذف کر کے بلاواسطہ اس کا تعدیہ مفعول کی طرف کر دیا اور اس حذف کو "ایصال" کہتے ہیں۔ یہ ایسا ہی ہے جس طرح کہ اللہ تعالیٰ کے قول "واختار موسىٰ قومه" میں حرف جار مِنْ کو حذف کر دیا گیا ہے۔ تو یہ "حذف والايصال" کے قبیلہ سے ہو جائے گا۔

(ب) اعراب:

المستقيم: منصوب ہے، کیونکہ یہ الصراط کی صفت ہے۔

هدىٰ: صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معروف ناقص یائی از باب ضَرَبَ يَضْرِبُ۔

اختار: صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معروف ثلاثی مزید فیہ اجوف یائی از باب افتعال۔

## دوسرا حصہ: اصول تفسیر

سوال نمبر 5:- درج ذیل اجزاء حل کریں؟

(ا) تلاوت قرآن مجید کے پانچ آداب تحریر کریں؟

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



(۲) قرآن مجید کی تعریف لکھیں نیز فوائد وقیود بھی سپرد قلم کریں؟

(۳) نص میں کس امر کا اعتبار کیا جائے گا؟ لفظ کے عموم کا یا نزول کے سبب خاص کا؟ اپنا مؤقف مفصل لکھیں؟

(۴) آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کن چار اشخاص سے علم قرآن حاصل کرنے کا حکم دیا تھا؟ ان کے نام لکھیں نیز بتائیں کہ ان چار کے علاوہ دوسروں سے علم قرآن حاصل کرنا جائز ہے یا نہیں؟ اپنا مؤقف مدلل لکھیں؟

جواب: (۱) تلاوتِ قرآن کے پانچ آداب:

۱- قاریٔ قرآن قرآن مجید کے اخلاق سے مزین ہو۔

۲- لباس وجگہ پاک ہو۔

۳- تلاوت کا آغاز تعوذ وتسمیہ سے ہو۔

۴- تلاوت خوب ٹھہر ٹھہر کر کرنا۔

۵- اونچی جگہ پہ بیٹھ کر تلاوت کرنا۔

(۲) قرآن کی عرفی تعریف مع فوائد قیود:

قرآن کریم کی عرفی تعریف یوں کی جاتی ہے: هو اللفظ المنزل على النبي صلى الله عليه وسلم المنقول عنه بالتواتر المتعبد بتلاوته. یعنی یہ ان مقدس الفاظ کا مجموعہ ہے، جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر اتارا گیا، ہم تک نقل متواتر کے ساتھ پہنچا ہے اور اس کی تلاوت کرنا عبادت ہے۔

اللفظ: یہ کلمہ بمنزل جنس ہے، جو مفرد ومرکب دونوں کو شامل ہے، ان کے احکام پر استدلال دونوں سے ہوتا ہے۔

المنزل على النبي صلى الله عليه وسلم: اس قید سے وہ کتب خارج ہوگئیں، جو دیگر انبیاء علیہم السلام پر نازل ہوئیں۔

المنقول عنه بالتواتر: نقل تواتر سے مراد ہے کہ ہر دور میں اتنے لوگ اسے نقل کرتے رہے، جن کا جھوٹ پر جمع ہونا عادتاً محال ہو۔ اس قید سے غیر متواتر قراءتیں خارج ہوگئیں۔

المتعبد بتلاوته: یعنی ایسا مقدس وبابرکت کلام ہے، جس کی تلاوت نماز میں کی جاتی ہے اور نماز کی طرح اس کی تلاوت بھی عبادت ہے۔

(۳) نص میں معتبر امر:

جمہور علماء کے نزدیک نص میں لفظ کے عموم کا اعتبار کیا جائے گا سبب خاص کا نہیں، یہی اصح قول ہے

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



جبکہ بعض علماء کے نزدیک سبب خاص کا اعتبار کیا جائے گا۔ لفظ کے عموم کا اعتبار کرنے کے دلائل میں صحابہ کرام اور تابعین رضوان اللہ علیہم اجمعین کے واقعات ہیں، جو خاص سبب کی وجہ سے نازل ہوئے۔ لیکن اس کے باوجود عمومِ لفظ سے دلیل پکڑ کر دوسروں تک حکم متعدی ہوا۔ جیسا کہ آیت ظہار ہے، جو سلمہ بن صخر کے بارے میں اور آیت لعان ہلال بن امیہ کے بارے اور حد قذف والی آیت حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے بارے میں نازل ہوئی۔ یہی بات حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے منقول ہے: نص میں اعتبار لفظ کے عموم کا ہوگا۔ فرماتے ہیں: چوری کے متعلق آیت جب ایک عورت کے بارے میں نازل ہوئی تو ایک صحابی کے پوچھنے پر نبی علیہ السلام نے فرمایا: یہ آیت حکم کے اعتبار سے عام ہے خاص نہیں ہے۔

علامہ ابن تیمیہ کا مؤقف بھی یہی ہے کہ اعتبار لفظ کے عموم کا ہوگا۔ لیکن کچھ مفسرین کہتے ہیں: نص کے نزول کا سبب خاص ہے اور علامہ جار اللہ زمخشری کا مؤقف بھی یہی ہے کہ انہوں نے کہا: سورۃ ہمزہ کا سبب خاص ہے لیکن اس کی وعید عام ہے۔ پس معلوم ہوا کہ نص میں لفظ کے عموم کا اعتبار کیا جائے گا۔

**(۴) چار اشخاص کے نام:**

حضرت عبداللہ بن مسعود، حضرت سالم، حضرت معاذ، حضرت ابی بن کعب" "رضی اللہ عنہم اجمعین"۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان کا مطلب ترغیب دلانا ہے اور یہ مطلب ہرگز نہیں ہے کہ ان چار صحابہ کرام کے علاوہ کوئی صحابی حافظ قرآن نہ تھا، یا کسی اور صحابی سے علم قرآن حاصل نہیں کر سکتے۔ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے سیکھا اور کثیر صحابہ سے کثیر تابعین نے علم قرآن حاصل کیا۔

☆☆☆

H_M_Hashain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



# تنظیم المدارس اہلسنّت پاکستان

## درجہ عالیہ (سال دوم) برائے طلباء 2023ء/۱۴۴۴ھ

## الورقة الثانية: الحديث وأصوله

الوقت المحدد: ثلاث ساعات مجموع الارقام: ۱۰۰

نوٹ: آخری سوال لازمی ہے باقی میں سے کوئی دو سوالات حل کریں۔

### القسم الاوّل...... حدیث

سوال نمبر 1:- عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ رَضِیَ اللهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ تَرَدّٰى مِنْ جَبَلٍ فَقَتَلَ نَفْسَهُ فَهُوَ فِیْ نَارِ جَهَنَّمَ يَتَرَدّٰى فِيْهَا خَالِدًا مُخَلَّدًا فِيْهَا اَبَدًا وَمَنْ تَحَسّٰى سِمًّا فَقَتَلَ نَفْسَهُ فَسَمُّهُ فِیْ يَدِهٖ يَتَحَسَّاهُ فِیْ نَارِ جَهَنَّمَ خَالِدًا مُخَلَّدًا فِيْهَا اَبَدًا وَمَنْ قَتَلَ نَفْسَهُ بِحَدِيْدَةٍ فَحَدِيْدَتُهٗ فِیْ يَدِهٖ يَتَوَجَّأُ بِهَا فِیْ بَطْنِهٖ فِیْ نَارِ جَهَنَّمَ خَالِدًا مُخَلَّدًا فِيْهَا اَبَدًا ۔

(الف) حدیث مذکور پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟ ۱۰+۱۰=۲۰

(ب) حدیث میں خالدا مخلدا فرمایا گیا ہے حالانکہ اہل سنت کے نزدیک مرتکب کبیرہ مسلمان مخلد فی النار نہیں؟ توضیح بیان کریں؟ ۱۰

سوال نمبر 2:- عن زيد بن خالد قال سمعت النبی صلی الله عليه وسلم يأمر فی من زنی ولم يحصن جلد مائة وتغريب عام ۔

(الف) حدیث کا ترجمہ کریں اور احصان کی تشریح کریں؟ ۱۰

(ب) احناف کا مؤقف اس حدیث کے موافق ہے یا نہیں؟ اگر نہیں تو پھر حدیث مذکور کی توجیہ بیان کریں؟ ۱۰

(ج) حد کی اصطلاحی تعریف اور حدود اللہ کی کتنی اور کون کون سی اقسام ہیں؟ بیان کریں؟ ۱۰

سوال نمبر 3:- قال رسول الله صلی الله عليه وسلم اذا سلم عليكم أهل الكتاب فقولوا وعليكم ۔

(الف) حدیث مذکور کا ترجمہ کرتے ہوئے اہل کتاب کو سلام کرنے کا حکم تحریر کریں؟ ۱۰

(ب) قیام تعظیمی کا جواز دلائل سے سپرد قلم کریں؟ ۱۰

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



(ج) مصافحہ کا معنی اور نمازوں کے بعد جو مصافحہ کیا جاتا ہے' اس کی شرعی حیثیت ضبطِ تحریر میں لائیں؟ ۱۰

## القسم الثانی......اصول حدیث

سوال نمبر 4:-درج ذیل اجزاء میں سے کوئی چار اجزاء حل کریں؟ ۴×۱۰=۴۰

(الف) حدیث صحیح کی تعریف مع فوائد وقیود ضبطِ تحریر میں لائیں؟

(ب) حدیث قدسی اور قرآن میں فرق بیان کریں؟

(ج) معنعن اور مؤنن میں سے ہر ایک کا لغوی معنی مع فرق سپرد قلم کریں؟

(د) خبر مشہور اور مستفیض کی تعریف مع فرق تحریر کریں؟

(ہ) فرد مطلق اور فرد نسبی کی تعریف لکھیں؟

(و) طعن راوی سے کیا مراد ہے؟ کوئی سے پانچ سبب ضبطِ تحریر میں لائیں؟

☆☆☆

# درجہ عالیہ (سال دوم) برائے طلباء بابت 2023ء

## دوسرا پرچہ: حدیث واصول حدیث

## القسم الاوّل......حدیث

سوال نمبر 1:-عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ تَرَدّٰی مَنْ جَبَلٍ فَقَتَلَ نَفْسَهٗ فَهُوَ فِیْ نَارِ جَهَنَّمَ یَتَرَدّٰی فِیْهَا خَالِدًا مُخَلَّدًا فِیْهَا اَبَدًا وَمَنْ تَحَسّٰی سِمًا فَقَتَلَ نَفْسَهٗ فَسَمَّهٗ فِیْ یَدِهٖ یَتَحَسَّاهُ فِیْ نَارِ جَهَنَّمَ خَالِدًا مُخَلَّدًا فِیْهَا اَبَدًا وَمَنْ قَتَلَ نَفْسَهٗ بِحَدِیْدَةٍ فَحَدِیْدَةٌ فِیْ یَدِهٖ یَتَوَجَّأُ بِهَا فِیْ بَطْنِهٖ فِیْ نَارِ جَهَنَّمَ خَالِدًا مُخَلَّدًا فِیْهَا اَبَدًا۔

(الف) حدیث مذکور پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟

(ب) حدیث میں خالدا مخلدا فرمایا گیا ہے حالانکہ اہل سنت کے نزدیک مرتکب کبیرہ مسلمان مخلد فی النار نہیں؟ توضیح بیان کریں؟

**جواب: (الف) اعراب وترجمہ حدیث:**

نوٹ: اعراب اوپر لگا دیے گئے ہیں اور ترجمہ حدیث درج ذیل ہے:

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



(حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے منقول ہے: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:) جو آدمی پہاڑ سے چھلانگ لگا کر اپنے آپ کو ہلاک کر لے، تو وہ جہنم کی آگ میں چھلانگ لگاتا رہے گا، وہ اس میں ہمیشہ ہمیشہ رہے گا، جو آدمی زہر پی کر اپنے آپ کو ہلاک کرے، تو اس کا زہر اس کے ہاتھ میں ہوگا، جسے وہ دوزخ کی آگ میں ہمیشہ ہمیشہ پیتا رہے گا۔ جو آدمی اپنے آپ کو لوہے سے ہلاک کرے گا، تو اس کا لوہا اس کے ہاتھ میں ہوگا، جسے وہ دوزخ کی آگ میں ہمیشہ ہمیشہ اپنے پیٹ میں گھونپتا رہے گا۔

## (ب) مرتکب کبیرہ کے ہمیشہ جہنم میں رہنے کا مسئلہ:

ارتکاب کبیرہ، بہت بڑا گناہ ہے، وہ جہنم کا حقدار ہے، چونکہ وہ کلمہ گو اور مسلمان ہے، اس لیے اللہ تعالیٰ چاہے گا، تو بغیر جہنم میں ڈالے اسے معاف کر دے گا، یا اسے سزا کے بعد معاف کر دے، کیونکہ مسلمان کا دائمی مقام جہنم نہیں، بلکہ جنت ہے۔ مسلمان خواہ کتنا ہی سیاہ کار ہوگا، وہ ہمیشہ ہمیشہ جہنم میں نہیں رہے گا۔

سوال نمبر 2: عن زید بن خالد قال سمعت النبی صلی اللہ علیہ وسلم یأمر فی من زنی ولم یحصن جلد مائة وتغریب عام۔

(الف) حدیث کا ترجمہ کریں اور احصان کی تشریح کریں؟

(ب) احناف کا مؤقف اس حدیث کے موافق ہے یا نہیں؟ اگر نہیں تو پھر حدیث مذکور کی توجیہ بیان کریں؟

(ج) حد کی اصطلاحی تعریف اور حدود اللہ کی کتنی اور کون کون سی اقسام ہیں؟ بیان کریں؟

جوابات: (الف) ترجمۃ الحدیث: حضرت زید بن خالد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ حکم دیتے ہوئے سنا ہے کہ غیر شادی شدہ زانی کو سو کوڑے مارے جائیں اور جلاوطن کیا جائے ایک سال کے لیے۔

## احصان کی تشریح:

احصان سے مراد رشتہ ازدواج سے منسلک ہونا ہے یعنی آزاد، عاقل، بالغ، مسلمان جو نکاح صحیح سے وطی کرے۔

## (ب) احناف کا مؤقف:

احناف کا مؤقف مذکورہ حدیث مبارکہ کے موافق نہیں ہے۔

## توجیہہ:

اس کی توجیہہ یہ ہے کہ یہ حدیث منسوخ ہو چکی ہے اور اس کی ناسخ یہ حدیث ہے "الثیب بالثیب

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



جلدة مائة الخ" کی جزء بھی منسوخ ہے۔لہٰذا وجہ تنسیخ میں جلد اور تغریب عام یعنی کوڑوں اور ایک سال کی جلاوطنی کو جمع نہیں کیا جائے گا۔اس کی دلیل آیت کریمہ ہے: الزانية والزاني الخ میں کوڑے مارنا غیر شادی شدہ کی زنا کی مکمل سزا قرار دی گئی ہے۔البتہ امام اگر مصلحتاً جلاوطنی کی سزا دے تو دے سکتا ہے مگر یہ حد میں شرعاً شامل نہیں۔

اصطلاحی معنیٰ اور حدود اللہ:

حدود، حد کی جمع ہے،اس کا لغوی معنیٰ ہے: آڑ یا منع،اسی لیے دربان کو عربی میں بواب اور حداد بھی کہا جاتا ہے۔اصطلاح میں جرم کی شرعی مقررہ سزا کو "حد" کہا جاتا ہے کہ یہ لوگوں کو جرموں سے روکتی ہے، کبھی حرام اشیاء کو بھی حدود کہا جاتا ہے۔چنانچہ ارشاد ربانی ہے: تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ فَلَا تَقْرَبُوْهَا ط یعنی یہ اللہ تعالیٰ کی حدیں ہیں، تم ان کے پاس بھی نہ جاؤ، اس لیے کہ یہ محرمات سزاؤں کا سبب ہیں۔

اقسام: اسلام میں زنا کی سزا رجم ہے یا سو کوڑے ہیں، چور کی سزا ہاتھ کاٹنا ہے، شرابی کی سزا اسی کوڑے ہے، پاک دامن آزاد عورت پر تہمت لگانے کی سزا بھی اسی کوڑے، ڈکیتی کی سزا سولی اور قتل کی سزا قصاص حد شرعی ہیں۔ جواء وغیرہ امور کی سزا حد نہیں بلکہ تعزیر ہے۔

سوال نمبر3: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا سلم عليكم أهل الكتاب فقولوا وعليكم .

(الف) حدیث مذکور کا ترجمہ کرتے ہوئے اہل کتاب کو سلام کرنے کا حکم تحریر کریں؟

(ب) قیام تعظیمی کا جواز دلائل سے سپردِ قلم کریں؟

(ج) مصافحہ کا معنیٰ اور نمازوں کے بعد جو مصافحہ کیا جاتا ہے اس کی شرعی حیثیت ضبطِ تحریر میں لائیں؟

جوابات: (الف) ترجمۃ الحدیث: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب اہل کتاب تم کو سلام کہیں تو تم "وعلیکم" کہہ دیا کرو۔

سلام کرنے کا حکم:

اہل کتاب کو سلام میں پہل نہیں کرنی چاہیے۔لیکن اگر وہ پہل کریں تو ان کو ویسا جواب لوٹا دو۔علماء فرماتے ہیں: ان کے سلام کے جواب میں صرف "وعليك" سے زیادہ نہ کہو۔بعض علماء فرماتے ہیں: اہل کتاب کو ضرورت یا حاجت کے پیش نظر سلام کہنا درست اور جائز ہے۔

(ب) قیام تعظیمی:

بعض علماء کہتے ہیں: یہ بات تحقیق سے ثابت ہے کہ مجلس میں آنے والے شخص کے لیے قیام سنت

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



ہے، انہوں نے اس حدیث کو دلیل بنایا: "قوموا الی سیدکم" بعض کے نزدیک یہ مکروہ و بدعت ہے اور ممنوع ہے۔ جیسا کہ اوپر والی حدیث سے ثابت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم قیام صحابہ کو ناپسند کرتے تھے۔

حدیث ابوامامہ رضی اللہ عنہ میں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مت کھڑے ہوا کرو، کیونکہ یہ عجمیوں کی عادت ہے۔

راجح مؤقف یہ ہے کہ بعض علماء فرماتے ہیں: اہل علم و فضل کے لیے قیام جائز ہے جس طرح کہ حدیث ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ اس پر دال ہے۔ امام محی السنہ محی الدین نووی رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: اہل فضل کی آمد پر ان کے لیے قیام مستحب ہے۔ اس بارے میں احادیث موجود ہیں۔ اس بارے میں صراحتاً منع پر کوئی حدیث نہیں ہے۔ لیکن کسی دنیادار کے لیے دنیاوی غرض کے لیے قیام کرنے کی سخت وعید ہے اور اسے [illegible]ت/انتہائی مکروہ عمل قرار دیا گیا ہے۔

## (ج) مصافحہ کا معنی اور نمازوں کے بعد مصافحہ کا شرعی حکم:

ایک شخص کی ہتھیلی کی چوڑائی کا دوسرے شخص کی ہتھیلی کی چوڑائی سے مس کرنا، مصافحہ ہے۔

حکم: نمازوں کے بعد جو مصافحہ کیا جاتا ہے اس کی شرعاً کوئی حیثیت نہیں ہے اور مصافحہ کے لیے اس وقت کو مخصوص کر لینا بدعت ہے۔

# القسم الثانی...... اصول حدیث

سوال نمبر 4:- درج ذیل اجزاء حل کریں؟

(الف) حدیث صحیح کی تعریف مع فوائد وقیود ضبطِ تحریر میں لائیں؟

(ب) حدیث قدسی اور قرآن میں فرق بیان کریں؟

(ج) معنعن اور مؤنن میں سے ہر ایک کا لغوی معنیٰ مع فرق سپردِ قلم کریں؟

(د) خبر مشہور اور مستفیض کی تعریف مع فرق تحریر کریں؟

(ہ) فرد مطلق اور فرد نسبی کی تعریف لکھیں؟

(و) طعن راوی سے کیا مراد ہے؟ کوئی سے پانچ سبب ضبطِ تحریر میں لائیں؟

## جوابات: (الف) حدیث صحیح کی تعریف:

اصطلاح میں صحیح حدیث اسے کہتے ہیں جسے عادل، ضابط، اپنے مثل راوی سے نقل کرے اور آخر سند تک اسی طرح ہو اور اس کی سند میں اتصال پایا جاتا ہو۔ نیز اس میں کوئی شاذ بھی نہ ہو اور علت بھی نہ ہو۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



**قیود وفوائد:**

حدیث صحیح کی تعریف سے واضح ہوتا ہے کہ اس میں پانچ قیود پائی جاتی ہیں:

۱- سند کا متصل ہونا، ۲- راویوں کا عادل ہونا

۳- راویوں کا ضابط، ۴- عدم علت

۵- عدم شذوذ

ان قیود کا فائدہ یہ ہے کہ اگر کسی حدیث میں ان میں سے کوئی ایک قید نہ پائی جائے، تو اسے حدیث صحیح نہیں کہیں گے۔

**(ب) فرق:**

| حدیث قدسی | قرآن مجید |
|---|---|
| ۱- اس کا معنیٰ اللہ کی طرف سے اور الفاظ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے ہوتے ہیں۔ | یہ لفظاً ومعناً اللہ کی طرف سے ہے۔ |
| ۲- اس کی تلاوت بطور عبادت نہیں کی جاتی۔ | اس کی تلاوت بطور عبادت کی جاتی ہے۔ |
| ۳- اس کے ثبوت کے لیے تواتر شرط نہیں ہے۔ | اس کے ثبوت کے لیے تواتر شرط ہے۔ |

**(ج) معنعن کا لغوی معنی:**

معنعن لفظ ''عنعن'' سے اسم مفعول ہے، جس کا لغوی معنی ہے ''عن، عن'' کہا۔

الموٴنن کا لغوی معنی: لغت کے اعتبار سے یہ اَنَّ سے بنا ہے اس کا معنی ہے ''فلاں نے ''اَنَّ اَنَّ'' کہا۔

دونوں میں فرق: راوی کا یہ کہنا کہ ''فلان عن فلان'' معنعن ہے جبکہ راوی کا یہ کہنا: ''فلان ان فلانا قال'' موٴنن ہے۔

**(د) خبر مشہور کی تعریف:**

خبر مشہور اس حدیث کو کہتے ہیں جس کو ہر طبقہ سند میں تین یا اس سے زائد راوی روایت کریں جب تک وہ حد تواتر کو نہ پہنچ جائے۔

خبر مستفیض کی تعریف: اس کی تعریف میں تین اقوال ہیں: پہلا یہ کہ ''یہ خبر مشہور کے مترادف ہے۔'' دوسرا یہ کہ ''یہ خبر مشہور سے خاص ہے۔'' تیسرا یہ کہ ''یہ خبر مشہور سے عام ہے۔''

دونوں میں فرق: خبر مستفیض میں شرط ہے کہ اس کی سند کی دونوں طرفیں مساوی ہوں جبکہ خبر مشہور میں یہ شرط مفقود ہے۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



## (ہ) فرد مطلق کی تعریف:

اس کی سند کے شروع میں غرابت ہو یعنی جہاں سے سند شروع ہوتی ہو، وہاں ایک ہی راوی ہو۔

فرد نسبی کی تعریف: وہ حدیث جس کے آغاز سند میں ایک سے زیادہ راوی روایت کریں، پھر ان میں سے صرف ایک راوی روایت کرے۔

## (و) طعن سے مراد:

راوی پر طعن سے مراد یہ ہے کہ کوئی زبان سے اس پر گفتگو (جرح) کرے اور اس کے عادل ہونے، اس کے دین نیز اس کے ضبط، حفظ اور بیدار مغز ہونے پر گفتگو کرے۔

اسباب طعن: پانچ اسباب طعن یہ ہیں:

۱-جھوٹ کی تہمت، ۲-فسق، ۳-جہالت، ۴-بدعت، ۵-غفلت

☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



# تنظیم المدارس اہلسنّت پاکستان

## درجہ عالیہ (سال دوم) برائے طلباء 2023ء/۱۴۴۴ھ

### الورقة الثالثة: الفقه

الوقت المحدد: ثلاث ساعات مجموع الارقام: ۱۰۰

نوٹ: کوئی سے تین سوالات حل کریں۔

سوال نمبر 1:-وَإِذَا كَانَ اَحَدُ الْعِوَضَيْنِ اَوْ كِلَاهُمَا مُحَرَّمًا فَالْبَيْعُ فَاسِدٌ كَالْبَيْعِ بِالْمَيْتَةِ وَالدَّمِ وَالْخَمْرِ وَالْخِنْزِيْرِ وَكَذَا اِذَا كَانَ غَيْرَ مَمْلُوْكٍ .

(الف) مذکورہ عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ وتوضیح کریں؟ ۵+۱۰=۱۵

(ب) بیع فاسد اور بیع باطل کی تعریف مع مثال لکھیں نیز بتائیں کہ مدبر اور مکاتب کی بیع، بیع فاسد ہے یا باطل؟ ۵+۵+۵=۱۵

(ج) بیع محاقلہ کی تعریف تحریر کریں؟ ۴

سوال نمبر 2:-ولا يجوز بيع الزيتون بالزيت والسمسم بالشيرج حتى يكون الزيت والشيرج أكثر مما في الزيتون والسمسم فيكون الدهن بمثله والزيادة بالثجير .

(الف) عبارت کا ترجمہ کریں اور صورت مسئلہ بیان کریں؟ ۱۰+۵=۱۵

(ب) کسی چیز کے موزونی یا مکیلی ہونے کا ضابطہ تحریر کریں؟ ۸

(ج) بیع سلم کی شرائط سبعہ قلم بند کریں؟ ۱۰

سوال نمبر 3:-ولا تصح ولاية القاضي حتى يجتمع في المولى شرائط الشهادة ويكون من أهل الاجتهاد .

(الف) مذکورہ عبارت کا ترجمہ وشرائط شہادت تحریر کریں؟ ۱۰+۵=۱۵

(ب) اہل اجتہاد سے کیا مراد ہے؟ فاسق قاضی بننے کا اہل ہے یا نہیں؟ ۱۰

(ج) عہدہ قضاء طلب کرنے کا حکم لکھیں نیز بتائیں قاضی کن لوگوں کا ہدیہ قبول کرسکتا ہے اور کن کا نہیں؟ ۸

سوال نمبر 4:-(الف) "المضاربة" کا لغوی اور اصطلاحی معنی اور اس کے جواز کی دلیل ضبط تحریر میں لائیں؟ ۱۰+۵=۱۵

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



(ب) اجارہ کی تعریف اور اجارہ کی وجودی شرائط سپردِ قلم کریں؟۱۰

(ج) اجیر مشترک اور اجیر خاص کی تعریف مع مثال لکھیں؟۴+۴=۸

☆☆☆☆☆☆☆

## درجہ عالیہ (سال دوم) برائے طلبا ، بابت 2023ء

## تیسرا پرچہ: فقہ

سوال نمبر 1:- وَاِذَا كَانَ اَحَدُ الْعِوَضَيْنِ اَوْ كِلَاهُمَا مُحَرَّمًا فَالْبَيْعُ فَاسِدٌ كَالْبَيْعِ بِالْمَيْتَةِ وَالدَّمِ وَالْخَمْرِ وَالْخِنْزِيْرِ وَكَذَا اِذَا كَانَ غَيْرَ مَمْلُوْكٍ ۔

(الف) مذکورہ عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ و توضیح کریں؟

(ب) بیع فاسد اور بیع باطل کی تعریف مع مثال لکھیں، نیز بتائیں کہ مدبر اور مکاتب کی بیع، بیع فاسد ہے یا باطل؟

(ج) بیع محاقلہ کی تعریف تحریر کریں؟

جوابات: (الف) نوٹ: اعراب سوالیہ حصے میں لگا دیے گئے ہیں۔

ترجمۃ العبارۃ: جب عوضین میں سے کوئی ایک یا دونوں حرام ہوں پس بیع فاسد ہے جیسے بیع کرنا مردار، خون، شراب اور خنزیر کی اور ایسے ہی جب غیر مملوک کی۔

### توضیح:

امام قدوری رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: اگر عوضین یعنی ثمن اور مبیع دونوں حرام ہوں یا ان میں سے کوئی ایک حرام ہو تو ایسی صورت میں بیع فاسد ہوگی جیسے مردار کی یا خون کی یا خنزیر کی خرید و فروخت کرنا۔ صاحب ہدایہ کے نزدیک انہوں نے اختصار سے کام لیا ہے۔ اس کی وضاحت یہ ہے کہ اگر کسی نے کوئی کپڑا خریدا اور مردار یا خون وغیرہ کو ثمن قرار دیا، تو ان صورتوں میں بیع باطل ہوگی لیکن اگر کسی نے شراب یا خنزیر کے عوض کپڑا خریدا تو بیع فاسد ہوگی، کیونکہ مردار اور خون یہ چیزیں کسی کے نزدیک بھی ثمن میں / مال میں شمار نہیں ہوتیں اور خمر اور خنزیر بعض کے نزدیک مال شمار ہوتے ہیں۔ پہلی صورت میں رکن بیع مبادلۃ المال بالمال معدوم ہے اور دوسری صورت میں موجود ہے۔

### (ب) بیع فاسد:

وہ بیع ہے، جو مشروع باصلہ ہو (یعنی مبیع مال متقوم ہو) مگر مشروع بوصفہ نہ ہو (بوصفہ عدم مشروعیت سے مراد یہ ہے کہ فتح عقد کے لوازم یعنی شرائط میں ہو مثلاً ایسی کسی شرط کے ساتھ بیع کرنا، جس کا عقد مقتضی

H_M_Hasnain_Asadi1

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



نہ ہو)

بیع فاسد کا حکم یہ ہے کہ قبضہ کے بعد ملک کا فائدہ دیتی ہے، اور بغیر قبضہ کے ملک کا فائدہ نہیں دیتی۔

## بیع باطل:

وہ بیع ہے، جو نہ باصلہ مشروع ہو، اور نہ بوصفہ (باصلہ عدم مشروعیت سے مراد یہ ہے کہ مال متقوم نہ ہو) جیسے مردار کا فروخت کرنا۔ بیع باطل کا حکم یہ ہے کہ یہ ملک کا فائدہ نہیں دیتی، خواہ مشتری مبیع پر قبضہ کرے یا نہ کرے۔

مدبر کی بیع کا حکم: مدبر کی بیع فاسد ہے۔

مکاتب کی بیع کا حکم: مکاتب کی بیع فاسد ہے۔

فاسد امام قدوری کے نزدیک ہے صاحب ہدایہ کہتے ہیں فاسد کا مفہوم باطل ہے۔

(ج) بیع محاقلہ:

کھیت کی فصل کو اسی جنس کے خشک اناج کے عوض پیمانوں سے بیع کرنے کو محاقلہ کہتے ہیں۔

سوال نمبر 2:- ولا يجوز بيع الزيتون بالزيت والسمسم بالشيرج حتى يكون الزيت والشيرج أكثر مما في الزيتون والسمسم فيكون الدهن بمثله والزيادة بالثجير .

(الف) عبارت کا ترجمہ کریں اور صورت مسئلہ بیان کریں؟

(ب) کسی چیز کے موزونی یا مکیلی ہونے کا ضابطہ تحریر کریں؟

(ج) بیع سلم کی شرائط سبعہ سپرد قلم کریں؟

جواب: (الف) ترجمہ: ''اور زیتون کو اس کے تیل کے عوض بیچنا اور تل کو اس کے تیل کے بدلے بیچنا جائز نہیں ہے حتیٰ کہ روغن زیتون اور تل کا تیل زیتون اور تل میں موجود تیل سے زائد ہو تا کہ ہو جائے تیل تیل کے مثل اور زائد کھل کے مقابل۔''

## مسئلہ کی صورت:

صورتِ مسئلہ یہ ہے کہ اگر کسی نے زیتون کو زیتون کے تیل کے عوض فروخت کیا اور تل کو تیل کے عوض فروخت کیا تو اس بیع کے جائز ہونے کی شرط یہ ہے کہ نکالا ہوا تیل زیتون اور تل (جس سے تیل نہ نکالا گیا ہو) سے زائد ہو، کیونکہ ظاہری بات ہے کہ نکالا ہوا تیل ان میں موجود تیل سے یقیناً زائد ہوگا، تو کچھ تیل تل کے مقابلہ میں ہو جائے گا اور کچھ بھوسا اور کھل کے مقابلہ میں ہو جائے گا۔ لہٰذا ربا کی صورت متحقق نہ ہوگی۔ اگر نکالا ہوا تیل ان میں موجود تیل کے مساوی ہو تو پھر جائز نہیں، کیونکہ زائد تیل چونکہ کسی کا عوض

Madaris News Official

H_M_Hasnain_Asadi

Dars e Nizami All Board Books

نہیں ہوگا تو ربو متحقق ہو جائے گا جو کہ ناجائز ہے۔

(ب) چیز کے موزونی اور مکیلی ہونے کا معیار:

ہر وہ چیز جس میں نبی علیہ السلام نے بطور کیل کمی زیادتی کو حرام فرمایا اور اس میں حرام ہونے کی نص اور صراحت فرمائی تو وہ مکیلی ہے جیسے گندم اور جو وغیرہ۔

ہر وہ چیز جس میں باعتبار وزن کے نبی علیہ السلام نے تفاضل اور زیادتی کے حرام ہونے کی نص اور صراحت فرمائی' تو وہ تا قیامت موزونی ہے اگر چہ لوگوں نے اس میں وزن کرنا چھوڑ دیا جیسے سونا و چاندی وغیرہ۔

(ج) بیع سلم کی شرائط سبعہ:

۱-جنس معلوم ہو، ۲-نوع معلوم ہو، ۳-صفت معلوم ہو، ۴-مقدار معلوم ہو، ۵-وقت معلوم ہو، ۶-راس المال کی مقدار معلوم ہو کہ کیلی ہے یا وزنی یا عددی، ۷-اداء کرنے کی جگہ معلوم ہو۔

سوال نمبر3:-ولا تصح ولاية القاضي حتى يجتمع في المولى شرائط الشهادة ويكون من أهل الاجتهاد .

(الف) مذکورہ عبارت کا ترجمہ، شرائط شہادت تحریر کریں؟

(ب) اہل اجتہاد سے کیا مراد ہے؟ فاسق قاضی بننے کا اہل ہے یا نہیں؟

(ج) عہدہ قضاء طلب کرنے کا حکم لکھیں نیز قاضی کن لوگوں کا ہدیہ قبول کر سکتا ہے اور کن کا نہیں؟

جواب: (الف) ترجمہ: اور (کسی کو) قاضی کی ولایت دینا درست نہیں یہاں تک کہ جمع ہوں اس شخص میں جس کو ولایت دی جا رہی ہے شہادت کی شرائط اور ہو وہ شخص اہل اجتہاد سے۔

شہادت کی شرائط: عقل، بلوغ، اسلام اور عدالت۔

(ب) اہلِ اجتہاد سے مراد:

اہل اجتہاد سے مراد یہ ہے کہ وہ ایسے لوگوں میں ہو جس میں مادہ اجتہاد یعنی مجتہد بننے کی صلاحیت موجود ہو، قرآن وسنت سے مسائل اخذ کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے اور فقہ پر عبور حاصل ہو کہ جس مسئلہ کو چاہے اور جب چاہے معلوم کر سکے یعنی جو علم حدیث میں بھی ماہر ہو اور علم فقہ میں بھی۔

فاسق کا قاضی بننا:

فاسق کا قاضی بننا صحیح اور جائز ہے، کیونکہ وہ شہادت کا اہل ہے، لیکن مناسب یہ ہے کہ فاسق کو قاضی نہ بنایا جائے جیسا کہ قاضی کے لیے فاسق کی گواہی قبول کرنا مناسب نہیں ہے۔

H_M_Hasnain_Asadi
Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



## (ج) عہدہ قضاء طلب کرنے کا حکم:

اگرچہ کسی شخص میں قاضی بننے کی صلاحیت موجود ہے اور وہ عہدہ قضاء کے لائق بھی ہے اور اس کو اپنے اوپر اعتماد بھی ہو کہ وہ امور قضاء کی ادائیگی احسن طریقے سے کر پائے گا، تو پھر بھی عہدہ قضاء طلب کرنا، اس کے لیے مناسب نہیں، کیونکہ نبی علیہ السلام نے فرمایا: ''جس شخص نے عہدہ قضاء طلب کیا تو اسے اس کے نفس کے سپرد کر دیا جاتا ہے۔''

## ہدیہ قبول کرنے کا حکم:

قاضی صرف دو طرح کے آدمی سے ہدیہ قبول کر سکتا:

نمبر ۱- ذی رحم قریبی رشتہ دار سے، کیونکہ قریبی رشتہ دار سے ہدیہ لینے میں صلہ رحمی ہے۔ اگر قبول نہ کیا تو قطع رحمی کا سبب بنے گا۔

نمبر ۲- اس شخص سے بھی ہدیہ لے سکتا ہے کہ عہدہ قضاء پر فائز ہونے سے پہلے جن سے عادتاً لیتا رہتا تھا کہ ایسے شخص سے ہدیہ لینا عادۃً ہوگا عہدہ قضاء کی وجہ سے نہیں۔

سوال نمبر 4:- (الف) ''المضاربۃ'' کا لغوی اور اصطلاحی معنی اور اس کے جواز کی دلیل ضبطِ تحریر میں لائیں؟

(ب) اجارہ کی تعریف اور اجارہ کے وجوب کی شرائط سپردِ قلم کریں؟

(ج) اجیر مشترک اور اجیر خاص کی تعریف مع مثال لکھیں؟

جواب: (الف) مضاربت کا لغوی معنی: زمین میں چلنا، سفر کرنا اس کے لغوی معنی ہیں۔

اصطلاحی معنی: وہ عقدِ شرکت جس میں ایک شریک کا مال ہو اور دوسرا کام کرنے والا ہو۔

جواز کی دلیل: جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اعلانِ نبوت فرمایا تو اس وقت لوگ عقد مضاربت کرتے تھے لیکن آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے منع نہیں فرمایا اور صحابہ کرام بھی عقد مضاربت کرتے تھے۔ ویسے بھی اس کی طرف کثیر حاجت اور ضرورت ہے۔ لوگ اس کی طرف کثیر محتاج ہیں۔ وہ اس طرح کہ بعض کے پاس مال ہے لیکن انہیں تصرف اور تجارت کرنے کا طریقہ نہیں آتا۔ بعض کو تصرف کرنے کا طریقہ تو آتا ہے ان میں اہلیت تو ہوتی ہے لیکن ان کے پاس مال نہیں ہوتا۔ لہٰذا جب ایک کا مال ہوگا اور دوسرا کام و تصرف کرے گا، تو دونوں کی ضرورت پوری ہو جائے گی۔ کسی کا نقصان بھی نہیں ہوگا۔

## (ب) اجارہ کی تعریف:

اجارہ کا لغوی معنی اجرت اور کرایہ ہے جبکہ اصطلاح میں اجارہ یہ ہے کہ کسی سے عوض اور اجرت لے کر اسے منافع کا مالک بنا دینا۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



**وجودی شرائط:**

اجارہ صحیح ہونے کی پہلی وجودی شرط یہ ہے کہ منافع معلوم ہوں اور دوسری وجودی شرط یہ ہے کہ اجرت بھی معلوم ہو۔ اگر مذکورہ دونوں چیزیں معلوم نہ ہوں گی تو جھگڑا و فساد ہوگا۔

**(ج) اجر مشترک کی تعریف:**

وہ شخص جو ایک سے زائد کے لیے کام کرتا ہے، کسی ایک خاص کے لیے نہیں کرتا۔ یہ کام کرنے سے ہی اجرت کا مستحق ہوتا ہے جیسے رنگ ساز۔

**اجیر خاص کی تعریف:**

وہ شخص جو کہ مدت میں اپنے آپ کو سپرد کر دینے کے سبب اجرت کا مستحق ہوتا ہے، چاہے کام کرے یا نہ کرے جیسے بکریاں چرانے والا۔

☆☆☆☆☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



# تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان

## درجہ عالیہ (سال دوم) برائے طلباء 2023ء/۱۴۴۴ھ

## الورقة الرابعة: البلاغة

الوقت المحدد: ثلاث ساعات مجموع الارقام: ۱۰۰

نوٹ: کوئی سے تین سوالات حل کریں۔

سوال نمبر 1:- وَالْمُقَدِّمَةُ مَاخُوْذَةٌ مِنْ مُقَدِّمَةِ الْجَيْشِ لِلْجَمَاعَةِ الْمُتَقَدِّمَةِ مِنْهَا مِنْ قَدَمَ بِمَعْنَى تَقَدَّمَ يُقَالُ مُقَدِّمَةُ الْعِلْمِ وَمُقَدِّمَةُ الْكِتَابِ وَلِعَدَمِ فَرْقِ الْبَعْضِ بَيْنَ مُقَدِّمَةِ الْعِلْمِ وَمُقَدِّمَةِ الْكِتَابِ اَشْكَلَ عَلَيْهِمْ اَمْرَانِ احْتَاجُوْا فِي التَّفَصِّيْ عَنْهُمَا اِلٰى تَكَلُّفٍ۔

(الف) مذکورہ عبارت پر اعراب لگا کر سلیس اردو میں ترجمہ کریں؟ ۵+۱۰=۱۵

(ب) مقدمۃ العلم اور مقدمۃ الکتاب کی تعریف لکھیں نیز بتائیں عدم فرق کی وجہ سے کون سی دو مشکلات لازم آتی ہیں؟ ۳×۵=۱۵

(ج) فصاحت کی اقسام تحریر کریں؟ ۳

سوال نمبر 2:- (الف) مندرجہ ذیل میں سے کوئی سے چار کی تعریفات وامثلہ لکھیں؟ ۴×۵=۲۰

حال، شاہد، تعقید معنوی، مخالفت قیاس، کثرت تکرار

سأطلب بعد الدار عنكم لتقربوا

وتسكب عيناى الدموع لتجمدا

(ب) شعر مذکور کا ترجمہ کریں اور بتائیں کہ یہ کس اصطلاح کی مثال ہے؟ ۸+۴=۱۲

(ج) بلاغت کی اقسام تحریر کریں؟ ۳

سوال نمبر 3:- (الف) "غدائره مستشزرات الى العلٰى" شعر کو مکمل کر کے ترجمہ کریں نیز شاعر کا نام بتائیں؟ ۱۰+۵=۱۵

(ب) تنافر کلمہ کی تعریف کریں نیز بتائیں کہ مستشزرات میں ثقل کا منشاء کون سی چیز ہے؟ مفصل لکھیں؟ ۵+۱۰=۱۵

(ج) مطول کے مصنف کا نام سپرد قلم کریں؟ ۳

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



سوال نمبر 4:- وينحصر المقصود من علم المعاني في ثمانية أبواب انحصار الكل في أجزائه لا الكلي في جزئياته ۔

(الف) علم معانی کی تعریف، موضوع اور غرض وغایت بیان کریں؟ ۴+۴+۴=۱۲

(ب) علم معانی کے تمام ابواب کے نام لکھیں نیز خط کشیدہ سے شارح کی مراد وضاحت کے ساتھ لکھیں؟ ۸+۵=۱۳

(ج) "أما بعد" مطول کی روشنی میں لفظ "بعد" کی تشریح تحریر کریں؟ ۸

☆☆☆

## درجہ عالیہ (سال دوم) برائے طلباء بابت 2023ء

## چوتھا پرچہ: بلاغت

سوال نمبر ۱:- وَالْمُقَدِّمَةُ مَاخُوْذَةٌ مِنْ مُقَدِّمَةِ الْجَيْشِ لِلْجَمَاعَةِ الْمُتَقَدِّمَةِ مِنْهَا مِنْ قَدِمَ بِمَعْنَى تَقَدَّمَ يُقَالُ مُقَدِّمَةُ الْعِلْمِ وَمُقَدِّمَةُ الْكِتَابِ وَلِعَدَمِ فَرْقِ الْبَعْضِ بَيْنَ مُقَدِّمَةِ الْعِلْمِ وَمُقَدِّمَةِ الْكِتَابِ اَشْكَلَ عَلَيْهِمْ اَمْرَانِ احْتَاجُوْا فِي التَّفَصِّيْ عَنْهُمَا اِلَى تَكَلُّفِ ۔

(الف) مذکورہ عبارت پر اعراب لگا کر سلیس اردو میں ترجمہ کریں؟

(ب) مقدمة العلم اور مقدمة الكتاب کی تعریف لکھیں نیز بتائیں عدم فرق کی وجہ سے کون سی دو مشکلات لازم آتی ہیں؟

(ج) فصاحت کی اقسام تحریر کریں؟

(الف) اعراب: اعراب اوپر لگا دیے گئے ہیں۔

ترجمہ: "اور مقدمۃ ماخوذ ہے مقدمة الجيش سے اور مقدمة الجيش لشکر کی وہ جماعت اور گروہ ہے جو اس سے مقدم ہوتا ہے۔ قدم سے مشتق ہے لیکن تقدم (فعل لازم) کے معنی میں ہے۔ کہا جاتا ہے کہ (مقدمۃ کی دو قسمیں ہیں) مقدمة العلم اور مقدمة الكتاب۔ مقدمة العلم اور مقدمة الكتاب کے درمیان بعض لوگوں کے فرق نہ کرنے کی وجہ سے ان پر دو امر مشکل ہو گئے جن سے خلاصی کرنے میں وہ تکلف کے محتاج ہوئے۔"

(ب) مقدمۃ العلم کی تعریف: جس پر علم کے مسائل میں شروع ہونا موقوف ہو جیسے تعریف، موضوع اور غرض کا بیان۔

مقدمۃ الکتاب کی تعریف: کلام کا وہ طائفہ جو مقصد سے پہلے ہو اور مقصود میں نفع مند ہو۔

دو مشکلات: جو لوگ مقدمۃ الکتاب اور مقدمۃ العلم میں فرق نہیں کرتے ان پر درج ذیل دو

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



مشکلات لازم آئیں گی:

نمبر۱- پہلا امر مشکل یہ ہے کہ مقدمۃ العلم وہ ہوتا ہے جس پر علم میں شروع ہونا موقوف ہو حالانکہ صاحب مفتاح نے اسے آخر میں ذکر کیا۔ اگر علم میں شروع ہونا اس پر موقوف ہوتا' تو صاحب مفتاح اسے آخر میں ذکر نہ کرتے۔ اب آپ پر لازم ہے کہ اس کی وضاحت اور بیان کرو کہ کس پر موقوف ہے؟ تمہاری بات اور صاحب مفتاح کی باتوں میں تعارض ہے۔ اس تعارض کو کیسے دور کرو گے؟

نمبر۲- دوسرا امر مشکل یہ ہے کہ رسالہ شمسیہ میں ہے کہ "المقدمة في حد العلم والغرض منه وموضوعه" اب مقدمۃ سے مراد بھی تعریف، موضوع اور غرض کا بیان ہے اور فی حرف کی مدخول بھی ذہنی چیزیں ہیں۔ تو ظرفیۃ الشئی فی نفسہ لازم آ گیا کہ ظرف بھی وہی اور مظروف بھی اور یہ باطل ہے' کیونکہ ظرف اور مظروف میں تغائر ہوتا ہے۔ لہٰذا اس کا جواب کیا ہوگا۔

(ج) فصاحت کی اقسام:

فصاحت کی اقسام درج ذیل ہیں:

(۱) فصاحۃ فی المفرد، (۲) فصاحت فی الکلام، (۳) فصاحت فی المتکلم۔

سوال نمبر 2:- (الف) مندرجہ ذیل کی تعریفات و امثلہ لکھیں؟

حال، شاہد، تعقید معنوی، مخالفت قیاس، غرابت، تنافر کلمات

سأطلب بعد الدار عنكم لتقربوا وتسكب عيناى الدموع لتجمدا

(ب) شعر مذکور کا ترجمہ کریں اور بتائیں کہ یہ کس اصطلاح کی مثال ہے؟

(ج) بلاغت کی اقسام تحریر کریں؟

جواب: (الف) تعریفات و امثلہ:

حال کی تعریف: حال وہ امر ہے جو متکلم کو مخصوص کیفیت پر کلام کرنے پر ابھارے جیسے مخاطب کا منکر ہونا حال ہے اور تاکیدی کلام پر ابھارتا ہے۔

شاہد کی تعریف: وہ جزئی جو قاعدہ کو ثابت کرنے کے لیے ذکر کی جائے جیسے کتاب اللہ، سنت یا معتمد عربوں کا کلام۔

تعقید معنوی کی تعریف: انتقال میں خلل کی وجہ سے کلام اگر اپنے مرادی معنی پر ظاہر الدلالۃ نہ ہو' تو اسے تعقید معنوی کہتے ہیں جیسے

ساطلب بعد الدار عنكم لتقربوا وتكسب عيناى الدموع لتجمدا

مخالفت قیاس کی تعریف: کلمہ کا صرفی قانون کے خلاف ہونا جیسے اجلل (بغیر ادغام کے)

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

کثرتِ تکرار کی تعریف: تکرار کا مطلب ہے کہ ایک دفعہ ذکر ہو جانے کے بعد شی ء کا دوبارہ ذکر کرنا اور کثرت سے مراد ما فوق الواحد ہے جیسے سبوح لها منها عليها شواهد۔

(ب) شعر کا ترجمہ:

''عنقریب میں تم سے گھر کی دوری طلب کروں گا تا کہ تم قریب ہو جاؤ اور میری آنکھیں آنسو بہاتی ہیں تا کہ وہ خوش ہو جائیں۔''

ممثل: یہ شعر تعقید معنوی کی مثال ہے۔

(ج) بلاغت کی اقسام:

بلاغت کی دو قسمیں یہ ہیں: ۱- بلاغة في الكلام، ۲- بلاغة في المتكلم

سوال نمبر3:-(الف) ''غدائره مستشزرات الى العلىٰ'' شعر کو مکمل کر کے ترجمہ کریں نیز شاعر کا نام بتائیں؟

(ب) تنافر کلمہ کی تعریف کریں نیز بتائیں کہ مستشـــــــزرات میں ثقل کا منشاء کون سی چیز ہے؟ مفصل لکھیں؟

(ج) مطول کے مصنف کا نام سپردِ قلم کریں؟

جواب: (الف) مکمل شعر:

غدائره مستشزرات الى العلى تضل العقاص في مثنى ومرسل

ترجمہ: ''اس کی مینڈیاں اوپر کو اٹھی ہوئی ہیں اور غائب ہو جاتا ہے بالوں کا جونڈا لٹکے ہوئے اور گوندھے ہوئے بالوں میں۔''

شاعر کا نام: امرء القیس۔

(ب) تنافر کلمہ کی تعریف:

کلمہ میں ایسا وصف کا ہونا جو کلمہ کو زبان پر ثقیل اور نطق کو مشکل بنا دے جیسے مستشزرات۔

ثقل کا منشاء:

بعض لوگوں نے کہا: مستشـــــزرات میں ثقل کا منشاء شین کا زاء اور تاء کے درمیان آنا ثقل کا باعث ہے۔ بعض نے کہا: قریب المخارج حروف کا اجتماع ثقل کا منشاء ہے لیکن صاحب مطول فرماتے ہیں: ثقل کا کوئی خاص ضابطہ نہیں جس کو ذوق سلیم مشکل جانے اور اس کے تلفظ کو مشکل سمجھے وہ کلمہ متنافر ہوگا خواہ قریب المخارج حروف کے اجتماع کی وجہ سے ہو یا بعید المخارج حروف کے اجتماع کی وجہ سے یا اس کے علاوہ کسی اور وجہ سے۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books


(ج) مطول کے مصنف کا نام: عمر بن مسعود المعروف سعد الدین تفتازانی۔

سوال نمبر 4:- وینحصر المقصود من علم المعانی فی ثمانیة أبواب انحصار الکل فی أجزائه لاالکلی فی جزئیاته ۔

(الف) علم معانی کی تعریف، موضوع اور غرض وغایت بیان کریں؟

(ب) علم معانی کے تمام ابواب کے نام لکھیں نیز خط کشیدہ سے شارح کی مراد وضاحت کے ساتھ لکھیں؟

(ج) "أما بعد" مطول کی روشنی میں لفظ "بعد" کی تشریح تحریر کریں؟

## جواب: (الف) علم معانی کی تعریف:

وہ علم جس کے باعث لفظ عربی کے ایسے احوال معلوم ہوں جو لفظ کو مقتضیٰ الحال کے مطابق کر دیں۔

موضوع: بلغاء کی تراکیب اس حیثیت سے کہ وہ مقتضیٰ الحال کے مطابق ہوں۔

غرض: کلام کو مقتضیٰ الحال کے مطابق کرنے میں غلطی سے بچنا۔

## (ب) علم معانی کے ابواب:

علم معانی کے ابواب ثمانیہ کے نام درج ذیل ہیں:

(۱) احوال اسناد خبری، (۲) احوال مسند الیہ، (۳) احوال مسند، (۴) احوال متعلقات فعل، (۵) قصر، (۶) انشاء، (۷) فصل ووصل، (۸) ایجاز اطناب اور مساوات۔

## خط کشیدہ کی وضاحت:

انحصار کی دو قسمیں ہیں:

(۱) انحصار الکل فی الاجزاء، (۲) انحصار الکلی فی الجزئیات۔

شارح نے عبارت نکال کر اس بات کی طرف اشارہ کیا ہے کہ اس جگہ انحصار کی پہلی قسم یعنی انحصار الکل فی الاجزاء ہے۔ انحصار الکلی فی الجزئیات ہے، کیونکہ کلی کا حمل اپنے جزئیات پر جائز ہے جیسے کہا جاتا ہے زید انسان، خالد انسان۔ اگر اس جگہ انحصار سے مراد انحصار الکلی فی الجزئیات ہیں تو پھر علم معانی کا ہر باب پر صادق آنا لازم آئے گا اور یہ باطل ہے۔

## (ج) "أما بعد" کی نحوی تحقیق:

لفظ "بعد" ظروف زمانیہ سے ہے اور اضافت سے منقطع ہونے کی وجہ سے مبنی بر ضم ہے۔ أَمَّا بَعْدُ اصل میں مـمـا یکن من شیٔء بعد الحمد والصلوٰة تھا، مـما یکن من شیٔء کو حذف کیا اور اس کے عوض اَمَّا لائے اور پھر بـعـد الـحمد والصلوٰة کے مضاف الیہ کو حذف کیا اور مبنی بر ضمہ کیا تو "اَمَّا بَعْدُ" ہو گیا۔

H_M_Hasnain_Asadi
Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



# تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان

## درجہ عالیہ (سال دوم) برائے طلباء 2023ء/۱۴۴۴ھ

## الورقة الخامسة: الفلسفة والمناظرة

الوقت المحدد: ثلاث ساعات مجموع الارقام: ۱۰۰

نوٹ: ہر حصہ سے دو دو سوال حل کریں؟

### حصہ اوّل......فلسفہ

سوال نمبر 1:-الهيولى لاتتجرد عن الصورة .

(الف) عبارت میں مذکورہ دعویٰ پر دلیل پیش کریں؟ ۱۰

(ب) درج ذیل اصطلاحات کی تعریف تحریر کریں؟ ۱۵

ہیولیٰ، صورۃ جسمیہ، سطح جوہر، جزء لا یتجزیٰ، حرکت

سوال نمبر 2:-فصل في ابطال الذي لا يتجزى .

(الف) مذکورہ عبارت کی تشریح کریں؟ ۵

(ب) مذکورہ دعویٰ پر کوئی ایک دلیل پیش کریں؟ ۱۰

(ج) جسم کے متعلق متکلمین، اشراقین اور مشائین کا مسلک واضح کریں؟ ۱۰

سوال نمبر 3:- (الف) عرض کی اقسام بیان کریں اور کسی تین کی تعریفات مع امثلہ سپرد قلم کریں؟ ۱۵

(ب) حرکت کی اقسام اربعہ مع امثلہ تحریر کریں؟ ۱۰

### حصہ دوم......مناظرہ

سوال نمبر 4:-اَلْحَمْدُ هُوَ الْوَصْفُ بِالْجَمِيْلِ عَلَى الْجَمِيْلِ الْاِخْتِيَارِىْ حَقِيْقَةً اَوْ حُكْمًا كَصِفَاتِ الْبَارِىْ تَعَالٰى وَاللَّامُ فِيْهِ لِلْجِنْسِ اَوْ لِلْاِسْتِغْرَاقِ وَيَحْتَمِلُ اَنْ يَّكُوْنَ لِلْعَهْدِ اِشَارَةً اِلَى الْحَمْدِ الْمَحْبُوْبِ وَالْمَرْضِيِّ لَهٗ تَعَالَى الْمَذْكُوْرِ فِىْ قَوْلِهٖ عَلَيْهِ الصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ اَضْعَافُ مَا حَمِدَهٗ خَلْقُهٗ كَمَا يُحِبُّهٗ وَيَرْضَاهُ .

(الف) عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟ ۵+۱۰=۱۵

(ب) عبارت کی تشریح اس انداز سے کریں کہ شارح کی غرض واضح ہو جائے؟ ۱۰

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



سوال نمبر 5:- المناظرة توجه المتخاصمين في النسبة بين الشيئين اظهار اللصواب ۔

(الف) عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟ ۵+۵=۱۰

(ب) مناظرہ کا لغوی معنی بیان کرنے کے بعد اس کی کوئی تین وجوہ تسمیہ تحریر کریں؟ ۱۰

(ج) مجادلہ اور مکابرہ کی تعریف کریں؟ ۵

سوال نمبر 6:- (الف) معارضہ اور اس کی اقسام کی تعریفات وامثلہ سپردِ قلم کریں؟ ۱۵

(ب) درج ذیل اصطلاحات میں سے کسی تین کی تعریفات زینت قرطاس کریں؟ ۱۰

تصحیح نقل، مدعی، سائل، دعویٰ، دلیل

☆☆☆

## درجہ عالیہ (سال دوم) برائے طلباء بابت 2023ء

## پانچواں پرچہ: فلسفہ ومناظرہ

### حصہ اوّل: فلسفہ

سوال نمبر 1:- الهيولى لاتتجرد عن الصورة ۔

(الف) عبارت میں مذکورہ دعویٰ پر دلیل پیش کریں؟

(ب) درج ذیل اصطلاحات کی تعریف تحریر کریں؟

هیولی، صورۃ جسمیہ، سطح جوہر، جزءلا یتجزی، حرکت

**جواب: (الف) عبارت میں مذکورہ دعویٰ پر دلیل:**

ہیولیٰ کا صورت جسمیہ کے بغیر ذات وضع ہو کر پایا جانا اس لیے باطل ہے کہ اگر وہ بغیر صورت جسمیہ کے ذات وضع ہو کر پایا جائے تو دو حال سے خالی نہیں ہے کہ قابل تقسیم ہوگا یا نہیں۔ قابل تقسیم نہ ہونا باطل، کیونکہ یہ ذات وضع ہے اور ذات وضع قابل تقسیم ہوتی ہے۔ قابل تقسیم ہونا بھی باطل ہے، اس لیے کہ اگر وہ قابل تقسیم ہو، تو تین حال سے خالی نہ ہوگا یعنی فقط ایک جہت یعنی طول میں تقسیم کو قبول کرے گا یا دو جہتوں یعنی طول وعرض میں تقسیم کو قبول کرے گا یا تینوں جہتوں یعنی طول، عرض اور عمق میں تقسیم کو قبول کرے گا۔ بصورت اول وہ خط ہوگا اور خط بھی جوہری، کیونکہ ہیولیٰ جوہری ہی کو کہتے ہیں، بصورت ثانی وہ سطح جوہری ہوگا اور بصورت ثالث وہ جسم ہوگا۔ یہ تینوں صورتیں باطل ہیں۔ پس معلوم ہوا کہ ہیولیٰ کا صورت جسمیہ کے بغیر پایا جانا محال ہے اور یہی ہمارا مطلوب اور دعویٰ تھا۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books


## (ب) اصطلاحات کی تعریفات:

ہیولی کی تعریف: جسم میں وہ جوہر ہے جو اس جسم کے عارض ہونے والے اتصال وانفصال کو قبول کرتا ہے اور صورتِ جسمیہ وصورت نوعیہ کا محل ہے۔

صورتِ جسمیہ کی تعریف: وہ جوہر متصل بسیط کہ جس کے محل کا وجود اس کے بغیر نہ ہو ابعاد ثلاثہ کو قبول کرنے والا ہو اور بادی النظر میں جسم مدرکہ ہو۔

سطح جوہری کی تعریف: جو انقسام کو طول اور عرض میں قبول کرے عمق میں نہیں۔

جزء الذی لایتجزی کی تعریف: وہ ذو وضع جوہر جو انقسام کو اصلاً ہی قبول نہ کرتا ہو۔

حرکت کی تعریف: دو جسم کا قوق سے بتدریج فعل کی طرف نکلنا۔

سوال نمبر 2:-فصل فی ابطال الذی لا یتجزی.

(الف) مذکورہ عبارت کی تشریح کریں؟

(ب) مذکورہ دعویٰ پر کوئی ایک دلیل پیش کریں؟

(ج) جسم کے متعلق متکلمین، اشراقین اور مشائین کا مسلک واضح کریں؟

جواب: (الف) عبارت کی تشریح: یہ کتاب تین قسموں پر مشتمل ہے: منطق، طبیعات اور الٰہیات پر۔ دوسری قسم طبیعات میں ہے جو تین فنون پر مشتمل ہے: فن اول دس فصلوں پر مشتمل ہے۔ فصل اوّل جزء الذی لایتجزی کے بطلان میں ہے۔ جزء الذی لایتجزی کا دوسرا نام جواہر فردہ ہے۔ تعریف اوپر گزر گئی۔ مصنف نے چونکہ مشائیوں کا مذہب اختیار کیا ہے کہ اس نے متکلمین کی رائے کو دو دلیلیں دے کر باطل کیا ہے۔

## (ب) مذکورہ دعویٰ پر دلیل:

جزء الذی یا یتجزی باطل ہے۔ اس پر دلیل یہ ہے کہ ہم تین جزء لیتے ہیں، ان میں سے دو کو نیچے رکھیں اور تیسری کو دونوں کے ملتقی پر رکھتے ہیں۔ اب ہم پوچھتے ہیں: یہ درمیان والی جزء تلاقی طرفین سے مانع ہے یا نہیں؟ اگر تم کہو کہ مانع نہیں ہے تو پھر تداخل اجزاء لازم آئے گا جو کہ باطل ومحال ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ وسط وسط نہ رہے گا اور طرف طرف نہ رہے گی۔ یہ خلاف مفروض ہے، کیونکہ ہم نے ان کو وسط اور طرفین فرض کیا تھا۔ اگر درمیان والا جزء تلاقی طرفین سے مانع ہے تو پھر اس کی تقسیم ہوگئی۔ وہ اس طرح کہ اس جزء کا وہ حصہ جو ایک طرف کو ملا ہوا ہے وہ غیر ہو اس کا جو دوسری طرف کو ملا ہوا ہے۔ اپنی دونوں طرفوں میں بھی تقسیم ہوگئی کہ طرف کا ہر وہ حصہ جو جزء، وسط سے ملا ہوا ہو وہ غیر ہے اس کا جو وسط سے نہیں ملا۔ معلوم ہوا کہ جزء الذی لا یتجزی باطل ہے۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



### (ج) جسم کے متعلق مسلک:

متکلمین کے نزدیک جسم سے مراد جسم طبعی حقیقت کی بناء ہے۔اشراقیوں کے نزدیک جسم دونوں میں مشترک لفظی ہے یعنی ہر ایک کے لیے الگ الگ وضع ہے۔مشائیوں کے نزدیک جسم دونوں میں مشترک معنوی ہے یعنی وضع عام مفہوم ہے اور ابعاد ثلاثہ یعنی طول، عرض اور عمق کے لیے ہے۔

سوال نمبر 3:-(الف) عرض کی اقسام بیان کریں اور کسی تین کی تعریفات مع امثلہ سپرد قلم کریں؟

(ب) حرکت کی اقسام اربعہ مع امثلہ تحریر کریں؟

### جواب: (الف) عرض کی اقسام اور تین کی تعریفات:

عرض کی اقسامِ تسعہ درج ذیل ہیں:

کم، کیف، اضافت، اَینَ، ملک، فعل، انفعال، متٰی، وضع۔

کم کی تعریف: وہ عرض جو لذاتہ تقسیم کو قبول کرے جیسے مقدار۔

کیف کی تعریف: وہ عرض جو تقسیم کا تقاضا نہ کرے جیسے صفرۃ الذھب۔

اضافت کی تعریف: وہ ہیئت جو غیر کی طرف نسبت کرتے ہوئے شی ء کو حاصل ہو جیسے ابوۃ بنوۃ۔

### (ب) حرکت کی چار اقسام:

حرکت: اپنی قوت سے ایک چیز کا دوسری چیز کی طرف آہستہ آہستہ جانا، حرکت ہے۔

حرکت کی اقسام: حرکت کی اقسام اربعہ کی تعریفات درج ذیل ہیں:

۱-حرکت فی الکم: یعنی جسم کا بڑھنا اور سمٹنا۔

۲-حرکت فی الکیف: یعنی کسی جسم کا ایک حالت سے دوسری حالت کی طرف منتقل کرنا اور بدلنا جیسے پانی کا گرم اور ٹھنڈا ہونا۔

۳-حرکت فی الاین: یعنی کسی جسم کا ایک مقام سے دوسرے مقام کی طرف آہستہ آہستہ منتقل ہونا۔

۴-حرکت فی الوضع: جسم کے اجزاء مکان کے اجزاء سے مختلف ہو جائیں مگر جسم کا کل اسی مکان میں رہے جیسے گیند کا حرکت کرنا۔

حرکت کی یہ چاروں اقسام عرضیہ ہیں۔

## حصہ دوم: مناظرہ

سوال نمبر 4:-اَلْحَمْدُ هُوَ الْوَصْفُ بِالْجَمِيْلِ عَلَى الْجَمِيْلِ الْاِخْتِيَارِیْ حَقِيْقَةً اَوْ

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



حُكْمًا كَصِفَاتِ الْبَارِئ تَعَالٰى وَاللَّامُ فِيْهِ لِلْجِنْسِ اَوْ لِلْاِسْتِغْرَاقِ وَيَحْتَمِلُ اَنْ يَكُوْنَ لِلْعَهْدِ اِشَارَةً اِلَى الْحَمْدِ الْمَحْبُوْبِ وَالْمَرْضِيِّ لَهٗ تَعَالٰى الْمَذْكُوْرِ فِيْ قَوْلِهٖ عَلَيْهِ الصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ اَضْعَافَ مَا حَمِدَهٗ خَلْقُهٗ كَمَا يُحِبُّهٗ وَيَرْضَاهُ .

(الف) عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟

(ب) عبارت کی تشریح اس انداز سے کریں کہ شارح کی غرض واضح ہو جائے؟

جواب: (الف) اعراب: اعراب اوپر لگا دیے گئے ہیں:

ترجمہ: ''حمد وہ اچھی صفت ہے جو کسی کی اختیاری خوبی پر بیان کی جائے حقیقتاً ہو یا حکماً جیسے صفات باری تعالیٰ۔ اس میں الف لام جنس کے لیے ہے یا استغراق کے لیے۔ یہ بھی احتمال ہے کہ عہد کے لیے اس حمد کی طرف اشارہ کرنے کے لیے جو اللہ تعالیٰ کو محبوب اور پسند ہے اور نبی علیہ السلام کے اس فرمان میں مذکور ہے "تمام تعریفیں اللہ کے لیے دوگنا حمد جو اس کی مخلوق نے کی جیسی اللہ کو پسند اور محبوب ہے۔''

عبارت کی تشریح:

اس عبارت میں شارح نے الحمد للہ میں الف لام کے بارے میں بحث کی ہے کہ الحمد کے الف لام میں تین احتمال ہیں:

نمبر ۱- الف لام جنسی بھی ہو سکتا ہے۔ پھر مطلب ہو گا کہ جنس حمد اللہ کے لیے۔

نمبر ۲- استغراقی بھی ہو سکتا ہے۔ پھر مطلب ہو گا کہ حمد کا ہر ہر فرد اللہ تعالیٰ کے لیے ہے۔

نمبر ۳- عہد خارجی بھی ہو سکتا ہے۔ الف لام عہد خارجی کا اشارہ چونکہ معین فرد کی طرف ہوتا ہے اس لیے اس بناء پر اس کا اشارہ اس حمد خاص کی طرف ہو گا جو اللہ تعالیٰ کو محبوب و پسند ہے، جس کا ذکر نبی علیہ السلام کے اس فرمان میں ہوا "الحمد لله اضعاف ما حمده خلقه كما يحبه ويرضاه" اب اعتراض نہ ہو گا کہ عہد خارجی بنانے کی صورت میں اس کا معہود لہ کیا ہو گا۔ لفظ حمد کا معنیٰ بیان کرنا بھی غرض شارح میں شامل ہے۔

سوال نمبر 5:- المناظرة توجه المتخاصمين في النسبة بين الشيئين اظهار اللصواب .

(الف) عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟

(ب) مناظرہ کا لغوی معنیٰ بیان کرنے کے بعد اس کی کوئی تین وجوہ تسمیہ تحریر کریں؟

(ج) مجادلہ اور مکابرہ کی تعریف کریں؟

(الف) اعراب و ترجمہ: اعراب اوپر لگا دیے گئے ہیں۔

ترجمہ: ''اظہار صواب کے لیے دو چیزوں کے درمیان نسبت میں متخاصمین کا متوجہ ہونا مناظرہ ہے۔''

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



## (ب) مناظرہ کا لغوی معنی اور وجوہ تسمیہ:

مناظرہ نظیر سے مشتق یا نظر سے مشتق ہے اور نظر کا معنی ہے دیکھنا۔

پہلی وجہ تسمیہ: نظیر کا معنی ہے ہم مثل۔ تو مناظرہ کو مناظرہ اس لیے کہتے ہیں: اس میں دونوں مناظر ہم مثل ہوتے ہیں۔

دوسری وجہ تسمیہ: مناظرہ اگر نظر بمعنی ابصار سے مشتق ہو، تو پھر اسے مناظرہ اس لیے کہتے ہیں مناظرہ میں دونوں مناظر اتنے قریب ہوں کہ ایک دوسرے کو آسانی سے دیکھ سکیں۔

تیسری وجہ تسمیہ: مناظرہ اگر نظر بمعنی التفات النفس الی المعقولات سے مشتق ہو تو پھر اسے مناظرہ اس لیے کہتے ہیں مناظرین سے ہر ایک بات کرنے سے پہلے اپنی بات میں تامل کرتا ہے غور و فکر کرتا ہے۔

## (ج) مجادلہ کی تعریف:

یہ مناظرت ہی ہے جس میں اظہار حق مقصود نہیں ہوتا بلکہ خصم کو الزام دینا مقصود ہوتا ہے۔

مکابرہ کی تعریف: ایسا منازعت کہ جس سے نہ تو اظہار حق مقصود ہوتا ہے اور نہ خصم کو الزام دینا مقصود ہوتا ہے۔

سوال نمبر 6:- (الف) معارضہ اور اس کی اقسام کی تعریفات و امثلہ سپرد قلم کریں؟

(ب) درج ذیل اصطلاحات کی تعریفات زینت قرطاس کریں؟

تصحیح نقل، مدعی، سائل، دعویٰ، دلیل

## جواب: (الف) معارضہ کی تعریف:

معارضہ یہ ہے کہ ایک خصم نے اپنے دعویٰ پر دلیل قائم کی ہو، تو دوسرا خصم اس کے خلاف دلیل قائم کرے اس کے خلاف دلیل قائم کرنا عام ہے، خصم کے دعویٰ کے منافی ہو، خواہ اس کی نقیض کی نقیض ہو، یا مساوی نقیض ہو، یا اس سے اخص ہو اور مطلقاً مغایر ہونا ضروری نہیں ہے۔

## (ب) معارضہ کی اقسام:

معارضہ کی تین اقسام ہیں، جو درج ذیل ہیں:

۱- معارضہ بالقلب: تعریف: معلل کی دلیل کے خلاف معارض دلیل قائم کرے، مگر بظاہر دونوں دلیلیں مادہ اور صورت کے اعتبار پر متحد نظر آئیں۔

مثال: معارض بالقلب کی مثال جیسے حنفی کہے:

مسح وضوء کے ارکان میں سے ایک رکن ہے جیسے چہرے کو دھونا ارکان وضوء سے ایک رکن ہے، مسح صرف اتنا کافی نہیں کہ چند بالوں پر مسح ہو جائے جسے مسح کہا جا سکے جیسے چہرے کا دھونا اتنا کافی نہیں کہ اس

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



پر صرف غسل کا اطلاق ہو سکے۔

۲۔معارضہ بالمثل: تعریف: معلل جو دلیل پیش کرے، اسی کی مثل معارض دلیل پیش کرے یعنی دونوں کی دلیلیں صورت کے لحاظ پر متحد ہوں، مادہ کے لحاظ پر متحد نہ ہوں اور دونوں کی دلیلیں حکم کے اعتبار سے ایک دوسرے کے مخالف ہوں گی، تب ہی معارضہ ثابت ہوگا۔

مثال: معلل حدوث عالم پر دلیل پیش کرے: "العالم محتاج الی المؤثر" "و کل محتاج الی المؤثر حادث" نتیجہ یہ آئے گا: "العالم حادث" معارض اس کے خلاف عالم کے قدیم ہونے پر یوں دلیل پیش کرے: العالم مستغن عن المؤثر، و کل مستغن عن المؤثر قدیم، نتیجہ آئے گا: "العالم قدیم" دونوں دلیلیں صورت کے لحاظ سے متحد ہیں، اس لیے کہ دونوں شکل اوّل اور مادہ دونوں کا علیحدہ علیحدہ ہے۔

۳۔معارضہ بالغیر: تعریف: معلل جو دلیل پیش کرے معارض اس کے خلاف دلیل قائم کرے، دونوں دلیلوں کا مادہ اور صورت ایک نہ ہو۔

مثال: معلل یوں کہے: العالم محتاج الی المؤثر و کل محتاج الی المؤثر حادث، فالعالم حادث ۔ معارض اس کے خلاف دلیل یوں قائم کرے: "لو کان العالم حادثا اما کان مستغنیا لکنه مستغن فلیس بحادث" دونوں دلیلیں ایک دوسرے کے معارض ہیں۔دونوں کا مادہ اور صورت ایک نہیں، پہلی دلیل قیاس اقترانی شکل اوّل ہے اور دوسری دلیل قیاس شرطی اتصالی (استثنائی) ہے۔

## (ب) اصطلاحات کی تعریفات:

تصحیح نقل کی تعریف: اس قول کی نسبت کے صدق کو بیان کرنا کہ جس قول کی نسبت منقول عنہ کی طرف کی گئی ہو۔

مدعی کی تعریف: وہ شخص جو اپنے آپ کو اثباتِ حکم کے لیے قائم کرے۔

سائل کی تعریف: وہ شخص جو مدعی کے حکم کی نفی کرنے کے درپے ہو۔

دعویٰ کی تعریف: ایسا قضیہ جو حکم پر مشتمل ہو، دعویٰ کہلاتا ہے۔

دلیل کی تعریف: وہ جو دو قضیوں سے مرکب ہو اور مجہول نظری تک پہنچا دے۔

☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



# تنظیم المدارس اہلسنّت پاکستان

## درجہ عالیہ (سال دوم) برائے طلباء 2023ء/۱۴۴۴ھ

## الورقة السادسة: الأدب العربی

الوقت المحدد: ثلاث ساعات مجموع الارقام: ۱۰۰

نوٹ: تمام سوالات حل کریں جزوی رعایت سوالات کے اجزاء میں موجود ہے۔

### القسم الأول...... دیوان الحماسه

سوال نمبر 1:- مندرجہ ذیل میں سے صرف چار اشعار کا سلیس اردو میں ترجمہ کریں اور خط کشیدہ پانچ صیغے مکمل طور پر حل کریں؟ (۲۰+۱۰=۳۰)

(۱) ولم یبق سوى العدوان — دناهم كما دانوا

(۲) فدت نفسي وما ملكت يميني — فوارس صدقت فيهم ظنوني

(۳) ولم ندر ان حضنا من الموت حيضة — كم العمر باق والمدى متطاول

(۴) فأبت الى فهم ولم آك آيبا — وكم مثلها فارقتها وهي تصفر

(۵) ومبرء من كل غبر حيضة — وفساد مرضعة وداء مغيل

سوال نمبر 2:- مندرجہ ذیل میں سے چار اشعار کا سلیس اردو میں ترجمہ کریں نیز خط کشیدہ شعر پر اعراب لگائیں؟ (۲۰+۱۰=۳۰)

(۱) اذا ما ابتدرنا مازقا فرجت لنا — بأيماننا بيض جلتها الصياقل

(۲) وانا لقوم مايرى القتل سبة — اذا مارأته عامر وسلول

(۳) صفونا ولم نكدر وأخلص سرنا — أناث أطابت حملنا وفحول

(۴) وما اخمدت نار لنا دون طارق — ولا ذمنا في النازلين نزيل

(۵) وأيامنا مشهورة في عدونا — لها غرر معلومة وحجول

### القسم الثانی...... دیوان المتنبی

سوال نمبر 3:- مندرجہ ذیل میں سے صرف تین اشعار کا سلیس اُردو میں ترجمہ کریں اور خط کشیدہ میں سے پانچ کے واحد اور جمع لکھیں؟ (۱۵+۵=۲۰)

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



(۱) عجب الوشاة من اللحاة وقولهم    دع ما نراك ضعفت عن أخفائه
(۲) واذا نظرت الى الجبال رأيتها    فوق السهول عواسلا وقواضبا
(۳) قد عسكرت معها الرزايا عسكرا    وتكتبت فيها الرجال كتائبا
(۴) وبسمن عن برد خشيت أذيبه    من حر أنفاسى فكنت الذائبا
(۵) أظمتنى الدنيا فلما جئتها    مستسقيا مطرت على مصائبا

سوال نمبر 4:- مندرجہ ذیل میں سے صرف تین اشعار کا سلیس اردو میں ترجمہ کریں اور خط کشیدہ الفاظ میں سے پانچ کے معانی لکھیں؟ (۱۵+۵=۲۰)

(۱) وعجاجة ترك الحديد سوادها    زنجا تبسم أو قذالا شائبا
(۲) من للسيوف بأن يكون سميها    فى أصله وفرنده ووفائه
(۳) من الجاذر فى زى الأعاريب    حمر الحلى والمطايا والجلابيب
(۴) حسن الحضارة مجلوب بتطرية    وفى البداوة حسن غير مجلوب
(۵) أين المعيز من الآرام ناظرة    وغير ناظرة فى الحسن والطيب

☆☆☆

## درجہ عالیہ (سال دوم) برائے طلباء بابت 2023ء

## چھٹا پرچہ: عربی ادب

### القسم الأول...... ديوان الحماسه

سوال نمبر 1:- مندرجہ ذیل اشعار کا سلیس اردو میں ترجمہ کریں اور خط کشیدہ پانچ صیغے مکمل طور پر حل کریں؟

(۱) ولم يبق سوى العدوان    دناهم كما دانوا
(۲) فدت نفسى وما ملكت يمينى    فوارس صدقت فيهم ظنونى
(۳) ولم ندران حضنا من الموت حيضة    كم العمر باق والمدى
(۴) فأبت الى فهم ولم أك ائبا    وكم مثلها فارقتها وهى تصفر
(۵) ومبرء من كل غبر حيضة    وفساد مرضعة وداء مغيل

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



جواب: ترجمۃ الاشعار:

۱- ظلم وزیادتی کے سوا کچھ باقی نہ رہا، تو ہم نے انہیں ان کے کیے کا بدلہ دیا۔

۲- میری جان اور میرا سب مال نثار ان شہسواروں پر! جن کے بارے میں میرے خیالات سچے ہوئے۔

۳- اگر ہم موت سے بھاگیں تو معلوم نہیں کتنی عمر باقی ہے اور زندگی کتنی لمبی ہے۔

۴- پھر میں (اپنی قوم) فہم کے پاس آیا حالانکہ میں واپس آنے والا نہ تھا، اس مصیبت جیسی بہت سی مصیبتوں کو میں نے اپنے آپ سے علیحدہ کیا اور موت شور مچاتی۔

۵- وہ نوجوان جو حیض کے اختتامی ایام کے جماع، دودھ پلانے والی کے نقص دودھ اور رضاعت کے دنوں میں جماع شدہ عورت کی بیماری سے پاک تھا۔

خط کشیدہ صیغے:

لم یبق: صیغہ واحد مذکر غائب فعل نفی جحد بلم معروف ثلاثی مجرد ناقص یائی از باب سَمِعَ یَسْمَعُ۔ باقی رہنا۔

دناهم: دنا: صیغہ جمع متکلم فعل ماضی معروف ثلاثی مجرد اجوف یائی از باب ضَرَبَ یَضْرِبُ۔ تابع ہونا، ذلیل ہونا، اطاعت کرنا جھکنا۔ "ھم" ضمیر منفصل برائے جمع مذکر غائب منصوب محلاً "دنا" کا مفعول بہ ہے۔

فدت: صیغہ واحد مؤنث غائب ثلاثی مجرد اجوف یائی فعل ماضی معروف از باب ضَرَبَ یَضْرِبُ۔ فدیہ دینا۔

باق: صیغہ واحد مذکر اسم فاعل ناقص واوی از باب ضَرَبَ یَضْرِبُ۔

تصغر: صیغہ واحد مؤنث غائب فعل مضارع از باب فَعَلَ یَفْعَلُ: شور مچانا۔

مرضعة: صیغہ واحد مؤنث اسم فاعل ثلاثی مزید فیہ صحیح از باب افعال۔

سوال نمبر 2:- مندرجہ ذیل اشعار کا سلیس اردو میں ترجمہ کریں نیز خط کشیدہ شعر پر اعراب لگائیں؟

(۱) اذا ما ابتدرنا مازقا فرجت لنا — بأيمانـنـا بيض جلتها الصياقل

(۲) وانا لقوم مايرى القتل سبة — اذا مارأته عامر وسلول

(۳) صفونا ولم نكدر وأخلص سرنا — أناث أطابت حملنا وفحول

(۴) وَمَا اَخمَدَتْ نَارٌ لَنَا دُوْنَ طَارِقٍ — وَلَا ذَمَّنَا فِي النَّازِلِيْنَ نَزِيْلُ

(۵) وأيامنا مشهورة فی عدونا — لها غرر معلومة وحجول

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books



جواب: ترجمۃ الاشعار:

۱- جب ہم تنگ جگہ (جنگ میں) پہنچ جاتے ہیں، تو ہمارے دائیں ہاتھوں میں چمکتی ہوئی تلواریں اس کو (لڑائی کو) کشادہ کر دیتی ہیں۔

۲- اور یقیناً ہم (ایسی) قوم ہیں کہ قتل ہو جانے کو عار نہیں سمجھتے جبکہ قبیلہ عامر اور قبیلہ سلول اس کو عار تصور کرتے ہیں۔

۳- ہم صاف شفاف ہیں، ہمارا نسب گدلا نہیں اور ہماری اصل کو خالص رکھا مردوں نے اور ایسی عورتوں نے جنھوں نے ہمارے حمل کو اچھا رکھا۔

۴- اور ہماری آگ رات کو آنے والے مہمان کے بغیر نہیں بجھائی جاتی اور نہ آنے والے کسی مسافر نے کبھی ہماری مذمت کی ہے۔

۵- اور ہمارے دشمنوں میں ہمارے دن مشہور ہیں۔ ان دونوں کے لیے چمکتے ہوئے چہرے اور سفید پاؤں ہیں۔

* اعراب: اعراب سوالیہ حصہ میں لگا دیے گئے ہیں۔

## القسم الثاني: ديوان المتنبي

سوال نمبر 3:- مندرجہ ذیل اشعار کا سلیس اردو میں ترجمہ کریں اور خط کشیدہ میں سے پانچ کے واحد اور جمع لکھیں؟

(۱) عجب الوشاة من اللحاة وقولهم دع ما نراك ضعفت عن أخفائه

(۲) واذا نظرت الى الجبال رأيتها فوق السهول عَوَاسِلًا وقواضبا

(۳) قد عسكرت معها اَلرِّزَايَا عسكرا وتكتبت فيها الرجال كتائبا

(۴) وبسمن عن برد خشيت أذيبه من حر أنفاسي فكنت الذائبا

(۵) أظمتني الدنيا فلما جئتها مستسقيا مطرت على مصائبا

جواب: ترجمۃ الاشعار:

۱- تعجب کرتے ہیں چغل خور ملامت کروں سے اور ان کی باتوں کو تو ترک کر دے، جو ہم دیکھتے ہیں کہ تو اس کو چھپانے سے قاصر ہے۔

۲- اور جب تو زمین کی طرف دیکھے گا تو تجھے زمین پر نیزے اور تلواریں نظر آئیں گی۔

۳- مصیبتیں تمام لشکر بن گئیں اور لوگ گروہ در گروہ ہو گئے۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

الاختبار السنوی العالی تحت اشراف تنظیم المدارس (اهل السنة) پاکستان

# سالانہ امتحان الشهادة العالية (بی۔اے۔سال دوم)
# (برائے طلباء) الموافق سنة 1444ھ 2024ء

الوقت المحدد ثلاث ساعات — الورقة الاولیٰ: التفسیر و اصوله — مجموع الارقام ۱۰۰

نوٹ: آخری سوال لازمی ہے باقی میں سے کوئی سے دو سوال حل کریں۔

## قسم اول ...... تفسیر

سوال نمبر۱:۔ (الف) امام بیضاوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے سورۃ الفاتحہ کے کتنے اسماء بیان کیے؟ کوئی سے پانچ مع وجوہ تسمیہ بیان کریں؟

(ب) تسمیہ سورۃ فاتحہ کا جزء ہے یا نہیں؟ احناف وشوافع کا اختلاف مع الدلائل لکھیں؟

و هداية الله تعالیٰ تتنوع انواعا لا يحصيها عد كما قال تعالى: {وان تعدوا نعمت الله لا تحصوها} و لكنها تنحصر في اجناس مترتبة .

(ج) اللہ تعالیٰ کی ہدایت کون سی اجناس مترتبہ میں منحصر ہے؟ بالتفصیل لکھیں؟

سوال نمبر۲:۔ الذین یؤمنون بالغیب اما موصول بالمتقين على انه صفة مجرورة مقيدة له ان فسر التقوى بترك مالا ينبغى مترتبة عليه ترتب التحلية على التخلية و التصوير على التصقيل او موضحة ان فسر بما يعم فعل الحسنات و ترك السيئات لا شتماله على ما هو اصل الاعمال .

(الف) مذکورہ عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ تحریر کریں؟

(ب) ایمان کا لغوی وشرعی معنیٰ لکھیں؟

(ج) {ومما رزقنهم ينفقون} کیا حرام شے پر رزق کا طلاق ہوگا یا نہیں؟ اہلسنت و معتزلہ کا اختلاف مع الدلائل لکھیں؟

سوال نمبر۳:۔ {ان الذين كفروا} لما ذكر خاصة عبادة و خالصة اوليائه بصفاتهم التى اهلتهم الهدى و الفلاح عقبهم اضدادهم العتاة المردة الذين لا ينفع فيهم الهدى ولا يغنى عنهم الآيات و النذر ولم يعطف قصتهم على قصة المؤمنين كما فى قوله تعالى: {ان الابرار لفى نعيم و ان الفجار لفى جحيم} لتباينهما فى الغرض .

(الف) مذکورہ عبارت کا ترجمہ لکھیں نیز خط کشیدہ عبارت کی تشریح سپرد قلم کریں؟

کیم سکینر سے سکین کیا گیا۔

(ب) "ان الذین" میں اسم موصول برائے عہد ہے یا برائے جنس یا دونوں کے لیے ہو سکتا (اگر برائے عہد ہے تو معہود کون ہے؟

(ج) کفر کا لغوی و اصطلاحی معنیٰ لکھیں؟

قسم ثالث ...... اصول تفسیر

سوال نمبر 4:۔ درج ذیل اجزاء میں سے صرف تین حل کریں؟

(الف) سب سے آخر میں قرآن پاک کی کون سی سورت یا آیت نازل ہوئی؟ مشہور اقوال لکھیں؟

(ب) کیا ایک آیت کے متعدد اسباب نزول ہو سکتے ہیں یا نہیں؟ مدلل لکھیں؟

(ج) ابوالخیر ابن الجزری کے قول کے مطابق قرآن مجید کی قرآت صحیحہ کون سی ہے؟ مفصل لکھیں؟

(د) سورت کے مکی یا مدنی ہونے میں اصطلاحات ثلاثہ لکھیں؟

☆ ☆ ☆

# درجہ عالیہ (سال دوم) برائے طلباء 2024ء

الورقة الاولىٰ: التفسير و اصوله

قسم اول ...... تفسیر

سوال نمبر1:۔ (الف) امام بیضاوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے سورۃ الفاتحہ کے کتنے اسماء بیان کیے؟ کوئی سے پانچ مع وجوہ تسمیہ بیان کریں؟

(ب) تسمیہ سورۃ فاتحہ کا جزء ہے یا نہیں؟ احناف و شوافع کا اختلاف مع الدلائل لکھیں؟

و هداية الله تعالىٰ تتنوع انواعا لا يحصيها عد كما قال تعالىٰ: {وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا} و لكنها تنحصر في اجناس مترتبة .

(ج) اللہ تعالیٰ کی ہدایت کون سی اجناس مترتبہ میں منحصر ہے؟ بالتفصیل لکھیں؟

جواب: (الف) سورۃ الفاتحہ کے اسماء:

امام بیضاوی علیہ الرحمہ نے سورۃ فاتحہ کے کل چودہ نام بیان کیے ہیں ان میں سے پانچ اسماء اور ان کی وجہ تسمیہ یہ ہے:

1۔ ام الکتاب: کیونکہ اس سے کتاب کی ابتداء و افتتاح ہوتا ہے تو گویا کہ یہ کتاب کی اصل اور منشاء ہوا۔

۲۔ سورۃ حمد: کیونکہ یہ سورت حمد پر مشتمل ہے۔

۳۔ سورۃ شکر: کیونکہ یہ شکر پر بھی مشتمل ہے۔

۴۔ سورۃ دعا: کیونکہ یہ دعا پر بھی مشتمل ہے۔

۵۔ سورۃ صلوٰۃ: کیونکہ اس کی قراءت نماز میں واجب یا مستحب ہے۔

(ب) تسمیہ سورۃ فاتحہ کا جز ہے یا نہیں:

احناف کا مؤقف: احناف کے نزدیک تسمیہ سورۃ فاتحہ کی جز نہیں اگرچہ قرآن کی جز ہے۔

دلیل: بخاری و مسلم میں حدیث پاک ہے کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نبی علیہ السلام، حضرت ابوبکر اور حضرت عمر رضی اللہ عنہما کے پیچھے نماز پڑھی تو کسی نے بھی بسم اللہ بلند آواز سے نہیں پڑھی۔

تسمیہ شریف اگر سورۃ فاتحہ کا جزء ہوتا تو سورۃ فاتحہ کی طرح تسمیہ کی قراءت بھی بلند آواز سے ہوتی۔ تسمیہ کی قراءت بلند آواز سے نہ کرنا اس بات کی دلیل ہے کہ یہ سورۃ فاتحہ کی جزء نہیں۔

شوافع کا مؤقف: شوافع کے نزدیک تسمیہ سورۃ فاتحہ کی جزء ہے۔

دلیل: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''سورۃ فاتحہ کی سات آیات ہیں اور ان میں سے پہلی آیت بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہے۔

☆ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ نبی علیہ السلام نے سورۃ فاتحہ کی تلاوت کی اور بسم اللہ کو آیت شمار کیا۔

مذکورہ احادیث مبارکہ سے پتہ چلتا ہے کہ تسمیہ سورۃ فاتحہ کا جز ہے۔

(ج) اللہ تعالیٰ کی ہدایت: اللہ تعالیٰ کی ہدایت درج ذیل تین اجناس مترتبہ میں منحصر ہے۔

۱۔ افاضۃ القویٰ: یعنی وہ قوتیں جو اللہ تعالیٰ نے انسان کو عطا فرمائیں تاکہ وہ ان کے ذریعے اپنا معاش اور مصالح تلاش کرنے کی کوشش کر سکے جیسے قوت عقلیہ حواس ظاہرہ و باطنہ۔

۲۔ ادلہ فارقہ: یعنی ایسے دلائل قائم کرنا جو حق و باطل اور صحیح و غلط کے درمیان فرق کر دیں۔

۳۔ ہدایۃ ارسال الرسل: تیسری جنس ہدایت ''ہدایۃ ارسال الرسل'' ہے یعنی لوگوں کی راہنمائی کے لیے اللہ تعالیٰ نے انبیاء کرام علیہم السلام مبعوث فرمائے تاکہ وہ حضرت انسان کو دنیا میں بھیجنے کے مقصد کی طرف راہنمائی فرما سکیں۔

سوال نمبر ۲:۔

اَلَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ بِالْغَیْبِ اَمَّا مَوْصُوْلٌ بِالْمُتَّقِیْنَ عَلٰی اَنَّہٗ صِفَۃٌ مَجْرُوْرَۃٌ مُقَیِّدَۃٌ لَّہٗ

کیم سکینر سے سکین کیا گیا۔

إِنْ فُسِّرَ التَّقْوٰى بِتَرْكِ مَا لَا يَنْبَغِيْ مُتَرَتِّبَةٌ عَلَيْهِ تَرَتُّبَ التَّحْلِيَةِ عَلَى التَّخْلِيَةِ وَ
التَّصْوِيْرِ عَلَى التَّصْقِيْلِ أَوْ مُوْضِحَةٌ إِنْ فُسِّرَ بِمَا يَعُمُّ لِفِعْلِ الْحَسَنَاتِ وَ تَرْكَ
السَّيِّئَاتِ لِاشْتِمَالِهِ عَلٰى مَا هُوَ أَصْلُ الْأَعْمَالِ .

ف) مذکورہ عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ تحریر کریں؟

ب) ایمان کا لغوی وشرعی معنی لکھیں؟

ج) {وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ} کیا حرام شے پر رزق کا اطلاق ہوگا یا نہیں؟
نت ومعتزلہ کا اختلاف مع الدلائل لکھیں؟

جواب: (الف) اعراب: اوپر لگا دیے گئے ہیں۔

عبارت کا ترجمہ: "الذین یومنون بالغیب" یا تو متقین کے ساتھ متعلق ہے اس بناء پر یہ اس کی ت عقیدہ ہے اور جری حالت میں ہے۔ (یہ احتمال اس وقت ہے کہ) اگر تقویٰ کی تفسیر اس چیز کے ترک رمایا نے سے کی جائے جو مناسب نہیں۔ اس کا متقین پر ترتب اس طرح ہوگا جیسا کہ آراستگی کا ترتب صفائی نے پر اور تصویر کشی کا ترتب قلعی چڑھانے پر ہوتا ہے۔ یا متقین کی صفت موضحہ ہے (یہ ترکیب اس بناء ر ہے کہ) اگر تقویٰ کی تفسیر اس چیز کے ساتھ کی جائے جو فعل حسنات اور ترک سیئات کو عام ہو' کیونکہ یہ ان وں پر مشتمل ہے جو تمام اعمال کی اصل ہے۔

(ب) ایمان کا لغوی معنی: تصدیق کرنا۔

اصطلاحی معنی: ان احکام کی تصدیق کرنا جن کے بارے یقیناً معلوم ہو کہ ان کا تعلق نبی علیہ السلام اپنے دین سے ہے جیسے توحید' نماز' روزہ' حج' زکوٰۃ' جنت اور دوزخ وغیرہ۔

(ج) حرام کے رزق ہونے یا ہونے میں اختلاف:

معتزلہ کا مذہب: "معتزلہ کے نزدیک حرام رزق نہیں ہے۔"

دلائل: معتزلہ نے اپنے موقف پر درج ذیل دیے ہیں۔

دلیل نمبر۱: رزق کے مفہوم میں تمکین من الانتفاع ہے یعنی اللہ بندوں کی اس شئی سے نفع دینے پر قادر دے اور حرام شرعاً ممنوع الانتفاع ہے۔ جو چیز شرعاً ممنوع الانتفاع ہو وہ قبیح ہوتی ہے' کیونکہ منع کرنے اللہ تعالیٰ ہے اور ناہی کی حکمت مقتضی ہے منہی عنہ کے قبیح ہونے کے لیے۔ لہٰذا حرام قبیح ٹھہرا۔ اللہ تعالیٰ کے اوپر بندوں کو متمکن نہیں کرے گا۔ لہٰذا حرام کے اندر رزق کے معنی نہیں پائے جاتے' کیونکہ رزق تے ہی تمکین من الانتفاع کو۔

دلیل نمبر۲: دوسری دلیل یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے رزق کی نسبت اپنی طرف کر کے رَزَقْنَا فرمایا۔ اب

کیم سکینر سے سکین کیا گیا۔

اگر حرام کو رزق کہیں تو پھر حرام کی نسبت اللہ کی طرف ہوگی اور یہ جائز نہیں ہے۔

دلیل نمبر ۳: اللہ تعالیٰ نے مما رزقنا کے انفاق کی وجہ سے مؤمنوں کی مدح فرمائی ہے۔ اگر حرام کو رزق کہیں تو پھر انفاق حرام بھی موجب مدح ہونا چاہیے حالانکہ حرام کو خرچ کرنا مدح کا باعث نہیں ہے۔

اہلسنت کا مذہب: اشاعرہ کے نزدیک حرام رزق ہے۔

دلیل: حضرت صفوان بن امیہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھے ہوئے تھے کہ اچانک حضرت عمرو بن مرۃ رضی اللہ عنہ حاضر ہوئے اور عرض کیا: یارسول اللہ! ہمارے بارے میں بدبختی نے فیصلہ کر دیا ہے میں تو نہیں جانتا کہ مجھ کو سوائے اپنے ہاتھوں سے دف بجانے کے کسی اور وسیلے سے رزق ملے۔ لہٰذا آپ مجھے اپنے گانوں کی اجازت فرمائیں جن میں فحش گوئی نہ ہو۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تم کو اس کی اجازت نہیں دے سکتا' کیونکہ دوں گا تو اس میں کوئی عزت اور نعمت نہیں ہے۔ اے دشمن خدا تو نے جھوٹ بولا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے تجھے حلال رزق دیا۔ تو نے وہ رزق حاصل کیا جس کو اللہ تعالیٰ نے حرام کر رکھا ہے۔ اس حدیث پاک میں جس طرح گانے کی کمائی کا حرام ہونا ثابت ہوتا ہے اسی طرح حرام کا رزق ہونا بھی ثابت ہے۔

اللہ نے جو رزق کا اسناد اپنی طرف کیا ہے وہ تعظیم کے لیے کیا ہے یا انفاق پر ابھارنے کے لیے۔

تیسری دلیل یہ ہے کہ اگر حرام رزق نہ ہوتا تو کبھی حرام کے ساتھ غذا دیا جاتا ہے اس کو رزق نہ کہنا چاہیے حالانکہ ایسا نہیں ہے' کیونکہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ رِزْقُهَا ۔ ۱۲۔

سوال نمبر ۳:۔

{إِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا} لما ذكر خاصة عباده و خالصة اوليائه بصفاتهم التى اهلتهم الهدى و الفلاح عقبهم اضدادهم العتاة المردة الذين لا ينفع فيهم الهدى ولا يغنى عنهم الآيات و النذر ولم يعطف قصتهم على قصة المؤمنين كما فى قوله تعالى {إِنَّ الْأَبْرَارَ لَفِيْ نَعِيْمٍ وَإِنَّ الْفُجَّارَ لَفِيْ جَحِيْمٍ} لتباينهما فى الغرض .

(الف) مذکورہ عبارت کا ترجمہ لکھیں نیز خط کشیدہ عبارت کی تشریح سپرد قلم کریں؟

(ب) ''إِنَّ الَّذِيْنَ'' میں اسم موصول برائے عہد ہے یا برائے جنس یا دونوں کے لیے ہو سکتا ہے؟ اگر برائے عہد ہے' تو معہود کون ہے؟

(ج) کفر کا لغوی و اصطلاحی معنی لکھیں؟

کیم سکینر سے سکین کیا گیا۔

جواب: (الف) عبارت کا ترجمہ: ("بے شک وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا") جب اللہ تعالیٰ نے اپنے خاص بندوں اور مخلص دوستوں کا ذکر کیا ان کی ان صفات کے ساتھ کہ جن صفات نے ان کو ہدایت اور فلاح کا اہل بنایا تو ان کے بعد مخالفین کا ذکر کیا جو نافرمان اور سرکش ہیں کہ جن کے حق میں نہ کوئی ہدایت نفع مند ہے اور نہ ہی اللہ تعالیٰ کی نشانیاں اور ڈراوے نفع مند ہیں۔ ان کے قصے کا مؤمنین کے قصہ پر عطف نہیں کیا گیا جیسا کہ اللہ تعالیٰ کے اس قول "اِنَّ الْاَبْرَارَ لَفِیْ نَعِیْمٍ وَّ اِنَّ الْفُجَّارَ لَفِیْ جَحِیْمٍ" میں ہے، کیونکہ یہ غرض میں مختلف ہے (یعنی دونوں قصوں کی غرض مختلف ہے)۔

خط کشیدہ کی تشریح: یہ عبارت ایک سوال کا جواب ہے۔ سوال یہ ہے کہ اِنَّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا ما قبل عبارت کی ضد ہے۔ (کہ اس سے پہلے ایمان والوں کا ذکر ہوا) جب ضد ہے تو پھر عطف کون چاہیے کیونکہ دونوں کے درمیان جامع وہمی پایا گیا جیسا کہ اِنَّ الْاَبْرَارَ لَفِیْ نَعِیْمٍ وَّ اِنَّ الْفُجَّارَ لَفِیْ جَحِیْمٍ میں عطف کیا گیا؟

تو اس سوال کا جواب علامہ مفسر نے دیا کہ اس جملہ کو اِنَّ الْاَبْرَارَ الخ والی آیت پر قیاس نہیں کر سکتے کیونکہ اِنَّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا کا ماقبل سے کمال انقطاع ہے۔ جن جملوں کے درمیان کمال انقطاع ہو وہاں عطف چھوڑ دیا جاتا ہے۔ اس لیے یہاں عطف نہیں کیا گیا۔

(ب) اسم موصول کی وضاحت: اِنَّ الَّذِیْنَ میں موصول برائے عہد بھی ہو سکتا ہے۔ تب اس سے مراد معین لوگ ہوں گے جیسے ابولہب، ابوجہل، ولید بن مغیرہ، احبارِ یہود اور موصول برائے جنس ہو سکتا ہے۔ تب یہ ان لوگوں کو شامل ہوگا جو کفر پر ڈٹے رہے اور ان کے علاوہ۔

(ج) کفر کا لغوی معنی: ستر نعمت یعنی نعمت کو چھپانا

اصطلاحی معنی: اصطلاح شرع میں اس چیز کا انکار کرنا جس کے بارے بالیقین معلوم ہو کہ رسول اس کو لے کر آئے ہیں۔

## قسم ثانی ...... اصول تفسیر

سوال نمبر ۴:- درج ذیل اجزاء میں سے صرف تین حل کریں؟

(الف) سب سے آخر میں قرآن پاک کی کون سی سورت یا آیت نازل ہوئی؟ مشہور اقوال لکھیں؟

(ب) کیا ایک آیت کے متعدد اسباب نزول ہو سکتے ہیں یا نہیں؟ مدلل لکھیں؟

(ج) ابو الخیر ابن الجزری کے قول کے مطابق قرآن مجید کی قرآت صحیحہ کون سی ہے؟

کیم سکینر سے سکین کیا گیا۔

(د) سورت کے مکی یا مدنی ہونے میں اصطلاحات ثلاثہ لکھیں؟

جواب: (الف) آخر میں نازل ہونے والی سورت یا آیت میں متعدد اقوال ہیں: راجح اور صحیح قول کے مطابق آخری آیت "وَاتَّقُوْا یَوْمًا تُرْجَعُوْنَ فِیْهِ اِلَى اللّٰهِ ثُمَّ تُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا یُظْلَمُوْنَ" ہے اس آیت کے نزول کے بعد نبی علیہ السلام نو (۹) راتوں کے بعد اس ظاہری دنیا سے پردہ فرما گئے۔

ضعیف قول کے مطابق آخر میں نازل ہونے والی آیت "اَلْیَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِیْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَیْكُمْ نِعْمَتِیْ الخ" ہے۔

اس قول کے ضعف کی وجہ یہ ہے کہ سورۃ مائدہ کی اس آیت کے بعد نبی علیہ السلام ۸۱ دن تک حیات رہے۔

(ب) نزول قرآن کے اسباب: جی ہاں! نزول قرآن کے متعدد اسباب ہیں:

☆ اگر کسی آیت کی تفسیر میں دو روایتیں ہوں۔ ایک میں نزلت الایة فی کذا کے الفاظ ہوں اور دوسری روایت میں صراحۃً کسی واقعہ کو سبب نزول قرار دیا گیا ہو تو دوسری روایت پر اعتماد کیا جائے گا اور پہلی روایت کو راوی کے اجتہاد پر محمول کیا جائے گا۔

☆ اگر کسی آیت کی تفسیر میں دو مختلف روایتیں ہوں، دونوں میں یہ الفاظ مستعمل ہوں "نزلت هذه الایة فی کذا" لیکن دونوں میں الگ الگ معاملات ذکر کیے گئے ہوں، درحقیقت دونوں میں تضاد نہیں بلکہ دونوں اپنی اپنی جگہ درست ہوتے ہیں، کیونکہ اس سے کسی کا مقصد یہ نہیں ہوتا کہ یہ معاملہ اس آیت کا سبب نزول ہے بلکہ منشاء یہ ہوتا ہے کہ یہ معاملہ آیت کے حکم اور مفہوم میں داخل ہے۔

☆ بعض دفعہ دو روایتیں جو شان نزول کے بارے میں متضاد ہوتی ہیں اور سند کے اعتبار سے دونوں درست ہوتی ہیں لیکن کسی ایک روایت کے حق میں کوئی وجہ ترجیح پائی جاتی ہے مثلاً ایک کی سند دوسری کے مقابلہ میں قوی ہوتی ہے یا ایک کا راوی ایسا ہوتا ہے جو واقعہ کے وقت موجود ہوتا ہے، ایسی روایت کو اختیار کیا جائے گا۔

(ج) قرآن مجید کی قراءت صحیحہ: ابو الخیر بن الجزری کے مطابق ہر وہ قراءت جو نحوی قوانین کے مطابق ہو اور وہ مصاحف عثمانی کے رسم الخط کو شامل ہو اور ان کی اسناد صحیح ہو تو وہ قراءت قرآن میں سے ہے یعنی صحیحہ ہے۔ جب بھی کوئی ایک رکن نہ ہو تو وہ قراءت شاذہ ہوگی اگرچہ وہ سات آئمہ سے ہی منقول

کیم سکینر سے سکین کیا گیا۔

(د) سورت کے مکی یا مدنی ہونے میں اصطلاحات ثلاثہ:

جو سورۃ ہجرت سے پہلے نازل ہوئی وہ مکی اور بعد میں نازل ہونے والی وہ مدنی ہے۔

جو مکہ میں نازل ہوئی وہ مکی جو مدینہ میں نازل ہوئی وہ مدنی۔

جس آیت یا سورۃ میں اہل مکہ کو خطاب ہے وہ مکی اور جس میں اہل مدینہ کو خطاب ہے وہ مدنی۔

☆ ☆ ☆

H_M_Hasnain_Asadi

کیم سکینر سے سکین کیا گیا۔

الاختبار السنوی النهائی تحت اشراف تنظیم المدارس (اهل السنة) پاکستان

# سالانہ امتحان الشهادة العالية (بی۔اے۔سال دوم)

## (برائے طلباء) الموافق سنة 1444ھ 2024ء

الوقت المحدد ثلاث ساعات — الورقة الثانية: الحديث و اصوله — مجموع الارقام ۱۰۰

نوٹ: آخری سوال لازمی ہے باقی میں سے کوئی سے دو سوال حل کریں۔

### القسم الاوّل ...... حديث

سوال نمبر۱:۔ عن عمرو بن شعيب عن ابيه عن جده قال كانت قيمة الدية على عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم ثمان مائة دينارا و ثمانية الاف درهم ودية اهل الكتاب يومئذ النصف من دية المسلمين قال فكان كذلك حتى استخلف عمر فقام خطيبا فقال...... الخ .

(الف) حدیث مذکور پر اعراب لگا کر اُردو میں ترجمہ کریں؟

(ب) مشکوٰۃ شریف کی حدیث کی روشنی میں بتائیں حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دیت میں کیا تبدیلی فرمائی اور اس کی علت کیا بیان کی؟

سوال نمبر۲:۔ عن عبادة بن الصامت قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اقيموا حدود الله فى القريب و البعيد ولا تاخذ كم فى الله لومة لائم .

(الف) حدیث کا ترجمہ کریں اور قریب وبعید کے ممکنہ احتمالات بیان کریں؟

(ب) قصاص کا لغوی واصطلاحی معنی لکھ کر بتائیں قتل کی کس قسم میں قصاص ہے اور کس میں دیت؟

سوال نمبر۳:۔ عن عمرو بن شعيب عن ابيه عن جده ان رسول الله قال ليس منامن تشبه بغيرنا لا تشبهو ابا ليهود ولا بالنصارى فان تسليم اليهود الاشارة بالاصابع و تسليم النصارى الاشارة بالاكف .

(الف) حدیث شریف کا ترجمہ کریں سندِ حدیث میں "عن ابیہ" اور "عن جدہ" کی ضمیر کا مرجع متعین کریں؟

(ب) سلام کرتے ہوئے پیشانی اور سینے پر ہاتھ رکھ کر اشارہ کرنا کیسا ہے؟ تفصیل سے تحریر کریں؟

کیم سکینر سے سکین کیا گیا۔

القسم الثانی ...... اصول حدیث

سوال نمبر 4:۔ درج ذیل اجزاء میں سے کوئی سے چار اجزاء حل کریں؟

(الف) علم اصول حدیث کی تعریف، موضوع اور غرض لکھیں؟

(ب) صحیح لذاتہ اور صحیح لغیرہ کس کی اقسام ہیں؟ ہر ایک کی تعریف بھی تحریر کریں؟

(ج) معضل اور منقطع کی تعریف و حکم لکھیں؟

(د) مرسل کی تعریف و حکم مع اختلاف بیان کریں؟

(ہ) صحیح بخاری اور صحیح مسلم کی احادیث کی تعداد مع تکرار و بغیر تکرار سپرد قلم کریں؟

(و) خبر مردود کی تعریف اور اسباب رد بیان کریں؟

☆ ☆ ☆

# درجہ عالیہ (سال دوم) برائے طلباء 2024ء

الورقة الثانية: الحديث و اصوله

القسم الاوّل ...... حديث

سوال نمبر ۱:۔

عَنْ عَمْرِو بْنُ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ كَانَتْ قِيْمَةُ الدِّيَةِ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَمَانَ مِائَةِ دِيْنَارٍ اَوْ ثَمَانِيَةَ اٰلَافِ دِرْهَمٍ وَّدِيَةُ اَهْلِ الْكِتَابِ يَوْمَئِذٍ النِّصْفُ مِنْ دِيَةِ الْمُسْلِمِيْنَ قَالَ فَكَانَ كَذٰلِكَ حَتّٰى اسْتُخْلِفَ عُمَرُ فَقَامَ خَطِيْبًا فَقَالَ...... الخ ۔

(الف) حدیث مذکور پر اعراب لگا کر اردو میں ترجمہ کریں؟

(ب) مشکوٰۃ شریف کی حدیث کی روشنی میں بتائیں حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دیت میں کیا تبدیلی فرمائی اور اس کی علت کیا بیان کی؟

جوابات: (الف) اعراب: اعراب سوالیہ حصہ میں لگا دیئے گئے ہیں۔

ترجمۃ الحدیث: حضرت عمرو بن شعیب رضی اللہ عنہ اپنے والد سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں دیت کی قیمت آٹھ سو دینار یا آٹھ ہزار درہم تھے۔ اہل کتاب کی دیت مسلمانوں کی دیت سے آدھی تھی۔ فرماتے ہیں کہ دیت کا حکم اسی طرح تھا، یہاں تک کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ خلیفہ بنائے گئے تو انہوں نے کھڑے ہو کر خطبہ دیا اور فرمایا...... الخ۔

کیم سکینر سے سکین کیا گیا۔

(ب) دیت میں تبدیلی: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دیت میں یہ تبدیلی فرمائی کہ سونے والوں کو ہزار دینار' چاندی والوں پر بارہ ہزار درہم' گائے والوں پر دو سو گائے' بکری والوں پر دو ہزار بکریاں اور کپڑے کے جوڑے والوں پر دو سو جوڑے دیت مقرر کی اور اہل ذمیوں کی دیت کو اسی حال پر رہنے دیا۔

دیت میں تبدیلی کا سبب: زمانہ رسالت میں دیت کی قیمت اونٹوں کی قیمت کے مطابق مقرر کی جاتی تھی' لہٰذا جب اونٹوں کی قیمت زیادہ ہوتی تو دیت کی قیمت بڑھ جاتی اور جب اونٹوں کی قیمت کم ہوتی تو دیت کی قیمت کم ہو جاتی تھی۔ اسی لیے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ خلافت میں اونٹوں کی قیمت زیادہ ہونے کی وجہ سے دیت کی قیمت میں اضافہ ہو گیا اور آپ نے یہی وجہ بیان فرمائی کہ اونٹ مہنگے ہو گئے ہیں۔

سوال نمبر۲:۔

عن عبادة بن الصامت قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اقيموا حدود الله فى القريب و البعيد ولا تاخذ كم فى الله لومة لائم .

(الف) حدیث کا ترجمہ کریں اور قریب و بعید کے ممکنہ احتمالات بیان کریں؟

(ب) قصاص کا لغوی و اصطلاحی معنیٰ لکھ کر بتائیں قتل کی کس قسم میں قصاص ہے اور کس میں دیت؟

جوابات: (الف) ترجمۃ العبارۃ: حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قریب و بعید سب پر حدود اللہ جاری کرو اور اللہ کا حکم جاری کرنے میں کسی ملامت کرنے والی کی ملامت تمہارے آڑے نہ آئے۔

قریب و بعید میں ممکنہ احتمالات: قریب و بعید میں دو احتمالات کا پایا جانا ممکن ہے جو یہ ہیں:

۱۔ حدود اللہ کو قریب اور دور کے رشتہ داروں پر یکساں طور پر نافذ کرو' ایسا نہ ہو کہ دور کے رشتہ داروں پر تو نافذ کرو اور قریب کے رشتہ داروں کی رعایت کر کے ان سے حد کو ساقط کرو۔ یہ امتیازی سلوک حدود اللہ میں جائز نہیں۔

۲۔ قریب سے مراد کمزور' ناتواں لوگ ہیں جن پر حد نافذ کرنا آسان ہوتا ہے اور بعید سے مراد طاقتور باا ثر لوگ ہیں جن تک رسائی ممکن نہیں۔ لہٰذا حدود لگانے میں امیر' غریب' ناتواں و طاقتور کے ساتھ یکساں سلوک کرو۔ یعنی حدود اللہ نافذ کرنے میں کوئی رکاوٹ نہ ہو۔

(ب) قصاص کا لغوی معنیٰ: قصاص کا لغوی معنیٰ ہے کسی کے پیچھے جانا/ برابر بدلہ لینا۔

قصاص کا اصطلاحی معنیٰ: اصطلاح شریعت میں قاتل کی جان لینا/ جس شخص نے کسی کو ناحق قتل کیا ہو

کیم سکینر سے سکین کیا گیا۔

اسی مقتول کے بدلے میں قتل کرنا قصاص کہلاتا ہے۔

قتل کی اقسام مع قصاص ودیت: قتل کی پانچ اقسام ہیں:

1۔ قتل عمد: اس پر قصاص واجب ہے۔
2۔ قتل شبہ عمد: اس پر کفارہ واجب ہے۔
3۔ قتل خطاء: اس پر عام دیت واجب ہے۔
4۔ قتل قائم مقام خطاء: اس پر عام دیت واجب ہے۔
5۔ قتل بالسبب: اس پر دیت واجب ہے۔

سوال نمبر3:۔

**عن عمرو بن شعیب عن ابیه عن جده ان رسول الله قال لیس منامن تشبه بغیرنا لا تشبهو ابا لیهود ولا بالنصاری فان تسلیم الیهود الاشارة بالاصابع و تسلیم النصاری الاشارة بالاکف .**

(الف) حدیث شریف کا ترجمہ کریں سندِ حدیث میں "عن ابیه" اور "عن جده" کی ضمیر کا مرجع متعین کریں؟

(ب) سلام کرتے ہوئے پیشانی اور سینے پر ہاتھ رکھ کر اشارہ کرنا کیسا ہے؟ تفصیل سے تحریر کریں؟

جوابات: (الف) ترجمۃ الحدیث:

حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد سے اور وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص ہمارے غیروں کے ساتھ مشابہت کرے گا وہ ہم میں سے نہیں۔ تم نہ یہودیوں کے ساتھ مشابہت کرو اور نہ عیسائیوں کے ساتھ، یہودیوں کا سلام انگلیوں سے اشارہ کرنے اور عیسائیوں کا سلام ہتھیلی سے اشارہ کرنے کی صورت میں ہوتا ہے۔

عن ابیه اور عن جده کی ضمیر کا مرجع: ابیہ کی ضمیر عمرو کی طرف اور جدہ کی ضمیر اب کی طرف لوٹ رہی ہے۔

(ب) سلام کرتے ہوئے پیشانی یا سینے پر ہاتھ رکھنے کا حکم: سلام کرتے ہوئے پیشانی پر ہاتھ رکھنا ہندوؤں کا طریقہ ہے اور سجدہ کے قائم مقام ہے۔ لہٰذا ایسا کرنا حرام ہے۔ ہاتھ کو سینے پر رکھ کر کر جھکا کر سلام کرنا بھی جائز نہیں، کیونکہ سلام کرنا انبیاء کی سنت ہے۔ لہٰذا صرف ہاتھ یا انگلیوں کے ساتھ اشارہ کر

کیم سکینر سے سکین کیا گیا۔

کے سلام کرنا یہودیوں اور نصاریٰ کا طریقہ ہے۔ اس حدیث مبارکہ میں یہود و نصاریٰ کی مشابہت اختیار کرنے سے منع فرمایا گیا۔ ہاں اگر کوئی شخص دور ہو اور اس تک آواز نہ پہنچ رہی ہو تو ہاتھ کے اشارے سے سلام کرنا جائز ہے بشرطیکہ زبان سے سلام کے الفاظ بھی ادا کیے جائیں۔

## القسم الثانی ...... اصول حدیث

سوال نمبر ۴:۔ درج ذیل اجزاء میں سے کوئی سے چار اجزاء حل کریں؟

(الف) علم اصول حدیث کی تعریف، موضوع اور غرض لکھیں؟

(ب) صحیح لذاتہ اور صحیح لغیرہ کس کی اقسام ہیں؟ ہر ایک کی تعریف بھی تحریر کریں؟

(ج) معضل اور منقطع کی تعریف و حکم لکھیں؟

(د) مرسل کی تعریف و حکم مع اختلاف بیان کریں؟

(ہ) صحیح بخاری اور صحیح مسلم کی احادیث کی تعداد مع تکرار و بغیر تکرار سپرد قلم کریں؟

(و) خبر مردود کی تعریف اور اسباب رد بیان کریں؟

جوابات: (الف) علم اصول حدیث کی تعریف، موضوع اور غرض:

تعریف: علم اصول حدیث ان قواعد و اصول کا علم ہے جن کے ذریعے سند اور متن کے احوال بحیثیت قبول اور رد معلوم کیے جاسکیں/ پہچانے جاسکیں۔

موضوع: اس کا موضوع قبول و رد کے اعتبار سے سند اور متن ہے۔

غرض: صحیح اور ضعیف احادیث کے مابین فرق کرنا۔

(ب) صحیح لغیرہ اور صحیح لذاتہ کس کی اقسام ہیں؟ یہ دونوں خبر مقبول کی اقسام ہیں۔

ہر ایک کی تعریف:

صحیح لذاتہ: وہ حدیث ہے جس کے تمام راوی عادل، متصل اور تام الضبط ہوں اور اس میں کوئی شاذ بھی نہ ہو اور معلل بھی نہ ہو۔

صحیح لغیرہ: وہ حدیث ہے جس میں کمال ضبط کے علاوہ صحیح لذاتہ کی تمام صفات پائی جائیں اور ضبط کی کمی تعدد طرق روایت سے پوری ہو جائے۔

(ج) اصطلاحات کی تعریفات اور حکم:

معضل: وہ حدیث جس کی سند سے تسلسل کے ساتھ دو یا زیادہ راوی حذف ہوں۔

تعریف: وہ حدیث ہے جس کی سند سے دو یا زیادہ راوی مسلسل ساقط ہوں۔

حکم: یہ حدیث ضعیف ہے اور مرسل و منقطع سے بھی کم درجے کی ہے۔

کیم سکینر سے سکین کیا گیا۔

منقطع:

تعریف: وہ حدیث جس کی سند سے دو یا زائد راویوں کو ایک ہی جگہ سے چھوڑ دیا جائے اور دو راویوں کو متعدد جگہ سے ساقط کر دیا جائے۔

حکم: یہ حدیث ضعیف ہے۔

(د) حدیث مرسل کی تعریف: حدیث مرسل وہ ہے جس کے آخر میں سقوط ہو یعنی تابعی کے بعد سند صحابی کا ذکر نہ ہو۔

حکم مع اختلاف:

۱۔ ضعیف مردود ہے۔ یہ جمہور محدثین اور کثیر اصولیین اور فقہاء کے نزدیک ہے۔

۲۔ یہ حدیث صحیح ہے اور اس سے استدلال ہو سکتا ہے۔

۳۔ چند شرطوں کے ساتھ حدیث مرسل قبول ہے۔

(ہ) صحیح بخاری و مسلم میں احادیث کی تعداد: صحیح بخاری میں احادیث کی تعداد:

مع تکرار: سات ہزار دو سو پچھتر (7275)

بغیر تکرار: چار ہزار (4000)

صحیح مسلم میں احادیث کی تعداد:

مع تکرار: بارہ ہزار (12000)

بغیر تکرار: چار ہزار (4000)

(و) خبر مردود کی تعریف و اسباب رد:

تعریف: خبر مردود وہ خبر ہے جس میں مخبر بہ کا صدق راجح نہ ہو۔

اسباب رد: اس کو رد کرنے کے دو اسباب ہیں:

☆ اسناد میں سقوط ☆ راوی میں طعن

☆ ☆ ☆

کیم سکینر سے سکین کیا گیا۔

الاختبار السنوی النهائی تحت اشراف تنظیم المدارس (اهل السنة) باکستان

# سالانہ امتحان الشهادة العالية (بی۔اے۔سال دوم)
# (برائے طلباء) الموافق سنة 1444ھ 2024ء

| الوقت المحدد | الورقة الثالثة: الفقه | مجموع الارقام |
| --- | --- | --- |
| ثلاث ساعات | | ۱۰۰ |

نوٹ: کوئی سے تین سوالات حل کریں؟

سوال نمبر ۱:۔ و من اشترى شيئا لم يره فالبيع جائز وله الخيار اذا راه كان شاء اخذه بجميع الثمن و ان شاء رده.

(الف) مذکورہ عبارت پر اعراب لگا کر اردو میں ترجمہ کریں؟

(ب) مسئلہ مذکورہ میں احناف وشوافع کا اختلاف بالدلائل لکھیں؟

(ج) خیارِ شرط، خیارِ رؤیت اور خیارِ عیب کی تعریفات واحکام تحریر کریں؟

سوال نمبر ۲:۔ و من اشترى جارية بالف درهم حالة او نسيئة فقبضها ثم باعها من البائع بخمسمائة قبل ان ينقد الثمن لا يجوز البيع الثانی.

(الف) عبارت کا اُردو میں ترجمہ ومطلب بیان کریں؟

(ب) مذکورہ صورت میں احناف وشوافع کا اختلاف نقلی وعقلی دلائل سے مزین کریں؟

(ج) ربوا، مرابحہ اور سلم کی تعریفات واحکام لکھیں؟

سوال نمبر ۳:۔ واذا صحت المضاربة مطلقة جاز للمضارب ان يبيع و يشترى و يوكل و يسافر و يبضع و يودع.

(الف) عبارت کا ترجمہ کرکے ابضاع اور ایداع کا مفہوم تحریر کریں؟

(ب) مضاربۃ مطلقہ کی تعریف کریں اور حکم بیان کریں؟

(ج) جوازِ مضاربت پر دلائل عقلیہ ونقلیہ لکھ کر شرائط مضاربت تحریر کریں؟

سوال نمبر 4:۔ و كذا ينعقد بقوله اطعمتك هٰذا الطعام و جعلت هٰذا الثوبَ لك و اعمرتك هٰذا الشيئ و حملتك على هذه الدابة اذا نوى بالحمل الهبة.

(الف) عبارت پر اعراب لگا کر وضاحت مسئلہ سپردِ قلم کریں؟

(ب) مذکورہ الفاظ سے انعقادِ ہبہ کی وجوہ ہدایہ کی روشنی میں بیان کریں؟

(ج) اجنبی کو ہبہ کرنے کے بعد رجوع کا حق ہے یا نہیں؟ ائمہ کا اختلاف مع دلائل لکھیں؟

کیم سکینر سے سکین کیا گیا۔

☆ ☆ ☆

# درجہ عالیہ (سال دوم) برائے طلباء 2024ء

## الورقة الثالثة: الفقه

**سوال نمبر ۱:-**

وَمَنِ اشْتَرٰی شَيْئًا لَمْ يَرَهُ فَالْبَيْعُ جَائِزٌ وَلَهُ الْخِيَارُ إِذَا رَآهُ إِنْ شَاءَ أَخَذَهُ بِجَمِيْعِ الثَّمَنِ وَإِنْ شَاءَ رَدَّهُ .

(الف) مذکورہ عبارت پر اعراب لگا کر اُردو میں ترجمہ کریں؟

(ب) مسئلہ مذکورہ میں احناف وشوافع کا اختلاف بالدلائل لکھیں؟

(ج) خیارِ شرط، خیارِ رؤیت اور خیارِ عیب کی تعریفات واحکام تحریر کریں؟

جواب: (الف) اعراب: اوپر لگا دیے گئے ہیں۔

عبارت کا ترجمہ: اگر کسی شخص نے بن دیکھے کوئی چیز خریدی تو بیع جائز ہے اور دیکھنے کے بعد اسے اختیار حاصل ہوگا اگر چاہے تو اسے جمیع ثمن کے ساتھ لے لے اور اگر چاہے تو اسے رد کر دے۔

(ب) احناف وشوافع کا اختلاف: مذکورہ مسئلہ میں امام شافعی فرماتے ہیں کہ عقد بالکل صحیح نہیں۔

دلیل: اس لیے کہ مبیع مجہول ہے اور مجہول شئی کی بیع درست نہیں۔ احناف کے نزدیک یہ عقد درست ہے۔

دلیل: نبی علیہ السلام کا فرمان عالیشان ہے کہ ”جس نے دیکھے بغیر کوئی چیز خرید لی تو دیکھنے کے بعد اسے خیار حاصل ہوگا۔“

دلیل: اس لیے بھی کہ نہ دیکھنے کی جہالت مفضی الی النزاع نہیں ہوتی، کیونکہ اگر مشتری کو مبیع پسند نہیں آئے گی تو اسے واپس کرنے کا اختیار حاصل ہے۔

(ج) خیارِ شرط: مشتری اور بائع کسی شرط کی بناء پر سودا کریں تو اسے خیار شرط کہتے ہیں۔ اس صورت میں تین دن یا کم مدت میں فسخ کرنے کا اختیار حاصل ہوتا ہے۔

خیارِ رؤیت: مشتری ایسی چیز لیتا ہے جو اس نے نہ دیکھی ہو تو اس چیز کو دیکھنے پر بیع کو باقی رکھنے یا فسخ کرنے کے اختیار کو خیار رؤیت کہتے ہیں۔

خیارِ عیب: مشتری نے کوئی چیز خریدی۔ خریدتے وقت بائع نے اس میں موجود عیب پر اطلاع نہ دی۔ بعد میں مشتری اس عیب پر مطلع ہوا تو اب اسے خیار حاصل ہے کہ اسے لے لے یا رد کر دے۔ اسے

کیم سکینر سے سکین کیا گیا۔

خیار عیب کہتے ہیں۔

سوال نمبر۲:۔

و من اشترى جارية بالف درهم حالة او نسيئة فقبضها ثم باعها من البائع بخمسمائة قبل ان ينقد الثمن لا يجوز البيع الثاني .

(الف) عبارت کا اُردو میں ترجمہ ومطلب بیان کریں؟

(ب) مذکورہ صورت میں احناف وشوافع کا اختلاف نقلی وعقلی دلائل سے مزین کریں؟

(ج) ربوا، مرابحہ اور سلم کی تعریفات واحکام لکھیں؟

جواب: (الف) عبارت کا ترجمہ: اگر کسی نے ایک ہزار نقد یا ہزار درہموں کے بدلے کوئی باندی خریدی اور اس پر قبضہ کرلیا، پھر ثمن ادا کرنے سے پہلے اسے پانچ سو درہم کے بدلے فروخت کر دیا، تو دوسری بیع جائز نہیں۔

مطلب: اس عبارت کا مطلب یہ ہے کہ اگر کسی شخص نے دوسرے سے ایک ہزار درہم کے عوض باندی خریدی اور اس پر قبضہ بھی کرلیا یعنی بائع نے لونڈی مشتری کے حوالے کر دی لیکن ابھی تک مشتری نے بائع کو اس کی قیمت ادا نہیں کی۔ پھر اس مشتری نے اس باندی کو بائع کے ہاتھ پانچ سو درہم کے بدلے بیچ دیا تو احناف کے نزدیک بیع ثانی جائز نہیں ہے۔

(ب) احناف وشوافع کا اختلاف: مذکورہ صورت میں احناف کے نزدیک بیع ثانی جائز نہیں۔

نقلی دلیل: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا وہ فرمان ہے جو انہوں نے اس عورت سے کہا جس نے آٹھ سو درہم میں ایک باندی خرید کر اسے مجھے سو درہم میں بیچا تھا (آپ رضی اللہ عنہا نے فرمایا تھا) "کہ تو نے بہت بری خرید وفروخت کی ہے" زید بن ارقم کو یہ اطلاع دے دو کہ اگر انہوں نے توبہ نہ کی تو اللہ تعالیٰ نبی علیہ السلام کے ساتھ کیے گئے حج اور جہاد سب اکارت کر دیں گے۔

عقلی دلیل: اس لیے بھی ناجائز ہے کہ ثمن بائع کی ضمان میں داخل نہیں ہوا، پھر جب مبیع اس کے پاس پہنچ گئی اور معاوضہ واقع ہو تو بائع کو پانچ سو زیادہ نکلے جو بغیر عوض کے ہیں، اس لیے منع ہے۔

شوافع کے نزدیک بیع ثانی جائز ہے۔

دلیل: اس لیے کہ قبضے کے ذریعے باندی میں ملک مکمل ہوگئی ہے۔ لہٰذا بائع اور غیر بائع دونوں کو فروخت کرنا جائز اور برابر ہے۔ یہ ایسا ہو گیا جیسے مشتری نے اس باندی کو ثمن اوّل کے برابر یا اس سے زائد یا کسی سامان کے عوض فروخت کیا۔

(ج) ربوا کی تعریف: مکیلی یا موزونی شئی کو اس کی ہم جنس چیز کے عوض کمی یا زیادہ کے ساتھ فروخت

کیم سکینر سے سکین کیا گیا۔

کرنا ربوا کہلاتا ہے۔

مرابحہ کی تعریف: عقد اوّل کے ذریعے مملوک چیز کو ثمن اوّل پر اضافہ کے ساتھ فروخت کرنا 'مرابحہ' کہلاتا ہے۔

سلم کی تعریف: نقد ثمن کے عوض ادھار مبیع لینا 'سلم' کہلاتا ہے۔

سوال نمبر۳:-

واذا صحت المضاربة مطلقة جاز للمضارب ان يبيع و يشترى و يوكل و يسافر و يبضع و يودع .

(الف) عبارت کا ترجمہ کر کے ابضاع اور ایداع کا مفہوم تحریر کریں؟

(ب) مضاربہ مطلقہ کی تعریف کریں اور حکم بیان کریں؟

(ج) جواز مضاربت پر دلائل عقلیہ و نقلیہ لکھ کر شرائط مضاربت تحریر کریں؟

جواب: (الف) عبارت کا ترجمہ: جب مطلق مضاربت صحیح ہوگئی تو مضارب کے لیے خرید و فروخت کرنا، وکیل بنانا، سفر کرنا ابضاع پر مال دینا اور ودیعت پر دینا جائز ہے۔

ابضاع: ابضاع یہ ہے کہ مال مبضع کا ہو (یعنی تجارت کے لیے پیسے دینے والے کا) اور کام دوسرا آدمی کرے۔ نفع تمام کا تمام رب المال کے لیے ہو لیکن کام کرنے والے کے لیے جو دیا جائے وہ بطور استعانت ہو۔

ایداع: کا مطلب ہے ودیعت یعنی کسی کو بطور امانت مال دینا۔

(ب) مضاربت کی تعریف اور حکم: وہ عقد جس میں دو آدمی شریک ہوں ایک کا مال ہو اور دوسرا کام کرنے والا ہو اور یہ مشروع ہے، کیونکہ لوگوں کی اس میں ضرورت ہے، کہ بعض اوقات ایک کے پاس مال ہوتا ہے لیکن اسے کام کرنا نہیں آتا اور بعض کام کی صلاحیت رکھتے ہیں لیکن ان کے پاس مال نہیں ہوتا۔ تو اس طرح کے عقد میں دونوں کا فائدہ ہے، اس لیے جائز ہے۔

(ج) جواز مضاربت کے دلائل: لفظ "مضاربت" فعل ثلاثی مزید فیہ باب مفاعلہ کا مصدر ہے جس کا معنی ہے: زمین پر چلنا۔ چنانچہ قرآن کریم میں ہے:

و اخرون يضربون فى الارض یعنی دوسرے لوگ زمین پر چلتے ہیں۔

چونکہ مضارب بھی تجارت کی غرض سے زمین کا سفر کرتا ہے، اس بیع کو اس لیے مضاربت کہا جاتا ہے۔

بیع مضاربت کے جواز کی سب سے بڑی دلیل یہ حدیث پاک ہے: حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے

کیم سکینر سے سکین کیا گیا۔

جب اعلان نبوت فرمایا لوگ اس وقت بھی عقد مضاربت کر رہے تھے آپ نے انہیں اس حالت میں دیکھا تو اس پر باقی رکھا اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عقد مضاربت کیا ہے۔

اس کی عقلی دلیل یہ ہے کہ عبارت میں مضاربت کے لغوی معنی بیان کیے گئے ہیں اس کی شرعیت، ضرورت کو واضح کیا گیا ہے۔ البتہ یہ بات ذہن نشین رہے کہ اگر کسی وجہ سے مضاربت فاسد ہو جائے تو عقد مضاربت عقد اجارہ میں تبدیل ہو جائے گا' کیونکہ ظاہراً یہ اجارہ ہی ہے۔ ایک شخص مالک کے پیسوں سے اس کے لیے تجارت کرتا ہے اور مالک اسے نفع کی شکل میں مزدوری دیتا ہے۔

عقل اس بات کا بھی فتوی دیتی ہے کہ تجارت کرنا انبیاء علیہم السلام کی سنت ہے' جس میں اللہ تعالی نے خوب برکت رکھی ہے' تجارت کی برکت سے مال میں اضافہ ہوتا ہے' غربت کا خاتمہ ہوتا ہے۔ تجارت صرف ایک فرد یا ایک خاندان کا ذریعہ معاش نہیں بلکہ ایک شخص کی حرکت و برکت سے کئی خاندانوں کا معاشی مسئلہ حل ہو جاتا ہے۔

شرائط مضاربت: عقد مضاربت کی چند شرائط ہیں اور وہ یہ ہیں کہ نفع میں دونوں شرکاء کا شریک ہونا ضروری ہے کسی ایک کے ساتھ نفع مختص کرنا جائز نہیں اور مال مضاربت کا کلی طور پر مضارب کے قبضہ میں ہونا ضروری ہے۔ اس مال کے ساتھ رب المال کو کوئی حق بھی متعلق نہ ہو اور اُس مال کا دراہم اور دنانیر ہونا ضروری ہے۔

سوال نمبر۴:۔

وَكَذَا يَنْعَقِدُ بِقَوْلِهِ اَطْعَمْتُكَ هٰذَا الطَّعَامَ وَ جَعَلْتُ هٰذَا الثَّوْبَ لَكَ وَاَعْمَرْتُكَ هٰذَا الشَّيْءَ وَحَمَلْتُكَ عَلٰى هٰذِهِ الدَّابَّةِ اِذَا نَوٰى بِالْحَمْلِ الْهِبَةَ۔

(الف) عبارت پر اعراب لگا کر وضاحت مسئلہ سپرد قلم کریں؟

(ب) مذکورہ الفاظ سے انعقادِ ھبہ کی وجوہ ہدایہ کی روشنی میں بیان کریں؟

(ج) اجنبی کو ہبہ کرنے کے بعد رجوع کا حق ہے یا نہیں؟ ائمہ کا اختلاف مع دلائل لکھیں؟

جواب: (الف) اعراب: اوپر لگا دیے گئے ہیں۔

عبارت کی وضاحت: اور ایسے ہی منعقد ہو جائے گا ھبہ واہب کے قول "اطعمتك هذا الطعام" سے (یعنی میں نے یہ غلہ تجھے کھانے کے لیے دیا) اور "جَعَلْتُ هٰذَا الثَّوْبَ" کہنے سے (یعنی یہ کپڑا میں نے تیرے لیے مقرر کیا) اور "اَعْمَرْتُكَ هٰذَا الشَّيْءَ" کہنے سے (میں نے یہ شئی زندگی بھر کے لیے تجھے دی) اور "میں نے تجھے اس سواری پر سوار کر دیا" کہنے سے بھی (ھبہ منعقد ہو جائے گا) اگر اس سے ھبہ کی

کیم سکینر سے سکین کیا گیا۔

نیت کی۔

(ب) انعقاد ھبہ کی وجوہ: مذکورہ الفاظ سے ھبہ منعقد ہو جاتا ہے، وجوہ درج ذیل ہیں:

☆ لفظ اطعام سے ھبہ اس لیے منعقد ہو جائے گا کہ جب اطعام کو ایسی چیز کی طرف منسوب کیا جائے جو خود کھائی جاتی ہو تو اس سے عین کی تملیک مراد ہو گی بخلاف اس صورت کہ جب "اطعمتك هذا الأرض" کہا تو اس سے ھبہ منعقد نہیں ہوگا، کیونکہ زمین کا عین کھایا نہیں جاتا۔ (البتہ یہ عاریت ہو گی) اور ایسا کہنے سے زمین کی پیداوار کھانا اور کھلانا مراد ہوگا۔

☆ دوسرے لفظ یعنی جَعَلْتُ هٰذَا الثَّوْبَ سے اس لیے ھبہ منعقد ہوتا ہے کہ حرف لام تملیک کے لیے موضوع ہے۔

☆ تیسرے لفظ سے اس لیے منعقد ہوگا کہ نبی علیہ السلام نے فرمایا: جس کسی نے کسی کے لیے بطور عمریٰ کوئی چیز دی تو معمرلہ کے لیے زندگی بھر کے لیے وہ چیز ہو جائی گی اور اس کے بعد اس کے ورثاء کے لیے ہوگی۔

☆ چوتھے لفظ سے ھبہ منعقد اس لیے ہوگا کہ حمل کا لغوی معنی سوار کرنا ہے، تو یہ عاریت ہوگی لیکن اس میں ھبہ کا احتمال ہے جیسا کہ کہا جاتا ہے "امیر نے فلاں کو گھوڑے پر سوار کیا" تو اس سے مراد یہ ہے کہ اس نے اس کو گھوڑے کا مالک بنا دیا۔ لہٰذا ھبہ کی نیت کے وقت اسی پر محمول کیا جائے گا۔

(ج) اجنبی کو ھبہ کرنے کے بعد حق رجوع میں اختلاف: اگر کسی شخص نے کسی اجنبی کے لیے کوئی چیز ھبہ کی تو احناف کے نزدیک اسے رجوع کا حق حاصل ہے۔

دلیل: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "واھب اپنے ھبہ کا زیادہ حق رکھتا ہے، جب تک موھوب لہ اسے بدلہ نہ دے دے"۔

اس لیے بھی کہ عقد سے عموماً بدلہ کی خواہش مقصود ہوتی ہے لیکن بدلہ نہ ملنے کی وقت واھب کو فسخ کی ولالت حاصل ہو گی، کیونکہ یہ عقد بھی فسخ کو قبول کرتا ہے۔

شوافع کے نزدیک ھبہ میں رجوع نہیں ہوتا۔

دلیل: اس لیے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا واھب اپنے ھبہ کو واپس نہیں لے سکتا لیکن والد اپنے لڑکے کو جو ھبہ کرتا ہے اسے واپس لے سکتا ہے۔

اس لیے بھی کہ رجوع تملیک کی ضد ہے اور عقد اپنی ضد کا تقاضا نہیں کرتا۔ برخلاف اپنے لڑکے کے لیے والد کا ھبہ کرنا تو وہ اس لیے کہ اس ھبہ میں تملیک تام نہیں ہوتی، کیونکہ لڑکا اپنے باپ کا جز ہوتا ہے۔

☆ ☆ ☆

کیم سکینر سے سکین کیا گیا۔

الاختبار السنوی النهائی تحت اشراف تنظیم المدارس (اهل السنة) پاکستان

## سالانہ امتحان الشهادة العالية (بی۔اے۔سال دوم)
## (برائے طلباء) الموافق سنة 1444ھ 2024ء

| | | |
|---|---|---|
| الوقت المحدد | الورقة الرابعة: | مجموع الارقام |
| ثلاث ساعات | البلاغة | ۱۰۰ |

نوٹ: کوئی تین سوالات حل کریں؟

سوال نمبرا:۔

(الف) مطول اور مفتاح العلوم کے مطابق اسناد خبری کی تعریف الگ الگ لکھیں نیز بتائیں کہ تفتازانی رحمہ اللہ تعالیٰ نے صاحب مفتاح کی تعریف سے عدول کیوں کیا۔

(ب) خبر کو مقتضی ظاہر کے خلاف لانے کی دو صورتیں مع امثلہ لکھیں؟

(ج) مثال اور مقتضی حال کی تعریفات تحریر کریں؟

☆ ☆ ☆

# درجہ عالیہ (سال دوم) برائے طلباء 2024ء

الورقة الرابعة: البلاغة

سوال نمبرا:۔(الف) مطول اور مفتاح العلوم کے مطابق اسناد خبری کی تعریف الگ الگ لکھیں نیز بتائیں کہ تفتازانی رحمہ اللہ تعالیٰ نے صاحب مفتاح کی تعریف سے عدول کیوں کیا؟

(ب) خبر کو مقتضی ظاہر کے خلاف لانے کی دو صورتیں مع امثلہ لکھیں؟

(ج) مثال اور مقتضی حال کی تعریفات تحریر کریں؟

جواب: (الف) صاحب مطول کے نزدیک اسناد خبری کی تعریف: کلمہ یا قائم مقام کلمہ کو دوسرے کے ساتھ ملانا تاکہ اس حکم کا فائدہ حاصل ہو جائے کہ ان میں سے ایک مفہوم دوسرے کے لیے ثابت ہے یا ثابت نہیں۔

صاحب مفتاح کے نزدیک اسناد خبری کی تعریف: ایک مفہوم کا دوسرے مفہوم کے لیے حکم لگانا کہ وہ اس کے لیے ثابت ہے یا اس سے منفی ہے۔

کیم سکینر سے سکین کیا گیا۔

عدول کی وجہ: علامہ تفتازانی نے صاحب مفتاح کی بیان کردہ تعریف سے عدول اس لیے کیا کیونکہ مسند مسند الیہ الفاظ اوصاف میں سے ہیں معنی کے اوصاف سے نہیں اور علامہ سکاکی کی تعریف سے معلوم ہوتا ہے کہ مسند اور مسند الیہ مفہوم اور معنی کے اوصاف سے ہیں یہ بات عرف کے خلاف ہے۔

(ب) مقتضی الظاہر کے خلاف لانے کی دو صورتیں: نمبر۱: کبھی کبھی غیر طالب عالم کو جاہل کی جگہ اتارا جاتا ہے اور اس عالم سے جاہل جیسا معاملہ کیا جاتا ہے کیونکہ وہ عالم اپنے علم کے مطابق عمل نہیں کرتا جیسے کوئی شخص جانتا ہے کہ نماز واجب ہے لیکن وہ تارک صلوٰۃ ہے تو اسے یہ کہنا "اَلصَّلٰوۃُ وَاجِبَۃٌ"

نمبر۲: کبھی غیر سائل کو سائل کی طرح بنا کر اس غیر سائل سے سائل جیسا کلام کیا جاتا ہے جیسا "وَلَا تُخَاطِبْنِیْ فِی الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا اِنَّھُمْ مُغْرَقُوْنَ" اس مثال میں تاکید لانا مقتضی الظاہر کے خلاف ہے کیونکہ ظاہر کا تقاضا ترک تاکید تھا کہ نوح علیہ السلام کوئی سائل تو نہ تھے۔

(ج) مثال کی تعریف: وہ جزئی جو قاعدہ کی وضاحت کے لیے پیش کی جائے۔

مقتضی الحال کی تعریف: حال وہ امر ہے جو اس بات کا تقاضا کرے کہ کلمہ متکلم اپنی کلام کو فلاں خصوصیت پر وارد کرے اور وہ خصوصیت مقتضی ہے مثلاً مخاطب کا منکر ہونا ایک حال ہے جو تاکید کا تقاضا کرتا ہے۔ پس تاکید اس کا مقتضی ہوگی۔

نوٹ: اس پرچہ میں کل چار سوال ہیں ایک سوال جدید نصاب سے متعلق ہے جو حل کر دیا گیا ہے جبکہ باقی تین خارج نصاب ہیں اور انہیں حل نہیں کیا گیا۔

☆ ☆ ☆

کیم سکینر سے سکین کیا گیا۔

الاختبار السنوی النهائی تحت اشراف تنظیم المدارس (اهل السنة) پاکستان

# سالانہ امتحان الشهادة العالية (بی۔اے۔سال دوم)

## (برائے طلباء) الموافق سنة 1444ھ 2024ء

الوقت المحدد: ثلاث ساعات　　الورقة الخامسة: الفلسفة و المناظرة　　مجموع الارقام: ۱۰۰

نوٹ: ہر قسم سے دو دو سوالات کا حل مطلوب ہے۔

### القسم الاول ...... فلسفه

سوال نمبر۱:۔ اعلم ان لكل واحد من الاجسام الطبعية صورة اخرى غير الصورة الجسمية لان اختصاص بعض الاجسام ببعض الاحياز دون البعض ليس لا من خارج ولا الهيولى فح اما ان يكون للجسمية العامة اولصورة اخرى لا سبيل الى الاول و الا لا شتركت الاجسام كلها فى ذلك فتعين الثانى و هو المطلوب ۔

(الف) عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟

(ب) حکمت کی تعریف اور حکمت عملیہ کی اقسام لکھیں؟

سوال نمبر۲:۔ كل جسم فله حيز طبعي ۔

(الف) حیز کی تعریف کریں اور مذکورہ دعوی کو دلیل سے ثابت کریں؟

(ب) کل جسم فله شکل طبعی اس دعوی کو بھی دلیل سے ثابت کریں؟

سوال نمبر۳:۔ مندرجہ ذیل اصطلاحات کی تعریفات سپرد قلم کریں؟

الامور الاعتبارية الواقعية　　المعقولات الاولى

البعد　　الخط　　الهيولى

### القسم الثانی ...... المناظرة

سوال نمبر4:۔ والاحباب الذين يحبونه صلى الله عليه وسلم بصميم قلبهم و خلوص اعتقادهم و الآل داخل فيهم فلا حاجة الى التصريح بهم و لايذهب عليك ما فى لفظ المنع و النقض و السند و المعارضة من حسن براعة الاستهلال ۔

(الف) اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟

(ب) براعۃ استہلال، نقض، سند اور معارضہ کی تعریفات لکھیں؟

سوال نمبر 5:۔ علم مناظرہ کی تعریف، موضوع، غرض، حکم اور حاجت بیان کریں؟

کیم سکینر سے سکین کیا گیا۔

سوال نمبر 6:۔ مندرجہ ذیل اصطلاحات کا لغوی اور اصطلاحی معنیٰ واضح کریں؟

☆ ☆ ☆

# درجہ عالیہ (سال دوم) برائے طلباء 2024ء

## الورقة الخامسة: الفلسفة و المناظرة

### القسم الاول ...... فلسفہ

سوال نمبر ۱:۔

اِعْلَمْ اَنَّ لِكُلِّ وَاحِدٍ مِّنَ الْاَجْسَامِ الطَّبْعِيَّةِ صُوْرَةٌ اُخْرٰى غَيْرَ الصُّوْرَةِ الْجِسْمِيَّةِ لِاَنَّ اِخْتِصَاصَ بَعْضِ الْاَجْسَامِ بِبَعْضِ الْاَحْيَازِ دُوْنَ الْبَعْضِ لَيْسَ لِاَمْرٍ خَارِجٍ وَلَا الْهَيُوْلٰى فَحِ اِمَّا اَنْ يَّكُوْنَ لِلْجِسْمِيَّةِ الْعَامَةِ اَوْلِصُوْرَةٍ اُخْرٰى لَا سَبِيْلَ اِلَى الْاَوَّلِ وَاِلَّا لَاشْتَرَكَتِ الْاَجْسَامُ كُلُّهَا فِيْ ذٰلِكَ فَتَعَيَّنَ الثَّانِيْ وَهُوَ الْمَطْلُوْبُ.

(الف) عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟

(ب) حکمت کی تعریف اور حکمت عملیہ کی اقسام لکھیں؟

جواب: (الف) عبارت پر اعراب: اوپر لگا دیئے گئے ہیں۔

عبارت کا ترجمہ: تو جان کہ اجسام طبعیہ میں سے ہر ایک کے لیے صورت جسمیہ کے علاوہ ایک اور صورت ہوتی ہے، کیونکہ بعض اجسام کا بعض کے ساتھ خاص ہونا علاوہ بعض کے کسی امر خارج یا ھیولیٰ کی وجہ سے نہیں۔ پس اس وقت یا تو جسمیہ عامہ کی وجہ سے ہوگی یا کسی دوسری صورت کی وجہ سے اوّل کی طرف راستہ نہیں ورنہ تمام اجسام اسی میں شریک ہو جائیں گے۔ پس ثانی متعین ہو گیا اور یہی مطلوب ہے۔

(ب) حکمت کی تعریف: انسانی طاقت کے مطابق موجودات نفس الامریہ اور واقعیہ کو جاننے کا نام حکمت ہے۔

حکمت عملیہ کی اقسام: حکمت عملیہ کی تین قسمیں ہیں:

۱۔ تہذیب اخلاق ۲۔ تدبیر منزل ۳۔ سیاست مدنیہ

سوال نمبر ۲:۔ کل جسم فله حيز طبعي.

(الف) حیز کی تعریف کریں اور مذکورہ دعویٰ کو دلیل سے ثابت کریں؟

کیم سکینر سے سکین کیا گیا۔

(ب) کل جسم فلہ شکل طبعی اس دعوی کو بھی دلیل سے ثابت کریں۔

جواب: (الف) حیز کی تعریف: حیز اس کو کہتے ہیں کہ جس کی وجہ سے جسم اشارہ حسیہ میں اپنے غیر سے ممتاز ہو۔

مذکورہ دعویٰ پر دلیل: ہر جسم کے لیے حیز طبعی ضرور ہوتی ہے اس لیے کہ ہم عدم قواسر فرض کرتے ہیں تو ضرور جسم کسی حیز میں ہوگا۔ اب وہ حیز یا جسم اس کا لذاتہ حقدار ہوگا یا پھر کسی قاسر کی وجہ سے اس کا حقدار ہو گا۔ ثانی کی طرف راستہ نہیں کہ وہ حیز کسی قاسر کی وجہ سے جسم کو ملے' کیونکہ ہم نے عدم قواسر فرض کیا ہے پس متعین ہو گیا کہ جسم اس حیز کا لذاتہ حقدار ہے۔ جب ایسا ہے تو وہ جسم اس حیز کا مستحق اپنی طبع کی وجہ سے ہو گا اور یہی ہمارا مطلوب ہے کہ ہر جسم کا حیز طبعی ہوتا ہے۔

(ب) دلیل: ہر جسم کے لیے شکل طبعی ہوتی ہے اس لیے کہ ہر جسم متناہی ہوتا ہے اور ہر متناہی متشکل ہوتا ہے اور ہر مشکل کے لیے شکل طبعی ہوتا ہے یہی ہمارا دعویٰ اور مطلوب ہے کہ ہر جسم کے لیے شکل طبعی ہوتی ہے۔

سوال نمبر ۳:۔ مندرجہ ذیل اصطلاحات کی تعریفات سپرد قلم کریں؟

الامور الاعتبارية الواقعية / المعقولات الاولى

البعد    الخط    الهيولى

جواب: اصطلاحات کی تعریفیں: الامور الاعتبارية الواقعية: وہ چیزیں جو خارج میں موجود نہ ہوں لیکن خارج میں کسی چیز کے لیے عقل کو فرض کر لیا ہو جیسے فوقیت اور تحتیت آسمان و زمین کے لیے۔

المعقولات الاولى: معقولات اولیہ وہ چیزیں ہیں جو ابتداء ذہن میں آئیں اور خارج میں ان کے لیے مصداق بھی موجود ہو جیسے انسان و حیوان کا تصور کیا جائے تو یہ فوراً ذہن میں بھی آتے ہیں اور خارج میں بھی زید' عمرو اور فرس وغیرہ ان کے مصداق موجود ہیں۔

البعد کی تعریف: بعد اس امتداد کا نام ہے جو جسم میں قائم ہو۔

الخط: وہ ہے جو تقسیم کو صرف طول میں قبول کرے عرض اور عمق میں نہیں۔

الهيولى کی تعریف: جسم میں وہ جوہر جو اس جسم کو عارض ہونے والے اتصال وانفصال کو قبول کرتا ہے یعنی صورت جسمیہ اور صورت نوعیہ کا محل ہیولیٰ کہلاتا ہے۔

القسم الثانی ...... المناظرة

سوال نمبر ۴:۔

وَالْاَحْبَابُ الَّذِيْنَ يُحِبُّوْنَهُ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِصَمِيْمِ قَلْبِهِمْ وَ خُلُوْصِ اِعْتِقَادِهِمْ وَالْاٰلُ دَاخِلٌ فِيْهِمْ فَلَا حَاجَةَ اِلَى التَّصْرِيْحِ بِهِمْ وَلَا يَذْهَبُ عَلَيْكَ مَا

کیم سکینر سے سکین کیا گیا۔

فِيْ لَفْظِ الْمَنْعِ وَ النَّقْضِ وَ السَّنَدِ وَالْمُعَارَضَةِ مِنْ حُسْنِ بَرَاعَةِ الْاِسْتِهْلَالِ .

(الف) اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟

(ب) براعۃ استھلال، النقض، سند اور معارضہ کی تعریفات لکھیں؟

جواب: (الف) عبارت پر اعراب: اوپر لگا دیئے گئے ہیں:

عبارت کا ترجمہ: اور احباب وہ لوگ ہیں جو نبی علیہ السلام سے محبت کرتے ہیں خالص دل اور خالص اعتقاد سے اور آل احباب میں داخل ہے۔ لہٰذا اس کی تصریح کی ضرورت نہیں اور نہ مخفی ہو جائے تجھ جو چیز لفظ منع، النقض اور سند و معارضہ میں ہے یعنی براعۃ استھلال کا حُسن۔

(ب) براعۃ استھلال: ابتداء کا مقصود کے مناسب ہونا مناسب الفاظ کے ارادہ سے۔

نقض: معلل کی دلیل پوری جانے کے بعد دلیل کو باطل کرنا درانحالیکہ ایسے شاہد کے ساتھ دلیل پکڑنے والا ہو جو اس بات پر دلالت کرے کہ معلل کو اس دلیل سے استدلال کا حق نہیں اور اس کو حق نہ ہونا اس لیے ہے کہ اس کا دلیل پکڑنا کسی نہ کسی فساد کو مستلزم ہے۔

سند: جو چیز منع کی تقویت کے لیے ذکر کی جائے اُسے سند کہتے ہیں۔

معارضہ: مدمقابل کا اپنے دعویٰ کے خلاف دلیل قائم کرنا معارضہ کہلاتا ہے۔

سوال نمبر۵:- علم مناظرہ کی تعریف، موضوع، غرض، حکم اور حاجت بیان کریں؟

جواب: تعریف مناظرہ: متخاصمین کا دو چیزوں کے درمیان پائی جانے والی نسبت میں توجہ کرنا درستگی کے اظہار کے لیے مناظرہ کہلاتا ہے۔

غرض: اپنے مطلوب تک پہنچنے میں خطاء سے محفوظ رہنا۔

موضوع: اس علم کا موضوع "بحث" ہے اس حیثیت سے کہ اس سے دوسرے پر اپنے مدعیٰ کو ثابت کیا جاتا ہے۔

سوال نمبر۶:- مندرجہ ذیل اصطلاحات کا لغوی اور اصطلاحی معنیٰ واضح کریں؟

جواب: تعریفات: البحث: بحث کے تین معانی مصنف نے ذکر کیے ہیں۔ اس جگہ بحث کا اصطلاحی معنیٰ ہے کہ بحث کا اطلاق مناظرہ پر۔

المجادلۃ: آپس جھگڑنا جو اظہار حق کے لیے نہ ہو بلکہ محض مدمقابل کو لاجواب کرنے کے لیے ہو۔

المدعی: جو اپنے آپ کو اثبات حکم کے لیے پیش کرے۔

العلۃ: ایک چیز اپنی ماہیت میں یا اپنے وجود میں جس کی محتاج ہو۔

النقض: اس کی تعریف اسی پرچہ کے سوال نمبر۴ کے تحت گزر چکی۔

کیم سکینر سے سکین کیا گیا۔

الاختبار المستوى النهائي تحت اشراف تنظيم المدارس (اهل السنة) پاکستان

# سالانہ امتحان الشهادة العالية (بی۔اے۔سال دوم)

## (برائے طلباء) الموافق سنة 1444ھ 2024ء

الوقت المحدد: ثلاث ساعات — الورقة السادسة: الادب العربي — مجموع الارقام: ۱۰۰

نوٹ: تمام سوالات حل کریں؟

### القسم الاول ...... ديوان الحماسة

سوال نمبر ۱:۔ مندرجہ ذیل میں سے چار اشعار کا اُردو میں ترجمہ کریں اور خط کشیدہ پانچ صیغے حل کریں؟

(۱) لكن قومي وان كانوا ذوي عدد — ليسوا من الشر في شيء و ان هانا

(۲) فلما صرح الشر — وامسى وهو عريان

(۳) هواي مع الركب اليمانين مصعد — جنيب و جثماني بمكة موثق

(۴) وفي الشر نجاة — حين لا ينجيك احسان

(۵) يرى الوحشة الانس الانيس و يهتدي — بحيث اهتدت ام النجوم الشوابك

سوال نمبر ۲:۔ مندرجہ ذیل میں سے چار اشعار کا اُردو میں ترجمہ کریں اور خط کشیدہ شعر پر اعراب لگائیں؟

(۱) لخبرها ذروا احساب قومي — و اعدائي فكل قد بلاني

(۲) والله لو لاقيته خاليا — لآب سيفانا مع الغالب

(۳) ولقد رايت الخيل شلن عليكم — شول المخاض ابت على المتغبر

(۴) وما للمرء خير في حياة — اذا ما عد من سقط المتاع

(۵) بني عمنا لا تذكروا الشعر بعد ما — دفنتم بصحراء الغمير القوافيا

### القسم الثاني ...... ديوان المتنبي

سوال نمبر ۳:۔ مندرجہ ذیل میں سے تین اشعار کا ترجمہ کریں نیز خط کشیدہ میں سے پانچ کے واحد اور جمع لکھیں؟

(۱) ان القتيل مضرجا بدموعه — مثل القتيل مضرجا بدمائه

(۲) يا حبذا المتحملون و حبذا — واد لثمت به الغزالة كاعبا

(۳) كالبحر يقذف للقريب جواهرا — جودا و يبعث للبعيد سحائبا

(۴) لكل امرئ من دهره ما تعودا — و عادات سيف الدولة الطعن في العدى

کیم سکینر سے سکین کیا گیا۔

(۵) ووضع الندى فى موضع السيف بالعلى مضر كوضع السيف فى موضع الندى

سوال نمبر 4:۔ مندرجہ ذیل میں سے تین اشعار کا اردو میں ترجمہ کریں اور خط کشیدہ الفاظ میں سے پانچ کے معانی لکھیں؟

(۱) ودع كل صوت غير صوتي فانني انا الطائر المحكي و الآخر الصدى

(۲) انـي لاعلم والـلبيب خبير ان الحياة و ان حرصت غرور

(۳) ملك سنان قناته و بنانه يتباريان دما و عرفا ساكبا

(۴) انت الحبيب و لكنني اعوذبه من ان اكون محبا غير محبوب

(۵) اذا سال الانسان ايامه الغنى و كنت على بعد جعلتك موعدا

☆ ☆ ☆

# درجہ عالیہ (سال دوم) برائے طلباء 2024ء

## الورقة السادسة: الادب العربى

### القسم الاول ...... ديوان الحماسه

سوال نمبر ۱:۔ مندرجہ ذیل میں سے چار اشعار کا اُردو میں ترجمہ کریں اور خط کشیدہ پانچ صیغے حل کریں؟

(۱) لكن قومي و ان كانوا ذوي عدد ليسوا من الشر في شيء و ان هانا

(۲) فلما صرح الشر و امسى وهو عريان

(۳) هواى مع الركب اليمانين مصعد جنيب و جثماني بمكة موثق

(۴) وفى الشر نجاة حين لا ينجيك احسان

(۵) يرى الوحشة الانس الانيس و يهتدى بحيث اهتدت ام النجوم الشوابك

جواب: اشعار کا ترجمہ:

۱۔ مگر میری قوم اگرچہ زیادہ تعداد والی ہے لیکن میدان جنگ میں کچھ بھی نہیں اگر چہ وہ جنگ معمولی ہو۔

۲۔ پھر جب لڑائی عام ہوگئی اور ننگی ہوگئی (کھلم کھلا ہوگئی)

۳۔ میرا محبوب یمنی شہسواروں کے ساتھ ان کے پیچھے راستے کی ایک طرف چل رہا ہے حالانکہ میں مکہ میں قید ہوں۔

کیم سکینر سے سکین کیا گیا۔

۴۔ اور جب مجھے بھلائی نجات نہ دے تو میری نجات جنگ میں ہی ہے۔

۵۔ وہ (ممدوح) وحشت کو اپنا غمخوار ساتھی دیکھتا ہے وہ وہاں نکل جاتا ہے جہاں کہکشاں کی رسائی ہوتی ہے۔

**صیغوں کا حل:**

هَانَا: صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معروف اجوف واوی باب نَصَرَ یَنْصُرُ

اَمْسٰی: صیغہ واحد غائب فعل ماضی معروف ناقص یائی از باب افعال فعل از افعال ناقصہ۔

مُضُوءٌ: صیغہ واحد مذکر اسم فاعل از باب افعال

یری: صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع معلوم ثلاثی مجرد از باب فَتَحَ یَفْتَحُ

اِهْتَدَتْ: صیغہ واحد مؤنث غائب فعل ماضی معروف ناقص یائی از باب اِفْتِعَال

سوال نمبر۲:۔ مندرجہ ذیل میں سے چار اشعار کا اُردو میں ترجمہ کریں اور خط کشیدہ شعر پر اعراب لگائیں؟

(۱) لخبرها ذووا الحساب قومي ۔۔۔ واعدائي فكل قد بلاني

(۲) والله لو لاقيته خاليا ۔۔۔ لاب سيفا نامع الغالب

(۳) وَلَقَدْ رَاَيْتُ الْخَيْلُ شَلْنَ عَلَيْكُمْ ۔۔۔ شَوْلُ الْمَخَاضِ اَبَتْ عَلَى الْمُتَغَبِّرِ

(۴) ومـا للمرءِ خير في حياة ۔۔۔ اذا ما عد من سقط المتاع

(۵) بني عمنا لا تذكروا الشعر بعد ما ۔۔۔ دفنتم بصحراء الغمير القوافيا

**جواب: اشعار کا ترجمہ:**

۱۔ تو یقیناً (میری بیوی کو) میری قوم کے اچھے حسب ونسب والے لوگ اور میرے دشمن بتا دیں گے کیونکہ سب نے مجھے آزما لیا ہے۔

۲۔ اگر ہم دونوں کی اکیلے ملاقات ہو (جنگ میں) تو خدا کی قسم ہم دونوں کی تلواریں غالب آنے والا لے کر لوٹے۔

۳۔ اور میں نے اپنے گھوڑوں کو تم پر دم اٹھاتے ہوئے دیکھا جیسے حاملہ اونٹنی (دم اٹھا کر) دودھ دوہنے والے کے لیے دودھ نکالنے سے انکار کر دیتی ہے۔

۴۔ اور مرد کے لیے زندہ رہنے میں بھلائی نہیں جب وہ بے کار سامان میں شمار ہونے لگے۔

۵۔ اے ہمارے چچا کے بیٹو! صحرا الغمیر میں شعر دفن کر دیئے گئے بعد شعر کہنا چھوڑ دو۔

**اعراب:**

کیم سکینر سے سکین کیا گیا۔

وَلَقَدْ رَأَيْتُ الْحَوْلَ مَثَلَنَ . عَلَيْكُمْ ،
شَوْلُ الْمَخَاضِ أَبَتْ عَلَى الْمُتَغَبِّرِ

القسم الثاني ...... ديوان المتنبي

سوال نمبر۳:- مندرجہ ذیل میں سے تین اشعار کا ترجمہ کریں نیز خط کشیدہ میں سے پانچ کے واحد اور جمع لکھیں؟

(۱) ان القتيل مضرجا بدموعه مثل القتيل مضرجا بدمائه
(۲) يا حبذا المتحملون و حبذا واد لثمت به الغزالة كاعبا
(۳) كالبحر يقذف للقريب جواهرا جودا و يبعث للبعيد سحائبا
(۴) لكل امرئ من دهره ما تعودا و عادات سيف الدولة الطعن في العدى
(۵) ووضع الندى في موضع السيف بالعلى مضر كوضع السيف في موضع الندى

جواب: اشعار کا ترجمہ:

۱۔ (محبت میں) مارا ہوا جولت پت ہے اپنے آنسوؤں میں اُس مارے ہوئے کی مانند ہے جولت پت ہوا ہے اپنے خون میں۔

۲۔ کتنے اچھے ہیں (محبوبوں کو) اٹھانے والے اور کتنی اچھی ہے وادی جس میں بنے نوخیز ہرنی محبوبہ کو بوسہ دیا۔

۳۔ وہ سمندر کی طرح ہے جو قریب والوں کے لیے سخاوت کے جواہرات پھینکتا ہے اور دور والوں کے لیے بادل بھیجتا ہے۔

۴۔ ہر انسان کو زمانے سے وہی ملتا ہے جس کا وہ عادی ہو اور سیف الدولہ کی عادت دشمنوں کو تیر مارنا ہے۔

۵۔ تلوار کی جگہ بخشش ایسے نقصان دہ ہے جیسے بخشش کی جگہ تلوار کا استعمال نقصان دہ ہے۔

خط کشیدہ کے واحد و جمع:

| واحد | جمع | واحد | جمع |
|---|---|---|---|
| دمع | دموع | واد | اودية |
| دم | دماء | سيف | سيوف |
| متحمل | متحملون | جوهر | جواهر |
| سحاب | سحائب | | |

کیم سکینر سے سکین کیا گیا۔

سوال نمبر ۴:- مندرجہ ذیل میں سے تین اشعار کا اردو میں ترجمہ کریں اور خط کشیدہ الفاظ میں سے پانچ کے معانی لکھیں؟

(۱) ودع کل صوت غیر صوتی فاننی — انا الطائر المحکی و الآخر الصدی

(۲) انی لاعلم و اللبیب خبیر — ان الحیاۃ و ان حرصت غرور

(۳) ملک سنان قناتہ و بنانہ — یتباریان دما و عرفا ساکبا

(۴) انت الحبیب و لکنی اعوذ بہ — من ان اکون محبا غیر محبوب

(۵) اذا سال الانسان ایامہ الغنی — و کنت علی بعد جعلنک موعدا

جواب: اشعار کا ترجمہ:

۱۔ اور میری آواز کے علاوہ ہر آواز کو چھوڑ دے اس لیے کہ گانے والا پرندہ میں ہوں اور دوسرے میری صدائے بازگشت ہیں۔

۲۔ میں جانتا ہوں اور ایک عقلمند بھی جانتا ہے کہ زندگی میں خواہ کتنا حرص کروں دھوکہ ہی دھوکہ ہے۔

۳۔ وہ ایسا بادشاہ ہے کہ جس کے نیزوں کے بھالے اور انگلیاں خون اور بارش برسانے میں ایک دوسرے سے مقابلہ کرتی ہیں۔

۴۔ تو میرا دوست ہے لیکن میں پناہ مانگتا ہوں کہ میں غیر پسندیدہ محبت بنوں۔

۵۔ جب انسان زمانے سے دولت کا سوال کرتا ہے اور تو دور ہو تو وہ تیری ذات کو وعدہ گاہ بنا دیتا ہے۔

الفاظ کے معانی:

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| اَلصَّدٰی | آواز | اَللَّبِیْبُ | عقلمند |
| مَلِکٌ | بادشاہ | قِنَاتٌ | نیزے |
| سَاکِبًا | بہانے والا | مُحِبًّا | محبت کرنے والا |
| مَوْعِدًا | وعدہ کی جگہ | | |

☆ ☆ ☆

کیم سکینر سے سکین کیا گیا۔

تنظیم المدارس (اہلِ سنت)، پاکستان کے جدید نصاب کے عین مطابق

برائے طلباء 2025

سوالیہ پرچہ کے ساتھ

# نورانی گائیڈ

## حل شدہ پرچہ جات

درجہ عالیہ

2


ادارہ ضیاء السنۃ

مولانا محمد رمضان ضیاء الباروی
0333-6142767

محمد ریحان مصطفےٰ باروی
0306-6521197
0314-7615061

تنظیم المدارس اہل سنت کے نصاب کے مطابق طلباء وطالبات کا مکمل کورس امتحانی گائیڈ
قرآن پاک، تجویدی، تفاسیر، احادیث، سیرت، وعظ، نماز، عیدی، دیگر اسلامی کتب دستیاب ہیں۔

نزد پیپل والی مسجد اندرون بوہڑ گیٹ ملتان

الاختبار السنوی النهائی تحت اشراف تنظیم المدارس (اهل السنة) پاکستان

# سالانہ امتحان الشهادة الثانوية العالية (بی-اے-سال دوم)

## (برائے طلباء) الموافق سنة 1447ھ 2025ء

الوقت المحدد — الورقة الاولیٰ: التفسير و اصوله — مجموع الارقام

ثلاث ساعات — ۱۰۰

نوٹ: سوال نمبر ایک اور پانچ لازمی ہیں باقی میں سے کوئی سے دو سوالات حل کریں۔

### قسم اوّل ...... تفسير بيضاوی

سوال نمبر 1: تسمیہ سورہ فاتحہ کا جزء ہے یا نہیں امام شافعی اور امام محمد رحمہا اللہ کا مؤقف مدلل لکھیں؟

سوال نمبر 2:۔ الحمد لله الحمد هو الثناء علی الجميل الاختياری من نعمة او غيرها . والمدح هو الثناء على الجميل مطلقاً تقول حمدت زيدًا على علمه و كرمه ولا تقول حمدته على حسنه بل مدحته . و قيل هما اخوان والشكر فی مقابلة النعمة قولاً و عملاً و اعتقادًا .

(الف) مذکورہ عبارت پر اعراب لگا کر سلیس اُردو میں ترجمہ کریں؟

(ب) شکر اور حمد میں نسبت کی وضاحت کریں؟

(ج) الحمد پر لام تعریف جنسی ہے یا استغراقی؟ بیضاوی کی روشنی میں جواب دیں۔

سوال نمبر 3:۔ هدى للمتقين يهديهم اليا لحق و الهدى فی الاصل مصدر كالسرى و لتقى و معناه الدلالة وقيل الدلالة الموصلة الى البغية لانه جعل مقابل الضلالة فی قوله تعالیٰ: انك لعلى هدى اوفی ضلال مبين و لانه لا يقال مهدى الالمن اهتدى ى المطلوب واختصاصه بالمتقين لانهم المهتدون به و المنتفعون بنصبه .

(الف) مذکورہ عبارت کا ترجمہ لکھ کر خط کشیدہ عبارت میں مذکورہ سوال و جواب تحریر کریں؟

(ب) تقویٰ کے تینوں مراتب مدلل بیان کریں؟

ال نمبر 4:۔(ان الذين) كفروا لما ذكر خاصة عباده و خالصة اوليائه بصفاتهم التی لتهم الهدى و الفلاح عقبهم اضدادهم العتاد المردة الذين لا ينفع فيهم الهدى يغنی عنهم الايات و النذر ولم يعطف قصتهم على قصة المؤمنين كما عطف فی

تعالی (ان الابرار لفی نعیم و ان الفجار لفی حجیم) لتباینهما فی الغرض .

(الف) مذکورہ عبارت کا سلیس اُردو میں ترجمہ کریں؟

(ب) ان الذین کفروا الخ کا ماقبل پر عطف کیوں نہیں ڈالا جس طرح و ان الفجار الخ بل پر عطف ڈالا گیا ہے؟ تفصیلاً لکھیں؟

(ج) حروف مشبہ بالفعل کو مشبہ بالفعل کیوں کہتے ہیں؟ بیضاوی کی روشنی میں درج کریں۔

### قسم ثانی ...... زبدة الاتقان

ل نمبر 5:۔درج ذیل اجزاء میں سے صرف تین حل کریں۔

(۱) اعراب القرآن سے کیا مراد ہے؟

(۲) سب سے آخر میں کون سی سورت نازل ہوئی؟ مختلف اقوال لکھیں؟

(۳) نص میں لفظ کے عام ہونے کا اعتبار کرنا چاہیے یا سبب نزول کے خاص ہونے کا؟ مفصل یں؟

(۴) سات مشہور قراتوں کے علاوہ دیگر قرآت کا کیا حکم ہے؟

☆ ☆ ☆

## درجہ عالیہ (سال دوم) برائے طلباء 2025ء

### الورقة الاولیٰ: التفسیر و اصوله

### قسم اوّل ...... تفسیر بیضاوی

ال نمبر 1:۔تسمیہ سورہ فاتحہ کا جزء ہے یا نہیں امام شافعی اور امام محمد رحمہا اللہ کا مؤقف مدلل لکھیں؟

جواب: تسمیہ کا حکم باعتبار جزء کے: احناف کے نزدیک بسم اللہ قرآن کی جزء تو ہے لیکن سورۃ تحہ کی جزء نہیں ہے جبکہ شوافع کے نزدیک بسم اللہ سورۃ فاتحہ کی جزء ہے۔

احناف کی دلیل: صحیحین میں روایت موجود ہے حضرت انس رضی اللہ عنہ اس حدیث کے راوی یں۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ”میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم، حضرت ابو بکر اور حضرت عمر ی اللہ عنہما کے پیچھے نماز پڑھی تو کسی نے بھی بسم اللہ بلند آواز سے نہیں پڑھی۔“ (او کمال قال)

طرز استدلال: بسم اللہ شریف اگر سورۃ فاتحہ کی جزء ہوتا، تو جس طرح سورۃ فاتحہ کو بلند آواز سے ھا گیا بسم اللہ کو بھی بلند آواز سے پڑھتے۔ پس ثابت ہوا کہ بسم اللہ سورۃ فاتحہ کی جزء نہیں۔

شوافع کی دلیل: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سورۃ فاتحہ کی سات آیات ہیں ان میں پہلی بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ہے۔ اسی طرح حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ "رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سورۃ فاتحہ کی تلاوت کی اور بسم اللہ کو آیت شمار کیا۔"

سوال نمبر 2:۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ اَلْحَمْدُ هُوَ الثَّنَاءُ عَلَى الْجَمِيْلِ الْإِخْتِيَارِيْ مِنْ نِعْمَةٍ اَوْ غَيْرِهَا ۔ وَالْمَدْحُ هُوَ الثَّنَاءُ عَلَى الْجَمِيْلِ مُطْلَقًا تَقُوْلُ حَمِدْتُ زَيْدًا عَلٰى عِلْمِهٖ وَكَرَمِهٖ وَلَا تَقُوْلُ حَمِدْتُهٗ عَلٰى حُسْنِهٖ بَلْ مَدَحْتُهٗ ۔ وَقِيْلَ هُمَا اَخَوَانِ وَالشُّكْرُ فِيْ مَقَابَلَةِ النِّعْمَةِ قَوْلًا وَ عَمَلًا وَّ اِعْتِقَادًا ۔

(الف) مذکورہ عبارت پر اعراب لگا کر سلیس اُردو میں ترجمہ کریں؟

جواب: عبارت پر اعراب: اوپر لگا دیئے گئے ہیں۔

عبارت کا ترجمہ: "سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں" اور حمد کا معنی ہے کہ کسی کی خوبی اختیاری پر تعریف کرنا نعمت کے عوض یا بغیر نعمت کے، مدح وہ تعریف کرنا ہے اچھی خوبی پر مطلقاً تو کہے گا "میں نے زید کے علم و کرم پر مدح کی" اور نہیں کہے گا "میں اس کے حسن پر حمد کی" بلکہ یوں کہے گا "میں نے اس کی مدح کی"۔ کہا گیا ہے کہ دونوں بھائی ہیں، شکر نعمت کے مقابلہ میں ہوتا ہے خواہ قول کے اعتبار سے یا عمل کے اعتبار یا اعتقاد کے اعتبار سے۔"

(ب) شکر اور حمد میں نسبت کی وضاحت کریں؟

حمد و شکر میں نسبت: حمد اور شکر کے درمیان عموم خصوص وجہ کی نسبت ہے، کیونکہ من وجہ حمد عام ہے شکر سے اور من وجہ شکر عام ہے حمد سے۔

(ج) الحمد پر لام تعریف جنسی ہے یا استغراقی؟ بیضاوی کی روشنی میں جواب دیں؟

الف لام کی وضاحت: الحمد پر الف لام جنسی بھی ہو سکتا ہے۔ پھر اس کا اشارہ حقیقت حمد کی طرف ہوگا جس کو ہر کوئی جانتا ہے۔ استغراقی بھی ہو سکتا ہے۔ پھر مطلب ہوگا کہ حمد کا ہر فرد اللہ کے لیے ہے، کیونکہ تمام افراد حمد اللہ تعالیٰ کے لیے ہی ہیں جیسا کہ فرمان الٰہی ہے "و ما بکم من نعمة فمن الله"۔

سوال نمبر 3:۔ هدى للمتقين يهديهم اليا لحق و الهدى فى الاصل مصدر كالسرى

...نفی و معناه الدلالة وقيل الدلالة الموصلة الى البغية لانه جعل مقابل الضلالة فی ...له تعالى: انك لعلى هدى اوفى ضلال مبين و لانه لا يقال مهدى الالمن اهتدى ...المطلوب واختصاصه بالمتقين لانهم المهتدون به و المنتفعون بنصبه .

(الف) مذکورہ عبارت کا ترجمہ لکھ کر خط کشیدہ عبارت میں مذکورہ سوال وجواب تحریر کریں؟

عبارت کا ترجمہ: "یہ کتاب ہدایت ہے' ڈرنے والوں کے لیے" اور انہیں حق کی طرف راہ ...ماتی ہے۔ہدایت اصل میں مصدر ہے جیسا کہ سری اور تقی مصدر ہیں اور اس کا معنی" رہنمائی" ...ہے۔کہا گیا ہے کہ ہدایت کا معنی ہے ایسی راہنمائی کرنا جو مقصود تک پہنچا دے، کیونکہ ہدایت کو ...ای کے مقابلہ میں ذکر کیا گیا ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا قول ہے،"انك لعلى هدى اوفى ضلالٍ ...ن" اور اس لیے بھی مہدی اسی شخص کو کہا جاتا ہے جو مطلوب تک پہنچ جائے۔ہدایت کو متقین کے ...نہ خاص اس لیے کیا، کیونکہ متقین ہی اس کتاب سے ہدایت یافتہ ہوئے اور نفع مند ہوئے۔"

سوال کی تقریر: قرآن پاک تو تمام کے لیے ذریعہ ہدایت ہے پھر متقین کے ساتھ خاص کیوں ...ا؟

جواب کی تقریر: ہدایت کا اختصاص متقین کے ساتھ اس لیے ہے کہ قرآن سے ہدایت متقین ...نے لی اور نفع مند متقین ہوئے۔

(ب) تقویٰ کے تینوں مراتب مدلل بیان کریں؟

مراتب ثلثہ کا بیان: تقویٰ کے مراتب ثلثہ درج ذیل ہیں:

اوّل: پہلا مرتبہ یہ ہے کہ شرک سے محفوظ رہ کر ہمیشہ کے عذاب سے بچ جانا، اس معنی پر دلیل یہ ...مان ہے"و الزمنهم كلمه التقوى"

دوم: گناہ میں ملوث کرنے والی ہر چیز سے کنارہ کشی کرنا' خواہ اس کا تعلق فعل سے ہو یا ترک فعل ...ے۔اس معنی پر دلیل یہ فرمان ہے"و لو ان اهل القرى امنوا و اتقوا"

سوم: باطن کو حق سے دور کرنے والی ہر چیز سے دور ہو جانا اور ہمہ تن اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ ہو ...انا۔اس معنی پر دلیل یہ فرمان ہے"واتقوا الله حق تقاته"

...وال نمبر 4:۔(ان الذين) كفروا لما ذكر خاصة عباده و خالصة اوليائه بصفاتهم ...ى اهلتهم الهدى و الفلاح عقبهم اضدادهم العتاد المردة الذين لا ينفع فيهم

الھدی ولا یغنی عنھم الایات و النذر ولم یعطف قصتھم علی قصة المؤمنین کما عطف فی قولہ تعالی (ان الابرار لفی نعیم و ان الفجار لفی حجیم) لتباینھما فی الغرض .

(الف) مذکورہ عبارت کا سلیس اُردو میں ترجمہ کریں؟

جواب: سلیس اُردو ترجمہ: (بے شک وہ لوگ جو کافر ہوئے) جب ذکر کیا اللہ تعالیٰ نے اپنے خاص بندوں اور مخلص دوستوں کا ان کی صفات کے ساتھ' ایسی صفات کہ اہل بنا دیا انہیں ہدایت اور فلاح کا' تو پیچھے ان کے ان کی ضدوں کو جو نافرمان اور مردود ہیں کہ جن کے اندر ہدایت نے ذرا بھی نفع نہ دیا اور نہ ہی ان کو اللہ کی نشانیاں اور ڈراوے نے بے نیاز کیا۔ نہیں عطف ڈالا گیا کافروں کے قصہ کو مومنین کے قصہ پر جیسا کہ عطف کیا گیا اللہ تعالیٰ کے اس قول میں "اِنَّ الْاَبْـرَارَ لَـفِـیْ نَعِیْمٍ وَ اِنَّ الْفُجَّارَ لَفِیْ جَحِیْمٍ" کیونکہ دونوں قصے غرض میں متبائن ہیں۔

(ب) اِنَّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا الخ کا ماقبل پر عطف کیوں نہیں ڈالا جس طرح و ان الفجار الخ کا ماقبل عطف ڈالا گیا ہے؟ تفصیلاً لکھیں؟

عطف نہ کرنے کی وجہ: چونکہ دونوں واقعات کی غرض الگ الگ ہے کہ پہلی کلام میں کتاب اللہ و مومنوں کی شان اور عظمت کا بیان ہے اور دوسری کلام میں کفار کی سرکشی اور ضلالت کا بیان ہے۔ جب دونوں جملوں میں تباین ہے' تو پھر ان میں کمال انقطاع پایا گیا اور جہاں کمال انقطاع ہو' وہاں عطف چھوڑ دیا جاتا ہے۔

(ج) حروف مشبہ بالفعل کو مشبہ بالفعل کیوں کہتے ہیں؟ بیضاوی کی روشنی میں درج کریں؟

وجہ تسمیہ: حروف مشبہ بالفعل کو مشبہ بالفعل اس لیے کہتے ہیں کہ ان حروف کو فعل کے ساتھ لفظی اور معنوی مشابہت ہے' تو تعداد حروف مبنی بر فتح اور اسماء کو لازم ہونے میں اور معنی فعل (جو ان کے اندر موجود ہے) کو اسم تک پہنچانے میں یہ حروف فعل کے مشابہہ ہو گئے' اس لیے ان کو حروف مشبہ بالفعل کہتے ہیں۔

## قسم ثانی ...... زبدة الاتقان

سوال نمبر 5:۔ درج ذیل اجزاء میں سے صرف تین حل کریں؟

(ا) اعراب القرآن سے کیا مراد ہے؟

جواب: اعراب القرآن: اعراب القرآن سے مراد قرآن الفاظ کے معانی کو سمجھنا اور ان کی معرفت حاصل کرنا۔ نہ کہ وہ اعراب کا جو نحویوں کے نزدیک ہے، کیونکہ اس سے الفاظ کی صحت مراد ہوتی ہے۔ جب قرآن کے الفاظ کا صحیح ہونا ہی نہ پایا جائے' تو ان کی قراءت کیسے درست ہوسکتی ہے' اس لیے نحویوں والا اعراب کا معنی مراد نہیں۔

(۲) سب سے آخر میں کونسی سورت نازل ہوئی؟ مختلف اقوال لکھیں؟

جواب: مختلف اقوال: سب سے آخر میں کونسی سورت نازل ہوئی؟ اس میں علماء کے مختلف اقوال مذکور ہیں۔ بعض کہتے ہیں سب سے آخر میں سورۃ النصر نازل ہوئی۔ بعض نے کہا کہ سورۃ مائدہ نازل ہوئی اور بعض کا قول ہے کہ سورۃ فتح نازل ہوئی جبکہ بعض سورۃ براءت کے قائل ہیں۔

(۳) نص میں لفظ کے عام ہونے کا اعتبار کرنا چاہیے یا سبب نزول کے خاص ہونے کا؟ مفصل لکھیں

جواب: نص میں امر معتبر: مشہور اور اصح بات یہ ہے کہ نص میں عموم لفظ کا اعتبار ہوتا ہے سبب خاص کا نہیں، کیونکہ ایسی بہت سی آیات کریمہ ہیں کہ جو نازل تو خاص سبب سے ہوئیں مگر حکم ان کا عام ہے۔ غیر اسباب کی طرف ان کے احکام متعدی ہوتے ہیں جیسا کہ حد قذف، ظہار اور لعان والی آیتوں کے نزول کا سبب تو خاص ہے مگر حکم ان کا عام ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ نص سبب خاص کا اعتبار کیا جائے گا مگر ان کی یہ بات درست نہیں ہے' ورنہ بہت سی خرابیاں لازم آئیں گی۔

(۴) سات مشہور قراتوں کے علاوہ دیگر قرآت کا کیا حکم ہے؟

جواب: مشہور قراتوں کا حکم: سات مشہور قراتوں کے علاوہ جو قراراتیں ہیں اگر تو مصحف کے رسم الخط کے خلاف ہیں' تو پڑھنا جائز نہیں۔ اگر مصحف کے رسم الخط کے موافق ہیں لیکن ہیں وہ غیر مشہور اور غیر معتبر طریقے پر وارد ہیں' ایسی قراتوں کا پڑھنا بھی ممنوع ہے۔

☆ ☆ ☆

کتب کا مرکز
ادارہ ضیاء السنہ
0306-6521197
آن لائن ڈیلیوری کی سہولت موجود ہے
H_M_Hasnain_Asadi

الاختبار المستوى النهائی تحت اشراف تنظیم المدارس (اهل السنة) پاکستان

# سالانہ امتحان الشهادة الثانوية العالية (بی-اے-سال دوم)

## (برائے طلباء) الموافق سنة 1447ھ 2025ء

| الوقت المحدد | الورقة الثانية: الحديث و اصوله | مجموع الارقام |
| --- | --- | --- |
| ثلاث ساعات | | ۱۰۰ |

نوٹ: آخری سوال لازمی ہے باقی میں سے دوسوالات حل کریں۔

### حصہ اوّل ...... حدیث

سوال نمبر 1:۔عن علی رضی الله عنه عن النبی صلی الله علیه وسلم قال: "المسلمون تتكافؤ دماؤهم ويسعى بذمتهم ادناهم و يرد عليهم اقصاهم و هم يد على من سواهم الا لا يقتل مسلم بكافر ولا ذوعهد فى عهده ۔

(الف) اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟

(ب) لا یقتل مسلم بکافر کی تشریح اس طرح کریں کہ فقہاء کرام کا اختلاف مع الدلائل واضح ہو جائے۔

سوال نمبر 2:۔عن سعيد بن المسيب: ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قضى فى الجنين يقتل فى بطن امه بغرة عبد او وليدة ۔ فقال الذى قضى عليه: كيف اغرم من لا شرب ولا اكل و لا نطق ولا استهل و مثل ذلك يطل فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم : "انما هذا من اخوان الكهان" ۔

(الف) حدیث شریف کا ترجمہ کریں اور بتائیں کہ کاہن کس کو کہتے ہیں؟ نیز خط کشیدہ کلمہ کی معنوی تشریح کریں؟

(ب) دیت کا لغوی و اصطلاحی معنیٰ لکھیں اور دیت اثلاث، ارباع اور اخماس میں کیا دیا جاتا ہے؟ تفصیلی لکھیں؟

سوال نمبر 3:۔عن سعيد بن سعد بن عبادة ان سعد بن عبادة اتى النبى صلى الله عليه وسلم برجل كان فى الحى مخدج سقيم فوجد على امة من امائهم يخبث بها فقال

ی صلی اللہ علیہ وسلم : "خذوا له عثكالا فيه مائة شمراخ فاضربوه ضربة .

(الف) حدیث شریف کا ترجمہ کریں نیز مخدج، یخبث، عثکال اور شمراخ کے معانی لکھیں؟

(ب) مشکاۃ المصابیح کی روشنی میں حدود اللہ کی تعداد، اسماء اور ان کی سزائیں تحریر کریں؟

## حصہ دوم ...... اصول حدیث

سوال نمبر 4:۔ درج ذیل میں سے چار اجزاء کے جوابات دیں؟

(الف) خبر متواتر کی تعریف اور اس کی شرائط لکھیں؟

(ب) راوی میں طعن کے اسباب کی تعداد و اسماء تحریر کریں؟

(ج) حدیث قدسی اور قرآن مجید کے درمیان فرق بیان کریں؟

(د) منکر، شاذ اور معروف کی تعریفات کریں اور فرق بیان کریں؟

(ہ) حدیث، خبر اور اثر کی تعریفات لکھیں اور ان میں فرق بیان کریں؟

(و) تدلیس کا لغوی اور اصطلاحی معنی لکھیں نیز اس کی اقسام مع احکام بیان کریں؟

☆ ☆ ☆

# درجہ عالیہ (سال دوم) برائے طلباء 2025ء

## الورقة الثانية: الحديث و اصوله

## حصہ اوّل ...... حدیث

سوال نمبر 1:۔ عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: "اَلْمُسْلِمُوْنَ تَتَكَافَؤُ دِمَاؤُهُمْ وَيَسْعٰى بِذِمَّتِهِمْ اَدْنَاهُمْ وَ يُرَدُّ عَلَيْهِمْ اَقْصَاهُمْ وَهُمْ يَدٌ عَلٰى مِنْ سِوَاهُمْ اَلَا لَا يُقْتَلُ مُسْلِمٌ بِكَافِرٍ وَلَا ذُوْعَهْدٍ فِيْ عَهْدِهٖ .

(الف) اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟

جواب: اعراب: اعراب سوالیہ حصہ میں لگا دیئے گئے ہیں۔

ترجمہ حدیث: حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسلمانوں کے خون برابر ہیں اور مسلمانوں کے معاہدے کے لیے ادنیٰ مسلمان کام کرے گا اور دور کا آدمی ان پر رد کرے گا اور مسلمان اپنے مقابل پر ایک ہاتھ کے حکم میں ہے۔ خبردار! مسلمان کسی کافر

کے بدلے قتل نہ کیا جائے گا۔ ذمی جب تک ذمی ہے اسے قتل نہ کیا جائے گا۔

(ب) **لا یقتل مسلم بکافر** کی تشریح اس طرح کریں کہ فقہاء کرام کا اختلاف مع الدلائل واضح ہو جائے؟

**لا یقتل مسلم بکافر** کی تشریح: اگر کوئی مسلمان کسی کافر کو قتل کر دے، تو اس کے بدلے کسی مسلمان کو قتل نہیں کیا جائے گا تو اس میں کافر سے مراد حربی کافر ہے لیکن اگر کوئی مسلمان ذمی کو قتل کر دے تو بدلے میں اسے قتل کیا جائے گا یہ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کا مذہب ہے۔

امام شافعی، امام احمد، سفیان ثوری اور امام اسحاق رحمہم اللہ کا مذہب یہ ہے کہ مسلمان کو کافر کے بدلے میں کسی صورت قتل نہیں کیا جائے گا۔

سوال نمبر 2:۔ **عن سعید بن المسیب: ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قضی فی الجنین یقتل فی بطن امه بغرة عبد او ولیدة ۔ فقال الذی قضی علیه: کیف اغرم من لا شرب ولا اکل و لا نطق ولا استهل و مثل ذلک یطل فقال رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم : "انما هذا من اخوان الکهان" .**

(الف) حدیث شریف کا ترجمہ کریں اور بتائیں کہ کاہن کس کو کہتے ہیں؟ نیز خط کشیدہ کلمہ کی معنوی تشریح کریں؟

جواب: ترجمہ حدیث: حضرت سعید بن مسیب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ماں کے پیٹ میں موجود بچے کے قتل کیے جانے کے حوالے سے غلام یا لونڈی کی پیشانی کا فیصلہ فرمایا، جس پر حکم کیا گیا تھا کہنے لگا: میں کیسے اس کا تاوان ادا کروں جس نے نہ پیا، نہ کھایا اور نہ ہی رونے کی آواز نکالی؟ ایسے شخص کو ضائع کیا جانا چاہیے۔ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ شخص کاہنوں کے بھائیوں میں سے ہے۔

کاہن کا معنی/تعریف: کاہن ایسے شخص کو کہتے ہیں جو یہ دعویٰ کرے کہ اس کا رابطہ، نجومیوں، جادوگروں یا جنات سے ہے اور اسے بنیاد بنا کر لوگوں کو ان کی قسمت یا مستقبل کے بارے میں بتائے۔

بغرۃ کی معنوی شرح: "بغرۃ" کو تنوین اور اضافت دونوں کے ساتھ روایت کیا گیا ہے۔ اصل میں گھوڑے کی پیشانی کو غرہ کہتے ہیں، پھر غرہ کا استعمال ہر روشن اور مشہور چیز کے لیے ہونے لگا اس کے دیگر کئی معنی ہیں مثلاً قوم کا معزز فرد، مرد کا چہرہ، دانتوں کی سفیدی، قیمتی سامان اور غلام و لونڈی

وغیرہ۔ علماء کے نزدیک اس کا سفید ہونا شرط ہے جبکہ فقہاء کے نزدیک سفید ہونا شرط نہیں ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ اس سے مراد وہ چیز ہے جس کی قیمت دیت کے بیسویں حصہ تک ہو۔

(ب) دیت کا لغوی و اصطلاحی معنی لکھیں اور دیت اثلاث، ارباع اور اخماس میں کیا دیا جاتا ہے؟ تفصیلی لکھیں؟

جواب: دیت کا لغوی و اصطلاحی معنی: دیت کا لغوی معنی ہے "مقتول کا حق" اور یہ دیۃ کی جمع ہے اور اس کا اصطلاحی معنی ہے کہ وہ مال جو جرائم کے بدلے میں استعمال کیا جاتا ہے۔

اصطلاحات کی تفصیل:

دیتِ اثلاث: قتل شبہ عمد کی دیت تینتیس (33) حقہ، 33 جزعہ اور 34 ثنیہ ہیں اور سب کی سب حاملہ ہوں۔

دیت ارباع: ایک روایت میں قتل خطاء میں دیت چار حصہ فرما کر پچیس جزعہ، پچیس بنت لبون، پچیس بنت مخاض اور پچیس حقہ ہیں۔

دیت اخماس: امام اعظم رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک قتل خطاء کی دیت سو اونٹ ہیں پانچ حصوں سے یعنی بیس ایک سالہ اونٹنیاں، بیس ایک سالہ نر اونٹ، بیس دو سالہ اونٹنیاں، بیس تین سالہ اور بیس چار سالہ۔ جب کہ امام شافعی رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک ابن مخاض کی بجائے ابن لبون ہیں۔

سوال نمبر 3:۔ عن سعید بن سعد بن عبادة ان سعد بن عبادة اتیٰ النبی صلی اللہ علیه وسلم برجل کان فی الحی مخدج سقیم فوجد علی امة من امائهم یخبث بها فقال النبی صلی اللہ علیه وسلم : "خذوا له عثکالا فیه مائة شمراخ فاضربوه ضربة .

(الف) حدیث شریف کا ترجمہ کریں نیز مخدج، یخبث، عثکال اور شمراخ کے معانی لکھیں؟

جواب: ترجمہ حدیث: حضرت سعید بن سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ سعد بن عبادہ ایک ناقص الخلقت بیمار شخص کو لے کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے۔ وہ شخص ان کی لونڈیوں میں سے ایک لونڈی سے زنا کر رہا تھا، آپ نے فرمایا۔ کھجور کی ایک بڑی ٹہنی لو جس میں سو چھوٹی ٹہنیاں ہوں اور ایک مرتبہ اسے مارو۔

الفاظ کے معانی:

| الفاظ | معانی |
| --- | --- |
| مخدج | ناقص الخلقت |
| یخبث | وہ زنا کرتا ہے/کرے گا |
| عثکالہ | بڑی ٹہنی جو چھوٹی ٹہنیوں پر مشتمل ہو |
| شمراخ | چھوٹی ٹہنی |

(ب) مشکاۃ المصابیح کی روشنی میں حدود اللہ کی تعداد، اسماء اور ان کی سزائیں تحریر کریں؟

جواب: حدود اللہ کی تعداد: مشکوٰۃ المصابیح کی روشنی میں حدود اللہ کی تعداد چھ ہے۔

اسماء اور ان کی سزائیں: ان حدود کے اسماء اور سزائیں درج ذیل ہیں:

۱- زنا کی سزا، رجم اور سو کوڑے، ۲- چوری کی سزا، ہاتھ کاٹنا،

۳- شراب پینے کی سزا، اسی کوڑے، ۴- پاکدامن عورت پر تہمت کی سزا، اسی کوڑے،

۵- ڈکیتی کی سزا، سولی، ۶- قتل کی سزا، قصاص یا دیت۔

ان کے علاوہ باقی جرموں میں حد نہیں بلکہ تعزیر ہے کہ حاکم جو چاہے سزا دے۔

## حصہ دوم ...... اصول حدیث

سوال نمبر 4:۔ درج ذیل میں سے چار اجزاء کے جوابات دیں؟

(الف) خبر متواتر کی تعریف اور اس کی شرائط لکھیں؟

خبر متواتر کا لغوی معنی: لغوی اعتبار سے یہ لفظ ''تواتر'' سے نکلا ہے، جس کا معنی ''تسلسل''۔

اصطلاحی معنی: اصطلاحی طور پر متواتر وہ حدیث ہے جسے راوی کثیر تعداد میں روایت کریں، جن کا جھوٹ پر متفق ہونا عام طور پر محال ہو۔

خبر متواتر کی شرطیں: خبر متواتر میں چار شرائط پائی جاتی ہیں:

۱- خبر متواتر کو کثیر تعداد میں راوی روایت کریں۔

۲- سند کے ہر طبقے میں کثرت پائی جائے۔

۳- عادتاً ان لوگوں کا جھوٹ پر متفق ہونا محال ہو۔

۴- ان لوگوں کی خبر کی بنیاد حس ہو۔

(ب) راوی میں طعن کے اسباب کی تعداد و اسماء تحریر کریں؟

راوی پر طعن کے اسباب کی تعداد: راوی پر طعن کے اسباب دس ہیں پانچ عدالت سے اور پانچ ضبط سے متعلق ہیں۔

طعن کے اسماء:

| | |
|---|---|
| ۱- جھوٹ | ۲- تہمت بالکذب |
| ۳- فسق | ۴- بدعت |
| ۵- جہالت | ۶- غفلت |
| ۷- کثرت سے غلطی کرنا | ۸- حافظہ کی کمزوری |
| ۹- کثرت وہم | ۱۰- ثقہ راویوں کی مخالفت |

ان میں پہلی پانچ کا تعلق عدالت سے متعلق طعن سے ہے اور دوسری پانچ کا تعلق ضبط سے متعلق طعن سے ہے۔

(ج) حدیث قدسی اور قرآن مجید کے درمیان فرق بیان کریں؟

جواب: حدیث قدسی اور قرآن میں فرق کی صورتیں:

i- قرآن کی تلاوت بطور عبادت کی جاتی ہے اور حدیث قدسی کی تلاوت بطور عبادت نہیں ہوتی۔

ii- قرآن لفظاً و معناً اللہ کی طرف سے ہے جبکہ حدیث قدسی کا معنی اللہ کی طرف سے اور الفاظ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے ہوتے ہیں۔

iii- قرآن پاک کے ثبوت کے لیے تواتر شرط ہے جبکہ حدیث قدس کے لیے تواتر شرط نہیں۔

(د) منکر، شاذ اور معروف کی تعریفات کریں اور فرق بیان کریں؟

جواب: منکر کی تعریف: جس حدیث کی سند میں ایسا راوی ہو جو کثرت سے غلطی کرتا ہو یا اس کا فسق ظاہر ہو، یا اس کی غفلت زیادہ ہو، تو وہ حدیث منکر کہلاتی ہے۔

شاذ کی تعریف: جس حدیث کو مقبول راوی اپنے سے اولیٰ کی مخالفت کرتے ہوئے روایت کرے اسے حدیث شاذ کہتے ہیں۔

معروف: جس حدیث کو ثقہ راوی، ضعیف راوی کی روایت کے خلاف روایت کرے، اسے حدیث معروف کہتے ہیں۔

تینوں میں فرق: حدیث شاذ کا راوی مقبول ہوتا ہے جبکہ حدیث منکر کا راوی ضعیف ہوتا ہے اور

حدیث معروف حدیث منکر کے مقابل ہوتی ہے۔

(ہ) حدیث، خبر اور اثر کی تعریفات لکھیں اور ان میں فرق بیان کریں؟

جواب: حدیث کی تعریف: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قول، فعل، تقریر یا صفت کو حدیث کہتے ہیں۔

خبر کی تعریف: وہ حدیث جو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے یا آپ کے غیر سے منقول ہو خبر کہلاتی ہے۔

اثر کی تعریف: جن اقوال وافعال کی اضافت صحابہ اور تابعین کی طرف ہو، اسے اثر کہتے ہیں۔

تینوں میں فرق: حدیث میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے قول، فعل، تقریر اور صفت شامل ہوتی ہے جبکہ خبر میں قول آپ یا آپ کے غیر سے منقول ہوتا ہے اور اثر میں قول وفعل کی اضافت صحابہ و تابعین کی طرف کی جاتی ہے۔

(و) تدلیس کا لغوی اور اصطلاحی معنی لکھیں نیز اس کی اقسام مع احکام بیان کریں؟

جواب: تدلیس کا لغوی معنی: تدلیس کا لغوی معنی ہے "اندھیرا"

اصطلاحی معنی: سند کے عیب کو چھپانا اور اس کے ظاہر کی تحسین کرنا تدلیس ہے۔

اقسام تدلیس: تدلیس کی دو بڑی قسمیں ہیں:

۱-تدلیس الاسناد ۲-تدلیس الشیوخ

تدلیس الاسناد: راوی اس شیخ سے حدیث روایت کرے جس سے سماعت حاصل ہے لیکن یہ حدیث اس سے نہ سنی ہو اور یہ بھی ذکر نہ کرے اس نے اس سے سنی ہے۔

تدلیس الشیوخ: کوئی راوی کسی شیخ سے ایسی حدیث روایت کرے جو اس نے اس سے سنی ہو۔ پھر وہ اس کا نام یا کنیت یا نسبت یا اوصاف بیان کرے، جس کے ساتھ وہ معروف نہ ہو تا کہ معروف ہو جائے۔

حکم: ۱-تدلیس الاسناد بہت مکروہ ہے اکثر علماء نے اس کی مذمت کی ہے۔

۲-تدلیس الشیوخ کی کراہت تدلیس اسناد کی کراہت سے کم اور ہلکی ہے، کیونکہ اس میں کسی راوی کو ساقط نہیں کیا جاتا۔

☆ ☆ ☆

الاختبار السنوی النهائی تحت اشراف تنظیم المدارس (اهل السنة) باکستان

# سالانہ امتحان الشهادة الثانوية العالية (بی-اے-سال دوم)

## (برائے طلباء) الموافق سنة 1447ھ 2025ء

الوقت المحدد ... الورقة الثالثة: الفقه ... مجموع الارقام

ثلاث ساعات ... ۱۰۰

نوٹ: کوئی سے تین سوالات کا حل مطلوب ہے۔

سوال نمبر 1:۔ ومن باع صبرة طعام كل قفيز بدرهم جاز البيع في قفيز واحد .

(الف) عبارت کا ترجمہ کریں نیز مذکورہ مسئلہ میں اختلاف آئمہ مفصلاً تحریر کریں؟

(ب) خیار شرط سے کیا مراد ہے؟ نیز خیار شرط کی مدت بیان کریں؟

(ج) بیع فاسد اور باطل کی تعریفات تحریر کریں؟

سوال نمبر 2:۔ ويجوز بيع الحفنة بالحفنتين و التفاحة بالتفاحتين .

(الف) مذکورہ عبارت کی اس طرح وضاحت کریں کہ ربٰوا کی علت واضح ہو جائے؟

(ب) اقالہ، مرابحہ اور تولیہ کی تعریفات واحکام سپرد قلم کریں؟

(ج) اجیر کی اقسام کی وضاحت کریں نیز اجارہ میں منفعت معلوم کرنے کے طریقے کی وضاحت کریں؟

سوال نمبر 3:۔ السلم عقد مشروع

(الف) بیع سلم کی تعریف اور صحت کی شرائط تحریر کریں نیز بیع سلم مشروع ہے بالدلائل لکھیں؟

ولا تصح ولاية القاضي حتّٰى يجتمع في المولى شرائط الشهادة .

(ب) قاضی کی ولایت کے صحیح ہونے کی شرائط تحریر کریں نیز سجل اور کتاب حکمی کی وضاحت کریں؟

(ج) عہدہ قضاء طلب کرنا کیسا ہے؟ ہدایہ کی روشنی میں اپنا مؤقف بیان کریں؟

سوال نمبر 4:۔ المضاربة عقد يقع على الشركة بمال من احد الجانبين و مرادة الشركة في الربح .

(الف) عبارت پر اعراب لگاتے ہوئے مسئلہ کی وضاحت کریں نیز صحت مضاربہ کی شرائط لکھیں؟

(ب) مضاربہ کا اصطلاحی معنی لکھنے کے بعد اس کی مشروعیت پر دلائل تحریر کریں؟

(ج) ھبہ کی تعریف کر کے بتائیں کہ ھبہ کن کن الفاظ سے منعقد ہوتا ہے؟

☆ ☆ ☆

# درجہ عالیہ (سال دوم) برائے طلباء 2025ء

## الورقة الثالثة: الفقه

سوال نمبر 1:۔و من باع صبرة طعام كل قفيز بدرهم جاز البيع في قفيز واحد .

(الف) عبارت کا ترجمہ کریں نیز مذکورہ مسئلہ میں اختلاف آئمہ مفصلاً تحریر کریں؟

جواب: ترجمہ عبارت: اگر کسی شخص نے غلہ کا ڈھیر بیچا اس طرح کہ ہر قفیز ایک درہم میں، تو جائز ہوگی بیع صرف ایک قفیز میں۔

مذکورہ مسئلہ میں اختلاف آئمہ: مذکورہ مسئلہ میں اختلاف آئمہ درج ذیل ہے:

امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کا مذہب: امام صاحب کے نزدیک یہ بیع باطل ہوگی، کیونکہ اس صورت میں بیع اور ثمن دونوں مجہول ہوں گے، جس سے یہ عقد فاسد ہو جائے گا۔

صاحبین و آئمہ ثلاثہ کا مذہب: صاحبین اور آئمہ ثلاثہ کے نزدیک یہ بیع ہر حال میں درست ہوگی، خواہ تمام قفیزوں کی تعداد بیان کرے یا نہ کرے۔

(ب) خیار شرط سے کیا مراد ہے؟ نیز خیار شرط کی مدت بیان کریں؟

خیار شرط کی تعریف: فریقین میں سے ہر ایک اس شرط پر بیع کرتے ہیں کہ تین دن یا کم مدت میں بیع فسخ کرنے کا اختیار رہے، تو اس کو خیار شرط کہتے ہیں۔

خیار شرط کی مدت میں اختلاف: خیار شرط کی مدت میں فقہاء کرام کا اختلاف ہے۔

امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کا موقف: امام صاحب کے نزدیک خیار کی مدت تین دن ہے۔ یعنی زیادہ سے زیادہ تین دن ہے اس سے زیادہ نہیں اور کم کی کوئی مقدار نہیں یعنی تین دن سے کم بھی ہو سکتی ہے۔

دلیل: مروی ہے کہ ایک صحابی بیع میں اکثر دھوکہ کھا جاتے تھے تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے

ے فرمایا کہ جب تو بیع کیا کرے تو کہہ لیا کر "لاخلابة ولی الخیار ثلثة" تو اس حدیث میں تین دن کا اختیار مقرر فرما دیا۔

امام شافعی وزفر رحمہما اللہ تعالیٰ کا مؤقف: امام شافعی وزفر رحمہما اللہ تعالیٰ کا بھی وہی مؤقف ہے جو امام صاحب کا ہے۔

صاحبین کا مؤقف: صاحبین کے نزدیک خیار شرط کی مدت وہی ہے، جو مقرر کر لی جائے چاہے مہینہ ہی ہو۔

دلیل: ان کی دلیل حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ والی حدیث ہے۔ آپ رضی اللہ عنہ نے خیار کو دو مہینوں تک جائز قرار دیا۔

دوسری بات یہ ہے کہ خیار اس لیے مشروع ہے تا کہ غور وفکر کیا جا سکے اور بیع میں دھوکہ دہی سے بچا جا سکے، تو پھر مس کیا حاجت نے اکثر کی طرف سے تو یہ تاجیل فی الثمن کی طرح ہو گیا یعنی جس طرح ثمن میں تاخیر جائز ہے، خیار میں بھی اکثر مدت مقرر کرنا جائز ہے۔

(ج) بیع فاسد اور باطل کی تعریفات تحریر کریں؟

بیع فاسد کی تعریف: وہ بیع کہلاتا ہے جو اصل اور ذات کے اعتبار سے تو جائز ہو لیکن کسی وصف کے اعتبار سے منع ہو جائے جیسے غیر مقدر التسلیم چیز کی بیع۔

بیع باطل کی تعریف: وہ بیع کہلاتی ہے جو اصل وذات اور وصف دونوں کے اعتبار سے مشروع نہ ہو جیسے مردار اور معدوم چیز کی بیع۔

سوال نمبر2:۔ ویجوز بیع الحفنة بالحفنتین و التفاحة بالتفاحتین .

(الف) مذکورہ عبارت کی اس طرح وضاحت کریں کہ ربوا کی علت واضح ہو جائے؟

جواب: عبارت مذکورہ کی وضاحت: "اور ایک مٹھی کو دو مٹھیوں کے عوض اور ایک سیب کو دو سیبوں کے بدلے بیچنا جائز ہے۔"

صاحب ہدایہ کے نزدیک حفنہ اور سیب کے شرعی معیار کے مطابق نہ ہونے کی علت بیان کرتے ہوئے کہتے ہیں حفنہ مکیلی چیزوں میں سے ہے جس کا ضابطہ یہ ہے کہ ان کو ہلاک کرنے سے ہلاک کرنے والے پر ضمان بر بالمثل واجب ہوتا ہے۔ اگر کوئی ایک حفنہ اناج تلف کر دے، تو اس پر ضمان نہیں بلکہ ضمان بالقیمت لازم ہوتا ہے۔ لہٰذا ثابت ہو گیا کہ حفنہ کوئی شرعی پیمانہ نہیں ہے۔

علت ربوٰ اکا ثابت ہونا یا نہ ہونا مماثلت یا عدم مماثلت سے ہوگا، مماثلت پیمانہ اور مقدار سے معلوم ہوتی ہے اور چونکہ حفنہ وسیب وغیرہ کے لیے کوئی شرعی مقدار متعین نہیں کی گئی، اس لیے مماثلت اور معیار بھی متعین نہیں ہوگا۔ جب معیار نہیں ہوگا، تو مساوات بھی نہ پائی جائے گی۔ عدم مساوات کی صورت میں زیادتی ثابت نہ ہوگی۔ ربوٰ اکا تحقق زیادتی کے تحقق پر موقوف ہوتا ہے۔ اس لیے عدم زیادتی کی صورت میں ربوٰ ابھی معدوم ہوگا اور بیع جائز ہوگی۔

(ب) اقالہ، مرابحہ اور تولیہ کی تعریفات واحکام سپرد قلم کریں؟

جواب: اقالہ کی تعریف اور حکم: عقد بیع کو ختم کر کے اس کو زائل کرنے کا نام اقالہ ہے۔ بیع میں ثمن اوّل کے مثل پر اقالہ کرنا جائز ہے۔

مرابحہ کی تعریف اور حکم: اپنی خریدی ہوئی چیز کو ثمن اوّل کے عوض کچھ نفع لے کر فروخت کرنا، مرابحہ کہلاتا ہے۔ یہ جائز ہے۔

تولیہ کی تعریف اور حکم: اپنی خریدی ہوئی چیز کو ثمن اوّل کے عوض بغیر نفع کے بیچنا، تولیہ کہلاتا ہے اور یہ جائز ہے۔

(ج) اجیر کی اقسام کی وضاحت کریں نیز اجارہ میں منفعت معلوم کرنے کے طریقے کی وضاحت کریں؟

جواب: اجیر کی اقسام: اجیر کی دو اقسام ہیں:

۱- اجیر مشترک: جو کسی متعین شخص کا اجیر نہ ہو جیسے درزی، دھوبی وغیرہ۔

۲- اجیر خاص: وہ ہے، جو اپنے آپ کو ایک وقت متعین تک صرف ایک شخص کا کام کرے، اس دوران کسی دوسرے کا کام نہ کرے جیسا کہ مستری اور راج وغیرہ۔

اجارہ میں منفعت معلوم کرنے کا طریقہ: اجارہ میں منفعت درج ذیل طریقوں سے معلوم ہوتی ہے:

۱- بذریعہ مدت۔

۲- بذریعہ متعین عمل/کام۔

۳- بذریعہ عمل متعین اور اس کی طرف اشارہ کر کے۔

**سوال نمبر3: ۔ السلم عقد مشروع**

(الف) بیع سلم کی تعریف اور صحت کی شرائط تحریر کریں نیز بیع سلم مشروع ہے بالدلائل لکھیں؟

جواب: بیع سلم کی تعریف: ایسی بیع جس میں قیمت کی ادائیگی پیشگی کی جاتی ہے اور بیع کو بعد میں مقرر کردہ وقت پر حوالے کیا جاتا ہے۔

بیع سلم کی شرائط کا بیان: بیع سلم کی سات شرطیں ہیں:

۱- مسلم فیہ کی جنس معلوم ہو کہ گندم ہے یا جو وغیرہ۔

۲- اس کی نوع معلوم ہو کہ اس کو پانی سینچا گیا ہے یا نہر سے۔

۳- صفت معلوم ہو یعنی جید ہے یا ردّی۔

۴- مقدار معلوم ہو کہ مسلم فیہ فلاں پیمانے سے دس یا تیس کلو گندم ہو گی۔

۵- وقت معلوم ہو کہ ادا کرنے کا وقت مہینہ ہے یا سال۔

۶- اگر عقد راس المال سے متعلق ہو تو پھر راس المال کی مقدار معلوم ہو کر مکیلی ہے یا موزونی یا عددی۔

۷- ادائیگی اور سپرد کرنے کی جگہ معلوم ہو کہ مسلم الیہ مسلم فیہ کو کہاں ادا کرے گا۔ یہ تب ہو گا جب مسلم فیہ میں مشقت ہو اور سپرد کرنے میں خرچ وغیرہ ہوتا ہو۔

السلم عقد مشروع ثابت بالدلائل: سلم ایسا عقد ہے، جو کتاب اللہ سے مشروع و جائز ہے۔ وہ مداینت والی آیت ہے، پس بے شک حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ نے سلفِ مضمون حلال فرمایا۔ اس بارے میں اپنی لاریب کتاب میں ایک لمبی آیت نازل فرمائی۔

بیع سلم کے جواز پر اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان دلالت کرتا ہے: "یا ایها الذین امنوا اذا تداینتم بدین الٰی اجلٍ مسمی فاکتبوہ ط الخ" یہ آیت کریمہ بیع سلم کے جواز پر بدیع الدلالۃ ہے۔

اسی طرح صحابی رسول حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا فرمان بھی جواز سلم پر دلالت کرتا ہے، آپ رضی اللہ عنہ کا وہ فرمان عبارت میں مذکور ہو گیا۔ طرز استدلال یوں ہے کہ سلف اور سلم ہم معنی الفاظ ہیں اور مضمون سے مراد ادھار یا واجب فی الذمہ چیز مراد ہے اور یہ دونوں ہی جواز سلم پر دال ہیں۔ اسی طرح نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بیع سلم کے بارے میں اجازت مرحمت فرمائی۔

**ولا تصح ولاية القاضى حتى يجتمع فى المولى شرائط الشهادة .**

(ب) قاضی کی ولایت کے صحیح ہونے کی شرائط تحریر کریں نیز سجل اور کتاب حکمی کی وضاحت کریں؟

جواب: قاضی کی ولایت کے صحیح ہونے کی شرطیں: قاضی کی ولایت کے صحیح ہونے کی شرطیں وہی ہیں جو شہادت کے اہل میں ہوتی ہیں، وہ درج ذیل ہیں:

۱-شرائط شہادت کا جمع ہونا ۲-امیدوار کا اہل اجتہاد میں سے ہونا

سجل کی وضاحت: سجل کی جمع سجلات ہے جس کے معنی ہیں "فائلیں، رجسٹر"۔ یعنی جب کوئی نیا قاضی مقرر ہو، تو اس کا پہلا کام یہی ہے کہ وہ سابقہ قاضی سے ریکارڈ، اور رجسٹر کے ان تھیلوں کو مانگے جن میں دفتر کے تمام کاغذات اور جملہ مقدمات کا ثبوت ہوتا ہے۔ نیا قاضی ان کو اپنی تحویل میں رکھتا ہے تا کہ بوقت ضرورت کام آسکیں۔

کتاب حکمی کی وضاحت: اگر گواہوں نے خصم کی عدم موجودگی میں گواہی دی تو قاضی اس پر فیصلہ نہ کرے، کیونکہ قضاء علی الغائب جائز نہیں۔ البتہ وہ شہادت کو لکھ لے تا کہ مکتوب الیہ اس گواہی کے مطابق فیصلہ کر سکے۔ یہ کتاب حکمی ہے اور یہ درحقیقت شہادت کو منتقل کرنا ہوتا ہے۔

(ج) عہدہ قضاء طلب کرنا کیسا ہے؟ ہدایہ کی روشنی میں اپنا مؤقف بیان کریں؟

جواب: عہدہ قضاء طلب کرنے کا حکم: کسی شخص کے لیے عہدہ قضاء طلب کرنا مناسب نہیں اور نہ اس کی درخواست کرنا مناسب ہے، کیونکہ فرمان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہے: "جس شخص نے عہدہ قضاء طلب کیا، تو اسے اس کے نفس کے سپرد کر دیا جاتا ہے۔" دوسری وجہ یہ ہے کہ عہدہ طلب کرنے والا اپنی ذات پر بھروسہ کرتا ہے اور تکبر کرنا شروع ہو جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس کی توجہ ہٹ جاتی ہے اس لیے وہ توفیق خداوندی سے محروم کر دیا جاتا ہے۔

سوال نمبر 4:۔ اَلْمُضَارَبَةُ عُقْدٌ يَقَعُ عَلَى الشِّرْكَةِ بِمَالٍ مِّنْ اَحَدِ الْجَانِبَيْنَ وَ مُرَادُهُ الشِّرْكَةِ فِي الرِّبْحِ ۔

(الف) عبارت پر اعراب لگاتے ہوئے مسئلہ کی وضاحت کریں نیز صحت مضاربہ کی شرائط لکھیں؟

جواب: اعراب: سوالیہ حصہ میں لگا دیئے ہیں۔

مذکورہ مسئلہ کی وضاحت: مصنف مذکورہ عبارت میں مضاربت کی تعریف اور مفہوم بیان کر رہے ہیں، کہ مضاربت کا مطلب یہ ہے کہ ایک آدمی کا مال ہوتا اور دوسرا آدمی کام کرے گا، پھر جو نفع ہو گا وہ

وں کے درمیان تقسیم ہو جائے گا۔ اگر نفع دونوں کے درمیان تقسیم نہ کیا جائے، تو یہ مضاربت نہیں ہلائے گی۔

صحت مضاربہ کی شرائط: مضاربت کے تحقق کے لیے ضروری ہے کہ راس المال اثمان ہو، عین ۔ژض نہ ہو، پھر وہ مال مضارب کے حوالہ بھی کیا جائے اور حاصل ہونے والا منافع دونوں میں مشترک ا۔ بوقت عقد نفع میں ہر ایک کا حصہ معلوم ہو، مضارب صرف نفع میں شریک ہوگا، راس المال میں ں۔ اگر یہ شرائط نہ پائی جائیں تو مضاربت نہیں متحقق ہو گی۔

(ب) مضاربہ کا اصطلاحی معنی لکھنے کے بعد اس کی مشروعیت پر دلائل تحریر کریں؟

جواب: مضاربہ کی تعریف: وہ عقد شرکت جس میں ایک شریک کا مال ہو اور دوسرا شریک کام ۔رنے والا ہو۔

مضاربہ کی مشروعیت پر دلائل:

قرآن کی دلیل: ارشاد باری تعالیٰ ہے: "وَاٰخَرُوْنَ یَضْرِبُوْنَ فِی الْاَرْضِ" چونکہ مضاربت غوی معنی زمین پر چلنے کے ہیں۔ لہٰذا مضاربت میں بھی تجارت کی غرض سے زمین پر سفر کیا جاتا ۔اس لیے اس کو مضاربت کہتے ہیں۔

حدیث سے دلیل: حدیث میں مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب اعلان نبوت ۔یا، تو اس وقت لوگ عقد مضاربت کرتے تھے۔ یعنی مال کسی کا ہوتا اور کام کوئی اور کرتا۔ تو آپ صلی ۔لیہ وسلم نے ان کو اس فعل سے منع نہ فرمایا، سو اس فعل کو دیگر لوگوں کے علاوہ صحابہ کرام نے جاری و ی فرمایا۔

تجارت ایسا فعل ہے جس کو انبیاء کرام نے بھی کیا اور اللہ کی طرف سے اذن بھی ہے۔ ویسے بھی ں کو بہتر بنانے اور غربت کے خاتمے کے لیے تجارت ایک مشروع طریقہ ہے۔ مضاربت بھی ت کی ایک قسم ہے۔ لہٰذا یہ عقد بھی جائز ہے۔

(ج) ہبہ کی تعریف کر کے بتائیں کہ ھبہ کن کن الفاظ سے منعقد ہوتا ہے؟

جواب: تعریف ہبہ: بغیر عوض کسی کو عین یا مال کا مالک بنانا ہبہ کہلاتا ہے۔

جن الفاظ سے ہبہ منعقد ہو جاتا ہے: ہبہ درج ذیل الفاظ سے منعقد ہو جاتا ہے:

۱-اعطیت ۲-وھبت ۳-نحلت

الاختبار السنوی النهائی تحت اشراف تنظیم المدارس (اهل السنة) باکستان

## سالانہ امتحان الشهادة الثانوية العالية (بی۔اے۔سال دوم)

## (برائے طلباء) الموافق سنة 1447ھ 2025ء

الوقت المحدد ثلاث ساعات — الورقة الرابعة: البلاغة — مجموع الارقام ۱۰۰

نوٹ: ہر قسم سے دو دو سوالات حل کریں۔

### قسم اوّل ...... مختصر المعانی

سوال نمبر 1:۔ (الف) علم بیان کی تعریف، موضوع اور غرض و غایت لکھیں؟

(ب) فَمُقْتَضَى الْحَالَ هُوَ الْإِعْتِبَارُ الْمُنَاسِبُ لِلْحَالِ وَالْمُقَامِ يَعْنِي إِذَا عَلِمَ اَنَّ لَيْسَ اِرْتِفَاعُ شَانِ الْكَلَامِ الْفَصِيحِ فِي الْحُسْنِ الذَّاتِيْ اِلَّا بِمُطَابَقَتِهٖ لِلْاِعْتِبَارِ الْمُنَاسِبِ عَلٰى مَا يُفِيدُهُ اِضَافَةُ الْمَصْدَرِ .

عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟

سوال نمبر 2:۔ (الف) طرفین کے اعتبار سے تشبیہ کی کوئی تین اقسام مع امثلہ لکھیں؟

(ب) حقیقت عقلیہ، مجاز عقلی کی تعریفات و امثلہ تحریر کریں؟

سوال نمبر 3:۔ (الف) علم بدیع کی تعریف لکھنے کے بعد خبر اور انشاء کی تعریفات بیان کریں؟

(ب) درج ذیل اصطلاحات میں سے تین کی تعریفات سپرد قلم کریں؟

(۱) فصاحت کلمہ (۲) قصر (۳) امر (۴) نہی

(۵) فائدۃ الخبر

### قسم ثانی ...... مطول

سوال نمبر 4:۔ (الف) وَهُوَ عِلْمٌ اَیْ مَلَكَةٌ يَقْتَدِرُ بِهَا عَلٰى اِدْرَاكَاتٍ جُزْئِيَّةٍ وَ يُقَالُ لَهَا الصِّنَاعَةُ اَيْضًا، بَيَانُ ذٰلِكَ اَنَّ وَاضِعَ هٰذَا الْفَنِّ مَثَلًا وَضَعَ عِدَّةَ اُصُولٍ مُسْتَنْبَطَةٍ مِنْ تَرَاكِيبِ الْبُلَغَاءِ تَحْصِلُ مِنْ اِدْرَاكِهَا وَمُمَارَسَتِهَا قُوَّةٌ بِهَا يَتَمَكَّنُ مِنْ اِسْتِحْضَارِهَا .

مذکورہ عبارت پر اعراب لگا کر سلیس اُردو میں ترجمہ کریں؟

(ب) مصنف نے علم معانی کو علم بیان پر کیوں مقدم کیا؟

سوال نمبر 5:۔(الف) و تمسك النظام بدليل و الله يشهدان المنافقين لكاذبون و ردهذا الاستدلال الخ .

صدق اور کذب میں سے ہر ایک کی تعریف جمہور کے مذہب کے مطابق لکھیں؟

(ب) نظام کے مسلک کی وضاحت کرتے ہوئے جمہور کی طرف سے کوئی ایک جواب لکھیں؟

سوال نمبر 6:۔(الف) مطول اور مفتاح العلوم کے مطابق اسناد خبری تعریف الگ الگ لکھیں؟

(ب) اسناد خبری کے دو مجازی استعمال مع امثلہ لکھیں؟

☆ ☆ ☆

# درجہ عالیہ (سال دوم) برائے طلباء 2025ء

## الورقة الرابعة:البلاغة

### قسم اوّل ...... مختصر المعانی

سوال نمبر 1:۔(الف) علم بیان کی تعریف،موضوع اور غرض وغایت لکھیں؟

جواب: تعریف: علم بیان وہ ہے کہ جس میں معنی واحد کو ایسے مختلف طریقوں پر وارد کرنے کے طریقے معلوم ہوں کہ جو عقلی طور پر اس معنی پر دلالت کرتے وقت وضوح وخفاء میں مختلف ہوں۔

غرض: کلام کے سمجھنے میں غلطی سے بچنا اس کی غرض ہے۔

موضوع: اس کا موضوع لفظ ہے جسے دو طرح استعمال کیا جاتا ہے۔

(ب) فَمُقْتَضَى الْحَالِ هُوَ الْاِعْتِبَارُ الْمُنَاسِبُ لِلْحَالِ وَالْمُقَامِ يَعْنِیْ اِذَا عُلِمَ اَنَّ لَيْسَ اِرْتِفَاعُ شَانِ الْكَلَامِ الْفَصِيْحِ فِي الْحُسْنِ الذَّاتِيْ اِلَّا بِمُطَابَقَتِهِ لِلْاِعْتِبَارِ الْمُنَاسِبِ عَلٰى مَا يُفِيْدُهُ اِضَافَةُ الْمَصْدَرِ

عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟

جواب: اعراب وترجمہ: اعراب سوالیہ عبارت پر لگا دیئے ہیں ترجمہ ملاحظہ کریں:

”پس مقتضی الحال وہ اعتبار ہے جو حال اور مقام کے مناسب ہو یعنی جب معلوم ہو گیا ہے کہ کلام کی شانِ سند نہیں حسن ذاتی ہیں مگر اعتبار مناسب کی مطابقت کے ساتھ اُس حصر کا فائدہ مصدر کی اضافت دے رہی ہے۔“

سوال نمبر 2:۔ (الف) طرفین کے اعتبار سے تشبیہ کی کوئی تین اقسام مع امثلہ لکھیں؟

جواب: تشبیہ کی اقسام ثلاثہ: مفرد کو مفرد سے تشبیہ دینا جیسے زَیْدٌ کَالْاَسَدِ

دوسری قسم: مفرد کو مرکب سے تشبیہ دینا، جیسے شاعر کا شعر

كَاَنَّ مَحَمَّرَ الشَّقِيْقِ اِذَا تَصَوَّبَ اَوْ تَصَعَّدَ
اَعْلَامُ يَاقُوْتٍ نُشِرْنَ عَلٰى رِمَاحٍ مِنْ زَبَرجد

تیسری قسم: مرکب کو مرکب سے تشبیہ دینا جیسے شعر

كَاَنَّ مُثَارَ النَّقْعِ فَوْقَ رُؤُسِنَا
وَاَسْيَافِنَا لَيْلٌ تَهَاوٰى كَوَاكِبُ

(ب) حقیقت عقلیہ، مجاز عقلی کی تعریفات وامثلہ تحریر کریں؟

حقیقت عقلیہ کی تعریف: فعل یا شبہ فعل کا اسناد ماھولہ کی طرف کرنا متکلم کے ہاں اس کے ظاہر حال میں جیسے دہری کا قول اَنْبَتَ الرَّبِيْعُ الْبَقْلَ

مجاز عقلی کی تعریف: فعل یا شبہ فعل کا اسناد ایسے ملابس کی طرف کرے جو ماھولہ کا غیر ہو قرینہ کے ساتھ جیسے نِهَارُهٗ صَائِمٌ

سوال نمبر 3:۔ (الف) علم بدیع کی تعریف لکھنے کے بعد خبر اور انشاء کی تعریفات بیان کریں؟

جواب: علم بدیع کی تعریف: وہ علم جس میں کلام کو خوبصورت بنانے کا طریقہ معلوم ہو مطابقۃ مقتضیٰ الحال کی رعایت کے بعد۔

خبر کی تعریف: نسبت کلامیہ کا اگر خارج ہو، تو اسے خبر کہتے ہیں۔

انشاء کی تعریف: نسبتِ کلامیہ کا اگر خارج نہ ہو، تو اسے انشاء کہتے ہیں۔

(ب) درج ذیل اصطلاحات میں سے تین کی تعریفات سپرد قلم کریں؟

(۱) فصاحت کلمہ (۲) قصر (۳) امر (۴) نہی

(۵) فائدۃ الخبر

جواب: فصاحت کلمہ کی تعریف: مفرد کا تنافر حروف، غرابت اور مخالفت قیاس سے خالی ہونا۔

قصر کی تعریف: ایک شی کو دوسرے میں بند کرنا مخصوص طریقہ سے۔

امر کی تعریف: اپنے آپ کو بلند سمجھ کر دوسرے کو کسی کام کا حکم دینا۔

نہی کی تعریف: اپنے آپ کو بلند سمجھ کر دوسرے سے کسی کام سے رک جانے کا مطالبہ کرنا۔
فائدہ خبر کی تعریف: مخبر کا اپنی خبر سے مقصود اگر مخاطب کو حکم کا فائدہ دینا ہو تو اسے فائدہ خبر کہتے ہیں۔

## قسم ثانی ...... مطول

سوال نمبر 4:۔(الف) وَهُوَ عِلْمٌ اَىْ مَلَكَةٌ يَقْتَدِرُ بِهَا عَلٰى اِدْرَاكَاتٍ جُزْئِيَّةٍ وَ يُقَالُ لَهَا الصِّنَاعَةِ اَيْضًا، بَيَانُ ذٰلِكَ اَنَّ وَاضِعَ هٰذَا الْفَنِّ مَثَلًا وَضَعَ عِدَّةَ اُصُوْلٍ مُسْتَنْبَطَةٍ مِنْ تَرَاكِيْبِ الْبُلَغَاءِ تَحْصِلُ مِنْ اِدْرَاكِهَا وَمُمَارَسَتِهَا قُوَّةٌ بِهَا يَتَمَكَّنُ مِنْ اِسْتِحْضَارِهَا .

مذکورہ عبارت پر اعراب لگا کر سلیس اُردو میں ترجمہ کریں؟

جواب: اعراب و ترجمہ: اعراب اوپر لگا دیئے گئے ہیں اور ترجمہ ملاحظہ فرمائیں:

''اور علم معانی وہ علم یعنی وہ ملکہ ہے کہ جس کے سبب انسانی ادراکات جزئیہ پر قدرت حاصل کر لے اور اس کو صناعت بھی کہا جاتا ہے۔ اس کا بیان یہ ہے کہ اس علم کے واضع نے بلغاء کی کلام میں غور و فکر کر کے چند اصول وضع کیے۔ ان میں تتبع و تلاش اور ان کے ادراک سے اس کو ایک قوت حاصل ہو گئی کہ اس کے سبب وہ ان جزئیات کو حاضر کر سکتا ہے جب ضرورت پیش آئے۔''

(ب) مصنف نے علم معانی کو علم بیان پر کیوں مقدم کیا؟

تقدیم کی وجہ: علم معانی میں صرف ایک چیز کے متعلق بحث ہوتی ہے یعنی مطابقت کے منطق اور بیان میں دو چیزوں کے متعلق گفتگو ہوتی ہے مطابقات کے متعلق اور ایک معنیٰ کو مختلف طریقوں سے ادا کرنے کے متعلق۔ گویا علم بیان بمنزل مرکب ہوا اور علم معانی بمنزل مفرد اور مفرد مقدم ہوتا ہے اس لیے علم معانی کو مقدم کیا۔

سوال نمبر 5:۔(الف) و تمسك النظام بدليل و الله يشهدان المنافقين لكاذبون و رد هذا الاستدلال الخ .

صدق اور کذب میں سے ہر ایک کی تعریف جمہور کے مذہب کے مطابق لکھیں؟

جواب: صدق خبر: جمہور کے نزدیک صدق خبر یہ ہے کہ وہ واقع کے مطابق ہو۔

کذب خبر: کذب خبر یہ ہے کہ وہ واقع کے مطابق نہ ہو۔

(ب) نظام کے مسلک کی وضاحت کرتے ہوئے جمہور کی طرف سے کوئی ایک جواب لکھیں؟

مسلک نظام کی وضاحت: نظام کے نزدیک خبر اگر مخبر کے اعتقاد کے مطابق ہے، تو صدقِ خبر اور

خبر اگر اعتقاد کے مطابق نہیں تو کذب خبر اگر چہ واقع کے مطابق ہو۔

دلیل: نظام کی دلیل یہ ہے کہ جب منافقین نے کہا: "اِنَّكَ لَرَسُوْلُ اللهِ" تو اللہ تعالیٰ نے انہیں کاذب کہا حالانکہ یہ خبر واقع کے مطابق ہے۔ چونکہ ان کے اعتقاد کے مطابق نہیں تھی اس لیے کاذب کہا۔ پس معلوم ہوا کہ صدق خبر اور کذب خبر مخبر کے اعتقاد کی مطابقت اور عدم مطابقت سے حاصل ہوتے ہیں۔

جمہور کی طرف سے جواب: جمہور نے تین طرح کے جواب دیئے جن میں ایک جواب یہ ہے کہ مذکورہ مثال میں تکذیب شہادۃ کی طرف راجع ہے "اِنَّكَ لَرَسُوْلُ اللهِ" کی طرف راجع نہیں۔ چونکہ شہادۃ میں شرط ہے کہ زبان اور دل موافق ہوں۔ منافقین میں شرط پائی نہیں جاتی اس کے باوجود ان کا شہادۃ دینا تو یہ کذب ہوگا۔ جب تکذیب کا تعلق شہادۃ سے ہوا تو نظام اس کو اپنے مؤقف پر دلیل نہیں بنا سکتا۔

سوال نمبر 6:۔ (الف) مطول اور مفتاح العلوم کے مطابق اسنادخبری تعریف الگ الگ لکھیں؟

اسنادخبری باعتبار مطول: کلمہ یا قائم مقام کلمہ کو دوسرے کے ساتھ ملانا تا کہ مخاطب کو فائدہ تامہ حاصل ہو جائے۔

اسنادخبری باعتبار مفتاح: ایک مفہوم کا دوسرے مفہوم کے لیے یہ حکم لگانا کہ وہ مفہوم دوسرے کے لیے ثابت ہے یا دوسرے سے منفی ہے۔

(ب) اسنادخبری کے دو مجازی استعمال مع امثلہ لکھیں؟

اسنادخبری کا مجازی استعمال:

۱- اَخْرَجَتِ الْاَرْضُ اَثْقَالَهَا خروج کا اسناد زمین کی طرف مجازاً ہے۔

۲- عِيْشَةٍ رَاضِيَةٍ (مبنی للفاعل) کا اسناد عیشہ (مفعول) کی طرف اسناد مجازی ہے۔

☆ ☆ ☆

کتب کا مرکز
تنظیم المدارس اہل سنت کے نصاب کے مطابق طلباء وطالبات کا مکمل کورس
ادارہ ضیاء السنہ
0306-6521197
آن لائن ڈیلیوری کی سہولت موجود ہے

الاختبار السنوی النهائی تحت اشراف تنظیم المدارس (اهل السنة) پاکستان

## سالانہ امتحان الشهادة الثانوية العالية (بی-اے-سال دوم)

## (برائے طلباء) الموافق سنة 1447ھ 2025ء

الوقت المحدد الورقة الخامسة: المناظرة و الفلسفة مجموع الارقام

ثلاث ساعات ۱۰۰

نوٹ: ہر قسم سے ایک ایک سوال کا حل مطلوب ہے۔

### قسم اوّل ...... مناظرہ رشیدیہ

سوال نمبر 1:۔(الف) والصلوٰة و هی فی اللغة مطلق العطف فاذا نسبت الی الله تعالیٰ یرادبها الرحمة الکاملة و اذا نسبت الی الملئکة یرادبها الا ستغفار و اذا نسبت الی المؤمنین یرادبها الدعاء فمعنی قولهم اللّٰهم صلی علی محمد عظمه فی الدنیا باعلاء ذکره و ابقاء شریعته و فی الاخرة بتشفیعه فی الامة و تضعیف اجر عمله.

عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟

(ب) لفظ مناظرہ کس کس سے مشتق ہے؟ ہر ایک کی وجہ مناسبت بھی بیان کریں؟

سوال نمبر 2:۔(الف) نقل و تصحیح نقل کی تعریفات بیان کریں؟

(ب) والدعویٰ ما ایی قضیة یشتمل علی الحکم.

مذکورہ عبارت کا ترجمہ کریں اور دعوی کے دوسرے نام مع وجہ حصر بیان کریں؟

(ج) تقریب، علة، منع اور مقدمہ میں سے تین کی تعریفات لکھیں؟

### قسم ثانی ...... الکلمة الملهمة

سوال نمبر 3:۔(الف) فلک محدد جہات نہیں۔

الکلمة الملهمة کی روشنی میں اس دعویٰ کو ثابت کریں۔

(ب) کیا فلاسفہ واجب (باری تعالیٰ) کو کائنات کا خالق مانتے ہیں یا نہیں؟

سوال نمبر 4:۔(الف) فلاسفہ کا معجزات کے بارے میں کیا عقیدہ ہے؟

(ب) فلک کی حرکت ارادیہ ہونا ثابت نہیں، فلسفی یہاں دو شبہے پیش کرتا ہی وہ دونوں شبہے بیان کریں؟

قسم ثالث ...... هداية الحكمة

سوال نمبر5:۔(الف) القسم الثاني في الطبعيات و هو مرتب على ثلثة فنون الفن الاول فيما يعهم الاجسام و هو مشتمل على عشرة فصول .

مذکورہ عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟

(ب) ان الصورة الجسمية لا تتجرد عن الهيولىٰ .

مذکورہ عبارت ایک دعویٰ ہے اسے دلیل سے ثابت کریں۔

(ج) حال اور محل کی تعریفات تحریر کریں؟

سوال نمبر6:۔(الف) ان الهيولىٰ ليست علة للصورة .

مذکورہ دعویٰ کو دلیل سے ثابت کریں۔

(ب) حرکت وسکون کی تعریفات بیان کریں؟

(ج) هياة قارة و هياة غير قارة کی تعریفات لکھیں؟

☆ ☆ ☆

# درجہ عالیہ (سال دوم) برائے طلباء2025ء

## الورقة الخامسة:المناظرة و الفلسفة

### قسم اوّل ...... مناظره رشيديه

سوال نمبر1:۔(الف)وَالصَّلٰوةُ وَهِيَ فِي اللُّغَةِ مُطْلَقُ الْعَطْفِ فَاِذَا نُسِبَتْ اِلَى اللّٰهِ تَعَالٰى يُرَادُبِهَا الرَّحْمَةُ الْكَامِلَةُ وَاِذَا نُسِبَتْ اِلَى الْمَلٰئِكَةِ يُرَادُ بِهَا الْاِسْتِغْفَارُ وَاِذَا نُسِبَتْ اِلَى الْمُؤْمِنِيْنَ يُرَادُ بِهَا الدُّعَاءُ فَمَعْنٰى قَوْلِهِمْ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَظِّمْهُ فِي الدُّنْيَا بِاِعْلَاءِ ذِكْرِهٖ وَاِبْقَاءِ شَرِيْعَتِهٖ وَفِي الْاٰخِرَةِ بِتَشْفِيْعِهٖ فِي الْاُمَّةِ وَتَضْعِيْفِ اَجْرِ عَمَلِهٖ .

عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟

جواب: اعراب وترجمہ:اعراب اوپر لگادیے ہیں۔ترجمہ ملاحظہ کریں:

"و الصلوة" صلوٰۃ لغت میں مطلق مہربانی کو کہتے ہیں پس جب اللہ کی طرف منسوب ہو،تو مراد رحمت ہوگا۔جب فرشتوں کی طرف منسوب ہو،تو مراد استغفار ہوگا۔جب بندوں کی طرف منسوب ہو،تو مراد دعا ہوگا۔عربوں کے قول "اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ" کا معنی ہوگا کہ اے اللہ تو حضرت محمد

صلی اللہ علیہ وسلم کو دنیا میں ان کے دین کو باقی رکھ کر اور ان کے ذکر کو بلند رکھ کر عظمت بخش اور آخرت میں ان کی شفاعت کو امت کے حق میں قبول فرما کر اور اجرِ عمل کو دوگنا کر کے عظمت بخش۔''

(ب) لفظ مناظرہ کس کس سے مشتق ہے؟ ہر ایک کی وجہ مناسبت بھی بیان کریں؟

مناظرہ کے مشتق منہ کی تفصیل: مناظرہ نظیر سے مشتق ہے یا پھر نظر سے مشتق ہے اور لغت میں نظر کئی معانی میں استعمال ہوتا ہے۔

☆ مناظرہ اگر نظیر سے مشتق ہو، تو نظیر کا معنی ہے ہم مثل تو چونکہ متخاصمین کا ہم مثل ہونا ضروری ہے اس لیے اسے مناظرہ کہتے ہیں۔

☆ مناظرہ اگر نظر سے متفق ہو، تو نظر کے لغت میں کئی معانی آتے ہیں۔ نظر بمعنی ابصار، نظر بمعنی تامل، نظر بمعنی انتظار، نظر بمعنی مقابلہ۔ چونکہ مناظرہ میں بھی متخاصمین میں سے ہر ایک دوسرے کو دلائل دکھاتا ہے، غور وفکر سے بات کرتا ہے، دوسرے کی بات مکمل ہونے کا انتظار کرتا ہے، ہر ایک دوسرے کا مقابلہ کرتا ہے، اس لیے اسے مناظرہ کہتے ہیں۔

سوال نمبر 2:۔ (الف) نقل وتصحیح نقل کی تعریفات بیان کریں؟

نقل کی تعریف: غیر کے قول کو معنی کے اعتبار سے اسی طرح نقل کرنا جس طرح وہ ہو اور ساتھ یہ بھی ظاہر کرنا کہ وہ غیر کا قول ہے۔

تصحیح نقل: منقول عنہ کی طرف قول کی نسبت کے صدق وسچائی کو واضح کرنا۔

**(ب) والدعوىٰ ما اى قضية يشتمل على الحكم .**

مذکورہ عبارت کا ترجمہ کریں اور دعوی کے دوسرے نام مع وجہ حصر بیان کریں؟

عبارت کا ترجمہ: اور دعویٰ وہ قضیہ ہے جو حکم پر مشتمل ہو۔

دیگر نام: مسئلہ: کیونکہ اس پر سوال ہوتا ہے۔

☆ مبحث: کیونکہ مناظرہ میں دعویٰ کے متعلق بحث ہوتی ہے۔

☆ نتیجہ: کیونکہ دعویٰ دلیل کا نتیجہ اور اس سے حاصل ہوتا ہے۔

☆ قانون وکلیہ: کیونکہ دعویٰ کبھی کلی ہوتا ہے۔

(ج) تقریب، علۃ، منع اور مقدمہ میں سے تین کی تعریفات لکھیں؟

تقریب کی تعریف: دلیل کو ایسے پیش کرنا کہ وہ مطلوب کو مستلزم ہو۔

علت کی تعریف: وہ ہے کہ جس کی طرف شئی اپنی ماہیت اور وجود میں محتاج ہو۔

منع کی تعریف: مقدمہ معینہ پر دلیل طلب کرنا منع کہلاتا ہے۔

مقدمہ کی تعریف: وہ کہ جس پر دلیل کی صحت موقوف ہو۔

## قسم ثانی ...... الكلمة الملهمة

سوال نمبر 3:۔(الف) فلک محدد جہات نہیں؟

الكلمة الملهمة کی روشنی میں اس دعویٰ کو ثابت کریں؟

نوٹ: تنظیم المدارس (اہل سنت) پاکستان کی کمیٹی کے اعلان کے مطابق؟ یہ سوال خارج از نصاب ہے۔

(ب) کیا فلاسفہ واجب (باری تعالیٰ) کو کائنات کا خالق مانتے ہیں یا نہیں؟

جواب: واجب کو خالق کائنات ماننے کے متعلق فلاسفہ کا نظریہ: فلاسفہ واجب کو قدیم ذات و زمانی اور مانع عام ومبدع عالم مانتے ہیں۔ البتہ وہ کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے سب سے پہلے عقل اوّل کو پیدا فرمایا، پھر عقل اوّل نے عقل ثانی کو، اسی طرح سلسلہ عقل عاشر تک چلتا رہا، پھر عقل عاشر نے کائنات کو تخلیق کیا، الحاصل یہ واجب نے بلاواسطہ فقط عقل اوّل کو پیدا فرمایا اس کے بعد کسی شئی کو بلا واسطہ پیدا نہیں فرمایا۔ نہ ہی وہ کائنات میں اب مؤثر ہے۔ پس یہ کہنا کہ وہ کائنات میں اب مؤثر نہیں، درست نہیں۔ (منقول از رسالہ انس)

سوال نمبر 4:۔(الف) فلاسفہ کا معجزات کے بارے میں کیا عقیدہ ہے؟

فلاسفہ کا معجزات کے متعلق نظریہ:

جواب: فلاسفہ معجزات کا انکار کرتے ہیں' کیونکہ معجزات خلاف عقل ہیں' اس کے علاوہ فلاسفہ علت میں تاثیر حقیقی کے قائل ہیں' مثلاً سورج سے روشنی کا صدور وغیرہ بالذات مانتے ہیں۔

(ب) فلک کی حرکت ارادیہ ہونا ثابت نہیں، فلسفی یہاں دو شبہے پیش کرتا ہی وہ دونوں شبہے بیان کریں؟

نوٹ: دو شبہہ: فلک کی حرکت ارادیہ ثابت نہیں، فلسفی یہاں دو شبہے پیش کرتا ہے:

اوّل: فلک کی حرکت مستدیرہ ہے اور وہ طبعیہ نہیں ہو سکتی نہ فلک میں قسر یہ ہے، مقام ۹ تا ۱۱ میں گزرے شبہاز سے لاجرم ارادیہ ہے۔

دوم: ہمیں ایک ہی شے مطلوب یہی ہے مہروب بھی، یہ بغیر ارادہ ممکن نہیں کہ ایک ہی شے مطلوب بھی ہو اور مہروب بھی۔

## قسم ثالث ...... هداية الحكمة

سوال نمبر 5:۔ (الف) اَلْقِسْمُ الثَّانِيْ فِي الطَّبِيعِيَّاتِ وَ هُوَ مُرَتَّبٌ عَلٰى ثَلٰثَةِ فُنُوْنٍ اَلْفَنُّ الْاَوَّلُ فِيْمَا يَعُمُّ الْاَجْسَامَ وَ هُوَ مُشْتَمِلٌ عَلٰى عَشْرَةِ فُصُوْلٍ ۔

مذکورہ عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟

جواب: ترجمہ: ''قسم ثانی طبعیات میں ہے اور وہ تین فنون پر مشتمل ہے، فن اوّل ان احوال میں ہے جو اجسام کو عام ہیں اور وہ مشتمل ہے دس فصلوں پر۔''

(ب) ان الصورة الجسمية لا تتجرد عن الهيولیٰ ۔

مذکورہ عبارت ایک دعویٰ ہے اسے دلیل سے ثابت کریں؟

دلیل: دعویٰ یہ ہے کہ صورت جسمیہ ھیولیٰ سے مجرد نہیں اور اس پر دلیل یہ ہے کہ صورت جسمیہ اگر ہیولیٰ سے مجرد ہو، تو دو حال سے خالی نہیں کہ وہ متناہی یا غیر متناہی۔ ثانی کی طرف راستہ نہیں کیونکہ تمام اجسام متناہیہ ہیں، تو صورت جسمیہ غیر متناہی کیسے ہوسکتی ہے۔ اگر غیر متناہی ہو، تو ممکن ہے کہ ایک مبداء سے دو خط ایک طریقہ پر غیر نہایہ تک نکلیں اور وہ خط مثلث کے دو ضلعوں کی طرح ہوں گے جیسے جیسے خط بڑھتے جائیں گے ان کے درمیان بعد بھی بڑھتا جائے گا۔ جب دونوں خط غیر نہایہ تک بڑھیں گے ان کے درمیان بعد بھی غیر نہایہ تک بڑھے گا حالانکہ وہ بعد دو ضلعوں کے درمیان محصور اور متناہی ہے لازم آیا کہ وہ غیر متناہی ہوا اور یہ خلاف مفروض ہے۔...... اوّل کی طرف بھی راستہ نہیں کہ وہ صورت متناہی ہو۔ کیونکہ اگر متناہی ہوگی تو اس کا ایک حد احاطہ کرے گی یا متعدد حدود، جو بھی ہو وہ متشکل ہوجائے گی۔ اب اگر وہ مشکل جسم کی ذات اور طبیعت کے اقتضاء سے ہو، تو یہ محال ہے ورنہ تمام اجسام کا ایک ہی شکل سے متشکل ہونا لازم آئے گا۔ اگر مسبب لازم کی وجہ سے تو یہ بھی محال ہے کہ وہ شکل جسم کے سبب لازم کی وجہ سے عارض ہو، ورنہ تمام اجسام کا ایک ہی مشکل سے متشکل ہونا لازم آئے گا جو کہ محال ہے۔ اگر سبب عارض کے سبب ہو، تو یہ بھی محال ہے ورنہ اس کا زوال ممکن ہے۔ دوسری شکل میں متشکل ہونا ممکن ہے۔ پھر وہ انفصال کا قابل ہوگا اور جو انفصال کا قابل ہر وہ ھیولیٰ اور صورت سے مرکب ہوتا ہے۔ فرض کیا تھا وہ ھیولیٰ سے مجرد ہے لازم آیا کہ وہ ھیولیٰ کے ساتھ پائی گئی یہی دعویٰ تھا کہ صورت ھیولیٰ

سے مجرد نہیں۔

(ج) حال اور محل کی تعریفات تحریر کریں؟

حال اور محل کی تعریفیں: حال کو صورت اور محل کو ہیولیٰ کہتے ہیں یعنی جسم دو جزوں سے مرکب ہے کہ ایک دوسری میں حلول کیے ہیں محل کو ہیولیٰ اور حال کو صورت کہتے ہیں۔

سوال نمبر 6:۔ (الف) ان الهيولى ليست علة للصورة .

مذکورہ دعویٰ کو دلیل سے ثابت کریں؟

جواب: دلیل: دعویٰ یہ ہے کہ ہیولیٰ صورت کی علت نہیں۔ اس پر دلیل یہ ہے کہ ہیولیٰ صورت کے وجود سے پہلے بالفعل موجود نہیں جبکہ شئی کی علت فاعلیہ کے لیے ضروری ہے کہ وہ شئی سے پہلے ہو۔ لہٰذا ھیولیٰ صورت کی علت فاعلیہ بھی نہیں ہوگا۔

(ب) حرکت وسکون کی تعریفات بیان کریں؟

حرکت: جسم کا قوت سے فعل کی طرف بتدریج نکلنا حرکت ہے۔

سکون: اس کا حرکت نہ کرنا جس کی شان ہو کہ وہ متحرک ہو۔

(ج) هياة قارة و هياة غير قارة کی تعریفات لکھیں؟

هياة قارة: وہ ہائیت جو ایک زمانہ تک برقرار رہے، جیسے جسم کی سفیدی

هياة غير قارة: وہ ہائیت جو برقرار نہ رہے جیسے حرکت

☆ ☆ ☆

**الاختبار السنوی النهائی تحت اشراف تنظیم المدارس (اهل السنة) باكستان**

## سالانہ امتحان الشهادة الثانوية العالية (بی۔اے۔سال دوم)

## (برائے طلباء) الموافق سنة 1447ھ 2025ء

**الوقت المحدد** — **الورقة السادسة: الادب العربی** — **مجموع الارقام**

**ثلاث ساعات** — **١٠٠**

نوٹ: تمام سوالات حل کریں جزوی رعایت سوالات میں موجود ہے۔

### قسم الاوّل ...... المدائح النبوية

سوال نمبر 1:۔ (الف) مندرجہ ذیل میں سے صرف پانچ اشعار کا سلیس اُردو میں ترجمہ کریں؟

(ب) درج ذیل اشعار میں سے تین اشعار پر اعراب لگائیں؟

(۱) هجوت محمدا فاجبت عنه
و عند الله فی ذالك الجزاء

(۲) اتهجوه و لست له بكفء
فشر كما لخير كما الفداء

(۳) هجوت مباركا برا حنيفا
امين الله شيمته الوفاء

(۴) فمن يهجو رسول الله منكم
و يمدحه و ينصره سواء

(۵) فان ابی و والدتی و عرضی
لعرض محمد منكم وقاء

(۶) بطيبة رسم للرسول و معهد
منير و قد تعفوا الرسوم و تهمد

(۷) و واضح ايات و باقی معالم
و ربع له فيه مصلی و مسجد

**قسم الثانی ...... ديوان حماسه**

سوال نمبر 2:۔ مندرجہ ذیل میں سے صرف پانچ اشعار کا سلیس اُردو میں ترجمہ کریں اور خط کشیدہ صیغے مکمل طور پر حل کریں؟

(۱) سأغسل عنی العار بالسيف جالبا
علی قضاء الله ما كان جالبا

(۲) فابت الی فهم و لم اك ائبا
و كم مثلها فارقتها و هی تصفر

(۳) لو كان فی الالف منا واحد فدعوا
من فارس خالهم اياه يعنونا

(۴) تسیل حد الظبات نفوسنا
و لیست علی غیر الظباۃ تسیل

(۵) قوم اذا الشر ابدی ناجذیہ لھم
طاروا الیہ زرافات و وحدانا

(۶) و لقد رایت الخلیل شُلن علیکم
شول المخاض ابت علی المتغبر

## قسم ثالث ...... دیوان المتنبی

سوال نمبر 3:۔ مندرجہ ذیل میں سے صرف پانچ اشعار کا سلیس اُردو ترجمہ کریں اور خط کشیدہ کے واحد اور جمع لکھیں؟

(۱) ترعرع الملك الاستاذ مكتهلا
قبل اكتهال اديبا قبل تاديب

(۲) ليت الحوادث باعتنی الذی اخذت
منی بحلمی الذی اعطت و تجربیی

(۳) ولا یروع بمغدور بہ احدا
ولا یفزع موفورا بمنکوب

(۴) تظل ملوك الارض خاشعة لہ
تفارقہ ھلکی وتلقاہ سجدا

(۵) و اذا نظرت الی السھول رایتھا
تحت الجبال فوارسا و جنائبا

(۶) وقی الامیر ھوی العیون فانہ
ما لایزول بباسہ و سخائہ

☆ ☆ ☆

# درجہ عالیہ (سال دوم) برائے طلباء 2025ء

## الورقة السادسة: الادب العربی

### قسم الاوّل ...... المدائح النبویة

**سوال نمبر 1:۔** (الف) مندرجہ ذیل میں سے صرف پانچ اشعار کا سلیس اُردو میں ترجمہ کریں؟

(۱) هَجَوْتَ مُحَمَّدًا فَاَجَبْتُ عَنْهُ
وَعِنْدَ اللهِ فِيْ ذٰلِكَ الْجَزَاءُ

(۲) اَتَهْجُوْهُ وَلَسْتَ لَهُ بِكُفْءٍ
فَشَرُّكُمَا لِخَيْرِكُمَا الْفِدَاءُ

(۳) هَجَوْتَ مُبَارَكًا بَرًّا حَنِيْفًا
اَمِيْنَ اللهِ شِيْمَتُهُ الْوَفَاءُ

(۴) فمن يهجو رسول الله منكم
و يمدحه و ينصره سواء

(۵) فان ابی و والدتی و عرضی
لعرض محمد منكم وقاء

(۶) بطيبة رسم للرسول و معهد
منير و قد تعفوا الرسوم و تهمد

(۷) و واضح ايات و باقی معالم
و ربع له فيه مصلی و مسجد

**جواب:** سلیس اُردو میں ترجمہ:

۱۔ تو نے ہجو کی محمد عربی صلی اللہ علیہ وسلم کی اور ان کی طرف سے جواب دیا میں نے اور اللہ کے ہاں اس کا اجر ہے۔

۲۔ تو ان کی ہجو کرتا ہے حالانکہ تو ان کا مماثل بھی نہیں ہے۔ جیسا کہ تم میں سے برا اس جیسے نیک پر قربان ہو جائے۔

۳۔ تو نے ایک بابرکت، نیک دین، دین ابراہیم پر قائم رہنے والے اور اللہ کے امین کی ہجو کی، جن

کی فطرت میں وفاداری ہے۔

۴۔ کیا تم میں سے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ہجو کرتا ہے اور جو آپ کی مدح ونصرت کرتا ہے، دونوں برابر ہیں؟

۵۔ بلاشبہ میرا باپ، میری ماں اور میری آبرو محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی عزت وناموس کے لیے سپرد ہے۔

۶۔ طیبہ کی گزرگاہ اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا مقام ایسا روشن ہے کہ جب باقی نشان ختم ہو گئے ہیں اور جگہیں ویران ہو چکی ہیں، وہ اب بھی جگمگا رہا ہے۔

۷۔ وہ سرزمین جہاں واضح اور باقی رہنے والی نشانیاں ہیں اور ایسی بستی ہے جہاں آپ کے لیے نماز کی جگہ اور مسجد ہے۔

(ب) درج ذیل اشعار میں سے تین اشعار پر اعراب لگائیں؟

جواب: اعراب سوالیہ حصہ میں لگا دیئے گئے ہیں۔

**قسم الثانی ...... دیوان حماسہ**

سوال نمبر 2:۔ مندرجہ ذیل میں سے صرف پانچ اشعار کا سلیس اُردو میں ترجمہ کریں اور خط کشیدہ صیغے مکمل طور پر حل کریں؟

(۱) **ساغسل عنی العار بالسیف جالبا**
**علی قضاء اللہ ما کان جالبا**

(۲) **فابت الی فهم و لم اك ائبا**
**و کم مثلها فارقتها و هی تصفر**

(۳) **لو کان فی الالف منا واحد فدعوا**
**من فارس خالهم ایاه یعنونا**

(۴) **تسیل حد الظبات نفوسنا**
**و لیست علی غیر الظباة تسیل**

(۵) **قوم اذا الشر ابدی ناجذیه لهم**
**طاروا الیه زرافات و وحدانا**

(٦) ولقد رايت الخليل شُلن عليكم
شول المخاض ابت على المتغبر

جواب: سلیس اُردو میں ترجمہ:

۱- عنقریب دور کروں گا میں اپنے آپ سے عاروشرم کو تلوار کے ساتھ درانحالیکہ کھینچ کرلائے مجھ کو اللہ کی قضاء جو کھینچ کرلانا چاہے۔

۲- پس میں پلٹا اپنی قوم فہم کی طرف حالانکہ میں پلٹنے والا نہیں ہوں اور اس مصیبت کی مثل بہت سی مصیبتوں کو میں نے خود سے جدا کیا اور موت شور مچاتی۔

۳- اگر ہزار اشخاص میں سے ایک ہمارے خاندان کا ہو جب دشمن پکارے کہ شہسوار کون ہے؟ تو وہ ایک یہ خیال کرتا ہے کہ مجھے ہی پکارا ہے۔

۴- ہمارے خون بہتے ہیں تلواروں کی دھار پر اور تلواروں کی دھار کے علاوہ کسی چیز پر نہیں بہتے۔

۵- وہ بنو مازن ایسی قوم ہے جب لڑائی ان کے لیے کچلیاں نکالتی ہے، تو وہ اس کی طرف اجتماعی و انفرادی طور پر پرندوں کی طرح جھڑپ پڑتے ہیں۔

٦- اے تحقیق دیکھا میں گھوڑوں کو کہ وہ تم پر اسے دُم اٹھاتے ہیں جیسے حاملہ اونٹنی دُم اٹھاتی ہے جو دودھ دوہنے والے پر (دودھ دینے سے) انکار کرتی ہے۔

خط کشیدہ صیغے:

سَأَغْسِلُ: واحد متکلم فعل مضارع معروف از باب ضَرَبَ يَضْرِبُ

لَمْ اَكُ: صیغہ واحد متکلم نفی جحد بلم معروف

تَسِيْلُ: واحد مونث غائب فعل مضارع معروف از باب ضَرَبَ يَضْرِبُ

شُلْنَ: جمع مونث غائب فعل ماضی معروف از باب نَصَرَ يَنْصُرُ

اَلْمُتَغَبِر: واحد مذکر اسم فاعل۔

## قسم ثالث ...... دیوان المتنبی

سوال نمبر 3:۔ مندرجہ ذیل میں سے صرف پانچ اشعار کا سلیس اُردو ترجمہ کریں اور خط کشیدہ کے واحد اور جمع لکھیں؟۔

(۱) ترعرع الملك الاستاذ مكتهلا
قبل اكتهال اديبا قبل تاديب

(۲) لیت الحوادث باعتنی الذی اخذت
منی بحلمی الذی اعطت و تجربی

(۳) ولا یروع بمغدور به احدا
ولا یفزع موفورا بمنکوب

(۴) تظل ملوك الارض خاشعة له
تفارقه هلکی وتلقاه سجدا

(۵) و اذا نظرت الی السهول رایتها
تحت الجبال فوارسا و جنائبا

(۶) وقی الامیر هوی العیون فانه
ما لایزول بباسه و سخائه

سلیس اُردو میں ترجمہ:

۱۔ زیادہ عمر والا بادشاہ بڑھاپے کو پہنچنے والا معلم، بڑھاپے کو پہنچنے سے پہلے ادب سکھلانے سے پہلے ہی ادیب ہے۔

۲۔ کاش کہ بیچ ڈالتے حوادثات زمانہ میری عقل اور تجربے کے بدلے اس چیز کو جس کو انہوں نے مجھ سے لیا۔

۳۔ وہ نہیں ڈراتا کسی شخص کو دھوکہ دئے گئے شخص کے سبب اور نہیں ڈراتا کسی مالدار کو مصائب زدہ شخص کے ذریعے۔

۴۔ روئے زمین کے تمام سلاطین اس کے سامنے عاجز ہیں، ہلاک ہو کر جدا ہوتے ہیں اور سجدہ کرتے ہوئے اس سے ملاقات کرتے ہیں۔

۵۔ اور میں نے جب میدانوں کی طرف دیکھا تو انہیں پہاڑوں کے نیچے گھڑ سواروں اور جنگجوؤں کی طرح پایا۔

۶۔ امیر کو آنکھوں کی خواہش ومحبت سے بچایا جائے، کیونکہ یہ ایسی چیز ہے جو اس کی شجاعت و بہادری سے بھی ختم نہ ہوگی۔

**خط کشیدہ کے واحد جمع:**

| خط کشیدہ | واحد | جمع |
|---|---|---|
| اَلْمَلِکُ | | اَلْمُلُوْکُ |
| اَلْحَوَادِثُ | حَادِثٌ | |
| سُجَّدًا | سَاجِدٌ | |
| جَنَائِبًا | جَنِیْبٌ | |
| اَلْعُیُوْنُ | اَلْعَیْنُ | |

☆ ☆ ☆




H_M_Hasnain_Asadi

تنظیم المدارس، کنز المدارس، نظام المدارس، وفاق المدارس العربیہ اور دیگر بورڈز کی کتابیں، داخلہ جات، امتحانی مسائل کے حل، گزشتہ پیپرز، اور دیگر اپڈیٹس حاصل کرنے کے لیے ہماری ویب سائٹ وزٹ کریں۔

www.ahlesunnatboardspak.com

## Follow Our Social Media Account:

1. **Whatsapp Channel (https://whatsapp.com/channel/0029VaFmkdD0VycHbvDRY70I)**
2. **Youtube (https://youtube.com/@ahlesunnatboards)**
3. **Tiktok (https://www.tiktok.com/@ahlesunnatboardspak)**
4. **Facebook Page (https://www.facebook.com/ahlesunnatboardspak)**